اسرار ربانی

مکتبہ ربانیہ

شاہ محمد بازار نقشبندیہ

Marfat.com

564/1

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اسرارِ ربانی

تصنیف

الحاج صوفی میاں غلام رسول صاحب نقشبندی

مکتبہ ربانیہ

شاہی بازار ـــــــــ ٹھٹھہ (سندھ)

حافی حوشنولس نمانیوال

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

صلی اللہ علیہ وسلم

اللہ

لَآ اِنَّ اَوْلِيَاءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَكَانُوْا يَتَّقُوْنَ ط القرآن

یاد اللہ ذوق شوق ہو

اسرارِ ربّانی

حصہ اوّل

تالیف لطیف

زبدۃ العارفین قدوۃ السالکین حجۃ الواصلین علمِ ربّانی وارثِ نسبتِ نقشبندیہ مجدّدیہ

الحاج صوفی میاں **غلام رسول** صاحب نقشبندی مجدّدی

چک نمبر ۹۹ الف / ۶ - آر تحصیل وضلع ساہیوال

ناشر

مکتبہ ربّانیہ

شاہی بازار ـــــــــ ٹھٹھہ (سندھ)

Marfat.com

53228

نام کتاب ——— اسرار ربانی

تالیف ——— عالم ربانی صوفی خادم حسن صاحب
نقشبندی مجددی

ناشر ——— مکتبہ ربانیہ صوفی محمد اشرف ٹھٹھہ سندھ

تعداد ——— ۱۱۰۰

مطبوعہ ——— نذیر حسین ندرت پریس ۔ ۴ اردو بازار لاہور

قیمت ——— ۲۴ روپے

پروف ریڈنگ : مولانا محمد شفیع صاحب مدرس جامعہ اسلامیہ رضویہ بہاولپور

Marfat.com

ھدیہ

بارواح طیّبہ

قبلہ عالم منبع الفیوض لامتناہی وارثِ نسبتِ نقشبندیہ صاحب طریقہ

حضرت جناب میاں پیر الدین ربّانی صاحب رحمۃ اللہ علیہ

ع شاہا چہ عجب گر بنوازند ایں گدارا

اُمیدوارِ کرم

حاجی صوفی غلام رسول عفی عنہٗ

Marfat.com

فہرست

حصہ اوّل

عنوان	صفحہ
تقریظ	۱۰
رباعیات از خواجہ بہاؤ الدین نقشبندؒ	۱۱
در مدحت خواجہ بہاؤ الدین نقشبندؒ	۱۲
در مدحت امام ربانی مجدد الف ثانیؒ	۱۳
قصیدہ در شان امام ربانی	۱۴
اشعار مبارکہ از امام ربانی	۱۵
کلماتِ طیبات	۱۶
پیش لفظ	۱۹
عقائد متعلقہ ذات و صفات باری تعالیٰ	۲۰
عقائد متعلقہ نبوت	۲۵
خصائص نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم	۲۷
دیگر عقائد	۲۹
ایمان و کفر	۳۲
افتراق امت	۳۵
شیعہ (رد و نقض)	۴۲
قادیانی یا مرزائی	۴۰
دیوبندی (وہابی)	۵۰
دیوبندی مسلک	۵۰
اہلحدیث (غیر مقلد)	۶۰
دیوبندیوں کا فریب	۶۱
تبلیغی جماعت	۶۲
تبلیغی جماعت کے مقاصد	۶۳
مکرِ عظیم، بے ادب (اپنی زبانی)	۶۸
جماعت اسلامی	۶۹
مقام نبوت میں تنقیص	۷۰
امام الانبیاء کے حضور جسارت	۷۲
فرشتہ کی اصطلاح	۷۳
اہلِ سنت و جماعت سے دشمنی	۷۳
حرفِ آخر	۴
نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی توہین	۷
کفر ہے۔	
امامت کا بیان	۷۸

Marfat.com

ولایت کا بیان	۸۱
بناءِ اسلام	۸۳
کلمہ طیبہ	۹۰
کلمہ شریف کی فضیلت	″
حکایت	۹۳
ایک شبہ کا ازالہ	۹۸
نماز کا بیان	۱۰۱
نماز کی اہمیت	۱۰۱
نماز کے فضائل	۱۰۳
نماز نہ پڑھنے کی بُرائی	۱۰۷
نماز باجماعت اور اس کی فضیلت	۱۱۳
ترکِ جماعت کے اعذار	۱۱۷
تکبیرِ اولیٰ کے فضیلت	″
تکبیرِ اولےٰ نہ پانے کی بُرائی	۱۱۸
نماز باجماعت نہ پڑھنے کی بُرائی	۱۲۰
نماز کے ارکان پورا کرنے کی فضیلت و مذمت۔	۱۲۱
نمازِ جمعہ اور اس کے فضائل و وعید	۱۲۴
حکایت	۱۲۶
حرفِ آخر	۱۲۷
زکوٰۃ اور اسکی فضیلت	۱۲۸
زکوٰۃ نہ دینے کی بُرائی	۱۳۰
زکوٰۃ کن لوگوں پر صرف کی جائے	۱۳۳
سونا چاندی مالِ تجارت کی زکوٰۃ	۱۳۵
اونٹ کی زکوٰۃ	۱۳۶
گائے کی زکوٰۃ	″
بکریوں کی زکوٰۃ	۱۳۷
زراعت اور پھلوں کی زکوٰۃ	″
حج کا بیان	۱۴۰
حج کے فضائل	۱۴۱
حج نہ کرنے کی مذمت	۱۴۲
روزہ کا بیان	۱۴۴
روزہ کی فضیلت	۱۴۵
روزہ نہ رکھنے کی برائی	۱۴۷
سحری و افطار	۱۵۰
لیلۃ القدر	۱۵۱
شب قدر کی علامت	۱۵۴
اعتکاف	″
صدقہ فطر	۱۵۵
نماز تراویح	۱۵۷
موت کا بیان	۱۵۹

Marfat.com

میت کو نہلانے کا بیان	۱۶۲
کفن کا بیان	۱۶۳
کفن پہنانے کا طریقہ	۱۶۴
جنازہ لے چلنے کا بیان	۱۶۶
نماز جنازہ پڑھنے کا بیان	۱۶۸
قبر و دفن کا بیان	۱۶۹
تلقین	۱۷۱
بے عمل علماء کی مذمت	۱۷۳
پیر ناقص	۱۷۶
علماء حق (یعنی پیر کامل)	۱۷۸
ضرورت مرشد	۱۸۳
بیعت طریقت کا ثبوت	۱۸۴
عورتوں کی بیعت	۱۸۵
تجدید بیعت	۱۸۶
پیر کے خلیفہ کی عزت	۱۸۷
بیعت کی قسمیں	۱۸۸
پیر کی شرطیں	۱۹۰
سجادہ نشینی	
بیعت کرنے کا طریقہ	
سلسلہ عالیہ نقشبندیہ کی فضیلت	

تصور شیخ	۱۹۵
ذکر کا بیان	۱۹۹
ذکر جہر	۲۰۱
ذکر خفی	۲۰۲
صحبت پیر	۲۰۳
فکر کا بیان	۲۰۶
اخلاص کا بیان	۲۰۸
چند سوالوں کے جواب	۲۱۱
حالات حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی	۲۱۶
شبہ کا ازالہ	
حرف آخر	۲۱۹
خواجہ محمد معصوم صاحب قدس سرہٗ	۲۲۰
حضرت حجۃ اللہ محمد نقشبند قدس سرہٗ	۲۲۱
حضرت خواجہ محمد زبیر رحمۃ اللہ علیہ	"
حضرت میاں محکم الدین رحمۃ اللہ علیہ	۲۲۲
حضرت میاں قطب الدین رحمۃ اللہ علیہ	۲۲۳
حضرت میاں پیر الدین ربانی رحمہ اللہ	۲۲۴
حضرت میاں الٰہی بخش رحمۃ اللہ علیہ	"
حضرت میاں مکھن شاہ رحمۃ اللہ علیہ	۲۲۵
قبلۂ عالم میاں شہاب الدین رحمۃ اللہ علیہ	۲۲۶

Marfat.com

حضرت میاں غلام رسول خلیفہ وقت	۲۲۸
ہدایات	۲۳۱
ایصالِ ثواب	۲۳۸
خاتمۃ الکتاب	۲۴۰
حصہ دوم	
وجہ تالیف	۳
حمد باری تعالےٰ	۷
درشانِ رسالت صلی اللہ علیہ وسلم	۱۰
درشان مرشد	۱۲
در مذمت پیر ناقص	۱۵
افتراقِ امت	۱۸
فضائل علم و علماء	۲۲
فضیلت ایمان	۲۶
فضیلت کلمہ پاک	۲۹
فضیلت درود شریف	۳۷
مرحبا مرحبا یارسول اللہ	۴۰
فضیلت بسم اللہ شریف	۴۳
〃 مسواک	۴۶
〃 وضو	۴۷
〃 اذان	۵۰
فضیلت نماز باجماعت	۵۲
〃 فرض نماز	۵۷
〃 نماز سنت ونفل	۶۰
〃 نمازِ جمعہ	۶۲
〃 روزہ	۶۳
〃 مسجد شریف	۶۶
〃 تحیۃ الوضو	۶۸
〃 تحیۃ المسجد	۶۹
نماز اشراق	۷۰
نماز چاشت	۷۱
〃 نماز اوابین	۷۲
نماز تہجد	۷۲
〃 نماز صلوٰۃ التسبیح	۷۳
نماز حاجت	۷۵
〃 پنج گنج صغیرہ	۷۷
〃 ماہِ شعبان کی نماز نفل	۷۹
〃 شب برات کی نفل نماز	۸۰
〃 ماہِ ذوالحجہ کے پہلے دس دن کا ثواب	۸۲
تردیہ کی نفل نماز	۸۳

Marfat.com

روز عرفہ کی نفل نماز	۸۴
شب عرفہ کی نفل نماز	۸۶
در بیان عمامہ	۸۸
کافی "نیاز علی ہے علی دی نیاز ساری"	۸۹
" اِک واحد الف اکلا ہے	۹۰
" الف تے نکتہ	۹۳
" جے توں چاہیں رب نوں لبھناں	۹۵
" اے فرزند آدم چاہے	۹۷
" ایہہ درس ہے امّی لقبی دا	۹۸
" عشق عجیب خوراک	۹۹
" ایہہ محفل پیر ربانی	۱۰۰
" سینہ روشن نور دلبر دا	۱۰۱
" اسیں یا رسول اللہ یا محمد کرم کما چھڈ کہنا ایں	۱۰۳
" چم چم کے نام محمد دا	۱۰۴
" اے منگتا منگ پر کی منگنا	۱۰۵
" گل تیرے بناں بندی اے	۱۰۶
" یا پیر الدین پیر میرے نہ رلا بدکارنوں	۱۰۷
" یا شیخ احمد پیر میرے	۱۰۹
" سانوں خیر عشق دی پاویں	۱۱۰
" میرے دلدیاں جانن والیا	۱۱۰
اکھیں ملل دیکھاں پل پل	۱۱۲
در مالک سیس جھکا لیئے	۱۱۴
بناں یار جینا دشوار	۱۱۵
تیرے ہجر فراق وچھوڑے دا	۱۱۶
سوہنے رب دے اُس محبوب بناں	۱۱۷
جس دی بابت کُل نوں پچھاناں ایں	۱۱۸
محبوب تیرے دی خدمت وچہ	۱۱۹
جو کچھ الفت محمدی دلاں دے وچہ ...	۱۲۰
آقا تیرے حُسن دا جلوہ جو منگدے نے	۱۲۱
جے توں مکھ دِکھلاوناں نہیں	۱۲۲
اے سرکار تیرے دربارے	۱۲۳
مبارک تمہیں اے زمانہ مبارک	۱۲۵
روحِ محمد مصطفیٰ پھونک دیا ہر بشر دیوچہ	۱۲۶
سوہنے ماہی نے کرم کمائے	۱۲۸
بیٹھی روویں گی وقت گوا کے	۱۳۰
دِل ترسدا رہے نظارے نوں	۱۳۲
ہادی کملی والیا	۱۳۶
مسکین تو پہلے سے بھولا	۱۳۷
بھُلیاں نوں بخشو خطائیں	۱۳۹
آ وسیونی دیکھو پیر رحمانی میرا	۱۴۱

Marfat.com

آجا محبوب ربدے	۱۴۳	خط بنام محمد اشرف	۲۰۴
میرے پیر دی شان نیاری	۱۴۴	کر وجلدی پیر بناؤ جی	۲۰۷
بیٹھوں نام خدا بھلا کے	۱۴۴	مرشد ہادی سبق پڑھایا	۲۲۱
کیوں بیٹھا مکھ بھنوا	۱۵۰	کہو لا الٰہ الا اللہ	۲۲۶
اے مسلم شکر بجا رب دا	۱۵۴	پڑھ کلمہ ہو بیدار میاں	۲۳۴
تیتھوں منگے حساب پیارا	۱۵۷	فرمادیا کملی والے نے	۲۳۴
مبارک ہو حاجی سفر بھی مبارک	۱۵۹	علم ظاہر اور ہے علم باطن اور ہے	۲۳۷
حاجی لے جا سینہا دے اُس نوں	۱۶۰	در پیر دا آ مل	۲۳۹
ہو وے حاجی مبارک لکھ تینوں	۱۶۱	آج ربانی پیر دے در سر جھکائے جان گے	۲۴۱
ستی قسمت جاگدی جاگ پئی	۱۶۲	ولوچہ دس دلدارتوں	۲۴۲
حاجی صوفی غلام رسول نوں	۱۶۳	الف آمیاں ڈھولا	۲۴۳
میں ٹٹے پھٹے لفظاں اندر	۱۶۴	ہو بیدار جلدی اے سونے والے	۲۴۶
جاواں صدقے اس رونے توں	۱۶۵	بخشو قرب اپنا سدا کملی والے	۲۴۷
مصیبت کے وقت رونا	۱۶۶	پڑھ کلمہ ہو ہوشیار دلا	۲۴۸
نیک عورتوں کے واقعات	۱۶۹	پڑھ کلمہ ہو ہوشیار دلا تینوں دلبر سبق	۲۵۰
میں غلام حبیب ربانی ہاں	۱۷۸	در شان حاجی صوفی غلام رسول صاحب	۲۵۱
سی حرفی	۱۷۹	کلام بخشنے کا طریقہ	۲۵۵
نین نامہ سی حرفی	۱۸۷	لطائف نقشبندی	۲۶۶
مختلف اشعار	۱۹۴	شجرہ شریف	۲۵۷
خط بنام محمد صدیق	۲۰۳	مناجات مقبول	۲۶۰
وضو کا بیان	۲۶۸	غسل کا بیان	۲۶۹

Marfat.com

تقریظ

حضرت مولانا ابوالصالح محمد فیض احمد اویسی رضوی صاحب بہاولپور

بسم اللہ الرحمن الرحیم الحمد للہ والصلوٰۃ والسلام علیٰ

امابعد! فقیر آج کل دورۂ تفسیر القرآن کی تعلیم و تدریس میں سخت مصروف ہے۔ لیکن "اسرار ربانی" کے پرکشش مضامین نے چند مقامات دیکھنے پر مجبور کر دیا۔ شاعرانہ اصول و ضوابط کے قطع نظر یہ درد کا رشتہ بتاتا ہے کہ "اسرار ربانی" کے مؤلف اسرار و رموز سے خالی نہیں اور وہ نہ صرف معقولیت رکھتے ہیں بلکہ انہیں شرعی مسائل پر بھی عبور حاصل ہے اور اختلافی مسائل کو دلائل کی روشنی سے ایسے سنجیدہ انداز میں بیان فرمایا ہے کہ مخالف اگر ضدی اور ہٹ دھرم نہیں تو اعتراف کئے بغیر نہیں رہ سکے گا۔ ساری کتاب تو فقیر نہیں دیکھ سکا۔ البتہ جہاں جہاں فقیر نے غائرانہ نظر سے دیکھا ہے تو مؤلف کے لیے تحسین و آفرین کہے بغیر نہ رہ سکا۔ مولیٰ عزوجل بطفیل حبیب کریم صلی اللہ علیہ وسلم مؤلف اور ان کے جملہ معاونین کو اس کی اشاعت سے اجرِ عظیم عطا فرمائے اور قارئین و ناظرین کو اس سے بھرپور استفادہ و استفاضہ کا موقعہ عطا فرمائے۔ آمین،

الفقیر القادری ابوالصالح محمد فیض احمد اویسی رضوی غفرلہٗ بہاول پور

۱۹ شعبان المعظم ۱۳۹۵ھ شب بدھ

Marfat.com

رُباعیاتِ مُبارکہ

از امام الطریقہ حضرت خواجہ بہاؤ الدین نقشبند قدس سرہٗ

(۱)

یارب مدّراں پردۂ اسرار مرا
بدکردم در گزار کردار مرا
از رحمت بسیار تو کمتر نہ شود
گر عفو کنی گنہ بسیار مرا

(۲)

آپ نے وصیت فرمائی تھی کہ میرے جنازے کے آگے یہ رباعی پڑھیں

مفلسانیم آمدہ در کوئے تو
شیئاً للّٰہ از جمالِ روئے تو
دست بکشا جانبِ زنبیل ما
آفریں بر دست و بر بازوئے تو

Marfat.com

دَر مدحت

امام الطریقہ خواجۂ خواجگان حضرت خواجہ بہاؤالدین نقشبند قدس سرہٗ

شیئاً لِلّٰہ خواجۂ مشکل کُشا
ما ہمہ محتاج و تو حاجت روا
شیئاً للّٰہ چوں گدائے مستمند
المدد خواہم زشاہِ نقشبند
یاشاہِ نقشبند مرا بندبکشا
مشکلے داریم از برائے خُدا
اے نقشبندِ عالم نقش مرا بلند
نقشم چناں بہ بند کہ گویند نقشبند

Marfat.com

در مدحت

حضور فیض گنجور حضرت امام ربانی محبوب یزدانی شیخ احمد مجدد الف ثانی سرہندی فاروقی رضی اللہ عنہ

از سیہ بختی بچشم حالِ دارم روز بد — چار سوئے دل گرفتہ فوج غم بیحد و عد
نیست ہنگام نوائب غیر ذاتت مستند — چشم دارم از نگاہِ لطفِ تو بہر صمد

المدد یا شیخ احمد یا مجدد المدد

اے نگاہت قفل دشواریٔ عالم را کلید — خود عیاں مے بینم آنجا لیکہ کس نتواں شنید
وا در یغا بستہ شد از چاشنوباب اُمید — خستگی از حد گذشت و چارہ ام شد نا پدید

المدد یا شیخ احمد یا مجدد المدد

بندگانت را کمینہ بندہ ام قربان شوم — از خطا و جرم بس آگندہ ام قربان شوم
از ندامت سر بہ پیش افگندہ ام قربان شوم — شد بدل از گریہ یکسر خندہ ام قربان شوم

المدد یا شیخ احمد یا مجدد المدد

در دلِ را خاک کوئے پاک تو خاکِ شفاست — در دِ نام نامیت اعلالِ روحی را دواست
یک نگاہِ لطف تو صد عقدۂ مشکل کشاست — رو بتو آوردنم دانم مرا حاجت رواست

المدد یا شیخ احمد یا مجدد المدد

اے من و صد ہمچو من باد ا فدائے روئے تو — کیست در عالم کہ روئے دل ندارد سوئے تو
در طریق ما ست طوف کعبہ طوف کوئے تو — شد نجاتم را برات از قوتِ بازوئے تو

المدد یا شیخ احمد یا مجدد المدد

Marfat.com

قصیدہ

در شان حضرت مجدد الف ثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

پلا دے ساقیا ساغر مجدد الف ثانی کا
کہ ہوں مشتاق میں یکسر مجدد الف ثانی کا

پلا دے وہ مئے عرفاں کہ زائل ہو خودی جس سے
رہوں مخمور تا محشر مجدد الف ثانی کا

رہے نام و نشان میرا نہ کچھ ذات و صفت باقی
رہے باقی رخِ انور مجدد الف ثانی کا

ہیں درج گوہر معانی وہ برج مہر عرفانی
جہاں میں نور ہے گھر گھر مجدد الف ثانی کا

عوام ان کے اشارے سے بنے خاصان حق یکدم
یہ ہے مخصوص اک جوہر مجدد الف ثانی کا

کرامات ان کی ہیں لاکھوں عیاں ہیں جملہ عالم پر
بنانا قطب و غوث اکثر مجدد الف ثانی کا

جناب غوث اعظم نے خبر دی ان کی آمد کی
نہ ہوگا کوئی بھی ہمسر مجدد الف ثانی کا

مٹا دی کفر کی ظلمت کیا اسلام کو روشن
طریقہ سب سے ہے بہتر مجدد الف ثانی کا

مریدان کے مرادیں پوری کر دیتے ہیں اک دم میں
رقم ہو مرتبہ کیوں کر مجدد الف ثانی کا

مہینوں برسوں کا راستہ کرا دیتے ہیں طے پل میں
ہے وجہ اللہ رخِ انور مجدد الف ثانی کا

سراسر سنت بیضہ ہے ان کا راستہ احمد
طریقہ دیکھئے چل کر مجدد الف ثانی کا

Marfat.com

اشعار مبارکہ

از امام ربانی مجدد الف ثانی حضرت شیخ احمد فاروقی سرہندی رضی اللہ عنہ

ہر روز باشی صائماً ہر لیل باشی قائماً
در ذکر باشی دائماً مشغول شو در ذکر ہُو

گر عیش خواہی جاوداں عزت بخواہی در جہاں
ایں ذکر ہُو ہر آں بخواں مشغول شو در ذکر ہُو

سودے ندارد خفتنت ناچار باید رفتنت
در گور تنہا ماندنت، مشغول شو در ذکر ہُو

ہو ہو ذکرش ساز کن نام خدا آغاز کن
قفل ز سینہ باز کن مشغول شو در ذکر ہُو

علم بخوانی بہ عمل فردا نہ باشی تا خجل
در پیش قادر لم یزل مشغول شو در ذکر ہو

ہر دم خدا را یاد کن دلہائے غمگین شاد کن
بلبل صفت فریاد کن مشغول شو در ذکر ہو

مسکین احمد مرد شو در جملہ عالم فرد شو
در راہ حق چوں گرد شو مشغول شو در ذکر ہو

Marfat.com

کلماتِ طیّبات

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ السَّمِیْعِ الْعَلِیْمِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ خَالِقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِیْنَ ھُوَ الْاَوَّلُ ھُوَ الْاٰخِرُ
ھُوَ الظَّاھِرُ ھُوَ الْبَاطِنُ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی مَنْ کَانَ نَبِیًّا وَّاٰدَمُ
بَیْنَ الْمَآءِ وَالطِّیْنِ اَجْمَلُ الْاَجْمَلِیْنَ اَکْمَلُ الْاَکْمَلِیْنَ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ
اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَاَھْلِ بَیْتِہٖ اَجْمَعِیْنَ ط

ہر قسم کی تعریف اور صفت اس جامع الصفات کے لیے ہے۔ جس کی ذات حدِ ادراک سے باہر و اعلیٰ ہے اور اسی کے پرتو شیون اور تجلیات سے کل جہاں منور۔ وہی سب کا حاجت روا سب اسی کے محتاج۔ اگر تمام جہانوں کا ذرہ ذرہ اس کی حمد پاک کرے پھر بھی اس کی شان کے شایاں حمد نہ ہو سکے جیسے خود قرآن پاک میں ارشادِ باری ہے۔

قُلْ لَّوْ کَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّکَلِمٰتِ رَبِّیْ لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ اَنْ تَنْفَدَ کَلِمٰتُ رَبِّیْ وَلَوْ جِئْنَا بِمِثْلِہٖ مَدَدًا ۝

تم فرما دو اگر سمندر میرے رب کی باتوں کے لیے سیاہی ہو تو سمندر ختم ہو جائے گا اور میرے رب کی باتیں ختم نہ ہوں گی اگرچہ ہم ویسا ہی اور اس کی مدد کو لے آئیں۔

(پ ۱۶ آیت ۱۰۹ س الکہف)

سُبْحَانَ اللّٰہِ: حمد پاک اس پروردگار کو جس نے امرِ کُن سے تمام جہان کو پیدا فرمایا۔ اور ایک مٹھی بھر خاک کو انسان بنا کر لَقَدْ کَرَّمْنَا بَنِیْ اٰدَمَ کا تاج پہنایا۔ محض اپنے فضل و کرم سے نعمتوں کے دریا انسان پر بہا دیئے۔ سب سے بڑھ کر یہ کہ اپنا محبوب ہمیں عطا فرمایا جس کی شان میں ارشاد ہوتا ہے

Marfat.com

هُوَ الَّذِیْ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰی وَدِیْنِ الْحَقِّ ط

رب العالمین وُہ شان والا ہے جس نے اپنے رسول علیہ السلام کو ہدایت اور سچے دین کے ساتھ بھیجا۔

هُوَ الَّذِیْ بَعَثَ فِی الْاُمِّیّٖنَ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ۔

پروردگار وہ شان والا ہے جس نے بے پڑھوں میں ایک شان والا رسول بھیجا۔ ان ہی میں سے۔

یہ وُہ محبوب بارگاہِ جلیل و اعلیٰ ہیں۔ جن کی حمد کی ہوئی بارگاہ میں مقبول ہے۔ جن کی زبان پر ربِّ کریم اپنا کلام سناتے ہیں، زبان محبوب کی کلام خداوند قدوس کا۔ دیکھنا محبوب کا پہچان ربِّ جلیل کی۔

اگر کوئی شخص اللہ کو خالق السمٰوات والارض ہونے سے پہچانے تو عرفان میں ناقص، جو اُسے خالق محمدٌ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہونے سے جانے وہ کامل مومن ہے۔ قدرت کو بھی اپنے محبوب پر ناز ہے۔ اس لیے بار بار ارشاد ہوتا ہے۔ اگر ہمیں دیکھنا ہے تو ہمارے محبوب کو دیکھو۔ (صلی اللہ علیہ وسلم)

اسی لیے امام ربانی شہباز لامکانی مجدد الف ثانی فرماتے ہیں:۔

"مجھے اللہ تبارک وتعالےٰ کے ساتھ اس لیے محبت ہے کہ وُہ محمد مصطفےٰ (صلی اللہ علیہ وسلم) کا رب ہے۔"

اللہ تعالےٰ اپنے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم سے ارشاد فرماتے ہیں:۔

لَوْ لَاكَ لَمَا اَظْهَرْتُ الرَّبُوْبِيَّةَ ط

اگر تمہارا پیدا کرنا مجھے مقصود نہ ہوتا تو میں اپنا رب ہونا بھی ظاہر نہ کرتا۔

نیز حدیث قدسی میں وارد ہے:۔

يَا مُحَمَّدُ اَنَا وَاَنْتَ وَمَا سِوٰكَ خَلَقْتُ لِاَجْلِكَ فَقَالَ مُحَمَّدٌ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ وَمَا اَنَا سِوٰكَ تَرَكْتُ لِاَجْلِكَ ط

اے محمد میں اور تو اور تیرے سوا جو کچھ ہے سب تیرے لیے پیدا کیا۔ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا یا اللہ تو ہے اور میں نہیں اور میں نے تیرے سوا سب کچھ تیرے لیے ترک کر دیا۔

Marfat.com

درود وسلام نامحدود اس محبوب ربِ ودود پر جس کا وجود مبارک تمام جہانوں کے لیے رحمت بنا کر بھیجا۔ ؎ کروڑوں درود اور کروڑوں سلام

بر روحِ محمد علیہ السلام

الحمدللہ! اللہ جل شانہٗ کا لاکھ لاکھ احسان جس نے اپنے محبوب کے صدقہ ہم گنہ گاروں کو بھی اپنی بارگاہ میں باریابی فرمائی، اور بخشش کا مژدہ سنایا۔ رحمت ربِ کریم کی لیکن بلِ محبوب ربِ کریم سے۔ بخشش ربِ رحیم کی لیکن بلِ صدقہ حبیب سے، دیتے تو ہیں خداوند قدوس لیکن دستِ محبوب سے۔ اتباعِ محبوب کی فرمانبرداری رب کی۔ گویا یوں ہوا، ربِ کریم گنہ گاروں کو اپنے محبوب کا ہونا بتاتے ہیں۔ اور محبوب کی شان یہ ہے کہ اپنے غلاموں کو اللہ کا ہونا دکھا دیتے ہیں، اپنی کملی میں چھپا لیتے ہیں کلمہ طیبہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ (صلی اللہ علیہ وسلم) پڑھا دیتے ہیں۔

نورِ الٰہ کیا ہے محبت حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کی جس دل میں یہ نہ ہو وہ جگہ خوک وخر کی ہے

؎ ذکرِ خدا جو اُن سے جدا چاہو نجدیو — واللہ ذکرِ حق نہیں کنجی سقر کی ہے

بخدا خدا کا ہے یہی در نہیں اور کوئی مفر مقر

جو وہاں پہ ہو میں آکے ہو جو یہاں نہیں وہ وہاں نہیں

حمد اس رب کی جس نے محبوب اپنا دکھلایا

درود وسلام اس نبی پر جس نے رب کا ہونا سمجھایا

اَللّٰھُمَّ اَحْرِقْ عَرَائِضَ قَلْبِیْ بِنَارِ عِشْقِکَ وَعِشْقِ حَبِیْبِکَ وَتَزِدْ شَوْقَہٗ اِلٰی جَمَالِکَ وَزِیَارَۃِ نَبِیِّکَ وَمُحِبِّکَ وَمُحِبَّتِ نَبِیِّکَ وَنَوِّرْ قَلْبِیْ بِنُوْرِ مَعْرِفَتِکَ وَاقْطَعْ حِجَابًا مِّنْ بَیْنِیْ وَبَیْنَکَ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ بِحُرْمَتِ نَبِیِّ اٰخِرِ الزَّمَانِ صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ واصحابہ واھل بیتہٖ وبارک وسلم

Marfat.com

پیش لفظ

موجودہ وقت میں جب حق باطل کے ساتھ مِلا ہوا ہے۔ حق کے متلاشی لوگ بھی کم ملتے ہیں۔ ہر ایک انسان اپنے علم و عقل کو سب پر ترجیح دیتا ہے۔ دین کی کچھ پرواہ نہیں۔ اللہ تعالےٰ جل شانہٗ اور اس کے محبوب وَمَآ اَرْسَلْنٰکَ اِلَّا رَحْمَۃً لِّلْعٰلَمِیْن کی شان کا کچھ علم نہیں، کچھ ادب نہیں۔

ان حالات میں قبلۂ عالم منبع الفیوض لامتناہی محبوبِ ربّانی پیرِ طریقت حضرت الحاج میاں شہاب الدین صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا[1]، کہ ایسی کتاب تحریر کرو جس کے مطالعہ سے حق و باطل کا پتہ چل سکے اور سلسلۂ طریقت پر چلنے والوں کے لیے راہ ہموار ہو جائے۔ شیطان کے پھندے سے بچ کر اپنا ایمان صحیح و سالم لے جا سکیں۔

حضور کے ارشادِ گرامی پر اس کام کو شروع تو کر دیا، جب اپنی طرف نگاہ کی تو یہ کام بہت بھاری اور مشکل نظر آیا۔ لیکن حضورِ پُر نور کے عشق و محبت کے ادب نے لکھنے پر مجبور کر دیا۔ جن کے عشق و محبت نے ربِّ کریم اور اس کے محبوب کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی بارگاہ میں قُرب عطا فرمایا۔ سو چند کلمات عرض کروں گا۔ بیان کو مختصر کرنے کی کوشش کی جائے گی۔ مگر اس حد تک جس سے اصلی مقصد بھی پورا ہو جائے اور پڑھنے والے کو بھی زحمت نہ ہو۔

---

[1] یہ ارشادِ گرامی بوقت حیاتِ طیبہ فرمایا تھا، شروع تو اسی وقت کر دیا گیا تھا لیکن بعض مجبوریوں کی وجہ سے اس وقت نہ چھپ سکی۔ اب حضور کے وصالِ مبارک کے بعد اس کو چھپایا جا رہا ہے۔ ناشر

Marfat.com

اس کا نام "اسرارِ ربانی" رکھتا ہوں۔ اس کے دو حصے ہوں گے۔ پہلے حصے میں نثر ہوگی جسمیں میں عقائد اور ضروریاتِ دین کے متعلق لکھا جائے گا جن کی موجودہ دور میں اشد ضرورت ہے اور جن سے عوام بالکل دور ہو رہے ہیں۔ یہی غفلت آخرت کی رسوائی کا سبب بن رہی ہے۔

دوسرے حصہ میں نعتیہ کلام پیش کیا جائے گا۔ جس میں طالبِ حق کے لیے رمز و اشارہ بیان کئے جائیں گے اور شریعت مطہرہ کی روشنی میں اپنے عقائد کی وضاحت بیان کی جائے گی جن کے بغیر نجات مشکل ہے۔

کوشش تو کافی کی گئی ہے کہ کوئی غلطی نہ ہونے پائے لیکن بشری تقاضے سے اگر کوئی غلطی کسی صاحب کی نظر سے گزرے تو آگاہ کرنا آپ کا شرعی اور اخلاقی فرض ہے تاکہ دوسرے ایڈیشن میں اسکو درست کر دیا جائے۔

اللہ تبارک و تعالےٰ اپنے حبیب صلی اللہ تعالےٰ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہ وبارک وسلم کی طفیل اور بزرگانِ طریقت کی برکت سے اس کام کو مکمل فرماتے ہوئے اپنی بارگاہ میں قبول فرمالیں۔

وَمَا تَوْفِیْقِیْ اِلَّا بِاللّٰہِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ سُبْحَانَکَ لَا عِلْمَ لَنَا اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا اِنَّکَ اَنْتَ الْعَلِیْمُ الْحَکِیْمُ

Marfat.com

عقائد

متعلقہ ذات وصفاتِ الٰہی جل جلالہٗ

اے سعادت ونجابت کے نشان والے :۔ آدمی کے لیے ضروری ہے کہ اپنے عقائد کو فرقہ ناجیہ اہلِ سنّت وجماعت کے عقائد کے موافق درست کرے۔ تاکہ آخرت کی نجات اور خلاصی متصوّر ہوسکے۔ خبث اعتقادی یعنی بداعتقادی جو اہلِ سنت وجماعت کے مخالف ہے، زہرِ قاتل ہے جو دائمی موت اور ہمیشہ کے عذاب وعتاب تک پہنچا دیتی ہے۔ عمل کی سستی اور غفلت پر مغفرت کی اُمید ہے، لیکن اعتقادی سُستی میں مغفرت کی گنجائش نہیں۔

اہلِ سنت وجماعت کے معتقدات مختصر طور پر بیان کئے جاتے ہیں ان کے موافق اعتقاد کو درست کرلیں۔ بڑی عاجزی اور زاری سے بارگاہِ الٰہی میں دُعا مانگنی چاہیئے کہ اس دولت پر استقامت عطا فرمائے۔

عقیدہ : اللہ ایک ہے اس کا کوئی شریک نہیں، نہ ذات میں نہ صفات میں نہ افعال نہ احکام میں نہ اسماء میں۔ واجب الوجود ہے یعنی اس کا وجود ضروری ہے۔ عدم محال قدیم ہے یعنی ہمیشہ سے ہے ازلی کے بھی یہی معنی ہیں یعنی ہمیشہ رہے گا اور اسی کو ابدی بھی کہتے ہیں۔ وہی اس کا مستحق ہے کہ اس کی عبادت و پرستش کی جائے۔

عقیدہ اس کی ذات کا ادراک عقلاً محال ہے کہ جو چیز سمجھ میں آتی ہے عقل اس کو محیط ہوتی ہے اور اس کو کوئی احاطہ نہیں کرسکتا۔ البتہ اس کے افعال کے ذریعہ سے اجمالاً اس کی صفات پھر ان صفات

Marfat.com

کے ذریعہ سے معرفتِ ذات حاصل ہوتی ہے۔

عقیدہ اس کی صفتیں نہ عین ہیں نہ غیر یعنی صفات اسی ذات ہی کا نام ہو، ایسا نہیں اور نہ اس سے کسی طرح نحو وجود میں وہ جُدا ہو سکیں کہ نفسِ ذات کی مقتضیٰ ہیں اور عین ذات کو لازم۔

عقیدہ جس طرح اس کی ذات قدیم ازلی ابدی ہے صفات بھی قدیم ازلی ابدی ہیں۔

عقیدہ اس کی صفات نہ مخلوق ہیں نہ زیرِ قدرت داخل۔

عقیدہ ذات وصفات کے سوا سب چیزیں حادث ہیں یعنی پہلے نہ تھیں پھر موجود ہوئیں۔

عقیدہ صفات الٰہی کو جو مخلوق کہے یا حادث بتائے گمراہ بددین ہے۔

عقیدہ جو عالم میں کسی شے کو قدیم مانے یا اس کے حدوث میں شک کرے کافر ہے۔

عقیدہ جو چیز محال ہے اللہ عزوجل اس سے پاک ہے۔ کہ اس کی قدرت اسے شامل ہو، محال اسے کہتے ہیں جو موجود نہ ہو سکے۔ جب مقدور ہوگا تو موجود ہو سکے گا، پھر محال نہ رہا، اسے یوں سمجھو کہ دوسرا خدا محال ہے یعنی نہیں ہو سکتا تو یہ اگر زیرِ قدرت ہو تو موجود ہو سکے گا تو محال نہ رہا اور اس کو محال نہ ماننا وحدانیت کا انکار ہے۔ یوہیں افنائے باری محال ہے۔ اگر تحت قدرت ہو تو ممکن ہوگی اور جس کی فنا ممکن ہو۔ وُہ خدا نہیں تو ثابت ہوا کہ محال پر قدرت ماننا اللہ تعالےٰ کی الوہیت۔ سے ہی انکار کرنا ہے۔

عقیدہ ہر مقدور کے لیے ضروری نہیں کہ موجود ہو جائے البتہ ممکن ہونا ضروری ہے اگرچہ کبھی موجود نہ ہو۔

عقیدہ ہر کمال وخوبی کا جامع ہے اور ہر اس چیز سے جس میں عیب ونقصان ہے پاک ہے یعنی عیب و نقصان کا اس میں ہونا محال ہے۔ بلکہ جس بات میں نہ کمال ہو نہ نقصان وُہ بھی اس کے لیے محال مثلاً جھوٹ دغا، خیانت، ظلم، جہل، بے حیائی وغیرہم عیوب اس پر قطعاً محال ہیں اور یہ کہنا کہ جھوٹ پر قدرت ہے، بایں معنی کہ وُہ خود جھوٹ بول سکتا ہے محال کو ممکن ٹھہرانا اور خدا کو عیبی بتانا بلکہ خدا سے انکار کرنا ہے۔ اور یہ سمجھنا کہ محالات پر قادر نہ ہوگا تو قدرت ناقص ہو جائے گی باطل محض ہے۔ کہ اس میں قدرت کا کیا نقص

53228

Marfat.com

نقصان تو اس محال کا ہے کہ تعلق قدرت کی اس میں صلاحیت نہیں۔

عقیدہ حیات، قدرت، سننا، دیکھنا، کلام، علم۔ ارادہ اُس کے صفاتِ ذاتیہ ہیں، مگر کان آنکھ زبان سے اس کا سُننا، دیکھنا۔ کلام کرنا نہیں، کہ یہ سب اجسام ہیں اور اجسام سے وُہ پاک ہے۔

عقیدہ مثل دیگر صفات کے کلام بھی قدیم ہے حادث ومخلوق نہیں، جو قرآن عظیم کو مخلوق مانے ہمارے امام اعظم و دیگر ائمہ رضی اللہ عنہم نے اُسے کافر کہا، بلکہ صحابہ کرام رضی اللہ تعالےٰ عنہم سے اس کی تکفیر ثابت ہے۔

عقیدہ اُس کا کلام آواز سے پاک ہے اور یہ قرآنِ عظیم جسکو ہم اپنی زبان سے تلاوت کرتے ہیں، مصاحف میں لکھتے ہیں اسی کا کلام قدیم بلاصوت ہے۔ اور یہ ہمارا پڑھنا لکھنا اور یہ آواز حادث یعنی ہمارا پڑھنا حادث ہے، اور جو ہم نے پڑھا قدیم اور ہمارا لکھنا حادث اور جو لکھا قدیم، ہمارا سننا حادث ہے جو ہم نے سُنا قدیم، ہمارا حفظ کرنا حادث جو ہم نے حفظ کیا قدیم یعنی متجلّی قدیم ہے تجلّی حادث۔

عقیدہ اس کا علم ہر شے کو محیط یعنی جزئیات کلیات موجودات معدومات ممکنات محالات سبکو ازل میں جانتا تھا اور اب بھی جانتا ہے اور ابد تک جانے گا۔ اشیاء بدلتی ہیں اور اس کا علم نہیں بدلتا دلوں کے خطروں اور وسوسوں پر اس کو خبر ہے اس کے علم کی کوئی انتہا نہیں۔

عقیدہ وُہ غیب وشہادت سب کو جانتا ہے۔ علم ذاتی اس کا خاصہ ہے۔ جو شخص علم ذاتی غیب خواہ شہادت کا غیر خدا کے لیے ثابت کرے کافر ہے۔ علم ذاتی کے یہ معنی کہ بے خدا کے دیے خُود حاصل ہو۔

عقیدہ حقیقۃً روزی پہنچانے والا وہی ہے ملائکہ وغیرہ وسائل ووسائط ہیں۔

عقیدہ ہر بھلائی برائی اس نے اپنے علم ازلی کے موافق مقدر فرمادی ہے۔ جیسا ہونا والا تھا اور جو جیسا کرنے والا تھا اپنے علم سے جانا اور وہی لکھ لیا، تو یہ نہیں کہ جیسا اُس نے لکھ دیا ویسا ہم کو کرنا پڑتا ہے بلکہ جیسا ہم کرنے والے تھے ویسا اُس نے لکھ دیا۔ تو اس کے علم یا اس کے لکھ دینے سے

Marfat.com

کسی کو مجبور نہیں کر دیا۔ تقدیر کے انکار کرنے والوں کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس امت کا مجوس بتایا۔

مسئلہ : قضا و قدر کے مسائل عام عقلوں میں نہیں آسکتے ان میں زیادہ غور و فکر کرنا سبب ہلاکت ہے صدیق و فاروق رضی اللہ تعالے عنہما اس مسئلہ میں بحث کرنے سے منع فرمائے گئے ، ما و شما کس گنتی میں۔ اتنا سمجھ لو کہ اللہ تعالے نے آدمی کو مثل پتھر اور دیگر جمادات کے بے حس و حرکت نہیں پیدا کیا ، بلکہ اس کو ایک نوع اختیار دیا ہے۔ کہ ایک کام چاہے کرے چاہے نہ کرے۔ اور اس کے ساتھ ہی عقل بھی دی ہے کہ بھلے بُرے نفع و نقصان کو پہچان سکے اور ہر قسم کے سامان اور اسباب مہیا کر دیے ہیں کہ جب کوئی کام کرنا چاہتا ہے اُسی قسم کے سامان ہو جاتے ہیں اور اُسی بنا پر اُس پر مواخذہ ہے۔ اپنے آپ کو بالکل مجبور یا بالکل مختار سمجھنا دونوں گمراہی ہیں۔

مسئلہ بُرا کام کر کے تقدیر کی طرف نسبت کرنا اور مشیتِ الٰہی کے حوالہ کرنا بہت بُری بات ہے بلکہ حکم یہ ہے کہ جو اچھا کام کرے اُسے منجانب اللہ کہے اور جو بُرائی سرزد ہو اس کو شامتِ نفس تصور کرے۔

عقیدہ اللہ تعالے جہت و مکان و زمان و حرکت و سکون و شکل و صورت جمیع حوادث سے پاک ہے۔

عقیدہ دُنیا کی زندگی میں اللہ عزوجل کا دیدار نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے خاص ہے اور آخرت میں ہر سُنی مسلمان کے لیے ممکن بلکہ واقع۔ رہا دیدار قلبی یا خواب میں دیگر انبیاء علیہم السلام بلکہ اولیاء کے لیے بھی حاصل ہے۔ (بہارِ شریعت حصہ اوّل)

Marfat.com

عقائد متعلقہ نبوّت

عقیدہ : نبی اُس بشر کو کہتے ہیں جسے اللہ تعالےٰ نے ہدایت کے لیے وحی بھیجی ہو اور رسول بشر ہی کے ساتھ خاص نہیں بلکہ ملائکہ میں بھی رسول ہیں۔

عقیدہ : انبیاء سب بشر تھے اور مرد ، نہ کوئی جن نبی ہوا نہ عورت۔

عقیدہ : نبی ہونے کے لیے اس پر وحی ہونا ضروری ہے خواہ فرشتہ کی معرفت ہو یا بلا واسطہ۔

عقیدہ : وحی نبوت انبیاء کے لیے خاص ہے جو اُسے کسی غیر نبی کے لیے ماننے کا کافر ہے۔ نبی کو خواب میں جو چیز بتائی جائے وہ بھی وحی ہے اُس کے جھوٹے ہونے کا احتمال نہیں۔

عقیدہ : نبوت کبھی نہیں کہ آدمی عبادت و ریاضت کے ذریعہ سے حاصل کر سکے بلکہ محض عطائے الٰہی ہے کہ جسے چاہتا ہے اپنے فضل سے دیتا ہے۔ ہاں دیتا اسی کو ہے جسے اس منصبِ عظیم کے قابل بناتا ہے۔

عقیدہ : جو شخص نبی سے نبوت کا زوال جائز جانے کافر ہے۔

عقیدہ : نبی کا معصوم ہونا ضروری ہے اور یہ عصمت نبی اور ملک کا خاصہ ہے کہ نبی اور فرشتہ کے سوا کوئی معصوم نہیں۔ اماموں کو انبیاء کی طرح معصوم سمجھنا گمراہی و بددینی ہے۔ عصمتِ انبیاء کے یہ معنی ہیں۔ کہ ان کے لیے حفظِ الٰہی کا وعدہ ہو لیا۔ جس کے سبب ان سے صدورِ گناہ شرعاً محال ہے بخلاف ائمہ و اکابر اولیاء کہ اللہ عزوجل انہیں محفوظ رکھتا ہے ان سے گناہ ہوتا نہیں اگر ہو تو شرعاً محال بھی نہیں۔

عقیدہ : انبیاء علیہم السلام شرک و کفر اور ہر ایسے امر سے جو خلق کے لیے باعثِ نفرت ہو جیسے کذب و خیانت و جہل وغیرہ صفات ذمیمہ سے نیز ایسے افعال سے جو دناءت اور مروّت کے خلاف ہیں۔ قبل نبوت اور بعد نبوت بالاجماع معصوم ہیں اور کبائر سے بھی مطلقاً معصوم ہیں۔

Marfat.com

عقیدہ : اللہ تعالےٰ نے انبیاء علیہم السلام کو بندوں کے لیے جتنے احکام نازل فرمائے انہوں نے وُہ سب پہنچا دیئے جو یہ کہے کہ کسی حُکم کو کسی نبی نے چھپا رکھا، تقیہ یعنی خوف کی وجہ سے یا اَور کسی وجہ سے نہ پہنچایا کافر ہے۔

عقیدہ : احکامِ تبلیغیہ میں انبیاء سے سہو و نسیان محال ہے۔

عقیدہ : ان کے جسم کا برص، جذام وغیرہ ایسے امراض سے جن سے تنفر ہوتا ہے پاک ہونا ضروری ہے۔

عقیدہ : اللہ عزّوجلّ نے انبیاء علیہم السلام کو اپنے غیوب پر اطلاع دی، زمین و آسمان کا ہر ذرّہ ہر نبی کے پیشِ نظر ہے۔ مگر یہ علم غیب کہ ان کو ہے، اللہ کے دیئے سے ہے۔ لہٰذا ان کا علم عطائی ہُوا اَور علمِ عطائی اللہ عزّوجل کیلئے محال ہے کہ اس کی کوئی صفت کوئی کمال کسی کا دیا ہوا نہیں ہوسکتا، بلکہ ذاتی ہے۔ انبیاء علیہم السّلام غیب کی خبر دینے کے لیے آتے ہی ہیں کہ جنّت و نار و حشر و نشر و عذاب و ثواب غیب نہیں تو اَور کیا ہے۔ ان کا منصب ہی یہ ہے کہ وُہ باتیں ارشاد فرمائیں جن تک عقل و حواس کی رسائی نہیں۔ اِسی کا نام غیب ہے۔ اولیاء کو بھی علمِ غیب عطائی ہوتا ہے مگر بواسطہ انبیاء کے۔

عقیدہ : انبیاء کرام تمام مخلوق یہاں تک کہ رُسل ملائکہ سے افضل ہیں۔ ولی کتنا ہی بڑے مرتبہ والا ہو کسی نبی کے برابر نہیں ہوسکتا۔ جو کسی غیر نبی کو کسی نبی سے افضل یا برابر بتائے کافر ہے۔

عقیدہ : نبی کی تعظیم فرضِ عین ہے بلکہ اصل تمام فرائض ہے۔ کسی نبی کی ادنیٰ توہین یا تکذیب کفر ہے۔

عقیدہ : تمام انبیاء اللہ عزّوجلّ کے حضور عظیم وجاہت و عزّت والے ہیں ان کو اللہ کے نزدیک معاذ اللہ چُوڑے چمار کی مثل کہنا کھُلی گستاخی اَور کلمۂ کفر ہے۔

عقیدہ : نبی کے دعوےٰ نبوّت میں سچّے ہونے کی ایک دلیل یہ ہے کہ نبی اپنے صدق کا اعلانیہ دعوےٰ فرما کر محالاتِ عادیہ کے ظاہر کرنے کا ذمہ لیتا اَور منکروں کو اس کے مثل کی طرف بلاتا ہے۔ اللہ عزّوجلّ اِس کے دعوے کے مطابق امرِ محال عادی ظاہر فرما دیتا ہے اَور منکرین سب عاجز رہتے ہیں اسی کو معجزہ کہتے ہیں۔

Marfat.com

عقیدہ : انبیاء علیہم السلام اپنی اپنی قبروں میں اسی طرح بحیات حقیقی زندہ ہیں، جیسے دُنیا میں تھے۔ کھاتے پیتے ہیں۔ جہاں چاہیں آتے جاتے ہیں۔ تصدیق وعدۂ الٰہیہ کے لیے ایک آن کو ان پر موت طاری ہوئی پھر بدستور زندہ ہو گئے۔ (بہارِ شریعت حصہ اوّل)

بعض وُہ امور جو نبی صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے خصائص میں ہیں، بیان کیے جاتے ہیں

عقیدہ : اَور انبیاء کی بعثت خاص کسی ایک قوم کی طرف ہوئی۔ حضور اقدس صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلّم تمام مخلوق انسان وجن بلکہ ملائکہ حیوانات جمادات سب کی طرف مبعوث ہوئے جس طرح انسان کے ذمّہ حضور علیہ السلام کی اطاعت فرض ہے یوہیں ہر مخلوق پر حضور کی فرماں برداری ضروری ہے۔

عقیدہ : حضورِ اقدس صلّی اللہ علیہ وسلم ملائکہ وانس وجن وحور وغلمان وحیوانات و جمادات غرض تمام عالم کے لیے رحمت ہیں اَور مسلمانوں پر تو نہایت ہی مہربان۔

عقیدہ : حضور خاتم النبیین ہیں۔ یعنی اللہ عزّوجلّ نے سلسلہ نبوّت حضور علیہ السلام پر ختم کر دیا۔ کہ حضور علیہ السلام کے زمانہ میں یا بعد کوئی نیا نبی نہیں ہو سکتا۔ جو شخص حضور علیہ السلام کے زمانہ میں یا حضور کے بعد کسی کو نبوّت ملنا مانے یا جائز جانے کافر ہے۔

عقیدہ : محال ہے کہ کوئی حضور علیہ السلام کا مثل ہو۔ جو کسی صفتِ خاصہ میں کسی کو حضور علیہ السلام کا مثل بتائے گمراہ ہے کافر۔

عقیدہ : حضور کو اللہ عزّوجلّ نے مرتبہ محبوبیت کبریٰ سے سرفراز فرمایا کہ تمام مخلوق جویائے

Marfat.com

رضائے مولیٰ ہے اور اللہ عزوجل طالب رضائے مصطفےٰ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم۔

عقیدہ : حضور کے خصائص سے معراج ہے کہ مسجدِ حرام سے مسجد اقصیٰ تک اور وہاں سے ساتویں آسمان اور کرسی و عرش تک بلکہ بالائے عرش رات کے ایک خفیف حصہ میں مع جسد تشریف لے گئے اور وہ قربِ خاص حاصل ہوا، کہ کسی نبی و ملک کو کبھی نہ حاصل ہوا اور جمالِ الٰہی بچشم سر دیکھا اور کلامِ الٰہی بلا واسطہ سُنا اور تمام ملکوت السموت والارض کو بالتفصیل ذرہ ذرہ ملاحظہ فرمایا۔

عقیدہ : قیامت کے دن مرتبۂ شفاعتِ کبریٰ حضور کے خصائص سے ہے کہ جب تک حضور فتح باب شفاعت نہ فرمائیں گے کسی کو مجالِ شفاعت نہ ہوگی۔

عقیدہ : ہر قسم کی شفاعت حضور کے لیے ثابت ہے۔ شفاعت بالوجاہت، شفاعت بالمحبۃ شفاعت بالاذن، ان میں سے کسی کا انکار وہی کرے گا جو گمراہ ہے۔

عقیدہ : منصب شفاعت حضور علیہ السلام کو دیا جا چکا ہے

عقیدہ : حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت ہدایہ ایمان بلکہ ایمان ہی محبت ہی کا نام ہے جب تک حضور علیہ السلام کی محبت ماں باپ اور تمام جہان سے زیادہ نہ ہو آدمی مسلمان نہیں ہو سکتا۔

عقیدہ : حضور علیہ السلام کی اطاعت عین اطاعت الٰہی ہے۔ اطاعتِ الٰہی بے اطاعتِ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ناممکن ہے۔ یہاں تک کہ آدمی اگر فرضِ نماز میں ہو اور حضور علیہ السلام اسے یاد فرمائیں فوراً جواب دے اور حاضرِ خدمت ہو۔ اور یہ شخص کتنی ہی دیر تک حضور علیہ السلام سے کلام کرے۔ بدستور نماز میں ہے۔ اس سے نماز میں کوئی خلل نہیں۔

عقیدہ : حضور اقدس صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کی تعظیم یعنی اعتقاد عظمت جزو ایمان و رکنِ ایمان ہے اور فعلِ تعظیم بعد ایمان ہر فرض سے مقدم ہے۔

عقیدہ : حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعظیم و توقیر جس طرح اس وقت تھی کہ حضور اس عالم میں ظاہری نگاہوں کے سامنے تشریف فرما تھے۔ اب بھی اس طرح فرضِ اعظم ہے۔ جب حضور کا

Marfat.com

ذکر آئے تو بکمالِ خشوع وخضوع وانکسار باادب سُنے اور نام پاک سنتے ہی درود شریف پڑھنا واجب ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ ذَرَّۃٍ مِّائَۃَ اَلْفَ اَلْفَ مَرَّۃٍ وَّ بَارِكْ وَسَلِّمْ

عقیدہ : حضور کے کسی قول وفعل وعمل وحالت کو بہ نظرِ حقارت دیکھے کافر ہے۔

عقیدہ : حضور اقدس صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم عزّ وجلّ کے نائب مطلق ہیں۔ تمام جہان حضور کے تحت تصرّف کر دیا گیا جو چاہیں کریں، جسے جو چاہیں دیں، جس سے جو چاہیں واپس لیں۔ تمام جہان میں ان کے پھیرنے والا کوئی نہیں۔ تمام جہان اِن کا محکوم ہے اور وُہ اپنے رب کے سوا کسی کے محکوم نہیں۔

(بہارِ شریعت حصّہ اوّل)

دیگر عقائد

عقیدہ : جو کچھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم نے آخرت کے احوال کی نسبت خبر دی ہے۔ سب حق اور سچ ہیں۔ یعنی قبر کا عذاب اور اسکی تنگی۔ منکر نکیر کا سوال، جہان کا فنا ہونا، آسمانوں کا پھٹ جانا، ستاروں کا پراگندہ ہونا۔ زمین وپہاڑوں کا ریزہ ریزہ ہونا اور مرنے کے بعد جی اُٹھنا روح کا جسم میں واپس ڈالنا، قیامت کا زلزلہ اور خوف، عملوں کے حساب کئے ہوئے اعمال پر اعضاء کی شہادت، نیک وبد اعمال نامہ کا دائیں بائیں ہاتھ میں اُڑ کر آنا، بُرے بھلے اعمال کے تولنے کے لیے میزان کا رکھنا۔ اور اس کے ذریعے برائیوں اور بھلائیوں کی کمی بیشی معلوم کرنا۔ اگر نیکیوں کا پلّہ بھاری ہوا تو نجات کی علامت ہے۔ اور اگر ہلکا ہوا، تو خسارہ کا نشان ہے۔ اس میزان کا بھاری اور ہلکا ہونا دُنیا کی میزان کے بھاری، ہلکا ہونے کے برخلاف ہے۔ وہاں جو پلّہ اوپر کو جائیگا وُہ بھاری ہوگا اور جو نسا

Marfat.com

نیچے ہوگا، خفیف اَور ہلکا ہوگا۔ سب کچھ سچ اَور حق ہے۔

عقیدہ : پلصراط حق ہے اس کو دوزخ کی پشت پر رکھیں گے، مومن اس پُل سے عبور کر کے بہشت میں جائیں گے اَور کافر پھسل کر دوزخ میں گریں گے۔

عقیدہ : بہشت جو مومنوں کے آرام کے لیے ہے اَور دوزخ کو کافروں کے عذاب کے لیے تیار کیا گیا ہے۔ دونوں مخلوق ہیں اَور ہمیشہ باقی رہیں گے، فانی نہ ہوں گے۔ حساب وکتاب کے بعد جب مومن بہشت میں جائیں گے، وہاں ہمیشہ کے لیے آرام سے رہیں گے اَور کبھی باہر نہ نکالے جائیں گے۔ ایسے ہی کافر جب دوزخ میں جائیں گے تو ہمیشہ تک عذاب میں رہیں گے اَور اُن پر عذاب میں کبھی کمی نہ ہوگی۔

عقیدہ : فرشتے خدا تعالےٰ کے مکرم بندے ہیں۔ حق تعالےٰ کے امر کی نافرمانی ان کے حق میں جائز نہیں عورت ومرد ہونے سے پاک ہیں، توالد تناسل ان کے حق میں مفقود ہے، یہ حق تعالےٰ کی عظمت و جلال سے ڈرتے اَور اس کے امر بجا لانے کے سوا کچھ کام نہیں کرتے۔

عقیدہ : جن بھی اللہ تعالےٰ کی مخلوق ہے۔ یہ سب انسان کی طرح ذی عقل اَور ارواح واجسام والے ہیں۔ ان میں توالد وتناسل ہوتا ہے۔ کھاتے پیتے، جیتے مرتے ہیں۔ ان میں مسلمان بھی ہیں کافر بھی، فاسق بھی ہیں، سُنّی بھی ہیں، بدمذہب بھی اَور ان میں فاسقوں کی تعداد بہ نسبت انسان کے زائد ہے۔

عقیدہ : قیامت کی علامتیں جن کی نسبت مخبر صادق علیہ الصلوٰۃ والسلام نے خبر دی ہے، سب حق ہیں۔ ان میں کسی قسم کا خلاف نہیں، یعنی آفتاب عادت کے خلاف مغرب کی طرف سے طلوع کریگا۔ حضرت مہدی علیہ الرضوان ظاہر ہوں گے اَور حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام نزول فرمائیں گے، دجال نکل آئے گا اَور یاجوج ماجوج ظاہر ہوں گے۔ دابۃ الارض نکلے گا۔ اَور دھواں جو آسمان سے پیدا ہوگا وہ تمام لوگوں کو گھیر لے گا اَور دردناک عذاب دے گا۔ لوگ بے قرار ہو کر کہیں گے، اے ہمارے پروردگار! اس عذاب سے ہم کو دُور کر ہم ایمان لے آئے۔ اَور آخر کی وہ علامت آگ ہے جو عدن سے نکلے گی، تین خسف ہوں گے یعنی آدمی زمین میں دھنس جائیں گے۔ ایک مشرق میں دوسرا

Marfat.com

مغرب میں، تیسرا جزیرۂ عرب میں۔ علم اُٹھ جائے گا، یعنی علماء تو باقی رہیں گے اور ان کے دلوں سے علم محو کر دیا جائے گا۔ جہل کی کثرت ہوگی۔ زنا کی زیادتی ہوگی۔ اس بے حیائی کے ساتھ زنا ہوگا، جیسے گدھے جفتی کرتے ہیں مرد کم ہوں گے اور عورتیں زیادہ ہوں گی، یہاں تک کہ ایک مرد کی سرپرستی میں پچاس عورتیں ہوں گی۔ مال کی کثرت ہوگی، نہر فرات اپنے خزانے کھول دے گی۔ کہ وہ سونے کے پہاڑ ہوں گے۔ ملک عرب میں کھیتی باڑی ہوگی اور نہریں جاری ہوں گی۔ مسجد میں لوگ چلائیں گے۔ گانے باجے کی کثرت ہوگی۔ دین پر قائم رہنا اتنا دشوار ہوگا، جیسے مٹھی میں انگارا لینا۔ آفتاب مغرب سے طلوع ہونے پر توبہ کا دروازہ بند ہو جائے گا۔ اس وقت کا اسلام معتبر نہیں۔ یہ اور اس کے علاوہ جو بھی سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے قیامت کی نشانیاں بتائی ہیں سب حق ہیں۔

Marfat.com

ایمان اور کفر کا بیان

ایمان اُسے کہتے ہیں کہ سچے دل سے اُن سب باتوں کی تصدیق کرے جو ضروریاتِ دین ہیں۔ اور کسی ایک ضرورت دینی کے انکار کو کفر کہتے ہیں اگرچہ باقی تمام ضروریات کی تصدیق کرتا ہو ضروریاتِ دین وہ مسائل دین ہیں جن کو ہر خاص و عام جانتے ہوں، جیسے اللہ عزوجل کی وحدانیت، انبیاء کی نبوت، جنت و نار، حشر و نشر وغیرہ مثلاً یہ اعتقاد کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبیین ہیں۔ عوام سے مراد وہ مسلمان ہیں جو طبقہ علماء میں نہ شریک کیے جاتے ہوں مگر علماء کی صحبت سے شرفیاب ہوں۔ اور مسائل علمیہ سے ذوق رکھتے ہوں نہ وہ کہ کورہ وہ جنگل اور پہاڑوں کے رہنے والے ہوں۔ جو کلمہ بھی صحیح نہیں پڑھ سکتے، کہ ایسے لوگوں کا ضروریاتِ دین سے ناواقف ہونا اس نہ دری کو غیر ضروری نہ کر دے گا۔ البتہ ان کے مسلمان ہونے کے لیے یہ بات ضروری ہے کہ ضروریات دین کے منکر نہ ہوں اور یہ اعتقاد رکھتے ہوں کہ اسلام میں جو کچھ ہے حق ہے۔

عقیدہ : اصل ایمان صرف تصدیق کا نام ہے۔ اعمال بدن تو اصلاً جزوِ ایمان نہیں۔ رہا اقرار اس میں یہ تفصیل ہے کہ اگر تصدیق کے بعد اس کو اظہار کا موقع نہ ملا تو عند اللہ مومن ہے، اگر موقع ملا اور اس سے مطالبہ کیا گیا اور اقرار نہ کیا تو کافر ہے۔ اور اگر مطالبہ نہ کیا گیا تو احکام دُنیا میں کافر سمجھا جائیگا۔ نہ اُس کے جنازے کی نماز پڑھیں گے نہ مسلمانوں کے قبرستان میں دفن کریں گے۔ مگر عند اللہ مومن ہے۔ اگر کوئی امر خلافِ اسلام ظاہر نہ کیا ہو۔

عقیدہ : مسلمان ہونے کے لیے یہ بھی شرط ہے کہ زبان سے کسی ایسی چیز کا انکار نہ کرے۔ جو ضروریات

Marfat.com

دین سے ہے۔ اگرچہ باقی باتوں کا اقرار کرتا ہو۔ اگرچہ وُہ یہ کہے کہ صرف زبان سے انکار ہے دِل میں انکار نہیں، کہ بلا اکراہ شرعی مسلمان کلمہ کفر صادر نہیں کرسکتا۔ وہی شخص ایسی بات منہ پہ لائے گا جس کے دِل میں اتنی ہی وقعت ہے کہ جب چاہا انکار کر دیا اَور ایمان تو ایسی تصدیق ہے جس کے خلاف کی اصلاً گنجائش نہیں۔

عقیدہ جس چیز کی حِلّت نص قطعی سے ثابت ہو اس کو حرام کہنا اَور جن کی حرمت یقینی ہو اسے حلال بتانا کفر ہے۔ جب کہ یہ حکم ضروریاتِ دین سے ہو یا منکر اس حکم قطعی سے آگاہ ہو۔

عقیدہ: ایمان وکفر میں واسطہ نہیں۔ یعنی آدمی یا مسلمان ہوگا یا کافر، تیسری صورت کوئی نہیں کہ نہ مسلمان ہو نہ کافر (ہاں یہ ممکن ہے کہ ہم بوجہ شبہ کے کسی کو نہ مسلمان کہیں نہ کافر جیسے یزید پلید)

عقیدہ: شرک کے معنی غیر خُدا کو واجب الوجود یا مستحق عبادت جاننا یعنی اُلوہیّت میں دوسرے کو شریک کرنا اَور یہ کفر کی سب سے بدتر قسم ہے۔ اس کے سوا کوئی بات اگرچہ کیسی ہی شدید کفر ہو، حقیقۃً شرک نہیں۔ یہ جو قرآن عظیم میں فرمایا کہ شرک نہ بخشا جائے گا۔ وہ اسی معنی پر ہے یعنی اصلاً کسی کفر کی مغفرت نہ ہوگی، باقی سب گناہ اللہ عزّ وجلّ کی مشیّت پر ہیں جسے چاہے بخش دے۔

عقیدہ: مرتکب کبیرہ گناہ مسلمان ہے اَور جنّت میں جائے گا۔ خواہ اللہ عزّ وجلّ اپنے محض فضل سے اس کی مغفرت فرمادے یا حضور اقدس صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلّم کی شفاعت کے بعد یا اپنے کیے کی کچھ سزا پاکر اس کے بعد کبھی جنّت سے نہ نکلے گا۔

عقیدہ: مسلمان کو مسلمان، کافر کو کافر جاننا ضروریاتِ دین سے ہے۔ اگرچہ کسی خاص شخص کی نسبت یہ یقین نہیں کیا جاسکتا، کہ اس کا خاتمہ ایمان یا معاذ اللہ کفر پر ہُوا تاوقتیکہ اس کے خاتمہ کا حال دلیل شرعی سے ثابت نہ ہو۔ مگر اس سے یہ نہ ہوگا۔ کہ جس شخص نے قطعاً کفر کیا ہو اُس کے کفر میں شک کیا جائے، قطعی کافر کے کفر میں شک بھی آدمی کو کافر بنا دیتا ہے بخاتمہ پر۔ دزبنا روزِ قیامت اَور ظاہر پر مدار حکم شرع ہے۔

اس کو یوں سمجھو کہ کوئی کافر مثلاً یہودی یا نصرانی یا بُت پرست مرگیا تو یقین کے ساتھ یہ

Marfat.com

نہیں کہا جا سکتا کہ کفر پر مرا۔ مگر ہم کو اللہ و رسول کا حکم یہی ہے کہ اُسے کافر ہی جانیں۔ اس کی زندگی میں اور موت کے بعد تمام وہی معاملات اس کے ساتھ کریں جو کافروں کے لیے ہیں۔ مثلاً میل جول شادی بیاہ، نماز جنازہ، کفن دفن۔ جب اُس نے کفر کیا۔ تو فرض ہے کہ ہم اُسے کافر ہی جانیں۔ اور خاتمہ کا حال علم الٰہی پر چھوڑیں۔ جس طرح جو ظاہراً مسلمان ہو اور اس سے کوئی فعل و قول خلافِ ایمان نہ ہو، فرض ہے کہ ہم اُسے مسلمان ہی مانیں۔ اگرچہ ہمیں اس کے خاتمہ کا بھی حال معلوم نہیں۔

Marfat.com

افتراقِ اُمّت

عقائد کی درستی تمام اعمال کی جان ہے۔ اسی پر آخرت کی نجات کا دار و مدار ہے لیکن ہمارے سادہ لوح بھائی اس طرف توجہ نہیں دیتے، جو صاحب بھی آئے جو بات کہے اُسی کو حق تسلیم کر لیا۔ یہ معلوم نہیں اس کے عقائد کیا ہیں۔ بہت لوگ ایسے ہیں جن کے عقائد دُرست نہیں ہوتے۔ بظاہر اپنے آپکو پکے مومن بتاتے ہیں۔ لیکن حقیقت میں ایمان سے ان کو کچھ تعلق نہیں ہوتا۔ وہ دین سے ایسے نکلے ہوتے ہوتے ہیں جیسے تیر شکار سے نکل جاتا ہے۔

ذیل میں چند احادیث مبارکہ پیش کی جاتی ہیں جن کو پڑھ کر آپ کو معلوم ہوگا کہ کچھ ایسے لوگ بھی ہیں: جو قرآن پڑھتے ہیں لیکن قرآن زبان سے نیچے نہیں جاتا۔ نمازیں لمبی لمبی پڑھتے ہیں جن کے سامنے آپ کی نماز کی کچھ حقیقت معلوم نہیں ہوتی۔ لوگوں کو دین کی طرف بلائیں گے حالاں کہ دین سے ان کا کچھ بھی تعلق نہیں۔

(۱) حضرت ابو حذیفہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ فتن کے متعلق سرکارِ دو عالم کی یہ حدیث نقل فرماتے ہیں:

واللہ ما ترك رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم	خدا کی قسم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی بھی
من قائد فتنةٍ الیٰ ان تنقضی الدنیا	ایسے شخص کا ذکر نہیں چھوڑا جو آج سے قیامت تک
یبلغ من معه ثلثة مائة فدا عدًا	کسی فتنے کا بانی ہوگا جن کے ساتھیوں کی تعداد
الا قد سماه لنا باسمه واسم قبیلة	تین سو یا اس سے زائد ہوگی یہاں تک کہ حضور
(ابوداؤد)	نے اس کا نام اور اس کے قبیلے تک کا نام ہمیں

Marfat.com

بتا دیا۔ (ابوداؤد)

(۲) مشکوٰۃ شریف میں بحوالہ ترمذی حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہما کی روایت ہے:

ان بنی اسرائیل تفرقت علیٰ ثنتین وسبعین ملة وتفترق امتی علیٰ ثلث وسبعین ملة کلهم فی النار الاملة واحدة قالوا من هی یا رسول الله قال ما انا علیه واصحابی۔

بنی اسرائیل بہتر فرقوں میں بٹ گئے تھے میری امت کے تہتر فرقے ہوں گے۔ ایک جماعت کے علاوہ باقی سب فرقے جہنمی ہوں گے۔ عرض کی یا رسول اللہ وُہ نجات پانے والی ایک جماعت کونسی ہے؟ فرمایا جس پر میں اور میرے صحابہ ہیں۔

(۳) حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہما سے امام بخاری نے یہ حدیث نقل کی ہے کہ ایک دن حضور اقدس صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے شام اور یمن کے لیے دُعا فرمائی جس کے الفاظ یہ ہیں:

اللهم بارك لنا فی شامنا اللهم بارك لنا فی یمننا قالوا یا رسول الله فی نجدنا قال اللهم بارك لنا فی شامنا اللهم بارك لنا فی یمننا قالوا یا رسول الله وفی نجدنا فاظنه قال فی الثالثه هناك الزلازل والفتن وبه یطلع قرن الشیطن۔ (بخاری)

خداوندا ہمارے لیے ہمارے شام اور یمن میں برکت نازل فرما۔ (دُعا کرتے وقت نجد کے کچھ لوگ بھی بیٹھے تھے، انہوں نے عرض کیا اور ہمارے نجد میں یا رسول اللہ۔ اس پر حضور نے ارشاد فرمایا خداوندا ہمارے لیے شام اور یمن میں برکت نازل فرما۔ پھر دوبارہ نجد کے لوگوں نے عرض کیا اور ہمارے نجد میں یا رسول اللہ! راوی کا بیان ہے کہ تیسری مرتبہ میں حضور نے فرمایا۔ کہ وہ زلزلوں اور فتنوں کی جگہ ہے اور وہاں سے شیطان کی سینگ نکلے گی۔

فائدہ: عام طور پر "قرن الشیطان" کا ترجمہ "شیطان کی سینگ" کیا جاتا ہے۔ لیکن دیوبند کے

Marfat.com

مصباح اللغات میں اس کا ایک ترجمہ "شیطان کی رائے کا پابند" بھی کیا گیا ہے۔

④ سیّدی علّامہ دحلان رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب الدرر السنیہ میں کتب صحاح سے حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کا یہ فرمان نقل کیا ہے۔

یخرج ناس من قبل المشرق یقرؤن القرآن لایجاوز تراقیھم یمرقون من الدین کما یمرق السھم من الرمیۃ لایعودون فیہ حتی یعود السھم الی سیمہ سیماھم التحلیق۔

(الدرر السنیہ)

کچھ لوگ مشرق کی سمت سے ظاہر ہوں گے جو قرآن پڑھیں گے لیکن قرآن ان کے حلق کے نیچے نہیں اُترے گا۔ وہ لوگ دین سے ایسے نکل جائیں گے جیسے تیر شکار سے نکل جاتا ہے۔ پھر وہ دین میں پلٹ کر نہیں آئیں گے یہاں تک کہ تیر اپنے کمان کی طرف لوٹ آئے ان کی خاص علامت "سر منڈانا" ہو گی۔

فائدہ: تحلیق کا ترجمہ عام طور پر سر منڈانا کیا جاتا ہے۔ لیکن دیوبند کی معتمد کتاب مصباح اللغات میں اس کے ہم مادہ لفظ کا ترجمہ چکر لگانا اور حلقے میں بیٹھنا بھی کیا گیا ہے۔

⑤ یہی علّامہ دحلان رحمۃ اللہ علیہ یہ حدیث بھی اپنی کتاب مذکورہ میں تخریج فرماتے ہیں کہ حضورِ انور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلّم نے ارشاد فرمایا:

یخرج ناس من المشرق یقرؤن القرآن لایجاوز تراقیھم کلما قطع قرنٌ نشاء قرنٌ حتی یکون اخرھم مع المسیح الدجال

(الدرر السنیہ)

کچھ لوگ مشرق کی سمت سے ظاہر ہوں گے، جو قرآن پڑھیں گے لیکن قرآن ان کے حلق کے نیچے نہیں اُترے گا، جب ان کا ایک گروہ ختم ہو جائے گا تو وہیں سے دوسرا گروہ جنم لے گا، یہاں تک کہ ان کا آخری دستہ دجّال کے ساتھ اٹھے گا۔

⑥ جامع ترمذی میں حضرت عمران ابن حصین رضی اللہ عنہٗ سے یہ حدیث نقل کی گئی ہے:

Marfat.com

قال مامات النبی صلی اللہ علیہ وسلم وھو یکرہ ثلاثۃ احیاء ثقیف بنی حنیفۃ وبنی امیہ

(ترمذی)

انہوں نے بیان کیا کہ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم تین قبیلوں کو تاحیات ناپسند فرماتے رہے۔ ایک ثقیف، دوسرا بنی حنیفہ، تیسرا بنی امیہ۔

(۷) علامہ دحلان نے اپنی کتاب الدرر السنیہ میں کتب صحاح سے سرکار اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد نقل کیا ہے۔

کنت فی مبدا الرسالۃ اعرض نفسی علی القبائل فی کل موسم ولم یجبنی احد جوابا اقبح ولا اخبث من رد بنی حنیفۃ۔

(الدرر السنیہ)

کہ رسالت کے ابتدائی ایام میں ہر موسم حج پر باہر سے آنے والے قبائل کے سامنے میں اپنی دعوت پیش کیا کرتا تھا، بنو حنیفہ کے جواب سے زیادہ قبیح اور ناپاک جواب مجھ کو کسی نے نہیں دیا۔

اس کے ساتھ علامہ دحلان مکی رحمہ اللہ کی تخریج کردہ ایک روایت اور پڑھ لیجئے جو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی طرف منسوب ہے۔ اس میں بنو حنیفہ کی وادی کے متعلق ارشاد فرماتے ہیں۔

ان وادیھم وادی فتن الی اخر الدھر ولا یزال فی فتنۃ من کذابھم الی یوم القیمۃ وفی روایۃ ویل للیمامۃ ویل لافراق لہ۔

(الدرر السنیہ)

اس قبیلہ کی وادی سے آخری زمانے تک فتنے اٹھتے رہیں گے اور وہ وادی اپنے جھوٹے پیشواؤں کی بدولت قیامت تک فتنوں سے معمور رہے گی اور ایک روایت میں ہے ہلاکت ہو یمامہ کے لیے ایسی ہلاکت جو کبھی نہ ختم ہو سکے۔

فائدہ: دیارِ نجد میں بنو حنیفہ کا قبیلہ وہی بدقسمت قبیلہ ہے جہاں سے شیطان کی سینگ (شیطان کی رائے کا پابند) طلوع ہوئی۔ جیسا کہ مولوی مسعود عالم ندوی "محمد بن عبدالوہاب" نامی کتاب میں حاشیہ

Marfat.com

پر لکھتے ہیں :

"نجد کا، جنوبی حصہ جو العارض کہلاتا ہے ۔ اس کا مشہور شہر ریاض ہے جو آج سعودی حکومت کا پایۂ تخت ہے ۔ عارض کو جبل یمامہ بھی کہتے ہیں اصل میں یہ ایک پہاڑی کا نام ہے۔ اور اس کے گرد و نواح کی زمین وادی حنیفہ اور یمامہ کہلاتی ہے ۔ شیخ الاسلام (محمد بن عبدالوہاب) کی جائے پیدائش "عیینیہ" اور موت کا مرکز "درعیہ" دونوں اسی وادی میں واقع ہیں ۔ (حاشیہ کتاب محمد بن عبدالوہاب)

(۸) مشکوٰۃ شریف میں حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے منقول ہے ، ایک دن حضور مالِ غنیمت تقسیم فرما رہے تھے ۔

اقبل رجل غائر العینین ناتی الجبهة كث اللحية مشرف الوجنتين محلوق الراس فقال يا محمد اتق الله فقال من يطع الله اذا عصيته فيامنني الله على اهل الارض ولا تامنوني فيسئل قتله فمنعه فلما ولى قال ان من ضئضئ هذا قوما يقرؤن القرآن لا يجاوز حناجرهم يمرقون من الاسلام مروق السهم من الرمية فيقتلون اهل الاسلام ويدعون اهل الاوثان لان ادركتهم لاقتلنهم قتل عاد ۔ (مشکوٰۃ)

ایک ایسا شخص آیا جس کی گہری آنکھیں کھڑا ماتھا ، کھچڑی داڑھی ، ڈھلکی ہوئی گالیں اور مونڈھا ہوا سر ، کہنے لگا اے محمد ! اللہ سے ڈرو ، حضور نے فرمایا میں ہی نافرمان ہو جاؤں گا تو اللہ کی فرمانبرداری کون کرے گا ۔ اللہ تعالےٰ نے تو مجھے زمین والوں پر امین بنایا ہے ۔ لیکن تم مجھے امین نہیں سمجھتے ۔ اسی درمیان میں ایک صحابی نے اس کے قتل کی اجازت چاہی ۔ حضور نے انہیں روک دیا ۔ جب وہ شخص چلا گیا ۔ تو فرمایا کہ اس کی نسل سے ایک جماعت پیدا ہوگی ، جو قرآن پڑھیں گے ۔ لیکن قرآن ان کے حلق سے نیچے نہیں اترے گا ۔ وہ دین سے ایسے نکل

Marfat.com

جائیں گے جیسے تیر شکار سے نکل جاتا ہے وہ مسلمانوں
کو قتل کریں گے اور بُت پرستوں کو چھوڑ دیں گے
اگر میں انہیں پاتا تو قوم عاد کی طرح ان کے ساتھ
قتال کرتا۔

(۹) یہی واقعہ حضرت شریک ابن شہاب رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے بھی منقول ہے اس میں انہوں نے اس گستاخ شخص کے متعلق سرکارِ رسالت مآب، کا یہ ارشاد نقل کیا ہے۔

ثم قال یخرج فی اخر الزمان — پھر حضور نے فرمایا کہ آخری زمانے میں ایک گروہ
قوم کان ھذا منھم یقرؤن — نکلے گا۔ گویا یہ شخص اسی گروہ کا ایک فرد ہے وہ
القرآن لایجاوز تراقیھم یمرقون — قرآن پڑھیں گے لیکن قرآن ان کے حلق کے نیچے
من الاسلام کما یمرق السھم من — نہیں اُترے گا وہ اسلام سے ایسے نکل جائیں گے
الرمیۃ سیماھم التحلیق لایزالون — جیسے تیر شکار سے ان کی خاص پہچان سر منڈانا
یخرجون حتیٰ یخرج اخرھم مع المسیح — ہے وہ ہمیشہ گروہ در گروہ نکلتے رہیں گے یہاں
الدجال فاذا لقیتموھم ھم شر الخلق — تک کہ ان کا آخری گروہ مسیح دجال کے ساتھ
والخلیقۃ۔ (مشکوٰۃ) — نکلے گا۔ جب تم ان سے ملو گے تو انہیں اپنی طبیعت
و سرشت کے لحاظ سے بدترین پاؤ گے۔

(۱۰) حضرت ابو سعید خدری اور حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہم سے مشکوٰۃ میں یہ حدیث نقل کی گئی ہے

عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم — حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا
قال سیکون فی امتی اختلاف وفریقۃ — کہ میری امت میں اختلاف و تفریق کا واقع ہونا
قوم یحسنون القیل ویسیؤن الفعل — مقدر ہو چکا ہے بس اس سلسلے میں ایک گروہ نکلے گا
یقرؤن القرآن لایجاوز تراقیھم یمرقون — جس کی باتیں بظاہر دلفریب و خوشنما ہوں گی،

Marfat.com

من الدین مروق السهم من الرمیة لا یرجعون حتی یرتد السهم علیٰ فوقه هم شر الخلق والخلیقة طوبیٰ لمن قتلهم وقتلوه یدعون الیٰ کتاب الله ولیسوا منه فی شیٔ من قاتلهم کان اولیٰ بالله منهم قالوا یا رسول الله ما سیماهم قال التحلیق۔

مشکوٰۃ

لیکن کرد اگمراہ کن اور خراب ہوگا، وہ قرآن پڑھیں گے لیکن قرآن ان کے حلق کے نیچے نہیں اترے گا وہ دین سے ایسے نکل جائیں گے جیسے تیر شکار سے نکل جاتا ہے، پھر دین کی طرف واپس لوٹنا انہیں نصیب نہ ہوگا یہاں تک کہ تیر اپنے کمان کی طرف لوٹ آئے وہ اپنی طبیعت و سرشت کے لحاظ سے بدترین مخلوق ہوں گے وہ لوگوں کو قرآن اور دین کی طرف بلائیں گے حالاں کہ دین سے ان کا کچھ بھی تعلق نہ ہوگا جو ان سے قتال کرے وہ خدا کا مقرب ترین بندہ ہوگا۔ صحابہ نے عرض کیا ان کی خاص پہچان کیا ہوگی یا رسول اللہ، فرمایا! سر منڈانا۔

○ محدث کبیر امام ابو یعلیٰ نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے اس حدیث کی تخریج فرمائی اور صاحب ابر یز نے اسے اپنی کتاب میں نقل کیا۔

عن انس قال کان فینا شاب ذو عبادة و زهد واجتهاد فسمیناه لرسول الله صلی الله علیه وسلم فلم یعرفه و وصفناه بصفة فلم یعرفه فبینما نحن ذالك اذ اقبل فقلنا یا رسول الله هو هذا فقال انی لاری علی وجهه سفعة من الشیطان فجاء فسلم فقال له رسول الله

حضرت انس بیان کرتے ہیں کہ مدینے میں ایک بڑا ہی عابد و زاہد نوجوان تھا۔ ہم نے ایک دن حضور سے اس کا تذکرہ کر دیا حضور اسے نہیں جان سکے پھر اس کے حالات و اوصاف بیان کیے، جب بھی حضور اسے نہیں پہچان سکے یہاں تک کہ ایک دن وہ اچانک سامنے آگیا، جیسے ہی اس پر نظر پڑی ہم نے حضور کو خبر کر دی کہ یہ وہی نوجوان

Marfat.com

صلی اللہ علیہ وسلم اجعلت فی نفسك ان
لیس فی القوم خیر منك فقال اللّٰھم نعم
ثم رنی فدخل المسجد فقال رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم من یقتل الرجل فقال
ابو بکر انا فدخل فاذا ھو قائم
یصلی فقال ابو بکر کیف اقتل رجلا
وھو یصلی وقد نھانا النبی صلی اللہ علیہ وسلم
عن قتل المصلین فقال رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم من یقتل الرجل فقال عمر انا
یا رسول اللہ فدخل المسجد فاذا ھو
سجد فقال مثل ما قال ابو بکر فاراد
ان یرجع فقد رجع من ھو خیر منی فقال
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یا عمر
فذکر لہ فقال رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم من یقتل الرجل فقال علی انا
فقال انت تقتلہ ان وجدتہ فدخل
المسجد فوجدہ قد خرج فقال اما ان اللہ
لو قتلہ لکان اول ھم واخرھم ولم
اختلف فی امتی اثنان۔

(ابو یعلیٰ شریف)

ہے۔ حضور نے اس کی طرف دیکھ کر ارشاد فرمایا
میں اس کے چہرے پر شیطان کے دھبے دیکھتا
ہوں۔ اتنے میں وُہ حضور کے قریب آیا اور سلام
کیا۔ حضور نے اس سے مخاطب ہو کر فرمایا۔ کیا یہ
بات صحیح نہیں ہے کہ تو ابھی اپنے دِل میں یہ
سوچ رہا تھا کہ تجھ سے بہتر یہاں کوئی نہیں ہے
اس نے جواب دیا، ہاں! اس کے بعد جیسے ہی
وہ مسجد کے اندر داخل ہوا حضور علیہ السلام نے
آواز دی کہ کون اسے قتل کرتا ہے حضرت ابوبکر
نے جواب دیا میں۔ جب وہ اس ارادہ سے مسجد
کے اندر گئے تو اُسے نماز پڑھتا ہوا پایا واپس
لوٹ آئے اور اپنے دل میں خیال کیا کہ ایک نماز
کو کیسے قتل کر دوں جب کہ حضور علیہ السلام نے نماز
کے قتل سے منع کیا ہے۔ پھر حضور نے آواز دی
کون اسے قتل کرتا ہے۔ حضرت عمر نے جواب
دیا میں۔ جب وُہ مسجد کے اندر گئے تو اس وقت
نوجوان سجدہ کی حالت میں تھا۔ وُہ بھی نماز پڑھ
دیکھ کر حضرت ابوبکر کی طرح واپس لوٹ آئے
پھر حضور نے آواز دی کہ کون اسے قتل کرتا ہے
حضرت علی نے جواب دیا میں، حضور نے فرمایا

Marfat.com

تم اسے ضرور قتل کر دو گے بشرطیکہ وُہ تمہیں مِل جائے.
لیکن جب حضرت علی مسجد میں داخل ہوئے تو وہ جا
چکا تھا. حضور علیہ السلام نے ارشاد فرمایا اگر تم اسے
قتل کر دیتے تو میری امت کے جملہ فتنہ پردازوں
میں سے یہ پہلا اَور آخری شخص ثابت ہوتا، میری
امت کے دو افراد بھی آپس میں کبھی نہ لڑتے ۔

دین میں فتنہ پیدا کرنے والوں کے متعلق اَور بھی بہت سی احادیث مبارکہ ہیں. سب کا اس جگہ جمع کرنا ناممکن ہے. اس لیے ان چند احادیث مبارکہ پر اکتفا کیا جاتا ہے. اس وقت تک جو فرقے ظاہر ہو چکے ہیں ان میں سے چند یہ ہیں: خوارج، معتزلہ، شیعہ. مرجیہ. مشبہ. جہمیہ. قراریہ. نجاریہ. کلابیہ. چکڑالوی. نیچری. خاکساری. بابی. بہائی، قادیانی. دیوبندی. اہلحدیث. تبلیغی جماعت، جماعت اسلامی (مودودی) وغیرہ وغیرہ.

ان میں سے چند ایک کے متعلق بیان کیا جاتا ہے. جن کا فتنہ ہمارے مُلک میں جاری ہے. تاکہ آپ پر حقیقت ظاہر ہو جائے آپ ان کے جال سے بچ کر فرقہ ناجیہ اہل سنّت وجماعت میں رہ کر اپنے ایمان کو بچا کر نجاتِ اُخروی پا سکو ۔

شیعہ: یہ فرقہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلّم سے کچھ عرصہ بعد ظاہر ہوا. ان میں بھی مختلف عقائد کے فرقہ ہیں. امام ربّانی مجدد الف ثانی رضی اللہ عنہ نے ان کی اکیس تعداد بتائی ہے. ان کے عقائد بے حد گندے اَور گستاخانہ ہیں. لیکن ضرورت کے مطابق چند کا بیان کیا جاتا ہے.

عقیدہ دربارہ خدا تعالےٰ

ان محمدًا رای ربہ فی ھیئۃ الشاب المرفق	محمد صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلّم نے جس "ر
فی سن ابناء ثلثین سنۃ انہ اجرف	کی وہ کل تیس ۳۰ سالہ تھا او

Marfat.com

الیٰ السرۃ والباقی صمدًا (اصولِ کافی)

ٹھوس۔

جبرائیل علیہ السلام بھول گئے

خدا جبریل را بعلی بن طالب فرستادہ او غلط کردہ بہ محمد رفتہ از انکہ محمد بہ علی مانند بود مثل غراب کہ بغراب شبیہ است۔

(تذکرۃ الائمہ للباقر مجلسی)

اللہ تعالےٰ نے جبرائیل علیہ السلام کو حضرت علی کے پاس بھیجا لیکن وہ غلطی کر کے حضرت محمد کے ہاں چلے گئے اس لیے کہ حضرت علی اور حضرت محمد ہم شکل تھے جیسے کہ ایک کوا دوسرے کوے کے ہم شکل ہوتا ہے۔

امام مہدی کے ظہور میں تبدیلی

ان اللہ تبارک وتعالیٰ قد کان وقت ھذا الامر فی السبعین فلما ان قتل الحسین اشتد غضب اللہ علی اھل الارض فاخرہٗ الیٰ اربعین ومائۃ ولم یجعل اللہ بعد ذالک وقتا عندنا۔ (اصول کافی)

اللہ تعالےٰ نے ظہور امام مہدی کا وقت سنہ ۷۰ھ میں پہلے سے مقرر فرما دیا۔ لیکن جب امام حسین شہید ہو گئے تو اللہ تعالےٰ کا غصہ زمین والوں پر بڑھ گیا اور اللہ تعالےٰ نے ظہورِ مہدی کا وقت ٹال کر سنہ ۱۴۰ھ مقرر کر دیا پھر اس کو بھی ملتوی کر دیا اب کوئی وقت مقرر نہیں۔

حضرت علی خدا ہے

آنہمارا کہ خدا دانستند او را مفوضہ میگویند کہ اللہ تعالےٰ واگذشت کار را بہ علی مثل قسمت کردن رارزق خلائق وحاضر شدن در نزد تولد وغیراں امور دیگر آنچہ می خواہد میکند وایجاد میکند وخدا را

ایک وہ ہے جو حضرت علی کو خدا کہتے ہیں اس فرقہ کا نام (شیعہ) مفوضہ ہے ان کا عقیدہ ہے کہ اللہ تعالےٰ نے اپنے جملہ امور حضرت علی کو سپرد کر دیئے ہیں۔ جیسے تمام مخلوق کی روزی کی تقسیم و اولاد

Marfat.com

دراں دخلے نیست وچوں آنحضرت راشہید کردند
گفتند او نمردہ است بلکہ زندہ است ودرابراست
درعد آوازاوست وبرق تازیانہ او بزیر خوانند
آمد کرد شمناں راکشد گویند ابن ملجم ایں رانہ کشت بلکہ
شیطان خود رابصورت علی گردید وکشتہ شد۔

(تذکرۃ الائمہ مطبوعہ ایران ملا باقر مجلسی)

کی پیدائش کے وقت حاضر ہونا وغیرہ وغیرہ حضرت
علی جیسے چاہتے ہیں ویسے ہوتا ہے۔ اس میں اللہ تعالےٰ
کو کسی قسم کا دخل نہیں۔ حضرت علی ہی ہر شے ایجاد کرتے
ہیں اور جب حضرت علی شہید ہوئے تو یہی لوگ کہتے
تھے وہ مرے نہیں بلکہ تاحال زندہ ہیں۔ بادل کی آواز
حضرت علی کی آواز ہے اور یہ بجلی کی چمک انہی کے
چابک کی چمک ہے۔ وہ بادل سے اتر کر کسی وقت
زمین میں تشریف لاکر اپنے دشمنوں کو قتل کریں گے
اور یہ بھی کہتے ہیں کہ ابن ملجم نے حضرت علی کو نہیں مارا
تھا۔ بلکہ شیطان حضرت علی کی شکل میں بن کر آیا تھا۔
ابنِ ملجم نے اسی شیطان کو حضرت علی سمجھ کر مار دیا تھا۔

عقیدہ دربارہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم

شیعہ کہتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے فرزند ابراہیم علیہ السلام کو بلا جنازہ دفن کر دیا۔
(فروغِ کافی مطبع نولکشور)

شیعہ کا عقیدہ ہے "کہ متعہ کا اجرا خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ہوا۔" (معاذ اللہ)
(استبصار مطبع جعفری)

شیعہ اور قرآن

مصحفِ فاطمہ اس موجودہ قرآن سے دو چند زیادہ ہے اور قسم خدا کی تمہارے
اس قرآن کا ایک حرف بھی اس میں نہیں۔ (اصولِ کافی مطبع نولکشور)
موجودہ قرآن ناقص ہے اور قابلِ حجت نہیں۔ (اصولِ کافی)

متعہ کے مسائل

مسئلہ، شریعت شیعہ میں متعہ ضروری ہے۔ (حق الیقین)

Marfat.com

مسئلہ : لواطت بھی جائز ہے۔ (الاستبصار فروع کافی)

اس میں غسل بھی نہیں ۔ (فروع کافی)

مسئلہ : عورت مملوکہ کی فرج عاریت پر دینا بھی جائز ہے۔ (ضیاء العابدین ۔ استبصار)

مسئلہ : ماں بہن سے ریشم لپیٹ کر جماع جائز ہے۔ (ذخیرۃ المعاد)

مسئلہ : جو شخص ایک بار متعہ کرے وہ اللہ تعالےٰ قہار کے غضب سے بچ گیا اور جو دو بار کرے وہ قیامت کے دن نیکو کار لوگوں کے ساتھ اٹھے گا ۔ اور جو تین بار کرے وہ روضۂ جنت میں چین اڑائے۔

(خلاصۃ المنہج)

مسئلہ : وہ ہماری جماعت سے خارج ہے جو متعہ نہیں کرتا۔ (خلاصۃ المنہج)

تبرا شیعہ شریعت میں واجب ہے۔

غیاث اللغات اردو میں ہے کہ تبرا بر وزن تمنا بمعنی بیزاری اور اصطلاح شریعت شیعہ میں اصحاب ثلاثہ ابوبکر، عمر، عثمان و دیگر تمام جلیل القدر (سوائے چند صحابیوں) صحابہ کرام و ازواج مطہرات سید الانام اور دہ اولیاء عظام و جملہ صلحاء امت جو اُن سے عقیدت کا اظہار کرے کو گالی گلوچ بکنا، بلکہ ان کو لعنتی کہنا۔ جتنا غلیظ سے غلیظ بکواسات ہو سکتے ہوں ان کے حق میں کہنا۔

بعضے امور ہست کہ نزد شیعہ امامیہ ضروری است ... و نزد سائر مسلمان ضروری نیست مثل امامت ... وجوب بیزاری از ابوبکر و عمر و عثمان و معاویہ و طعن و لعنت بر طلحہ و زبیر و عائشہ۔ (حق الیقین)

بعض امور شیعہ امامیہ کے نزدیک ضروریات دین سے ہیں ۔ باقی سب مسلمانوں کے لیے ضروری نہیں مثلاً امامت اور حضرت ابوبکر و عمر و عثمان و معاویہ سے بیزاری اور طلحہ زبیر و عائشہ پر لعنت کرنا۔

ملا محمد تقی رافضی نے حدیقۃ المتقین میں لکھا ہے۔

ہر نماز کے بعد خلفاء ثلاثہ (ابوبکر، عمر، عثمان اور حضرت عائشہ پر لعنت بھیجنا سنت ہے۔

Marfat.com

اور نماز کی قبولیت اور تکمیل اس کے بغیر نہیں۔

بسند معتبر منقول است کہ حضرت امام جعفر صادق از جائے نماز خود برنمی خاستند تا چہار ملعون و چہار ملعونہ را لعنت نمی کردند پس باید بعد ہر نماز بگوید اللّٰھم العن ابابکر و عمر و عثمان و معاویہ و عائشہ و حفصہ و ہند و ام ہند و ام الحکم۔ (عین الحیوٰۃ ملا باقر مجلسی)۔

یعنی معتبر سند سے منقول ہے کہ امام جعفر صادق نماز سے فارغ ہو کر جب تک ان آٹھ حضرات کو لعنت نہ بھیجتے جائے نماز سے نہیں اٹھتے تھے وہ آٹھ یہ ہیں:۔ ابوبکر عمر عثمان و معاویہ، عائشہ، حفصہ، ہند و ام الحکم۔ (معاذ اللہ ثم معاذ اللہ)

فروع کافی کتاب الروضہ میں ہے کہ ابوجعفر نے فرمایا۔

کان الناس اھل ردۃ بعد النبی الا ثلثۃ المقداد، ابوذر، سلیمان

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد سوائے تین افراد کے سب مرتد ہو گئے۔ مقداد، ابوذر، سلیمان (صرف یہی تین مسلمان رہ گئے)

خدا تعالےٰ کی شان میں اور جبریل کو بھول ہوئی، کفریہ کلمات ہیں۔ بلکہ حضرت علی کو خدا کہہ دیا، معاذ اللہ ثم معاذ اللہ۔ قرآن پاک کا توصاف انکار کر دیا۔ صحابہ کرام کو مرتد کہنا یہ سب کلماتِ کفر ہیں۔ اس سے زیادہ کیا عرض کیا جائے۔ ان سے میل جول رکھنا، کھانا پینا قطعاً حرام ہے۔

قادیانی یا مرزائی

یہ مرزا غلام احمد قادیانی کے پیرو ہیں۔ اس شخص نے اپنی نبوت کا دعوےٰ کیا اور انبیائے کرام علیہم السلام کی شان میں نہایت بیباکی کے ساتھ گستاخیاں کیں۔ خصوصاً عیسیٰ روح اللہ و کلمۃ اللہ علیہ الصلوٰۃ والسلام اور ان کی والدہ ماجدہ طیبہ طاہرہ صدیقہ مریم کی شانِ جلیل میں تو وہ بیہودہ کلمات استعمال کیے جن کے ذکر سے مسلمانوں کے دل ہل جاتے، مگر ضرورتِ زمانہ مجبور کر رہی ہے کہ لوگوں کے سامنے ان میں سے چند بطور نمونہ ذکر کیے جائیں۔

خود مدعی نبوت بننا کافر ہونے اور ابدالآباد جہنم میں رہنے کے لیے کافی تھا کہ قرآن مجید کا انکار اور حضور خاتم النبیین صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کی تکذیب و توہین کا وبال بھی اپنے سر لیا۔ اور یہ صدہا

Marfat.com

کفر کا مجموعہ ہے۔ اگرچہ باقی انبیاء و دیگر ضروریات کا قائل بنتا ہو۔ اس نے تو صدہا کی تکذیب کی، اور اپنے کو نبی سے بہتر بنایا ایسے شخص اور اس کے متبعین کے کافر ہونے میں مسلمان کو ہرگز شک نہیں، بلکہ ایسے کی تکفیر میں جو شک کرے، خود کافر۔

الحمدللہ! موجودہ حکومت نے ان کو علماء کرام کے اصرار پر اقلیت قرار دے دیا ہے۔ یعنی کافر۔ اس پر عمل کرنا ہر ذی مسلمان کا فرضِ اوّلین ہے کہ ان سے تعلق قطع کر دیں۔ ان سے وہی سلوک کیا جائے جو کافروں سے کیا جاتا ہے۔ بلکہ ان کے ساتھ تو اور کافروں سے زیادہ سختی سے پیش آنا چاہیئے۔

- خدا تعالےٰ نے براہین احمدیہ میں اس عاجز کا نام امتی بھی رکھا اور نبی بھی۔ (ازالہ اوہام)
- اے احمد تیرا نام پورا ہو جائے قبل اس کے جو میرا نام پورا ہو۔ (انجام آتھم)
- وَمَا اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ (تجھ کو تمام جہانوں کی رحمت کے واسطے روانہ کیا۔ (انجام آتھم)
- مجھ کو اللہ تعالےٰ نے فرمایا ہے: اَنْتَ مِنِّیْ بِمَنْزِلَةِ اَوْلَادِیْ اَنْتَ مِنِّیْ وَاَنَا مِنْكَ یعنی اے غلام احمد تو میری اولاد کی جگہ ہے، تو مجھ سے اور میں تجھ سے ہوں۔ (دافع البلاء)
- حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے الہام و وحی غلط نکلے تھے۔ (ازالہ اوہام)
- سورہ بقر میں جو ایک قتل کا ذکر ہے کہ گائے کی بوٹیاں نعش پر مارنے سے وہ مقتول زندہ ہو گیا تھا، اپنے قاتل کا پتہ دے دیا تھا۔ یہ محض موسیٰ علیہ السلام کی دھمکی تھی اور علم مسمریزم تھا۔ (ازالہ اوہام)
- حضرت ابراہیم علیہ السلام کا چار پرندے کے معجزے کا ذکر جو قرآن شریف میں ہے وہ بھی ان کا مسمریزم کا عمل تھا۔ (ازالہ اوہام)
- قرآن شریف میں گندی گالیاں بھری ہیں اور قرآنِ عظیم سخت زبانی کے طریق کو استعمال کر رہا ہے۔ (ازالہ اوہام)
- براہین احمدیہ خدا کا کلام ہے۔ (ازالہ اوہام)

Marfat.com

○ مریم کا بیٹا کشلیا کے بیٹے سے کچھ زیادت نہیں رکھتا۔ (انجام آتھم)

○ مجھے قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے۔ کہ اگر مسیح ابن مریم میرے زمانہ میں ہوتا تو وہ کام جو میں کر سکتا ہوں وُہ ہرگز نہ کر سکتا اور وُہ نشان جو مجھ سے ظاہر ہوا ہے وُہ ہرگز دِکھلا نہ سکتا۔ (کشتی نوح)

○ آپ کا کنجریوں سے میلان اور صحبت بھی شاید اسی وجہ سے ہو کہ جدی مناسبت درمیان ہے۔ ورنہ کوئی پرہیزگار انسان ایک جوان کنجری کو یہ موقع نہیں دے سکتا، کہ وُہ اس کے سر پر اپنے ناپاک ہاتھ لگا دے اور زناکاری کی کمائی کا پلید عطر اس کے سر پر ملے۔ اور اپنے بالوں کو اس کے پیروں پر ملے۔ سمجھنے والے یہ سمجھ لیں کہ ایسا انسان کس چلن کا آدمی ہو سکتا ہے۔ (ضمیمہ انجام آتھم)

○ آپ کا خاندان بھی نہایت پاک ومطہر ہے۔ تین دادیاں اور نانیاں آپ کی زناکار اور کسبی عورتیں تھیں جن کے خون سے آپ کا وجود ہوا۔ (ضمیمہ انجام آتھم) معاذ اللہ استغفر اللہ

○ یسوع مسیح کے چار بھائی اور دو بہنیں تھیں یہ سب حقیقی بھائی اور حقیقی بہنیں تھیں، یعنی یوسف اور مریم کی اولاد تھے۔ (کشتیٔ نوح)

غرض اس دجّال قادیانی کے مزید خرافات کہاں تک گنائے جائیں۔ مسلمان ان چند حوالہ جات کو پڑھ کر بخوبی سمجھ سکتے ہیں کہ اس نبی اولوالعزم کے فضائل جو قرآن میں مذکور ہیں، ان پر یہ کیسے گندے حملے کر رہا ہے۔ تعجب ہے ان سادہ لوح لوگوں پر جو اس کے ماننے والوں کو مسلمان جانتے ہیں۔

ایسے شخص کے کافر مرتد بے دین ہونے میں کسی مسلمان کو شک ہو سکتا ہے۔ حاش للہ! یہ بالکل کافر ہے جو اس کے کافر ہونے میں شک کرے وہ بھی کافر ہے۔

Marfat.com

دیوبندی (وہابی)

یہ ایک نیا فرقہ ہے جو ۱۲۰۹ھ میں پیدا ہوا۔ اس کا بانی محمد بن عبدالوہاب نجدی تھا۔ یہ نجد کی وادی حنیفہ میں پیدا ہوا۔ حضورِ اقدس صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے اسی فتنہ کے متعلق خبر دی ہے جس کا تفصیل سے حدیث ۳، ۴، ۵، ۶، ۷، ۸ میں ذکر ہے۔

اس محمد بن عبدالوہاب نے ایک کتاب لکھی جس کا نام کتاب التوحید رکھا۔ اسمیں اپنے عقائد کو ظاہر کیا۔ اسی کتاب التوحید کا ترجمہ ہندوستان میں اسمٰعیل دہلوی نے کیا جس کا نام تقویۃ الایمان رکھا جس کو عام کرنے والے مولوی رشید احمد گنگوہی، محمود الحسن، شبیر احمد عثمانی، محمد قاسم نانوتوی، مولوی حسین علی اشرف علی تھانوی وغیرہ وغیرہ ہیں۔

اَب دیوبندی وہابی حضرات کے مسلک کو بیان کیا جاتا ہے۔ حق و باطل کا امتیاز آپ خود کرلیں۔

دیوبندیوں کا مذہب

(۱)

"اور انسان خود مختار ہے اچھے کام کریں یا نہ کریں اور اللہ کو پہلے سے کوئی علم بھی نہیں ہوتا۔ کہ کیا کریں گے، بلکہ اللہ کو ان کے کرنے کے بعد معلوم ہوگا۔"

(مولوی حسین علی صاحب اپنی تفسیر بلغۃ الحیران مطبوعہ حمایت اسلام پریس لاہور بار اوّل میں فرماتے ہیں)

(۲) علماء دیوبند اللہ تعالےٰ کے حق میں امکانِ کذب کے قائل ہیں۔ دیکھئے ضمیمہ براہین قاطعہ مطبوعہ ساڈھورہ فتاوٰی رشیدیہ جلد اوّل "الحاصل امکان کذب سے مراد دخولِ کذب تحت قدرت باری تعالےٰ ہے۔"

اہل سنّت کا مذہب

اہل سنّت کے نزدیک علم الٰہی کا منکر خارج از اسلام ہے۔

معاذ اللہ اللہ تعالےٰ کے متصف بالکذب ہونے کو ممکن قرار دیا جائے اہل سنّت کے نزدیک ایسا عقیدہ کفر خالص ہے۔

Marfat.com

۳۔ علماء دیوبند کا مسلک یہ ہے کہ قرآن کریم نے کفار کو اپنی فصاحت و بلاغت سے عاجز نہیں کیا تھا اور فصاحت و بلاغت سے عاجز کرنا علماء دیوبند کے نزدیک کوئی کمال نہیں۔

"یہ خیال کرنا چاہیئے کہ کفار کو عاجز کرنا کوئی فصاحت و بلاغت سے نہ تھا، کیوں کہ قرآن خاص واسطے کفار فصحاء۔ بلغاء کے نہیں آیا تھا اور یہ کمال بھی نہیں۔"

(بلغۃ الحیران مطبوعہ حمایت اسلام لاہور)

اہلسنت کا عقیدہ ہے کہ قرآن کریم نے یقیناً اپنی فصاحت و بلاغت سے کفار فصحاء عرب کو عاجز کیا تھا اور قرآن کی یہ شانِ اعجاز قیامت تک باقی رہے گی۔ جو شخص اعجازِ قرآنی کا منکر ہے اور قرآنِ کریم کی فصاحت و بلاغت کا کمال نہیں سمجھتا وہ دشمنِ قرآن ملحد و بے دین خارج از اسلام ہے۔

۴۔ علماء دیوبند کے نزدیک شیطان اور ملک الموت کا علم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ ہے اور شیطان و ملک الموت کے لیے محیط زمین کی وسعت علم دلیلِ شرعی سے ثابت ہے اور فخرِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے اس علم کا ثابت کرنا شرک ہے۔

الحاصل غور کرنا چاہیئے کہ شیطان و ملک الموت کا حال دیکھ کر علم محیط زمین کا فخرِ عالم کو خلاف نصوص قطعیہ کے بلا دلیل محض قیاس فاسدہ سے ثابت کرنا شرک نہیں تو کونسا ایمان کا حصہ ہے شیطان و ملک الموت کو یہ وسعت نص سے ثابت۔

اہلِ سنت کا مذہب یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مقابلے میں شیطان کے لیے محیط زمین کا علم ثابت کرنا اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ اقدس سے اس کی نفی کرنا بارگاہِ رسالت کی سخت توہین ہے۔

اہلِ سنت کے نزدیک شیطان و ملک الموت کے محیطِ زمین کے علم پر قرآن و حدیث میں کوئی نص وارد نہیں ہوئی۔ جو شخص نص کا دعوے کرتا ہے وہ قرآن و حدیث پر نہایت ہی ناپاک بہتان باندھتا ہے۔ اسی طرح حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے علم کو نصوص قطعیہ کے

Marfat.com

ہوئی، فخرِ عالم کی وسعت کی کونسی نص قطعی ہے۔ جس سے تمام نصوص کو رد کر کے ایک شرک ثابت کرنا ہے۔

(براہین قاطعہ مولوی خلیل احمد انبیٹھوی)

خلاف کہنا بھی قرآن وحدیث پر افترا عظیم ہے۔ قرآن وحدیث میں کوئی ایسی نص وارد نہیں ہوئی جس سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حق میں محیط زمین کے علم کی نفی ہوتی ہو، بلکہ قرآن و حدیث کے بیشمار نصوص سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیئے ہر چیز کا علم ثابت ہے۔

۵: دیوبندی حضرات کا مذہب ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو نہ اپنی عاقبت کا علم ہے۔ نہ دیوار کے پیچھے حضور جانتے ہیں۔ "خود فخرِ عالم علیہ السلام فرماتے ہیں، واللہ لا ادری مایفعل بی ولا بکم"

(براہین قاطعہ)

اہلسنت کا مسلک یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صرف اپنی ہی نہیں بلکہ تمام مومنین وکفار کی بھی عاقبت کا حال جانتے ہیں اور زمین وآسمان کا کوئی گوشہ نگاہِ رسالت سے مخفی نہیں۔

واللہ لاادری والی حدیث سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اپنے اور دوسروں کے انجام کار سے لاعلم ہونے پر استدلال کرنا انتہائی مضحکہ خیز ہے کیا قرآن کریم میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے عسیٰ ان یبعثک ربک مقاما محمودا اور للاخرۃ خیر لک من الاولیٰ وارد نہیں ہوا اور کیا مومنین کے حق میں لیدخل المومنین والمؤمنات جنات تجری من تحتہا الانہار خلدین

Marfat.com

فیہا" الایہ قرآن مجید میں موجود نہیں، پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلّم کے علم کی نفی کس بنا پر کی جاتی ہے۔

حدیث لاادری کے معنی صرف یہ ہیں کہ میں بغیر تعلیم خداوندی کے محض اٹکل سے نہیں جانتا۔

(۶) دیوبندیوں کا حضور صلی اللہ علیہ وسلّم کے علم غیب کو زید، عمر، بچوں، پاگلوں بلکہ تمام حیوانوں اور جانوروں کے علم سے تشبیہ دینا۔

"پھر یہ کہ آپ کی ذات مقدسہ پر علم غیب کا حکم کیا جانا اگر بقول زید صحیح ہو تو دریافت طلب یہ امر ہے کہ اس غیب سے مراد بعض غیب ہے یا کل غیب۔ اگر بعض علومِ غیبیہ مراد ہیں تو اس میں حضور ہی کی کیا تخصیص ہے ایسا علمِ غیب تو زید عمر، بکر ہر صبی و مجنون بلکہ جمیع حیوانات و بہائم کے لیے بھی حاصل ہے۔

(حفظ الایمان مولوی اشرفعلی تھانوی)

اہل سنت کا عقیدہ ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلّم کا علم تمام کائنات کے علم سے ممتاز ہے۔ اور اس قسم کی تشبیہ شانِ نبوت کی شدید ترین توہین تنقیص ہے۔

(۷) دیوبند کے علماء کے نزدیک نماز میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم کا خیال مبارک دل میں لانا، بیل اور گدھے کے تصور میں غرق ہو جانے سے بدرجہا بدتر ہے۔

اہلِ سنت کے مسلک میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم کا خیال مبارک تکمیل نماز کا موقوف علیہ ہے۔ اور حضور صلی اللہ علیہ وسلّم کی صورتِ کریمہ کو دل میں حاضر کرنا مقصدِ عبادت کے

Marfat.com

از وسوسہ زناخیال مجامعت زوجہ خود بہتر است
وصرف ہمت بسوئے شیخ وامثال آں از
معظمین گو جناب رسالتمآب باشند بچندیں
مرتبہ از استغراق در صورت گاؤ خر خود است.
(صراط مستقیم مطبوعہ مجتبائی دہلی)

حصول کا ذریعہ اور وسیلہ عظمیٰ ہے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا خیال مبارک دل میں لانے کو گائے بیل کے تصور میں غرق ہو جانے سے بدتر کہنا حضور اکرم کی توہین ہے جس کے تصور سے مسلمان کے بدن کے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں۔ اہلسنت کے نزدیک ایسا کہنے والے کو جہنمی اور ملعون تصور کرتے ہیں۔

(۸)، دیوبندیوں کے نزدیک لفظ رحمۃ للعالمین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صفت خاص نہیں۔

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے دین کہ لفظ رحمۃ للعالمین مخصوص آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ہے یا ہر شخص کو کہہ سکتے ہیں؟

جواب: لفظ رحمۃ للعالمین صفت خاصہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نہیں ہے۔

(فتاوٰے رشیدیہ حصہ دوم)

اہل سنت کے نزدیک رحمۃ للعالمین خاص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا وصفِ جمیل ہے اس میں دوسرے کو شریک کرنا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شان کو گھٹانا ہے۔

(۹)، دیوبندی حضرات کے نزدیک اگر بالفرض زمانۂ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد بھی کوئی نبی پیدا ہو تو پھر بھی حضور کی خاتمیت میں کچھ فرق نہ آئے گا۔

اہل سنت کا مذہب یہ ہے کہ اگر بفرضِ محال بعد زمانۂ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کوئی نبی پیدا ہو تو خاتمیتِ محمدی میں ضرور فرق آئے گا۔ جیسا کہ بفرضِ محال دوسرا الٰہ پایا جائے تو

Marfat.com

بلکہ اگر بالفرض بعد زمانۂ نبوی صلعم بھی کوئی نبی پیدا ہو تو پھر بھی خاتمیتِ محمدی میں کچھ فرق نہ آئے گا۔ چہ جائیکہ آپ کے معاصر کسی اور زمین میں یا فرض کیجئے اسی زمین میں کوئی اور نبی تجویز کیا جائے۔

(تحذیر الناس)

(۱۰) حیات النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق علماءِ دیوبند فرماتے ہیں کہ معاذ اللہ حضور علیہ السلام مر کر مٹی میں مِل گئے۔

"یعنی میں بھی ایک دن مر کر مٹی میں مِلنے والا ہوں۔"

(تقویۃ الایمان)

اللہ تعالےٰ کی توحید میں ضرور فرق آئے گا۔ جو شخص اس فرق کا مُنکر ہے وُہ نہ توحید باری کو سمجھا نہ ختمِ نبوت پر ایمان لایا۔

اہل سنّت کے نزدیک انبیاء علیہ السلام باوجود موت عادی طاری ہونے کے حیات حقیقی کے ساتھ زندہ ہوتے ہیں ان کے اجسام کریمہ صحیح و سالم رہتے ہیں۔ حدیث شریف میں ہے :۔

ان اللہ حرم علی الارض ان تاکل اجساد الانبیاء نبی اللہ حیی یرزق (مشکوٰۃ ج ۱)

ترجمہ : تمام انبیاء کے اجسام کریمہ مٹی پر حرام ہیں بلکہ وہ زندہ ہیں رزق دیئے جاتے ہیں۔

حضور سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے حق میں یہ اعتقاد رکھنا کہ معاذ اللہ حضور مر کر مٹی میں مِل گئے، صریح گمراہی ہے۔

(۱۱) "جس کا نام محمد یا علی ہے وہ کسی چیز کا مالک و مختار نہیں۔"

(تقویۃ الایمان)

اہل سنّت کا مذہب ہے کہ مِلک اختیار بالاستقلال تو خاصہ خداوندی ہے۔ لیکن اللہ کا دیا ہوا اختیار اور اس کی عطا کی ہوئی مِلک عام انسانوں کے لیے دلائل شرعیہ سے ثابت

Marfat.com

ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے حق میں یہ کہنہ دینا کہ وہ کسی چیز کے مالک و مختار نہیں، شانِ اقدس میں صریح توہین ہے۔

(۱۲) یہ یقین جان لینا چاہیے کہ ہر مخلوق بڑا ہو یا چھوٹا اللہ کی شان کے آگے چمار سے بھی زیادہ ذلیل ہے۔ (تقویۃ الایمان)

اہل سنّت کے نزدیک یہ عبارت انبیاء کرام اور اولیاء عظام علیہم السلام کی سخت توہین ہے اللہ تعالےٰ نے قرآن مجید میں اپنے مقرب بندوں کو "عباد مکرمون" اور "کَانَ عِنْدَ اللّٰہِ وجیہًا" فرما کر انہیں اپنی بارگاہ میں بڑی عزت و بزرگی والا اور ذی وجاہت فرمایا ہے۔ تقویۃ الایمان نے انہیں چوہڑے اور چمار سے زیادہ ذلیل قرار دے کر ان کی توہین کی ہے۔ اہل سنّت اس عقیدہ کو کفر خالص سمجھتے ہیں۔

(۱۳) سوال: وہابی کون لوگ ہیں اور عبدالوہاب نجدی کا کیا عقیدہ تھا اور کون مذہب تھا اور وہ کیسا شخص تھا، اہل نجد اور سُنّی حنفی کے عقائد میں کیا فرق ہے؟

جواب: محمد بن عبدالوہاب کے مقتدیوں کو وہابی کہتے ہیں ان کے عقائد عمدہ تھے اور مذہب ان کا حنبلی تھا۔ البتہ ان کے مزاج میں شدت تھی۔ مگر وہ اور ان کے مقتدی اچھے ہیں۔ مگر ہاں جو حد سے

اہل سنّت کے نزدیک محمد بن عبدالوہاب باغی خارجی بے دین گمراہ ہے اس کے عقائد کو عمدہ کہنے والے اسی جیسے دشمنانِ دین ضال و مضل ہیں۔

Marfat.com

بڑھ گئے، ان میں فساد آگیا اور عقائد سب کے متحد ہیں۔ اعمال میں فرق حنفی، شافعی، مالکی، حنبلی کا ہے۔ (فتاوٰے رشیدیہ)

۱۳۔ سوال: تقویۃ الایمان میں کوئی مسئلہ ایسا بھی ہے جو قابلِ عمل نہیں، یا کُل اس کے مسائل صحیح ہیں؟

جواب: بندہ کے نزدیک سب مسائل اس کے صحیح ہیں ... (دوسری جگہ) اور کتاب تقویۃ الایمان نہایت عمدہ کتاب ہے اور رد شرک و بدعت میں لاجواب ہے۔ استدلال اس کے بالکل کتاب اللہ واحادیث سے ہیں۔ اس کا رکھنا اور پڑھنا اور عمل کرنا عین اسلام ہے۔

(فتاوٰے رشیدیہ حصہ اوّل)

اہل سنت مولوی اسمٰعیل دہلوی کی کتاب تقویۃ الایمان کو تمام انبیاء کرام و اولیاء عظام کی توہین و تنقیص کا مجموعہ قرار دیتے ہیں۔ درحقیقت یہ محمد بن عبدالوہاب نجدی کی کتاب التوحید کا خلاصہ ہے۔ جس میں تمام امتِ محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام کو کافر و مشرک کہا گیا ہے اور دِل کھول کر خدا کے مقدس اور محبوب بندوں کی شان میں گستاخیاں کی گئی ہیں۔

۱۵۔ فاتحہ کا پڑھنا کھانے پر یا شیرینی پر بروز جمعرات کے درست ہے یا نہیں۔

جواب: فاتحہ کھانے یا شیرینی پر پڑھنا بدعت ہے۔ ضلالت ہے ہرگز نہ کرنا چاہیئے۔

فقط رشید احمد

(فتاوٰے رشیدیہ حصہ دوم)

اہل سنت کا مسلک ہے کہ فاتحہ پڑھنا کھانے یا شیرینی پر جائز ہے۔ فاتحہ کا پڑھنا بدعت اور ضلالت بتانا بدترین قسم کی گمراہی ہے۔

۱۶۔ جس عُرس میں صرف قرآن شریف پڑھا

اہل سنت کے مذہب میں مجلس میلاد پاک

Marfat.com

جائے اور تقسیم شیرینی ہو جائز ہے یا نہیں ؟

جواب : کسی عرس اور مولود شریف میں شریک ہونا درست نہیں اور کوئی سا عرس اور مولود درست نہیں۔

(فتاوٰے رشیدیہ حصہ سوم)

۱۰۔ محفل میلاد جسمیں روایات صحیحہ پڑھی جاویں اور لاف گزاف اور روایات موضوعہ اور کاذبہ نہ ہوں شریک ہونا کیسا ہے ؟

جواب : ناجائز ہے بسبب اور وجوہ کے۔

فقط رشید احمد (فتاوٰے رشیدیہ حصہ دوم)

۱۱۔ محرم میں عشرہ وغیرہ کے روز شہادت کا بیان کرنا بروایات صحیحہ یا بعض ضعیفہ بھی و نیز سبیل لگانا چندہ دینا اور شربت دودھ بچوں کو پلانا درست ہے یا نہیں ؟

جواب : محرم میں ذکرِ شہادت حسنین علیہما السلام لگانا اگرچہ بروایاتِ صحیحہ ہو یا سبیل کرنا شربت پلانا یا چندہ سبیل اور شربت میں دینا سب نادرست

افضل ترین اور اعلیٰ ترین مجلس ہے اور اعراس بزرگانِ دین بھی اہلسنت کے نزدیک منجملہ مستحبات ہیں۔ جو شخص یہ کہتا ہے کہ بزرگان دین کے عُرس میں کوئی لغویت اور امر ممنوع نہ ہو تب بھی ناجائز اور بدعت ہے۔ وُہ بزرگان دین کا سخت دشمن اور ان کے فیوض و برکات سے محروم اور خائب و خاسر ہے۔ اِسی طرح میلاد شریف کو بہر حال بدعت و ناجائز قرار دینا بلکہ صحیح روایتوں کے ساتھ میلاد شریف پڑھا جائے تب بھی اسے ناجائز اور بدعت و حرام کہنا اہلِ سنّت کے نزدیک بارگاہِ رسالت سے بغض و عناد کی روشن دلیل ہے۔

اہلسنّت کے مسلک میں روایات صحیحہ کے ساتھ محرم وغیرہ میں حضرات حسنین علیہما السلام کا ذکر شہادت باعثِ رحمت و برکت ہے اسی طرح شہداء کو ایصال ثواب کے لیے شربت دودھ وغیرہ پلانا سب جائز اور مستحسن ہے۔ تشبیہ روافض کی آڑ لے کر ان امور مستحسنہ کو ناجائز و حرام کہنا مسلمانوں کو حصول خیر و برکت سے محروم رکھنا ہے۔

اور بشبہ روافض کی وجہ سے حرام ہیں۔ (فتاوٰی رشیدیہ حصہ ۳)

Marfat.com

(۱۹) ہندو جو پیاؤ پانی کی لگاتے ہیں سودی روپیہ صرف کر کے مسلمانوں کو اس کا پانی پینا درست ہے یا نہیں ؟

جواب : اس پیاؤ سے پانی پینا مضائقہ نہیں ۔ فقط واللہ تعالےٰ اعلم رشید احمد گنگوہی عفی عنہ'

(فتاوٰے رشیدیہ حصہ سوم)

(۲۰) ہندو تہوار ہولی یا دیوالی میں اپنے اُستاد یا حاکم یا نوکر کو کھیلیں یا پوری یا اَور کچھ کھانا بطور تحفہ بھیجتے ہیں ان چیزوں کا لینا اَور کھانا استاد و یا حاکم و نوکر مسلمان کو درست ہے یا نہیں ؟

جواب : درست ہے ۔ فقط

(فتاوٰے رشیدیہ حصہ دوم)

(۲۱) جس جگہ زاغ معروفہ کو اکثر حرام جانتے ہوں اَور کھانے والے کو بُرا کہتے ہوں تو ایسی جگہ اس کوّا کھانے والے کو کچھ ثواب ہوگا یا نہ ثواب ہوگا نہ عذاب ؟

اہلِ سنّت کے نزدیک یہ امر اہل بیت اطہار خصوصاً سیّدنا امام حسین علیہ السلام کے ساتھ عداوتِ قلبی کی روشن پکی دلیل ہے کہ امام حسین علیہ السلام کی فاتحہ کے شربت کو تشبیہ بالرد نفس کی آڑ لے کر حرام کہا جائے اس کے بالمقابل تشبیہ بالہنود سے آنکھیں بند کر کے ہندوؤں کے مشرکانہ تہوار ہولی ، دیوالی کی پوری کچوری کو جائز و حلال قرار دیا جائے ۔ اہل سنّت اس بات کو اہلِ بیتِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ بدترین دشمنی تصور کرتے ہیں کہ امام حسین علیہ السلام کو ایصال ثواب کے لیے لگائی ہوئی سبیل کے پانی کو ناجائز سمجھا جائے اس کے مقابلہ میں ہندوؤں کے سودی روپے سے لگائے ہوئے پیاؤ کا پانی حلال طیّب جائز اَور پاک مانا جائے ۔ مقامِ تعجب ہے ۔ اہلِ انصاف غور فرمائیں کہ یہ عداوتِ حسین نہیں تو کیا ہے (العیاذ باللہ والیہ المشتکیٰ)

اہل سنّت کا مذہب ہے کہ پاک غذا پاک لوگوں کے لیے اَور خبیث و ناپاک غذا خبیثوں اور ناپاکوں کے لیے ہیں ۔ زاغِ معروفہ (مشہور کوّا) حرام اَور خبیث ہے جس کا کھانا مومنین طیّبین کے لیے جائز

Marfat.com

جواب : ثواب ہوگا۔ فقط

(فتاوٰے رشیدیہ حصہ دوم)

نہیں۔ کوّا کھانے والے حرام خور اور عذابِ آخرت کے سزاوار ہیں۔

تشبیہہ : عقائد دیوبند کا یہ ایک نمونہ ہے۔ اگر تمام عقائد بیان کیے جائیں تو اس کے لیے دفتر چاہیئے۔ حق یہ ہے کہ رافضیوں اور خارجیوں نے تو صحابہ کرام یا اہلِ بیتِ عظام ہی پر حملہ کیا۔ مگر دیوبندیوں کی قلم سے نہ خدا کی ذات بچی نہ رسول علیہ السلام اور نہ صحابہ کرام نہ ازواجِ مطہرات اور نہ ہی اولیاء عظام، سب ہی کی اہانت کی گئی۔ صرف یہ چند حوالہ جات اس لیے پیش کیے گئے ہیں کہ مسلمانوں کو مطلع کر دیا جائے کہ ان سے علیحدہ رہیں۔ یا وہ لوگ ان عقائد سے توبہ کر لیں۔ نیز یہ بھی خیال رکھیں جمعیۃ العلماء اسلام دیوبندی گروہ کی جماعت ہے۔

اہلحدیث (یعنی غیر مقلدین)

یہ اصل میں وہابی نجدی ہی ہیں۔ جنہوں نے وہابی کی بجائے اپنا نام "اہلحدیث" رجسٹرڈ کرایا۔ جس کے ثبوت میں درج ذیل حوالہ پیش کرتا ہوں دراصل حقیقت یہ ہے جب دیوبندیوں وہابیوں کے خلاف عُلمائے حق نے کلمہ بلند کیا۔ تو ان کا رہنا چلنا پھرنا مشکل ہوگیا۔ ان بیچاروں نے اپنے آپکو چھپانے کے لیے کئی جماعتوں میں تبدیل کر لیا۔ قادیانی، اہلحدیث (غیر مقلد) تبلیغی جماعت۔ جماعت اسلامی (مودودی جماعت) سب نجدیوں وہابیوں کی شاخیں ہیں اور پکے دیوبندی۔ ان سب کے عقائد ایک ہیں۔ جیسا کہ آپ کے سامنے لکھا جا رہا ہے۔ یا لکھا جا چکا ہے۔

"انہوں[1] نے ارکانِ جماعت اہلحدیث کی ایک دستخطی درخواست لفٹیننٹ گورنر پنجاب کے ذریعہ وائسرائے ہند کی خدمت میں روانہ کی۔ اس درخواست پر سرفہرست شمس العلماء میاں نذیر حسین کے دستخط تھے۔ گورنر پنجاب نے وہ درخواست اپنی تائیدی تحریر کے ساتھ گورنمنٹ آف انڈیا کو بھیج دی، وہاں سے حسبِ ضابطہ منظوری آگئی کہ آئندہ وہابی کے بجائے اہلحدیث کا لفظ استعمال کیا جائے۔ لفٹیننٹ گورنر

---

[1] مولوی محمد حسین بٹالوی

Marfat.com

پنجاب نے اس کی باقاعدہ اطلاع مولوی محمد حسین کو دی۔ اس طرح گورنمنٹ مدارس کی طرف سے ۱۵ر اگست ۱۸۸۸ء کو بذریعہ خط نمبر ۱۲۷ گورنمنٹ بنگال کی طرف سے ۴ر مارچ ۱۸۹۰ء کو بذریعہ خط نمبر ۱۵۶ اور گورنمنٹ یو۔پی کی طرف سے ۲۰ر جولائی ۱۸۸۸ء کو بذریعہ خط نمبر ۳۸۶ گورنمنٹ سی۔پی کی طرف سے ۱۲ر جولائی ۱۸۸۸ء کو بذریعہ خط نمبر ۲۰۸ اور گورنمنٹ بمبئی کی طرف سے ۱۴ر اگست ۱۸۸۹ء کو بذریعہ خط نمبر ۷۳۲ اس امر کی اطلاع مولوی محمد حسین بٹالوی کو ملی۔

(مقدمہ حیات سید احمد شہید)

چونکہ دیوبندی کی جانِ ایمان تقویۃ الایمان ہے جو کتاب التوحید محمد بن عبدالوہاب کا خلاصہ اور ترجمہ ہے۔ عبدالوہاب کے مقلدوں کو بحوالہ حدیث نمبر ۱۳ کتاب ہذا دیوبندیوں کا مذہب "وہابی" کہتے ہیں۔ ان ہی وہابیوں نے مذکورہ بالا حوالہ سے اپنا نام "اہلحدیث" رکھ لیا۔ گویا دیوبندی، وہابی اہلحدیث سب ایک ہی ہیں۔ صرف اپنے آپکو لوگوں کی نگاہوں سے پوشیدہ رکھنے کے لیے نام تبدیل کر لیے۔ دیگر اشرف السوانح جلد اول میں تحریر فرماتے ہیں:۔ "بھائی یہاں وہابی رہتے ہیں۔ یہاں فاتحہ نیاز کے لیے کچھ مت لایا کرو۔

تنبیہہ (دیوبندیوں کا فریب)

جب اہلِ سنت وجماعت کے علماء کرام نے دیوبندیوں کا پول عوام کے سامنے کھول دیا ان کے عقائد کی وضاحت کر دی، عوام ان سے دُور ہونے لگے۔ ان دیوبندیوں نے ایک چال چلی وہ یہ کہ اپنے آپکو "سنی حنفی" کہلانا شروع کر دیا ہے۔ ایک طرف تو "اہلحدیث" بن بیٹھے کہ ہم حدیثِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیروکار ہیں۔ دوسری طرف "سنی حنفی" کا پرچار شروع کر دیا۔ اس پر غضب یہ کہ پیری مریدی بھی شروع کر دی۔ جیسا کہ غوث اعظم حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کے وقت میں "مرجیہ" نے اپنے آپکو "حنفیہ مرجیہ" ظاہر کیا تھا۔

دیوبندیوں نے تو "حنفیہ مرجیہ" سے بھی آگے قدم رکھا۔ خود کو "سنی حنفی" بتانا شروع کر دیا پیری کے بھیس میں لوگوں کے ایمان کو غضب کرنا شروع کر دیا۔ ان لوگوں کے عقائد آپ کے سامنے

Marfat.com

لکھے جا چکے ہیں۔ سنبھل! سنبھل! مسلمان سنبھل! چاروں طرف دشمن تیری دولتِ ایمان کی گھات میں ہے تو غفلت میں ہے۔ ہوشیار ہو جا۔ اپنے آقا مولیٰ رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم کی عزت و آبرو پر اپنی جان قربان کرنا مسلمان کا اوّلین فرض ہے۔

تبلیغی جماعت

تبلیغی جماعت بھی نجدی تحریک کی ایک کڑی ہے اور دیوبندیت کا دوسرا نام ہے۔ بے خبر عوام کو وہابی بنانے کا ایک نیا جال ہے یہ جماعت وہابی، دیوبندی، اہلحدیث سے کچھ زیادہ تقیہ باز اور پُراسرار خطرناک ہے۔

اس جماعت کے سربراہ مولوی الیاس دیوبندی مولوی رشید احمد گنگوہی کے مرید مولوی اشرف علی تھانوی دیوبندی کے بہت زیادہ عقیدت مند اور مولوی محمود الحسن دیوبندی کے شاگرد ہیں۔

مولوی الیاس کی مغروری اور انانیت کا یہ عالم ہے، وہ کہتے ہیں "کُنْتُمْ خَیْرَ اُمَّۃٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْھَوْنَ عَنِ الْمُنْکَرِ کی تفسیر خواب میں یہ القا ہوئی کہ تم مثل انبیاء علیہم السلام کے لوگوں کے واسطے ظاہر کئے گئے ہو۔" (ملفوظات الیاس)

"پھر فرمایا آجکل خواب میں مجھ پر علومِ صحیحہ کا القاء ہوتا ہے اس لیے کوشش کرو کہ مجھے نیند زیادہ آئے۔" (ملفوظات الیاس)

اس مقام پر ملفوظات کے مرتب مولوی منظور صاحب نعمانی کا بیان سنیئے۔

"خشکی کی وجہ سے نیند کم ہونے لگی تھی۔ تو میں نے حکیم صاحب اور ڈاکٹر کے مشورے سے سر میں تیل کی مالش کرائی جس سے نیند میں ترقی ہوگئی۔" (ملفوظات الیاس)

تبلیغی جماعت کی ابتدا کیسی ہوئی

"آپ (مولانا الیاس) نے فرمایا کہ اس تبلیغ کا طریقہ بھی مجھ پر خواب میں منکشف ہوا۔ (ملفوظات الیاس)

Marfat.com

یہ ایک خواب سے ابتدا ہے، جو مولانا الیاس کو القا ہوا۔ آپ خود اندازہ لگا سکتے ہیں جس تبلیغ کی بنیاد خواب و خیال ہوں وہ کہاں تک حقیقت ثابت ہو سکتی ہے۔ اسمیں اللہ تعالےٰ اور اس کے رسول کی کیا حقیقت ہوگی۔ جو کچھ خواب میں دیکھا وہی کر لیا۔

تبلیغی جماعت کے اغراض و مقاصد

ان کا اصلی مقصد دیوبندی مسلک کی تعلیم کو عام کرنا ہے، نہ کہ اللہ اور اس کے رسول کریم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی شان کے بارہ میں عوام کو بتانا یا تعلیم اسلام کو رواج دینا، بلکہ نجدی دین کی اشاعت ان کا خاص مدعا ہے۔ جیسا درج ذیل حوالہ جات پیش کیے جاتے ہیں۔

مولانا منظور احمد نعمانی جو تبلیغی جماعت کے مرکزی قائد تھے۔ ملفوظات الیاس میں لکھتے ہیں۔

"ایک بار فرمایا حضرت مولانا تھانوی رحمۃ اللہ علیہ نے بہت بڑا کام کیا ہے پس میرا دل یہ چاہتا ہے کہ تعلیم تو ان کی ہو اور طریقہ تبلیغ میرا ہو، کہ اس طرح ان کی تعلیم عام ہو جائے گی۔" (ملفوظات الیاس)

اب اسی سلسلے کی ایک دوسری عبارت سنیئے۔

"مولانا (الیاس نے فرمایا) حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ سے تعلق بڑھانے حضرت کی برکات سے استفادہ کرنے اور ساتھ ہی ترقی درجات کی کوششوں میں حصہ لینے اور حضرت کی روح کی مسرتوں کو بڑھانے کا سب سے اعلیٰ اور محکم ذریعہ یہ ہے کہ حضرت کی تعلیمات حقہ اور ہدایات پر استقامت کی جائے اور ان کو زیادہ سے زیادہ پھیلانے کی کوشش کی جائے۔" (ملفوظاتِ الیاس)

آپ نے پڑھا کہ ان کا مقصد و مدعا حضرت اشرفعلی تھانوی کی تعلیم کو عام کر کے ان کی روح کو خوش کیا جائے۔ اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا تعلق وہ تو معاذ اللہ ان کے دشمن، ان کو اشرف علی کی خوشی مطلوب ہے۔

اور سنیئے میوات کے تبلیغی کارکنوں کے نام مولانا الیاس کے مراسلے کا حصہ:۔

Marfat.com

"حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ سے منتفع ہونے کے لیے ضروری ہے کہ ان کی محبت ہو اور ان کے آدمیوں سے اور ان کی کتابوں کے مطالعہ سے منتفع ہوا جائے ان کی کتابوں سے علم آئے گا اور ان کے آدمیوں سے عمل۔" (مکاتیب الیاس)

فائدہ

دیکھا آپ نے تھانوی صاحب سے نفع حاصل کرنے کے لیے ان کی کتابوں کو پڑھو تاکہ علم آئے اور ان کے پیروکاروں سے ملو تو عمل نصیب ہوگا۔ یہی تبلیغی جماعت کی روحِ رواں ہے جیسا کہ حدیث میں دیوبندیوں کی معتمد کتاب مصباح اللغات میں تحلیق کے معنی چکر لگانا اور حلقے میں بیٹھنا کیا گیا ہے۔ اس مذکورہ بیان میں بھی تھانوی صاحب کی محبت سے ہی علم، عمل آئے گا۔ اسی مقصد کے لیے گروہ در گروہ گاؤں گاؤں مارے مارے پھرتے ہیں کہ تھانوی صاحب کی محبت لوگوں کے دلوں میں پیدا کر کے اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ کی محبت دلوں سے نکال دی جائے۔ (استغفراللہ)

عقائد دیوبندی میں بھی اشرف علی تھانوی کے عقائد لکھے جا چکے ہیں۔ مزید بھی تھانوی صاحب کی تعلیم آپ کے سامنے پیش کرتا ہوں جس کو عام کرنا تبلیغی جماعت کا مقصد ہے۔

"فرمایا کہ میں دعوت اور ہدیہ میں حرام و حلال کو زیادہ نہیں دیکھتا کیوں کہ میں متقی نہیں ہوں۔"

(کمالاتِ اشرفیہ)

یہ ہے تھانوی صاحب کی تعلیم حلال و حرام کی بھی تمیز نہیں جو آیا کھا لیا۔ ہندو کی پوری کچوری سب جائز جس کھانا پر قرآن پڑھا جائے وہ ناپاک و حرام ہے۔ (معاذاللہ)

جیسا کہ آپ نے عقیدہ ۷ میں پڑھا کہ دیوبندیوں کے نزدیک حالتِ نماز میں حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کا خیال لانا گدھے اور بیل کے خیال میں ڈوب جانے سے بدرجہا بُرا ہے۔ لیکن اب تھانوی صاحب کا اپنے متعلق بھی خیال سنئے۔

مولوی عبدالماجد دریا آبادی جو تھانوی صاحب کے خلیفۂ خاص ہیں۔ انہوں نے تھانوی

Marfat.com

صاحب کو ایک خط لکھا :۔

"نماز میں جی نہ لگنے کا مرض بہت پُرانا ہے۔ لیکن کبھی یہ تجربہ ہوا کہ عین حالت نماز میں جب کبھی بجائے جناب کو یا ..... کو فرض کر لیا تو اتنی دیر تک نماز میں دِل لگ گیا لیکن مصیبت یہ ہے کہ خود یہ تصوّر بھی عرصہ تک قائم نہیں رہتا۔ بہر حال اگر یہ عمل محمود ہو تو تصویب فرمائی جاوے ورنہ آئندہ احتیاط رکھوں"۔ (حکیم الامت)

جواب سنیئے اور خود ہی فیصلہ کیجئے اُن کے دلوں میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم کی محبت کہاں تک۔ اپنے آپ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے افضل جانتے ہیں یا نہیں۔ (معاذ اللہ۔ استغفر اللہ) فرمایا "محمود ہے۔ جب کہ دوسروں کو اطلاع نہ ہو"۔ (حکیم الامت)

کتاب اشرف السوانح کے مصنّف خواجہ عزیز الحسن نے جو تھانوی صاحب کے چہیتے مرید تھے۔ اپنے متعلق لکھا ہے کہ ایک بار میں نے شرماتے ہوئے حضرت سے عرض کیا کہ "میرے دِل میں بار بار یہ خیال آتا ہے۔ کہ کاش میں عورت ہوتا حضور کے نکاح میں۔ اس اظہارِ محبت پر حضرت والا نہایت درجہ مسرور ہو کر بے اختیار ہنسنے لگے اور یہ فرماتے ہوئے مسجد کے اندر تشریف لے گئے یہ آپ کی محبت ہے، ثواب ملے گا ثواب ملے گا۔ (اشرف السوانح دوم جلد)

یہ ہیں تھانوی صاحب محفل میلاد منا کر اگر مسلمان اپنے آقا و مولیٰ والیٔ دو جہاں صلی اللہ علیہ وسلّم کے ساتھ اظہارِ محبت کرے کوئی اجر و ثواب نہیں، بلکہ حرام ہے۔ لیکن تھانوی صاحب کا مرید اگر منکوحہ بننے کی تمنا سے اظہار محبت کرے تو ثواب ملے گا ثواب ملے گا۔

اللہ تعالےٰ ان عقائد فاسدہ سے بچائے۔ آمین ثم آمین

مولانا الیاس اپنے پیر و مرشد مولانا رشید احمد گنگوہی کے متعلق ارشاد فرماتے ہیں۔

حضرت گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ اس دور کے قطب ارشاد اور مجدد تھے اور مجدد کے لیے ضروری نہیں کہ سارا تجدیدی کام اسی کے ہاتھ پر ظاہر ہو بلکہ اس کے آدمیوں کے ذریعے جو کام ہو وہ سب بھی بالواسطہ

Marfat.com

اُسی کا ہے۔ (ملفوظات الیاس)

فائدہ : یعنی جو کام باقی رہ گیا ہے۔ وُہ ہمارا تبلیغی جماعت کا حق ہے کرے۔ گنگوہی کے عقائد کے متعلق عقائدِ دیوبندی میں آپ نے پڑھا کہ "رحمۃ للعالمین کا لقب حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ خاص نہیں بلکہ دوسرے بھی رحمۃ للعالمین ہو سکتے ہیں۔ (فتاوٰے رشیدیہ)

اب ان کے گھر کی بات سنئے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر کیسا حملہ کر رہا ہے۔

"حضرت والا تھانوی کی سراپا رحمت شخصیت پر بلا مبالغہ "وکفٰی باللہِ شہیدا" وہ لقب صادق آتا ہے جس سے حضرت مولانا گنگوہی قدس سرہ العزیز نے شیخ العرب والعجم حضرت حاجی صاحب قدس سرہ العزیز (یعنی اپنے پیر و مرشد کو بعد وفات حضرت حاجی صاحب ممدوح یاد فرمایا تھا یعنی بار بار فرماتے تھے ہائے رحمۃ للعالمین! ہائے رحمۃ للعالمین"۔ (اشرف السوانح جلد ۳)

دیکھا آپ نے ساری اُمت کا متفقہ عقیدہ ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خصوصیات میں سے رحمۃ للعالمین ہے، سوائے حضور کے اور کوئی رحمۃ للعالمین نہیں ہو سکتا۔ ان کم بختوں نے حبیبِ خدا کی شانِ یکتائی پر کتنا سنگین حملہ کیا۔ لیکن مسلمان پھر بھی خوابِ غفلت سے نہیں اُٹھتا۔ کیا مسلمان کی غیرت یہ برداشت کر سکتی ہے، کہ اللہ کے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کی توہین ہو اور تو خاموش رہے۔ افسوس صد افسوس۔

مزید اس مجدد دیوبندی کی کلام سنیئے جس کا پرچار تبلیغی جماعت کا مقصد ہے جیسے پیچھے آپ نے پڑھا۔ فتاوٰے رشیدیہ جلد دوم میں گنگوہی صاحب فرماتے ہیں:

"جس جگہ زاغِ معروفہ (کوّا) کو اکثر حرام جانتے ہوں اور کھانے والے کو بُرا کہتے ہوں، تو ایسی جگہ اس کوّا کو کھانے والے کو ثواب ہو گا یا نہ ثواب ہو گا نہ عذاب؟"

جواب: ثواب ہو گا۔

ایسے کوّا کھانے والے بلکہ مزید اس پر ثواب حاصل کرنے والے مجدد کا دوسرا فتوٰے سنئے:۔

"اگر کوئی شخص قبروں پر چادریں چڑھاتا ہو اور مدد بزرگوں سے مانگتا ہو یا بدعتی مثل جواز عُرس رسوم

Marfat.com

وغیرہ ہو اور یہ جانتا ہو کہ یہ افعال اچھے ہیں تو ایسے شخص سے عقد نکاح جائز ہے یا نہیں ؟

جواب : جو شخص ایسے افعال کرتا ہے وہ قطعاً فاسق ہے اور احتمال کفر کا ہے۔ ایسے سے نکاح کرنا دخترِ مسلمہ کا اس واسطے ناجائز ہے کہ فساق سے ربط ضبط کرنا حرام ہے۔ اور ایسے شخص سے ابتدائی سلام درست نہیں اور اگر فساد کا اندیشہ ہو تو کرے اور عیادت (بیمار پرسی) اور جنازہ کے لیے بھی وہی حال ہے۔ اگر فتنہ کا اندیشہ ہو تو کرے ورنہ نہیں۔ (فتاوے رشیدیہ جلد دوم)

یہ گنگوہی صاحب کا فتوے آپ نے پڑھا، اپنے سوا سب مسلمانوں کو کافر فاسق قرار دیتے ہیں۔ اور ساتھ ہی ساتھ تقیہ کا سبق بھی سکھا دیا۔ کہ اگر اندیشہ فتنہ ہو تو جنازہ میں جاؤ ورنہ گھر اور عرس قیام بھی کرو۔ جس سے تبلیغی جماعت والے جس جگہ جاتے ہیں وہی رنگ ڈھنگ اختیار کر لیتے ہیں۔ آہستہ آہستہ جب دو چار آدمی مانوس ہو گئے تو پھر اپنی اصل بات کو اکھانے والی بتاتے ہیں۔ (الیاذ باللہ)

نیز گنگوہی صاحب کا دعوے سنیئے جن کی تعلیم تبلیغی جماعت کی روح رواں ہے۔

"سن لو! حق وہی جو رشید احمد کی زبان سے نکلتا ہے۔ اور بقسم کہتا ہوں کہ میں کچھ نہیں ہوں۔ مگر اس زمانے میں ہدایت و نجات موقوف ہے میرے اتباع پر۔" (تذکرۃ الرشید یہ جلد ۲)

تنبیہ : اب نجات و ہدایت گنگوہی اتباع پر ہے۔ کہ کو اکھاؤ۔ رسول عربی کے اتباع کا زمانہ ختم ہو گیا۔ مسلمانوں سوچو ذرا۔ اپنی دولت ایمان جو محبتِ رسول عربی صلی اللہ علیہ وسلم ہے، پر ہیں کر دو گے یا گنگوہی کے اتباع کو اپناتے ہو۔ اللہ قرآنِ کریم میں فرماتے ہیں : وَمَا اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا لِيُطَاعَ بِاِذْنِ اللّٰهِ

ہم نے رسول کو اس لیے بھیجا کہ اللہ کے حکم سے اس کی اتباع کرو۔

لیکن گنگوہی صاحب کہتے ہیں اس زمانے میں ہدایت و نجات موقوف ہے میرے اتباع پر۔"

دیگر رب کریم فرماتے ہیں :-

لَقَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ بَعَثَ فِيْهِمْ — بے شک اللہ کا بڑا احسان ہوا مسلمانوں پر کہ ان

Marfat.com

رَسُوْلًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ
وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ
وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۙ

میں اُن ہی میں سے ایک رسول بھیجا جو اُن پر اُس کی آیتیں پڑھتا ہے۔ اور ان کو پاک کرتا ہے اور ان کو کتاب و حکمت سکھاتا ہے اور وہ ضرور اس سے پہلے گمراہی کھلی میں تھے۔

پ ۴ س ال عمران رکوع ۱۷

قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ يُحْبِبْكُمُ
اللّٰهُ ۭ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ

پ ۳ س ال عمران رکوع ۴

اے محبوب تم فرما دو کہ اگر تم اللہ کو دوست رکھتے ہو تو میرے فرمانبردار ہو جاؤ اللہ تم کو دوست رکھے گا۔ اور تمہارے گناہ بخش دے گا اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

اللہ کریم کا فرمان پڑھا۔ اللہ فرماتے ہیں میرا محبوب گنہ گاروں کو پاک فرماتا ہے۔ کتاب و حکمت سکھاتا ہے۔ دیگر اللہ کے دوستوں کی نشانی یہ ہے کہ اللہ کے محبوب کی فرمانبرداری کرتے ہیں۔ اس فرمانبرداری سے اللہ کریم ان کو محبوب بنا لیتے ہیں گناہ بخش دیتے ہیں۔ یہ رب کریم کا فرمان اپنے محبوب کی شان میں۔ لیکن دیوبندی گنگوہی صاحب، اشرف علی صاحب فرماتے ہیں نجات و ہدایت ہمارے اتباع پر کتنی کھلی توہین خداوندی ہے

مکرِ عظیم و بے ادب ہونا اپنی زبانی

ان کی اپنی زبانی اپنا مکرِ عظیم، بے ادب ہونا، وہابی ہونا ملاحظہ ہو

تھانوی کے ملفوظات کے مرتب خواجہ عزیز الحسن لکھتے ہیں: کہ حضرت تھانوی نے احقر کو مخاطب کر کے فرمایا، کہ دیکھئے میرا مادہ تاریخی (تاریخی نام) "مکرِ عظیم" ہے۔ ٹھیک ہے یا نہیں میں آخر شیخ زادہ ہوں، شیخ زادے بڑے فطرتی ہوتے ہیں۔ مجھے بھی فطرتیں بہت آتی ہیں۔

(احسن العزیز جلد ۱)

Marfat.com

تھانوی صاحب لکھتے ہیں :۔

"وہابی کے معنی ہیں بے ادب بے ایمان" (افاضاتِ یومیہ جلد ۴)

مولانا الیاس کی وفات کے بعد مولانا زکریا شیخ الحدیث سربراہ تبلیغی جماعت اور مولانا نعمانی صاحب کی گفتگو" نعمانی صاحب فرماتے ہیں :۔

ہم خود اپنے بارے میں بھی صفائی سے عرض کرتے ہیں کہ "ہم بڑے سخت وہابی ہیں"۔ ہمارے لیے اس بات میں کوئی خاص کشش نہ ہوگی کہ یہاں حضرت کی قبر مبارک ہے یہ مسجد ہے جس میں حضرت نماز پڑھتے تھے یہ حجرہ ہے جس میں حضرت رہا کرتے تھے۔ (سوانح مولانا یوسف)

مولانا زکریا کا جواب ملاحظہ فرمائیں۔

"میں خود تم سے بڑا وہابی ہوں۔ تمہیں مشورہ دوں گا کہ حضرت چچا جان کی قبر اور حضرت کے حجرہ اور در و دیوار کی وجہ سے یہاں آنے کی ضرورت نہیں۔" (سوانح مولانا یوسف)

یہ مختصر تبلیغی جماعت کی حقیقت آپ کے سامنے عرض کی۔ تفصیل کے لیے کئی دفتر درکار ہیں لیکن عقلمند کو اشارہ ہی کافی ہے۔ اس کے مکر و فریب میں تقیہ کا بہت دخل ہے، جیسا کہ گنگوہی صاحب کا ارشاد آپ نے پڑھا۔ فتنہ کا اندیشہ ہو تو سب کچھ کر لو۔ اب فیصلہ آپ کی مرضی پر ہے۔ تبلیغی جماعت میں شامل ہو کر دین سے نکل جاؤ یا فرقہ ناجیہ اہل سنت و جماعت میں رہ کر اللہ اور اس کے رسول کی خوشنودی حاصل کرو۔ (صلی اللہ علیہ وسلم)

جماعت اسلامی (مودودیت)

یہ ایک مذہبی اعتقادی جماعت ہے۔ جو سیاسی پروپیگنڈا کے لباس میں ظاہر ہوئی۔ یہ بھی دیوبندیت، اہلحدیث (غیر مقلدیت)، اور تبلیغی جماعت کی طرح فرقہ وہابیت کی ایک شاخ اور محمد بن عبدالوہاب نجدی کی تحریک کی ایک کڑی ہے اس جماعت کے بانی "مودودی صاحب"

Marfat.com

ہیں۔ ان کے عقائد بھی نجدیت دیوبندیت سے ملتے جلتے ہیں۔

اعلانِ وہابیت

○ مودودی صاحب لکھتے ہیں۔ "وہابیت کے الزام سے بچنے کا اہتمام نہ کیجیے۔ لوگوں نے درحقیقت مسلمان کے لیے یہ دوسرا نام تجویز کیا ہے۔" (رسائل و مسائل)

○ اس کے ساتھ ساتھ سنی۔ حنفی۔ بریلوی کو جہالت کی پیداوار بتلاتے ہیں۔ سنیئے

"خدا کی شریعت میں کوئی ایسی چیز نہیں ہے جس کی بنا پر حنفی۔ بریلوی، شیعہ۔ سنی الگ الگ امتیں بن سکیں۔ یہ امتیں جہالت کی پیدا کی ہوئی ہیں۔" (خطبات)

دیکھا آپ نے سنی حنفی وغیر جہالت کی پیداوار فرماتے ہیں۔ اور "وہابی" مسلمان کا دوسرا نام تجویز کیا گیا ہے۔ مودودی صاحب فرماتے ہیں کہ وہابی مسلمان کا نام ہے لیکن مولانا رشید احمد گنگوہی لکھتے ہیں: "محمد بن عبدالوہاب کے مقتدیوں کو وہابی کہتے ہیں اور ان کے عقائد عمدہ تھے۔ (فتاوٰے رشیدیہ) گویا وہابی مسلمان کا دوسرا نام نہیں بلکہ عبدالوہاب نجدی کے مقتدیوں کو وہابی کہتے ہیں۔

توہین آمیز کلمات

جس طرح نجدیت وہابیت نے اللہ اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم اولیاء عظام کی شان اقدس میں توہین آمیز کلمات کو دل کھول کر بیان کیا ہے۔ اسی طرح مودودی صاحب نے بھی کسی کو نہیں چھوڑا جس پر حملہ نہ کیا۔ چند حوالہ جات پیش کیے جاتے ہیں حق و انصاف آپ کے ہاتھ ہے۔

مقام نبوت میں تنقیص

○ ہر شخص خدا کا عبد ہے مومن بھی اور کافر بھی حتیٰ کہ جس طرح ایک نبی اسی طرح ایک شیطان رجیم

Marfat.com

بھی۔" (ترجمان القرآن جلد ۲۵ عدد ۱، ۲، ۳، ۴)

- "شیطان کی شرارتوں کا ایسا کامل سدِباب کہ اسے کسی طرح گھس آنے کا موقع نہ ملے انبیاء علیہم السلام بھی نہ کر سکے تو ہم کیا چیز ہیں کہ اس میں پوری طرح کامیاب ہونے کا دعوے کر سکیں۔" (ترجمان القرآن جون ۱۹۴۶ء)

- "بسا اوقات کسی نازک نفسیاتی موقع پر نبی جیسا اعلیٰ و اشرف انسان بھی تھوڑی دیر کے لیے اپنی بشری کمزوری سے مغلوب ہو جاتا ہے۔ (اور ہر وقت مومن کے بلند ترین معیار کمال پر قادر نہیں ہو سکتا۔" (ترجمان القرآن ۱۹۴۶ء)

- "بسا اوقات پیغمبروں تک کو اس نفسِ شریر کی رہزنی کے خطرے پیش آئے چنانچہ داؤد جیسے جلیل القدر پیغمبر کو ایک موقع پر تنبیہ کی گئی۔" (تفہیمات)

- "نبی ہونے سے پہلے تو حضرت موسیٰ علیہ السلام سے بھی ایک بہت بڑا گناہ ہو گیا تھا کہ انہوں نے ایک انسان کو قتل کر دیا۔" (رسائل مسائل)

- "اس اسرائیلی چرواہے کو بھی دیکھیے جس سے وادیٔ مقدس طوٰے میں بُلا کر باتیں کی گئیں۔" (تفہیمات)

- "حضرت یونس سے فریضۂ رسالت کی ادائیگی میں کچھ کوتاہیاں ہوئیں اور غالباً انہوں نے بے صبر ہو کر قبل از وقت اپنا مستقر چھوڑ دیا تھا۔" (تفہیم القرآن)

- "حضرت ابراہیم کے باپ دادا اپنی قوم کے پنڈت اور برہمن تھے اور وہ ایک پنڈت زادے تھے۔" (خطبات)

- "اور حضرت یوسف علیہ السلام سلطنت مصر کے مختارِ کل رومی اصطلاح میں "ڈکٹیٹر" بنائے گئے تھے۔" (تفہیم القرآن)

Marfat.com

امام الانبیاء کے حضور جسارت

"نبوت کے منصب پر سرفراز ہونے سے پہلے آپ اس بات سے بالکل بے خبر تھے کہ آپ نبی بنائے جانے والے ہیں۔" (ترجمان القرآن اکتوبر ۱۹۷۳ء)

"آنحضور کے ایمان کے بارے میں کوئی ایسی تصریح نہیں ملتی کہ انہیں صحیح معنوں میں مومن و مسلم مان لیا جائے۔" (ترجمان القرآن جلد ۶۹ عدد ۴)

"جو لوگ جہالت اور نابینائی کے باعث رسولِ عربی کی صداقت کے قائل نہیں ہیں، مگر انبیائے سابقین پر ایمان رکھتے اور تقوے کی زندگی بسر کرتے ہیں۔ ان کو اللہ کی رحمت کا اتنا حصہ ملے گا کہ ان کی سزا میں تخفیف ہو جائے گی۔" (تفہیمات)

"آنحضرت کو بانیٔ اسلام تک کہہ دیا جاتا ہے۔ دراصل یہ ایک بہت بڑی غلط فہمی ہے۔"

(رسالہ دینیات)

"ابونعیم۔ احمد۔ نسائی اور حاکم (محدثین) کی روایات خوش عقیدگی پر مبنی ہیں۔ نبی کی قوتِ باہ کا حساب لگانا مذاقِ سلیم پر بار ہے۔ اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو کنہیا جی اور ہندو دیوتاؤں کے رنگ میں پیش کرنا ہے۔" (تفہیمات ملخصاً)

"یہ کانا دجال وغیرہ تو افسانے ہیں جن کی کوئی شرعی حیثیت نہیں ..... کیا ساڑھے تیرہ سو برس کی تاریخ نے یہ ثابت نہیں کر دیا کہ حضور کا اندیشہ صحیح نہیں تھا۔ (رسائل مسائل)

محمدی نسبت سے انکار

"ہم اپنے مسلک اور نظام کو کسی شخص خاص کی طرف منسوب کرنے کو ناجائز سمجھتے ہیں۔ مودودی تو درکنار، ہم تو اس مسلک کو "محمدی" کہنے کے لیے بھی تیار نہیں۔" (رسائل مسائل)

Marfat.com

فرشتہ کی اصطلاح

○ "اسلامی اصطلاح میں جس کو فرشتہ کہتے ہیں، وُہ تقریباً وہی چیز ہے جس کو یونان و ہندوستان وغیرہ ممالک کے مشرکین نے دیوی و دیوتا قرار دیا ہے۔" (تجدید احیاء دین)

شانِ محبوبیت و اہل سنّت و جماعت سے دشمنی

○ "جو لوگ حاجتیں طلب کرنے کے لیے اجمیر یا سالار مسعود کی قبر یا ایسے ہی دوسرے مقامات پر جاتے ہیں، وُہ اتنا بڑا گناہ کرتے ہیں۔ کہ قتل و زنا کا گناہ اس سے کمتر ہے۔ آخر اس میں اور خود ساختہ معبودوں کی پرستش میں کیا فرق ہے؟ اصولاً ہر وُہ شخص کسی مُردے کو زندہ ٹھہرا کر اس سے حاجتیں طلب کرتا ہے۔ اس کا دِل گناہ میں مبتلا ہے۔ (تجدید و احیائے دین)

○ مودودی صاحب مشرکینِ قومِ ہنود کے مختلف رب بنانے کا ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں :- "اس (رب بنانے) کی مثالیں موجودہ زمانہ میں بھی ہمیں ملتی ہیں"۔

○ "کسی انسان کو لوگ مشکل کشا کہتے ہیں۔ حالاں کہ مشکل کشائی کی کوئی طاقت اس کے پاس نہیں"۔

○ "کسی کو گنج بخش کے نام سے پکارتے ہیں حالاں کہ اس کے پاس کوئی گنج نہیں کہ کسی کو بخشے"۔

○ "کسی کے لیے داتا کا لفظ بولتے ہیں حالاں کہ وُہ کسی شے کا مالک ہی نہیں، کہ داتا بن سکے۔

○ "کسی کو غریب نواز کے نام سے موسوم کر دیا گیا ہے حالاں کہ وُہ غریب اس اقتدار میں کوئی حصّہ نہیں رکھتا جس کی بنا پر وُہ کسی غریب کو نواز سکے"۔

○ "کسی کو غوث، فریاد رس کہا جاتا ہے۔ حالاں کہ وُہ کوئی زور نہیں رکھتا کہ کسی کی فریاد کو پہنچ سکے"۔

○ "پس درحقیقت ایسے سب نام محض نام ہی ہیں۔ جن کے پیچھے کوئی مسمّیٰ (حقیقت) نہیں"۔

Marfat.com

(تفہیم القرآن جلد دوم)

"اَمْوَاتٌ غَیْرُ اَحْیَاءٍ کی تفسیر میں لکھا ہے۔ کہ یہ الفاظ (وہ مردہ ہیں نہ کہ زندہ) صاف بتا رہے ہیں کہ یہاں خاص طور پر جن بناوٹی معبودوں کی تردید کی جا رہی ہے وہ ..... اصحاب قبور ہیں۔... وہ انبیاء اولیاء شہداء صالحین اور دوسرے غیر معمولی انسان ہیں۔ جن کو خالی معتقدین داتا، مشکل کشا، فریاد رس، غریب نواز گنج بخش اور نہ معلوم کیا کیا قرار دے کر اپنی حاجت روائی کے لیے پکارنا شروع کر دیتے ہیں۔"

(تفہیم القرآن جلد دوم)

"خداؤں کی دوسری اقسام (لات۔ ہبل عزیٰ وغیرہ بت) تو رخصت ہو گئیں۔ مگر انبیاء اولیاء شہداء صالحین مجاذیب، اقطاب، ابدال، علماء مشائخ اور ظل اللہوں کی خدائی پھر بھی کسی نہ کسی طرح عقائد میں اپنی جگہ نکالتی ہی رہی ..... فرق صرف یہ ہے کہ اُن (مشرکین) کے ہاں اہل کار علانیہ الٰہ دیوتا اوتار یا ابن اللہ کہلاتے ہیں اور یہ (مسلمان) انہیں غوث، قطب، ابدال۔ اولیاء اور اہل اللہ وغیرہ کے الفاظ کے پردوں میں چھپاتے ہیں۔" (تجدید احیاء دین، بشکریہ مکتبہ "رضائے مصطفےٰ" گوجرانوالہ

یہ عقائد بطور نمونہ عرض ہیں ورنہ تفصیل کے لیے علیحدہ دفتر درکار ہے۔

حرفِ آخر

برادران اسلام! آپ نے افتراقِ امت کے چند فرقوں کے عقائد پڑھے۔ جن کے حالات فخرِ کونین حضورِ اکرم ناطقِ حق صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانِ اقدس سے بحوالہ مشکوٰۃ بخاری و مسلم میں وارد ہیں۔ جن کی ابتداء اس شخص سے ہوئی جن کا نام حرقوص بن زہیر ہے۔ اسی کو ذوالخویصرہ تمیمی بھی کہتے ہیں درج ذیل آیت اسی کے حق میں آئی جب حضور مالِ غنیمت تقسیم فرما رہے تھے تو ذوالخویصرہ نے کہا یا رسول اللہ عدل کیجئے، حضور علیہ السلام نے فرمایا تجھے خرابی ہو، میں نہ عدل کروں گا تو عدل کون کریگا... حضرت عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے عرض کیا۔ مجھے اجازت دیجئے کہ اس منافق کی گردن ماردوں، حضور علیہ السلام نے فرمایا اسے چھوڑ دو۔

Marfat.com

اس کے اَور بھی ہمراہی ہیں، کہ تم ان کی نمازوں کے سامنے اپنی نمازوں کو اَور ان کے روزوں کے سامنے اپنے روزوں کو حقیر دیکھو گے۔ وہ قرآن پڑھیں گے اَور ان کے گلوں سے نہ اُترے گا۔ وہ دین سے ایسے نکل جائیں گے جیسے تیر شکار سے۔ ارشاد باری ہے :۔

وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّلْمِزُكَ فِي الصَّدَقٰتِ فَاِنْ اُعْطُوْا مِنْهَا رَضُوْا وَاِنْ لَّمْ يُعْطَوْا مِنْهَا اِذَا هُمْ يَسْخَطُوْنَ وَلَوْ اَنَّهُمْ رَضُوْا مَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ ۙ وَقَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ سَيُؤْتِيْنَا اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ وَرَسُوْلُهٗٓ اِنَّآ اِلَى اللّٰهِ رٰغِبُوْنَ ۝

پ آیت ۵۸ ۔ ۵۹ سورہ توبہ

اَور ان میں سے کوئی وُہ ہے کہ صدقے بانٹنے میں تم پر طعن کرتا ہے تو اگر ان میں سے کچھ ملے تو راضی ہو جائیں اَور نہ ملے تو جبھی وہ ناراض ہیں اَور کیا اچھا ہوتا اگر وہ اس پر راضی ہوتے جو اللہ و رسول نے ان کو دیا۔ اَور کہتے ہیں ہمیں اللہ کافی ہے۔ اب دیتا ہے اللہ اپنے فضل سے اَور اللہ کا رسول، ہمیں اللہ ہی کی طرف رغبت ہے۔

اِس آیت مبارک سے چند مسائل معلوم ہوئے۔

۱ رسولِ کریم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلّم کے کسی فعل پر اعتراض کرنا کفر ہے۔ یعنی اللہ کی ناراضگی ہے۔

۲ دنیاوی نفع حضور سے خوش ہونا اَور نفع نہ ہونے کی صورت میں ناراض ہو جانا منافق کی علامت ہے۔

۳ یہ کہنا جائز ہے کہ اللہ و رسول نے ہمیں دیا۔ بلکہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلّم تقسیم فرماتے ہیں۔ اللہ ارشاد فرماتے ہیں یہ رسول کا دینا ہی میرا دینا ہے۔ ؎

بخدا خُدا کا یہی ہے در نہیں اَور کوئی مفر مقسم
جو وہاں پہ ہو یہیں آ کے ہو جو یہاں نہیں وہ وہاں نہیں

۴ مال ملے نہ ملے اللہ کا فضل ہی ہم کو کافی ہے یہ مومن کی نشانی ہے۔ یعنی حضور نبی کریم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلّم کی ہر ادا پہ راضی رہنا ہی اللہ کا فضل عظیم ہے۔

Marfat.com

اس کے علاوہ بھی بہت سی آیات مبارکہ ہیں جن میں اللہ تعالےٰ نے اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم پر اعتراض کرنے والوں کے لیے طرح طرح کی وعیدیں فرمائی ہیں۔ لیکن جس نے قرآن کے ایک حرف کا انکار کردیا اس نے سارے قرآن کا انکار کردیا۔ جس نے کل کو تسلیم کیا وہی مومن ہے۔

اب امام ربانی کی کلام سے فرقہ ناجیہ کا حال سنئے کہ کونسا گروہ ناجیہ ہے۔ امام ربانی مجدد الف ثانی مکتوب نمبر ۶۶ دفتر دوم میں فرماتے ہیں، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بنی اسرائیل کے اکہتر فرقے ہوگئے تھے سوائے ایک کے سب جہنمی تھے۔ عنقریب میری امت تہتر فرقوں میں بٹ جائے گی سوائے ایک ناجی گروہ کے باقی سب فرقے جہنمی ہوں گے۔ عرض کی گئی کہ یارسول صلی اللہ علیہ وسلم وہ فرقہ ناجیہ کونسا ہے۔ فرمایا کہ فرقہ ناجیہ وہ لوگ ہیں جو اس بات پر ہوں۔ جس پر میں ہوں اور میرے اصحاب، وہ ایک فرقہ ناجیہ اہل سنت وجماعت ہے۔ جنہوں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور اصحاب کرام رضی اللہ تعالےٰ عنہم کی متابعت کو لازم پکڑا۔ اَللّٰھُمَّ ثَبِّتْ اَقْدَامَنَا عَلٰی

مُعْتَقَدَاتِ اَھْلِ السُّنَّۃِ وَالْجَمَاعَۃِ وَاِمْتَنَافِیْ زُمْرَتِھِمْ

وَاحْشُرْنَا مَعَھُمْ (یا اللہ تو ہم کو اہل سنت وجماعت کے اعتقاد پر ثابت قدم رکھ اور ان کے گروہ میں مارنا اور ان کے ساتھ ہی ہمارا حشر ونشر فرما دے۔ آمین

Marfat.com

تمام علمائے امت کے نزدیک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شان اقدس میں

توہین کفر ہے

شرح شفا قاضی عیاض لملا علی القاری جلد دوم واکفار الملحدین مولفہ مولوی انور شاہ صاحب کشمیری دیوبندی میں ہے:۔

"قال محمد بن سحنون اجمع العلمائے علی ان شاتم النبی صلی اللہ علیہ وسلم والمنتقص له کافر ومن شك فی کفره وعذابه فقد کفر۔"

محمد بن سحنون فرماتے ہیں کہ تمام علماء امت کا اس بات پر اجماع ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی شانِ اقدس میں توہین وتنقیص کرنے والا کافر ہے اور جو شخص اس کے کفر وعذاب میں شک کرے وہ بھی کافر ہے۔"

اب فیصلہ آپ کے ہاتھ میں ہے۔ دونوں رُخ آپ کے پیش نظر ہیں۔ فرقہ ناجیہ اہل سنت وجماعت کے عقائد بھی پہلے بیان کیے جا چکے ہیں۔ مخالفین کی توہین آمیز عبارات بھی آپ نے دیکھی، جنت وجہنم جس کو پسند کرتے ہو یعنی خوشنودی رب کریم ورسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم جنت کا حق دار بنا دیتی ہے۔ اور نجاتِ اُخروی فرماتی ہے بلکہ دائمی راحت وآرام جو کبھی ختم نہ ہوگا، اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی خوشی تعظیم وتوقیر میں ہے دوسرا رُخ دائمی عذاب کا باعث ہے۔ جو ہمیشہ ہمیشہ رہے گا۔ یہ تمام گروہوں کا بیان بطور تمہید عرض کیا گیا ہے۔ اگر سب گروہوں کے سب عقائد اور توہین آمیز کلمات لکھے جائیں تو کئی دفتر درکار ہیں۔

Marfat.com

امامت کا بیان

امامت دو ۲ قسم ہے۔ صغریٰ ، کبریٰ

امامت صغریٰ امامتِ نماز ہے۔

امامت کبریٰ ، نبی صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی نیابت مطلقہ۔ کہ حضور کی نیابت سے مسلمانوں کے تمام امور دینی و دنیوی میں حسب شرع تصرف عام کا اختیار رکھے اور غیر معصیت میں اسکی اطاعت تمام جہان کے مسلمانوں پر فرض ہے۔

اس امام کے لیے مسلمان ، آزاد ، عاقل ۔ بالغ ، قادر ، قرشی ہونا شرط ہے۔

مسئلہ : محض امامت کا مستحق ہونا ، امام کے لیے کافی نہیں ، بلکہ ضروری ہے کہ اہل حل وعقد نے اسے امام مقرر کیا ہو یا امام سابق نے۔

مسئلہ : امام کے اطاعت مطلقاً ہر مسلمان پر فرض ہے جب کہ اس کا حکم شریعت کے خلاف نہ ہو ، خلافِ شریعت میں کسی کی اطاعت نہیں۔

مسئلہ : امام ایسا شخص مقرر کیا جائے جو شجاع اور عالم ہو ، یا علماء کی مدد سے کام کرے۔

مسئلہ : عورت اور نابالغ کی امامت جائز نہیں۔ اگر نابالغ کو امام سابق نے امام مقرر کر دیا ہو ، تو اس کے بلوغ تک کے لیے لوگ ایک والی مقرر کریں۔ کہ وہ احکام جاری کرے۔ اور یہ نابالغ صرف رسمی امام ہوگا۔ اور حقیقۃً اس وقت تک وہ والی امام ہوگا۔

عقیدہ : نبی صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے بعد خلیفہ برحق و امام مطلق حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ

Marfat.com

پھر حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ پھر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ پھر مولیٰ علی رضی اللہ عنہ پھر چھ مہینے کے لیے حضرت حسن مجتبیٰ رضی اللہ عنہ ہوئے۔ ان حضرات کو خلفائے راشدین اور ان کی خلافت کو خلافتِ راشدہ کہتے ہیں۔ کہ انہوں نے حضور علیہ السلام کی سچی نیابت کا پورا حق ادا فرمایا۔

عقیدہ: بعد انبیاء و مرسلین تمام مخلوقاتِ الٰہی انس و جن و ملک سے افضل صدیق اکبر پھر عمر فاروقِ اعظم پھر عثمانِ غنی پھر مولیٰ علی رضی اللہ تعالےٰ عنہم جو شخص مولےٰ علی کرم اللہ تعالےٰ وجہہ الکریم کو صدیق یا فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے افضل بتائے گمراہ، بدمذہب ہے۔

عقیدہ: ان کی خلافت برترتیب فضیلت ہے یعنی جو عند اللہ افضل و اعلیٰ و اکرم تھا وہی پہلے خلافت پاتا گیا، نہ کہ افضلیت برترتیب خلافت یعنی افضل یہ کہ ملک داری و ملک گیری میں زیادہ سلیقہ جیسا کہ آج کل سنی بننے والے تفضیلئے کہتے ہیں۔

عقیدہ: خلفائے اربعہ راشدین کے بعد بقیہ عشرہ مبشرہ و حضراتِ حسنین و اصحاب بدر، و اصحاب بیعۃ الرضوان کے لیے افضلیت ہے۔ اور یہ سب قطعی جنتی ہیں۔

مسئلہ: صحابہ کرام رضی اللہ تعالےٰ عنہم کے باہم جو واقعات ہوئے ان میں پڑنا حرام حرام سخت حرام ہے۔ مسلمانوں کو تو یہ دیکھنا چاہیے کہ وہ سب حضرات آقائے دو عالم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے جان نثار اور سچے غلام ہیں۔

عقیدہ: تمام صحابہ کرام جنتی ہیں، وہ جہنم کی بھنک نہ سنکیں گے اور ہمیشہ اپنی من مانتی مرادوں میں رہیں گے۔ محشر کی وہ بڑی گھبراہٹ انہیں غمگین نہ کرے گی۔ فرشتے ان کا استقبال کریں گے، کہ یہ ہے وہ دن جس کا تم سے وعدہ تھا۔ یہ سب مضمون قرآنِ عظیم کا ارشاد ہے۔

عقیدہ: صحابہ کرام انبیاء نہ تھے فرشتہ نہ تھے کہ معصوم ہوں ان میں بعض کے لیے لغزشیں ہوئیں مگر ان کی کسی بات پر گرفت اللہ و رسول کے خلاف ہے۔ اللہ عزوجل نے سورہ حدید میں جہاں صحابہ کی دو قسمیں فرمائیں، مؤمنین قبل فتح مکہ اور بعد فتح مکہ اور ان کو ان پر فضیلت دی اور فرمایا

Marfat.com

کُلًّا وَّعَدَ اللّٰہُ الْحُسْنٰی سب سے اللہ نے بھلائی کا وعدہ فرمالیا ساتھ ہی ارشاد فرمایا: وَاللّٰہُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِیْرٌ ۝ اللہ خوب جانتا ہے جو کچھ تم کروگے۔ تو جب اُس نے اُن کے تمام اعمال جان کر حکم فرمادیا، کہ ان سب سے ہم جنّت بے عذاب و کرامت و ثواب وعدہ فرما چکے ہیں تو دوسروں کو کیا حق رہا کہ ان کی کسی بات پر طعن کرے کیا طعن کرنے والا اللہ سے جُدا اپنی مستقل حکومت قائم کرنا چاہتا ہے۔

عقیدہ: اُم المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا قطعی جنتی اور یقیناً آخرت میں بھی محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی محبوبہ و عروس ہیں، جو انہیں ایذا دیتا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کو ایذا دیتا ہے۔ ان کی شان میں تہمت لگانے والا یقیناً کافر و مرتد ہے۔

عقیدہ: حضرتِ حسنین رضی اللہ تعالےٰ عنہما یقیناً اعلیٰ درجہ شہدائے کرام سے ہیں۔ ان میں سے کسی کی شہادت کا مُنکر گمراہ بددین خاسر ہے۔

عقیدہ: اہلِ بیت کرام رضی اللہ تعالےٰ عنہم مقتدایان اہلِ سنّت ہیں۔ جو ان سے محبت نہ رکھے مردود و ملعون خارجی ہے۔

Marfat.com

ولایت کا بیان

ولایت ایک قُرب خاص ہے کہ مولیٰ عزّ وجلّ اپنے برگزیدہ بندوں کو محض اپنے فضل وکرم سے عطا فرماتا ہے۔

مسئلہ : ولایت وہبی شے ہے نہ یہ کہ اعمال شاقہ سے آدمی خود حاصل کرے۔ البتہ غالباً اعمال حسنہ اس عطیہ الٰہی کے لیے ذریعہ ہوتے ہیں اور بعضوں کو ابتداءً مِل جاتی ہے۔

مسئلہ : ولایت بے علم کو نہیں ملتی خواہ علم بطور ظاہر حاصل کیا ہو یا اس مرتبہ پر پہنچنے سے پیشتر اللہ عزّ وجلّ نے اس پر علوم منکشف کر دیے ہوں۔

مسئلہ : تمام اولیاء اوّلین وآخرین سے اولیائے محمدین یعنی اس اُمّت کے اولیاء افضل ہیں۔ اور تمام محمدین میں سے سب سے زیادہ معرفت وقربِ الٰہی میں خلفائے اربعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم ہیں اور ان میں سے ترتیب وہی ترتیب افضلیت ہے۔ سب سے زیادہ معرفت وقرب صدیق اکبر کو ہے پھر فاروق اعظم پھر ذوالنورین پھر مولیٰ مرتضیٰ کو (رضی اللہ تعالےٰ عنہم اجمعین)، ہاں مرتبہ تکمیل پر حضورِ اقدس صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلّم نے جانب کمالات نبوّت حضرات شیخین کو قائم فرمایا۔ اور جانب کمالاتِ ولایت حضرت مولیٰ مشکل کشا کو، تو جملہ اولیائے مابعد نے مولا علی ہی کے گھر سے نعمت پائی اور پاتے رہیں گے۔

عقیدہ : طریقت منافی شریعت نہیں وہ شریعت ہی کا باطنی حصّہ ہے۔

عقیدہ : اولیاء کرام کو اللہ عزّ وجلّ نے بہت بڑی طاقت دی ہے۔ ان میں جو اصحاب خدمت ہیں ان کو تصرّف کا اختیار دیا جاتا ہے۔ سیاہ سفید کے مختار بنا دیئے جاتے ہیں۔ یہ حضرات نبی کریم

Marfat.com

صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے سچے نائب ہیں ۔ اور ان کو اختیارات و تصرفاتِ حضور کی نیابت سے ملتے ہیں علومِ غیبیہ ان پر منکشف ہوتے ہیں ۔ ان میں بہت کو ماکان ومایکون اور تمام لوح محفوظ پر اطلاع دیتے ہیں۔ مگر یہ سب کچھ حضور اقدس صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے واسطہ سے ۔ بے وساطت رسول کوئی غیر نبی کسی غیب پر مطلع نہیں ہوسکتا ۔

مسئلہ : ان سے استمداد و استعانت محبوب ہے ۔ یہ مدد مانگنے والے کی مدد فرماتے ہیں ۔ چاہے وُہ کسی جائز لفظ کے ساتھ ہو ۔ رہا اُن کو فاعل مستقل جاننا یہ وہابیہ کا فریب ہے ۔ مسلمان کبھی ایسا خیال نہیں کرتا ۔

مسئلہ : ان کے مزارات پر حاضری مسلمان کے لیے سعادت و باعثِ برکت ہے ۔

مسئلہ : ان کو دور و نزدیک سے پکارنا سلف صالحین کا طریقہ ہے ۔

مسئلہ : اولیاء کرام اپنی قبروں میں حیاتِ ابدی کے ساتھ زندہ ہیں ۔ ان کے علم و ادراک وسمع وبصر پہلے کی نسبت بہت زیادہ قوی ہیں ۔

عقیدہ : کراماتِ اولیاء حق ہیں اس کا منکر گمراہ ہے ۔

Marfat.com

بنیادِ اسلام

جانِ من آگاہ ہو کہ عقائد کے درست ہونے کے بعد شرع کے اوامر کا بجا لانا اور نواہی سے ہٹ جانا جو عمل سے تعلق رکھتا ہے نہایت ضروری ہے۔ رب کریم ارشاد فرماتے ہیں۔

يَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا ادْخُلُوْا فِي السِّلْمِ كَآفَّةً ۪ وَلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ۭ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ۝ فَاِنْ زَلَلْتُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا جَاۗءَتْكُمُ الْبَيِّنٰتُ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝ پ۲

رکوع ۹ س البقرہ

اے ایمان والو! اسلام میں پورے داخل ہو اور شیطان کے قدموں پر نہ چلو بیشک وہ تمہارا کھلا دشمن ہے۔ اور اگر اس کے بعد بھی روگردانی کرو، کہ تمہارے پاس روشن حکم آچکے تو جان لو، کہ اللہ زبردست حکمت والا ہے۔

شانِ نزول: مروی ہے کہ سیدنا عبداللہ بن سلام رضی اللہ تعالےٰ عنہ اور آپ کے ساتھی تورات کے بعض مسائل کے پابند تھے۔ مثلاً ہفتہ کی تعظیم اور اونٹ کے گوشت اور دودھ کی تحریم، اسی طرح باقی دیگر اشیاء بھی جن سے دُور رہنا اسلامی طور صرف مباح سمجھتے تھے۔ اگرچہ ان کے دین میں وہ اشیاء واجب تھیں۔ اور وہ اس طرح اس پر ثابت رہے۔ جب کہ ان کی حلت کے معتقد تھے۔ صرف طبعی طور پر ان کو عمل میں لانے سے وحشت کرتے اور عرض کی یارسول اللہ (صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم)، تورات بھی تو اللہ کی کتاب ہے۔ فلہٰذا ہمیں اجازت بخشیئے، تاکہ ہم اسے رات کی نمازوں میں پڑھا کریں۔ اس پر انہیں حضور نبی کریم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا، جو اُمور منسوخ ہو گئے اُن سے تو کسی پر بھی نہ عمل کرو۔ اگرچہ ان میں بعض امور سے تم مانوس ہو۔ تب بھی انہیں ترک کرنا پڑے گا۔ اور اُن کے ترک سے وحشت بھی

Marfat.com

نہ کرو . اس لیے کہ حق سے وحشت کیسی بلکہ وہ تو شیطان کو خوش کرنا ہے ۔

دیکھا آپ نے اللہ تعالےٰ نے معمولی سی بات پر بھی ارشاد فرمایا کہ اسلام والوں کی یہ شان نہیں کہ میرے محبوب کی موجودگی میں اور میرے کلام پاک کے علاوہ کسی اور کی تمنا کریں . جو کچھ اللہ کے محبوب آپ کو فرمائیں اس پر پورا پورا عمل کرو . اپنی دلیلیں چھوڑ دو ۔

لیکن ہم وُہ ہیں کہ ضروریات دین سے بے خبر ہیں ، یہ بھی معلوم نہیں کہ اسلام کی خوبصورت عمارت کس بنیاد پر ہے . اگر معلوم ہے بھی پھر عمل کیوں نہیں کرتے . یا تو ہم ایمان ہی نہیں لائے . حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں ،

" ایمان معرفت حاصل کرنا ساتھ قلب کے اور اقرار کرنا زبان سے اور عمل کرنا ساتھ ارکان کے "

نیز سنیے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام ارشاد فرماتے ہیں . اسلام کی بنیاد پانچ چیزوں پر ہے ۔

۱ وَعَنْ اِبْنِ عمر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بنی الاسلام علی خمسٍ شہادۃ ان لا الہ الا اللہ وان محمد عبدہ ورسولہ واقام الصلوٰۃ وایتاء الزکوٰۃ والحج و صوم رمضان (متفق علیہ)

حضرت ابن عمر سے روایت ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اسلام کی بنیاد پانچ چیزوں پر رکھی گئی ہے . (۱) گواہی دینا کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور محمد خُدا کے بندے اور رسول ہیں (۲) نماز پڑھنا (۳) زکوٰۃ دینا (۴) حج کرنا ۔ ۵ رمضان کے روزے رکھنا ۔

۲ حضرت عمر بن خطاب سے روایت ہے . کہ ایک روز ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر تھے کہ اچانک ایک شخص حاضر ہوا جس کے کپڑے نہایت سفید تھے . بال نہایت سیاہ اس پر سفر کا کوئی اثر نہ تھا . اور نہ ہم میں سے کوئی اس کو جانتا تھا وُہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زانو سے زانو مِلا کر بیٹھ گیا . اور اپنے دونوں ہاتھ اپنی رانوں پر رکھ لیے اور عرض کیا " محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) مجھ کو اسلام کی حقیقت سے آگاہ فرمائیے . آپ نے فرمایا . اسلام یہ ہے کہ تو اس کا اعتراف کرے

Marfat.com

اور شہادت دے، کہ خدا کے سوا کوئی معبود نہیں ہے اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) خدا کے رسول ہیں۔ اور پھر تو نماز کو ادا کرے، زکوٰۃ دے، رمضان کے روزے رکھے اور خانہ کعبہ کا حج کرے۔ اگر تجھ کو زادِ راہ میسر ہو۔" اس شخص نے عرض کیا۔ آپ نے سچ فرمایا..... حضرت عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہ فرماتے ہیں اس کے بعد وہ شخص چلا گیا، اور میں تھوڑی دیر تک خاموش رہا۔ پھر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا! عمر تم اس سائل کو جانتے ہو۔ میں نے عرض کیا اللہ اور اس کا رسول ہی خوب جانتا ہے۔ آپ نے فرمایا۔ یہ شخص جبرائیل تھے۔ جو تم کو دین سکھانے آئے تھے۔ (مسلم)

برادرانِ اسلام! آپ نے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانِ اقدس سے اسلام کی حقیقت سُنی، یعنی ان پانچ چیزوں پر عمل کرنا اسلام ہے۔ پہلا اصل ایمان سے تعلق رکھتا ہے۔ باقی چار اعمال سے تعلق رکھتے ہیں۔

قربان جائیں اس آقا و مولیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے جو ہر مقام پر ہماری رہبری فرماتے ہیں۔ کوئی بات ایسی نہیں چھوڑی جو امتی کو پیش آنے والی ہو لیکن اللہ کے محبوب رحمۃ للعالمین نے آگاہ نہ فرمائی ہو۔ ارشاد فرماتے ہیں۔

۳ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الْعَبْدَ اِذَا وُضِعَ فِيْ قَبْرِهٖ وَتَوَلّٰى عَنْهُ اَصْحَابُهٗ اِنَّهٗ يَسْمَعُ قَرْعَ نِعَالِهِمْ اَتَاهُ مَلَكَانِ فَيُقْعِدَانِهٖ فَيَقُوْلَانِ مَا كُنْتَ تَقُوْلُ فِيْ هٰذَا الرَّجُلِ لِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَمَّا الْمُؤْمِنُ فَيَقُوْلُ اَشْهَدُ اَنَّهٗ عَبْدُ اللّٰهِ وَرَسُوْلُهٗ فَيُقَالُ لَهٗ اُنْظُرْ اِلٰى مَقْعَدِكَ مِنَ النَّارِ قَدْ اَبْدَلَكَ اللّٰهُ بِهٖ

حضرت انس کہتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جب بندہ کو اسکی قبر کے اندر رکھ دیا جاتا ہے اور لوگ واپس ہوتے ہیں تو مُردہ جانے والوں کی جوتیوں کی آواز کو سنتا ہے۔ اور اس کے پاس دو فرشتے آتے ہیں اسکو بٹھا کر اس سے پوچھتے ہیں کہ تو اس شخص محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی نسبت کیا کہتا ہے۔ پس مومن بندہ جواب میں کہہ دیتا ہے کہ میں اس امر کی شہادت دیتا ہوں کہ وہ خدا کے

Marfat.com

مَقْعَدُهٗ مِنَ الْجَنَّةِ فَيُرَاهُمَا جَمِيْعًا وَ اَمَّا الْمُنَافِقُ

وَالْكَافِرُ فَيُقَالُ لَهٗ مَا كُنْتَ تَقُوْلُ فِيْ

هٰذَا الرَّجُلِ فَيَقُوْلُ لَا اَدْرِيْ كُنْتُ اَقُوْلُ

مَا يَقُوْلُ النَّاسُ فَيُقَالُ لَهٗ لَا دَرَيْتَ وَلَا

تَلَيْتَ وَيُضْرَبُ بِمَطَارِقَ مِنْ حَدِيْدٍ ضَرْبَةً

فَيَصِيْحُ صَيْحَةً يَسْمَعُهَا مَنْ يَلِيْهِ غَيْرُ الثَّقَلَيْنِ

(متفق علیہ بخاری ومسلم)

بندے اور مُدا کے رسول ہیں، پھر اس سے کہا جاتا ہے کہ دیکھ تو اپنا مکانہ دوزخ میں جس کو خُدا نے بدل دیا ہے اور اس کے بدلے تجھ کو جنّت میں جگہ دے دی گئی ہے۔ پس مُردہ دونوں جگہوں (دوزخ وجنّت) کو دیکھتا ہے اور جو مُردہ منافق یا کافر ہوتا ہے اس سے بھی یہی پوچھا جاتا ہے کہ تو اس شخص کی نسبت کیا خیال رکھتا ہے وہ اس کے جواب میں کہتا ہے میں کچھ نہیں جانتا۔ جو اور لوگ کہتے تھے وہی میں کہہ دیتا تھا۔ پھر اس سے کہا جاتا ہے تو عقل سے نہیں پہچانا اور نہ قرآن شریف کو پڑھا، یہ کہہ کر اس کو لوہے کی گرزوں سے مارا جاتا ہے اس کے چیخنے چلّانے کی آواز سوائے جنوں اور آدمیوں کے قریب تمام چیزیں سُنتی ہیں۔

۴ حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہٗ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ہم ایک انصاری کے جنازہ پر گئے یہاں تک کہ ہم اس کی قبر پر پہنچے ..... اس کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

قَالَ تُعَادُ رُوْحُهٗ فِيْ جَسَدِهٖ فَيَاْتِيْهِ

مَلَكَانِ فَيُجْلِسَانِهٖ فَيَقُوْلَانِ لَهٗ مَنْ رَّبُّكَ

فَيَقُوْلُ رَبِّيَ اللّٰهُ فَيَقُوْلَانِ لَهٗ مَا دِيْنُكَ فَيَقُوْلُ

کہ اس کی روح کو اس کے جسم میں ڈال دیا جاتا ہے اور پھر دو فرشتے اس کے پاس آتے ہیں اور اس سے پوچھتے ہیں تیرا رب کون ہے وُہ کہتا ہے میرا

Marfat.com

دِيْنِيَ الْاِسْلَامُ فَيَقُوْلَانِ لَهٗ مَا هٰذَا الرَّجُلُ الَّذِيْ بُعِثَ فِيْكُمْ فَيَقُوْلُ هُوَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيَقُوْلَانِ لَهٗ وَمَا عِلْمُكَ فَيَقُوْلُ قَرَأْتُ كِتَابَ اللّٰهِ فَآمَنْتُ بِهٖ وَصَدَّقْتُ فَيُنَادِيْ مُنَادٍ مِنَ السَّمَآءِ اَنْ صَدَقَ عَبْدِيْ فَاَفْرِشُوْا لَهٗ مِنَ الْجَنَّةِ وَاَلْبِسُوْهُ مِنَ الْجَنَّةِ وَافْتَحُوْا لَهٗ بَابًا اِلَى الْجَنَّةِ قَالَ فَيَاْتِيْهِ مِنْ رَّوْحِهَا وَطِيْبِهَا وَيُفْسَحُ لَهٗ فِيْ قَبْرِهٖ مَدَّ بَصَرِهٖ۔

پروردگار اللہ ہے۔ پھر وہ فرشتے پوچھتے ہیں تیرا دین کیا ہے وُہ کہتا ہے میرا دین اسلام ہے۔ پھر وُہ پوچھتے ہیں یہ کون شخص ہے جو تم میں بھیجا گیا تھا، وُہ کہتا ہے کہ خُدا کے رسول ہیں پھر وہ پوچھتے ہیں کہ تو نے ان کا رسول ہونا کس طرح جانا۔ وُہ کہتا ہے۔ میں نے خُدا کی کتاب کو پڑھا اور اس پر ایمان لایا اور اس کی تصدیق کی، پھر ایک پکارنے والا آسمان سے پکار کر کہتا ہے کہ میرا بندہ سچا ہے اس کے لیے جنّت کا بستر بچھاؤ اور جنّت کا لباس اس کو پہناؤ اور جنّت کی طرف ایک کھڑکی کھول دو، چنانچہ کھڑکی کھول دی جاتی ہے اور اس سے جنّت کی ہوا اور خوشبو آتی ہے پھر اس کی قبر کو حدِ نظر تک کشادہ کر دیا جاتا ہے۔

اس کے بعد رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلّم نے فرمایا، کافر جب دُنیا سے تعلقات کو ختم کرنے والا اور آخرت کی طرف متوجہ ہونے والا ہوتا ہے، تو سیاہ چہروں والے عذاب کے فرشتے اس کے پاس آتے ہی ہیں۔ ..... اس کے بعد آپ نے فرمایا :-

فَتُعَادُ رُوْحُهٗ فِيْ جَسَدِهٖ وَيَاْتِيْهِ مَلَكَانِ فَيُجْلِسَانِهٖ فَيَقُوْلَانِ لَهٗ مَنْ رَّبُّكَ فَيَقُوْلُ هَاهْ هَاهْ لَا اَدْرِيْ فَيَقُوْلَانِ مَا دِيْنُكَ فَيَقُوْلُ هَاهْ هَاهْ لَا اَدْرِيْ فَيَقُوْلَانِ لَهٗ مَا هٰذَا الرَّجُلُ

پھر ڈالی جاتی ہے روح جسم میں اور دو فرشتے آکر بٹھلاتے ہیں اور پوچھتے ہیں۔ تیرا رب کون ہے۔ وُہ کہتا ہے ہاہ، ہاہ میں نہیں جانتا۔ پھر پوچھتے ہیں تیرا دین کیا ہے وہ کہتا ہے ہاہ ہاہ میں نہیں

Marfat.com

الَّذِیْ بُعِثَ فِیْکُمْ فَیَقُوْلُ لَهٗ فَیَقُوْلُ هَاهْ هَاهْ لَا اَدْرِیْ فَیُنَادِیْ مَنَ دٍ مِنَ السَّمَآءِ اِنَّ کَذَبَ فَاَفْرِشُوْهُ مِنَ النَّارِ وَافْتَحُوْا لَهٗ بَابًا اِلَی النَّارِ فَیَاْتِیْهِ مِنْ حَرِّهَا وَسَمُوْمِهَا وَیُضَیَّقُ عَلَیْهِ قَبْرُهٗ حَتّٰی تَخْتَلِفَ فِیْهِ اَضْلَاعُهٗ وَیَاْتِیْهِ رَجُلٌ قَبِیْحُ الثِّیَابِ مُنْتِنُ الرِّیْحِ فَیَقُوْلُ اَبْشِرْ بِالَّذِیْ یَسُوْءُکَ هٰذَا یَوْمُکَ الَّذِیْ کُنْتَ تُوْعَدُ فَیَقُوْلُ مَنْ اَنْتَ فَوَجْهُکَ الْوَجْهُ یَجِیْءُ بِالشَّرِّ فَیَقُوْلُ اَنَا عَمَلُکَ الْخَبِیْثُ

(احمد)

جانتا۔ پھر پوچھتے ہیں وُہ شخص کون ہے جو تم میں بھیجا گیا تھا۔ وُہ کہے گا ہاہ ہاہ میں نہیں جانتا۔ پس ایک پکارنے والا پکار کر کہے گا یہ جھوٹا ہے اس کے لیے آگ کا فرش کرو اور ایک دروازہ دوزخ کی جانب اس کے کھول دو، چنانچہ دوزخ کی طرف سے دروازہ کھول دیا جائے گا، دوزخ کی گرمی اور گرم ہوا اس کو پہنچے گی اور اس کی قبر کو تنگ کیا جائے گا، یہاں تک کہ اس کی پسلیاں اِدھر کی اُدھر نکل جائیں گی پھر ایک بدصورت شخص میلے کچیلے کپڑے پہنے اِس کے پاس آئے گا جس سے سخت بدبو نکلتی ہوگی، وہ اس سے کہے گا خوشخبری ہے تجھ کو اس چیز کی جو تجھ کو بُری معلوم ہوگی یہ وُہ دن ہے جس کا تجھ سے وعدہ کیا گیا تھا میت اس سے پوچھے گی تو کون ہے تیرا چہرہ نہایت بُرا ہے اور برائی کو لایا ہے وُہ کہے گا میں تیرا بُرا عمل ہوں۔

مذکورہ بالا احادیث مبارکہ آپ نے پڑھیں جن میں اسلام کی حقیقت، بنیاد اور قبر کے سوالات کا ذکر ہے۔ یہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا خاص کرم ہے کہ اپنے غلاموں کو تمام چیزوں کی خبر دی کوئی چیز ایسی نہیں چھوڑی جس کی ہمیں علم وعمل وزبان ودِل ویقین میں ضرورت ہو۔ اور نہ ہی کوئی مقام ایسا چھوڑا، جس پر ہمیں مشکل پیش آنے والی ہو اور آقائے نامدار رؤف الرحیم نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں آگاہ نہ کر دیا ہو۔ یہ قبر کا مقام جس میں تن تنہا حاضر ہونا ہے، ماں، باپ، بہن بھائی کوئی ساتھ نہ جائے گا۔ بلکہ عمل

Marfat.com

ہی تیرے ساتھ ہوگا۔ اس کے متعلق حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں :

مَامِنْ اَحَدٍ یَمُوْتُ اِلَّا نَدِمَ اِنْ کَانَ کوئی شخص ایسا نہیں ہے کہ مرے اور پریشان نہ
مُحْسِنًا نَدِمَ اَنْ لَا یَکُوْنَ اِزْدَادَ وَاِنْ ہوا گر وہ نیک ہو تو اس بات پر پشیمان ہوتا ہے
کَانَ مُسِیْئًا نَدِمَ اَنْ لَا یَکُوْنَ نَزَعَ ۔ کہ کیوں زیادہ نیکی نہ کی اگر بد ہے تو اس بات پر
الترمذی پشیمان ہوتا ہے۔ کہ کیوں بدی سے باز نہ رہا ۔

یَتْبَعُ الْمَیِّتَ ثَلٰثَۃٌ اَھْلُہٗ وَمَالُہٗ وَعَمَلُہٗ میت کے ساتھ تین چیزیں جاتی ہیں اس کے
فَیَرْجِعُ اِثْنَانِ وَیَبْقٰی وَاحِدٌ یَرْجِعُ اَھْلُہٗ لواحق اس کا مال اور اس کے اعمال۔ پس دونوں
وَمَالُہٗ وَیَبْقٰی عَمَلُہٗ۔ واپس آجاتے ہیں اور ایک پیچھے رہ جاتی ہے یعنی
(الشیخان والترمذی) لواحق اور مال واپس آجاتے ہیں اور اعمال پیچھے
رہ جاتے ہیں۔

پس آپ نے سمجھ لیا، جیسا کہ شروع میں عرض کر چکا ہوں کہ عقائد کے درست کرنے کے بعد عمل کی اشد ضرورت ہے۔ ان ہی پانچ بنا ر اسلام میں سے پہلا اصل ایمان سے تعلق رکھتا ہے باقی چار اعمال سے۔ سو عرض ہے کہ یہی پہلا اصل اور اس کی محبت ہی تیرے اعمال کی جان ہے۔ حضور نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنی محبت کے متعلق فرماتے ہیں ؛

لَا یُؤْمِنُ اَحَدُکُمْ حَتّٰی اَکُوْنَ اَحَبَّ اِلَیْہِ تم میں سے کوئی شخص ایماندار نہیں ہو سکتا جب تک
مِنْ وَّالِدِہٖ وَوَلَدِہٖ وَالنَّاسِ اَجْمَعِیْنَ الشیخان والنسائی میں اسے باپ بیٹے اور سب لوگوں سے زیادہ محبوب
وَفِیْ اُخْرٰی لِلنَّسَائِیْ رحمہ اللہ تعالیٰ اَحَبَّ اِلَیْہِ نہ ہوں نسائی سے دوسری روایت میں مذکور ہے
مِنْ مَّالِہٖ وَاَھْلِہٖ ۔ (متفق علیہ) کہ مال اور عیال سے زیادہ محبوب نہ ہوں ۔

وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا
عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا یُؤْمِنُ اَحَدُکُمْ حَتّٰی اَکُوْنَ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کوئی شخص اس وقت

Marfat.com

اَحَبَّ اِلَیْہِ مِنْ وَّالِدِہٖ وَوَلَدِہٖ وَالنَّاسِ اجمعین۔ (متفق علیہ)

تک کامل مومن نہیں ہوسکتا نہیں ہوسکتا جب تک کہ اُس کے نزدیک میں (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم) باپ بیٹے اور تمام لوگوں سے زیادہ محبوب نہ ہوجاؤں

جان لینا چاہیئے کہ ہر حالت میں اللہ اور اس کے رسول کی یاد تیری غذا ہو۔ بلکہ اس سے بھی زیادہ خوشی و رنج میں اتباعِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم میں کوئی کمی نہ ہو۔ یہی محبت رسول صلی اللہ علیہ وسلم تیرے اعمال کی جان ہے۔ اَب ان پانچ اصل کی بابت مختصراً بیان کیا جاتا ہے تاکہ تو ان کی حقیقت سے باخبر ہوکر ان پر عمل کرسکے۔

پہلا اصل کلمہ طیبہ

اسلام کا پہلا اصل، بنیاد کلمہ طیبہ "لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ" کی شہادت دینا ہے۔ یعنی اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں (توحید) محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں (رسالت) یہی دونوں سوال قبر میں ہوں گے جیسا کہ آپ نے پڑھا۔ مَنْ رَّبُّکَ میں اللہ تعالےٰ کی شہادت اور مَا کُنْتَ تَقُوْلُ فِیْ ھٰذَا الرَّجُلِ میں رسولِ پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا ثبوت ہے۔ کسی کو کیا مجال کہ اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی حمد میں کچھ عرض کرسکے لیکن ضرورت کے مطابق احادیثِ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام کے قول اور بزرگانِ دین یعنی اولیاء عظام کے اقوال سے اس کی فضیلت کے متعلق کچھ عرض کرتا ہوں۔

کلمہ شریف کی فضیلت

عَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم — حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے

Marfat.com

وَمَعَاذٌ رَدِيْفُهٗ عَلَى الرَّحْلِ قَالَ يَا مُعَاذُ

قَالَ لَبَّيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَسَعْدَيْكَ

قَالَ يَا مُعَاذُ قَالَ لَبَّيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

وَسَعْدَيْكَ قَالَ يَا مُعَاذُ قَالَ لَبَّيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

وَسَعْدَيْكَ قَالَ مَا مِنْ اَحَدٍ يَشْهَدُ اَنْ

لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ

صِدْقًا مِّنْ قَلْبِهٖ اِلَّا حَرَّمَهُ اللّٰهُ عَلَى النَّارِ

قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَفَلَا اُخْبِرُ بِهِ النَّاسَ

فَيَسْتَبْشِرُوْا قَالَ قَالَ اِذًا يَّتَّكِلُوْا فَاَ

خْبَرَ بِهَا مُعَاذٌ عِنْدَ مَوْتِهٖ تَاَثُّمًا۔

(متفق علیہ)

کہ تحقیق

نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت معاذ رضی اللہ عنہ

ایک پالان پر سوار تھے۔ فرمایا اے معاذ۔ معاذ

نے عرض کیا۔ لبیک وسعدیک یارسول اللہ صلی اللہ

علیہ وسلم سرکار نے تین دفعہ فرمایا۔ معاذ نے تین

دفعہ اس طرح جواب عرض کیا۔ فرمایا جو شخص دل سے

یہ شہادت دے کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں

اور بیشک محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالےٰ کے رسول

ہیں۔ تو اللہ تعالیٰ اس پر آگ حرام کر دیتا ہے

معاذ رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے عرض کیا، کیا میں لوگوں

کو اسکی خبر نہ کر دوں تاکہ وہ خوش ہو جائیں۔ فرمایا

اس وقت وہ سست ہو جائیں گے (عمل نہ

کریں گے) پس معاذ نے مرتے وقت گناہ سے

بچنے کے لیے یہ خبر دی ہے۔

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اِنَّ اللّٰهَ سَيُخَلِّصُ رَجُلًا مِّنْ اُمَّتِيْ عَلٰى

رُؤُسِ الْخَلَائِقِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

فَيَنْشُرُ عَلَيْهِ تِسْعَةً وَّتِسْعِيْنَ سِجِلًّا

كُلُّ سِجِلٍّ مِثْلُ مَدِّ الْبَصَرِ ثُمَّ يَقُوْلُ اَتُنْكِرُ

مِنْ هٰذَا شَيْئًا اَظَلَمَكَ كَتَبَتِيَ الْحَافِظُوْنَ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بیشک

اللہ تعالےٰ قیامت کے روز میرے ایک امتی

کو تمام مخلوقات کے سامنے نکالے گا اس کے

سامنے ننانوے دفتر برائیوں کے کھولے گا

ہر دفتر کی لمبائی حدِ نظر تک ہوگی۔ پھر فرمائے

گا کیا تو ان میں سے کسی برائی کا انکار کرتا ہے کیا

Marfat.com

فَيَقُوْلُ لَا يَا رَبِّ فَيَقُوْلُ اَفَلَكَ عُذْرٌ

فَاَلَا يَا رَبِّ فَيَقُوْلُ بَلٰى اِنَّ لَكَ عِنْدَنَا

حَسَنَةً وَاِنَّهٗ لَا يُظْلَمُ عَلَيْكَ الْيَوْمَ فَتُخْرَجُ

بِطَاقَةٌ فِيْهَا اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ فَيَقُوْلُ

اُحْضُرُوْا وَزْنَكَ فَيَقُوْلُ يَا رَبِّ مَا هٰذِهِ

الْبِطَاقَةُ مَعَ هٰذِهِ السِّجِلَّاتِ فَيَقُوْلُ

اِنَّكَ لَا تُظْلَمُ قَالَ فَتُوْضَعُ السِّجِلَّاتُ

فِيْ كَفَّةٍ وَالْبِطَاقَةُ فِيْ كَفَّةٍ

فَطَاشَتِ السِّجِلَّاتُ وَثَقُلَتِ الْبِطَاقَةُ

فَلَا يَثْقُلُ مَعَ اسْمِ اللّٰهِ شَيْءٌ۔

رواہ ترمذی وابن ماجہ ومشکوٰۃ

تجھ پر میرے حافظ لکھنے والوں نے ظلم کیا ہے، وہ
عرض کریگا نہیں میرے پروردگار، پھر فرمائے گا
ہاں بیشک تیری ایک نیکی میرے پاس ہے، اور
بیشک آج تجھ پر ظلم نہیں کیا جائے گا۔ پس ایک
کاغذ کا پرزہ نکالا جائے گا جس میں اشہد ان لا
الہ الا اللہ وان محمدا عبدہٗ ورسولہٗ لکھا ہوگا۔ پس
فرمائے گا تو اپنے عمل وزن پر حاضر ہو۔ عرض کریگا
یارب یہ پرزہ ان دفتروں کے مقابلہ میں کیا
حیثیت رکھتا ہے۔ تو فرمائے گا۔ بیشک تجھ پر
ظلم نہیں کیا جائے گا۔ حضور نے فرمایا کہ تمام دفتر
ایک پلڑے میں اور کاغذ کا پرزہ دوسرے پلڑے
میں رکھا جائے گا، پس دفاتر ہلکے ہوجائیں گے اور
پرزہ بھاری ہوجائے گا کیونکہ اللہ کے نام سے
کوئی چیز بھاری نہیں ہوسکتی۔

وَقَالَ بَعْضُ الصَّحَابَةِ مَنْ قَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

وَمَدَّهَا لِلتَّعْظِيْمِ كَفَّرَ اللّٰهُ بِهَا عَنْهُ اَرْبَعَةَ

اٰلَافِ ذَنْبٍ مِنَ الْكَبَائِرِ اِنْ لَّمْ يَكُنْ

عَلَيْهِ اَرْبَعَةُ اٰلَافِ ذَنْبٍ مِّنَ الْكَبَائِرِ

كَفَّرَ اللّٰهُ عَنْ اَهْلِهٖ وَجِيْرَانِهٖ۔

(نزہۃ المجالس جلد اوّل)

بعض صحابہ نے فرمایا کہ جو شخص لا الہ الا اللہ پڑھے
اور تعظیم کے لیے اسکو کھینچ کر پڑھے۔ تو اللہ
تعالےٰ اس کی برکت سے اس کے چار ہزار کبیرہ
گناہ معاف کر دیتا ہے اگر اس کے چار ہزار گناہ
نہ ہوں تو اللہ تعالےٰ اس کے اہل اور ہمسایہ کے
گناہ بخش دیتا ہے۔

ماس کوئی بدبخت ۔ عرش و کرسی کو نہیں مارے پھر فرمائے گا۔

Marfat.com

حکایت

امام رازی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ایک شخص میدانِ عرفات میں کھڑا تھا اس کے ہاتھوں میں سات پتھر تھے اس نے کہا اے پتھر گواہ ہو جاؤ اِنِّیْ اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللہُ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللہِ یعنی اللہ کی وحدانیت اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کی گواہی دیتا ہوں، یہ کہا اور سو گیا۔ خواب میں کیا دیکھتا ہے کہ قیامت قائم ہو گئی ہے۔ اور اس کا حساب لیا گیا جس سے وہ دوزخ کی آگ کا مستحق ہو گیا۔ فرشتے اس کو گرفتار کر کے جہنم کے ایک دروازے پر لے آتے ہیں تو ایک پتھر ان سات پتھروں میں سے آتا ہے اور اس دروازے پر گر پڑتا ہے۔ اور راستہ روک دیتا ہے عذاب کے فرشتے اکٹھے ہو کر پتھر اُٹھانے لگتے ہیں تاکہ راستہ صاف ہو جائے مگر وہ پتھر نہ اُٹھا سکے، پھر وہ اس کو دوسرے دروازہ پر لے جاتے ہیں وہاں بھی یہی صورت پیش آتی ہے کہ پتھر گر کر راستہ کو روک دیتا ہے۔ چنانچہ ساتوں دروازوں پر یہی صورت پیش آتی ہے۔

پھر وہ اس کو عرش پر لے جاتے ہیں تو اللہ کریم فرماتا ہے۔ اے میرے بندے تو نے پتھروں کو گواہ بنایا تھا، انہوں نے تیرا حق ضائع نہیں کیا۔ میں خود تیری شہادت توحید اور رسالت پر شہادت دیتا ہوں اور تجھے اجازت دیتا ہوں کہ تو جنت میں داخل ہو جا، پس وہ شخص جب جنت کے دروازوں پر گیا تو دیکھا کہ جنت کے دروازے بند ہیں اتنے میں لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللہ کی شہادت آئی اور جنت کے دروازے کھل گئے اور وہ شخص جنت میں داخل ہو گیا۔ (المجالس السنیہ و نزہۃ المجالس جلد اوّل)

حدیث

مروی امیر المومنین ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے کہ انہوں نے فرمایا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ سنا میں نے حضرت جبرائیل علیہ السلام سے کہ وہ خبر دیتے ہیں خدا سے عزّ و جلّ

Marfat.com

سے کہ حق سبحانہٗ جلشانہٗ نے فرمایا کہ نہیں نازل کیا میں نے کوئی کلمہ جو جلیل تر اور قیمتی ہو کلمہ لاالہ الا اللہ سے روئے زمین پر ۔ اسی برکت سے قائم ہیں ساتوں آسمان اور زمین اور پہاڑ اور درخت اور جنگل اور دریا ۔ آگاہ ہو یہی کلمہ اخلاص ہے ۔ یہی کلمہ شفاعت ہے ۔ یہی کلمہ نجات ہے یہی کلمہ ہے برتر ، یہ کلمہ مغفرت ہے ۔ یہی کلمہ نرگ ہے ۔ یہی کلمہ مبارک ہے ۔ اگر ایک پلہ میں رکھے جائیں آسمان اور زمین دوسرے پلہ میں یہ کلمہ تو گراں نکلے آسمان اور زمین سے جس نے اس کلمہ کو کہا ایک بار بخش دیئے گئے گناہ اس کے اگرچہ ہوں مثل کف دریا کے ۔

امام ربّانی مجدّد الف ثانی کا ارشاد گرامی

" کچھ شک نہیں کہ ذکر سے اصلی مقصود حق تعالیٰ کی یاد ہے ۔ اور اس پر اجر کا طلب کرنا اس کا طفیلی اور تابع ہے ۔ اور درود میں اصلی مقصد طلب حاجت ہے ۔ ان دونوں میں بہت فرق ہے ۔ پس وہ فیض جو ذکرِ قلبی کی راہ سے پیغمبر علیہ الصلوٰۃ والسلام کو پہنچتے ہیں ان برکات سے کئی گنا زیادہ ہیں جو درود کی راہ سے پیغمبر علیہ الصلوٰۃ والسلام کو پہنچتے ہیں ۔

جاننا چاہیئے کہ ہر ذکر یہ مرتبہ نہیں رکھتا ، وہ ذکر جو قبولیّت کے لائق ہے وہی اس زیادتی کے ساتھ مخصوص ہے ۔ لیکن جو ذکر ایسا نہیں درود کو اس پر زیادتی اور فضیلت ہے اور درود سے زیادہ برکتیں حاصل ہونے کی امید ہے ۔ ہاں وُہ ذکر جو طالب کسی شیخ کامل سے اخذ کرتا ہے اور طریقت کے آداب و شرائط کو مدِ نظر رکھ کر اس پر مداومت کرتا ہے درود کہنے سے افضل ہے کیوں کہ یہ ذکر اس ذکر کا وسیلہ ہے ، جب تک یہ ذکر نہ ہو اس تک نہیں پہنچ سکتے ۔" (دفتر دوم مکتوب ۵۷)

" اس فقیر کو محسوس ہوا ہے کہ اگر تمام جہان کو اس کلمہ طیبہ کے ایک بار کہنے سے بخش دیں ۔ تو بھی ہو سکتا ہے اور یہ بھی مشہود ہے کہ اگر اس کلمہ پاک کی برکات کو تمام جہان میں تقسیم کر دیں تو ہمیشہ کے لیے سب کو کفایت کرے ۔ اور سب کو سیراب کر دے ۔ خاص کر جب کہ اس کلمہ طیبہ کے ساتھ کلمہ مقدسہ محمد رسول اللہ جمع ہو جائے ۔ اور تبلیغ توحید کے ساتھ منتظم ہو جائے ۔ اور رسالت ولایت کے ساتھ

Marfat.com

مِل جائے ان دونوں کلموں کا مجموعہ نبوّت و ولایت کے کمالات کا جامع اور ان دونوں سعادتوں کے راستوں کی ہدایت کرنے والا ہے. جو ولایت کو ظلال کے ظلمات سے پاک کرتا ہے اور نبوّت کو درجہ بلند تک پہنچاتا ہے.

اَللّٰھُمَّ لَا تَحْرِمْنَا مِنْ بَرَکَاتِ ھٰذِہِ	یا اللہ تو ہم کو اس کلمہ طیبہ کی برکات سے محروم نہ
الْکَلِمَۃِ الطَّیِّبَۃِ وَثَبِّتْنَا عَلَیْھَا وَاَمِتْنَا	رکھ اور ہم کو اس پر ثابت قدم رکھ اور اس
عَلٰی تَصْدِیْقِھَا وَاحْشُرْنَا مَعَ الْمُصَدِّقِیْنَ	کی تصدیق پر مار اور ہم کو اسکی تصدیق کرنے
بِھَا وَاَدْخِلْنَا الْجَنَّۃَ بِحُرْمَتِھَا وَحُرْمَۃِ	والوں کے ساتھ اُٹھا اور اس کلمہ اور اس کے
مُبَلِّغِیْھَا عَلَیْھِمُ الصَّلٰوۃُ وَالتَّحِیَّاتُ وَ	پہنچانے والوں کی طفیل ہم کو جنّت میں داخل
السَّلِیْمَاتُ وَالْبَرَکَاتُ :	فرما۔

"اس ذکر کی فضیلت کو معلوم کرنا چاہیئے کہ تمام دُنیا کا اس کے مقابلہ میں کچھ مقدار و احساس نہیں. کاش کہ ان کے درمیان وہی نسبت ہوتی جو قطرہ کو دریائے محیط کے ساتھ ہے. اس کلمہ طیبہ کی عظمت کہنے والے کے درجات کے اعتبار سے ہے. جس قدر کہنے والے کا درجہ زیادہ ہوگا. اسی قدر یہ عظمت زیادہ ظاہر ہوگی۔ ؎ یَزِیْدُکَ وَجْھُہٗ حُسْنًا

اِذَا مَا زِدْتَہٗ نَظَرًا

؎ چہرے پہ اس کے جوں جوں تیری نظر پڑے گی
تیری نظر میں اس کی خوبی بہت بڑھے گی

دُنیا میں اس آرزو کے برابر کوئی آرزو نہیں کہ گوشہ میں بیٹھ کر اس کلمہ کے تکرار سے محظوظ و متلذذ ہوں. مگر کیا کیا جائے سب خواہشیں میسّر نہیں ہوسکتیں۔ رَبَّنَآ اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْ لَنَا اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ (یارب ہمارے نور کو کامل کر اور ہمارے گناہوں کو بخش تو سب چیز پر قادر ہے) مکتوب ۳۷ دفتر دوم

Marfat.com

حکایت

محدث بیہقیؒ نے بکر بن عبداللہ مزنی رحمۃ اللہ علیہ سے نقل کیا ہے کہ ایک بادشاہ بڑا سرکش اور ظالم اور بُت پرست تھا۔ اس کی قوم اس سے تنگ آئی اور اس پر چڑھائی کی، جس میں وہ زندہ گرفتار ہوگیا، قوم نے آپس میں مشورہ کیا کہ اس ظالم کو کس طرح مارا جائے، آخر کار یہ طے پایا کہ اس کو تانبے کے برتن میں ڈالو اور نیچے آگ جلاؤ اسطرح عذاب دے کر اسے ہلاک کرو۔ چنانچہ انہوں نے اسے تانبے کے ایک بڑے برتن میں ڈالا اور نیچے آگ جلانی شروع کر دی جب اسے تکلیف پہنچی تو اس نے اپنے معبودانِ باطلہ کو مدد کے لیے پکارنا شروع کیا۔ ایک کو پکارتا تھا پھر دوسرے کو، کہ مجھے اس مصیبت سے بچاؤ، میں تمہاری عبادت کرتا رہا، تمہاری نگہداشت کرتا تھا تم سے گرد و غبار کو جھاڑتا تھا۔ بار بار پکارا، لیکن کسی نے کوئی ذرہ بھر مدد نہ کی تو بڑی عاجزی سے آسمان کی طرف نگاہ اٹھائی اور لا الہ الا اللہ کو بار بار پڑھنا شروع کیا اتنے میں بارش برسنی شروع ہوگئی جس سے آگ بجھ گئی، پھر سخت ہوا کے جھونکے چلے اور ہوا اس برتن کو اڑا کر لے گئی۔ وہ برتن زمین و آسمان کے درمیان چکر لگاتا رہا۔ اور وہ برابر لا الہ الا اللہ کی تکرار کرتا رہا۔ پھر اللہ تعالےٰ نے اس کو ایسے علاقہ میں ڈال دیا جہاں کے لوگ رب تعالےٰ کی توحید سے جاہل تھے! وہ اس طرح کلمہ لا الہ الا اللہ پڑھ رہا تھا، وہاں کے لوگوں نے اس کو برتن سے نکالا اور حال دریافت کیا اس نے اپنا سارا حال کہہ سنایا۔ لوگوں نے اس کا حال سُن کر کلمہ طیبہ پڑھا اور سب مسلمان ہوگئے۔

(مجالس سنیہ)

نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے سچ فرمایا:

يَا اَيُّهَا النَّاسُ قُوْلُوْا لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ تُفْلِحُوْا۔ (کشف الغمہ جلد اوّل)

اے لوگو لا الہ الا اللہ کہو تو کامیاب ہوجاؤ گے

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس

Marfat.com

مَنْ قَالَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰہُ دَخَلَ الْجَنَّۃَ۔

نے لا الہ الا اللہ کہا وُہ جنّت میں داخل ہوگا۔

(کشف الغمہ جلد اوّل)

فائدہ

جانِ من! اللہ تعالےٰ تجھے ہدایت دے۔ کلمہ طیبہ ہی ہر قسم کی مشکل کو حل کرنے والا ہے، یہی کفر کے زنجیر کو توڑ کر ایمان کی دولت سے مالامال کرتا ہے۔ مالک حقیقی عزّ وجلّ کے دیدار سے نوازے گا۔ یہی نزع، قبر، حشر کے مشکل مقامات پر تیرا ساتھی ہوگا۔ تجھے ان مقامات کی سختی سے بچاکر اللہ کی رحمت میں لے جائے گا۔

یہ کلمہ مقدسہ تیرا ایمان ہے۔ (دل وزبان سے اقرار) اور نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ تیرے اعمال۔ کلمہ مقدسہ جڑ بیج، باقی شاخیں، فروعات۔ یعنی کلمہ میں معبودِ حقیقی ہی کی عبادت کا ذکر ہے، جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم سے ملی۔ یہی نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ، مالکِ حقیقی عزّ وجلّ و اعلیٰ کی عبادت ہے جو اس نے اپنے محبوب صلی اللہ علیہ وسلّم کے ذریعہ ہم کو بتائی۔ یعنی کلمہ مجمل کلام ہے۔ باقی مذکورہ چار بنائے اسلام تفصیل۔ تیرے کلمہ پاک کی شہادت یہ ہی ہیں۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں:۔

وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ اَتٰی اَعْرَابِیٌّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ دُلَّنِیْ عَلٰی عَمَلٍ اِذَا عَمِلْتُہٗ دَخَلْتُ الْجَنَّۃَ قَالَ تَعْبُدُ اللّٰہَ وَلَا تُشْرِکُ بِہٖ شَیْئًا وَتُقِیْمُ الصَّلٰوۃَ الْمَکْتُوْبَۃَ وَتُؤَدِّی الزَّکٰوۃَ الْمَفْرُوْضَۃَ وَتَصُوْمُ رَمَضَانَ قَالَ وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ لَا اَزِیْدُ عَلٰی

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ ایک اعرابی (دیہاتی) نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوکر عرض کیا، آپ مجھ کو کوئی ایسا عمل بتائیں کہ میں اس کو کروں اور جنّت میں داخل ہوجاؤں، آپ نے فرمایا اللہ کی عبادت کر، کسی کو اس کا شریک نہ بنا، فرض نماز کو ادا کر، فرض زکوٰۃ

Marfat.com

هٰذَا شَيْئًا وَّلَا اَنْقَصُ مِنْهُ فَلَمَّا وَلّٰى
قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ
سَرَّهٗ اَنْ يَّنْظُرَ اِلٰى رَجُلٍ مِّنْ اَهْلِ
الْجَنَّةِ فَلْيَنْظُرْ اِلٰى هٰذَا۔
(متفق علیہ)

کو دے اور ماہِ رمضان کے روزے رکھ۔ اعرابی
نے یہ سُن کر کہا! قسم ہے اس ذات کی جس کے
ہاتھ میں میری جان ہے میں نہ تو اُس پر کچھ زیادہ
کروں گا اور نہ اس میں سے کچھ کم۔ جب یہ اعرابی
چلا گیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا
جو شخص کسی جنتی آدمی کو دیکھنے کی مسرت حاصل کرنا
چاہے وُہ اس شخص کو دیکھ لے۔
(بخاری و مسلم)

ایک شبہ کا ازالہ

آپ کے سامنے دونو قسم کی احادیث مبارکہ ہیں۔ اوّل جس میں محض کلمہ پر جنّت کی بشارت ہے۔ دوسری جس میں کلمہ مقدسہ کے علاوہ اعمال کا بھی ذکر ہے۔ عوام یہ سمجھتے ہیں کہ جس نے کلمہ پاک پڑھا اس کو عمل کی کیا ضرورت، حضور رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم خود بخشوالیں گے جب حضور کی بشارت ہے کہ جس نے لا الہ الا اللہ کہا وُہ جنّت میں داخل ہوگا۔

بھائیو آپ کا فرمان بجا ہے، لیکن ذرا سوچ سے کام لو اور دوسرا فرمانِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر بھی نگاہ کرو جس میں اس اعرابی کے متعلق ارشاد ہے "جو شخص کسی جنتی کو دیکھنا چاہے وُہ اس کو دیکھ لے" اس میں کیا چیز خاص ہے جو جنتی کو دکھا رہی ہے۔ وہ محض عمل ہے۔ نماز، زکوٰۃ، روزے وغیرہ

جان لینا چاہیے کہ حدیث اوّل میں اس شخص کے لیے جنّت کی بشارت ہے جس نے کلمہ تو پڑھ لیا لیکن عمل کا وقت نہ پایا۔ موت آگئی یا تا آخری دم بیہوش رہا وغیرہ اگر کلمہ پاک پڑھنے کے بعد وقت پایا۔ ہوش و حواس ٹھیک ہوں، پاگل، مجنون، دیوانہ نہ ہو۔ وہ نماز، زکوٰۃ، روزہ۔ صاحبِ مقدور ہونے پر حج نہ کرے تو گنہ گار ہے۔ ان پر طرح طرح کی وعیدیں آئی ہیں۔ جن کا ذکر اپنے اپنے بیان میں آئے گا۔

Marfat.com

پس جان لینا چاہیئے کہ ایمان اعمال کی جان ہے۔ بغیر ایمان کے اعمال ناکارہ، بے سود، ہاں اگر ایمان، عقائد درست ہوں اور عمل میں کمی ہو، تو وہ سزا جو اللہ نے ان اعمال کے نہ کرنے والوں کے لیے مقرر فرمائی ہے۔ ہر حال میں بھگتنی پڑے گی۔ قبر کی تنگی، نزع کی سختی، حشر کا وبال سب حق و سچ ہیں۔ اگر ان سے تیرے گناہوں کا کفارہ ہو گیا تو ٹھیک، نہیں تو جہنم میں رہ کر ان گناہوں کی سزا کو پورا کرنے کے بعد جنت نصیب ہو گی۔ لیکن یہ بھی اس حالت میں جب آپ ان کو غفلت سے نہ کریں۔ اگر آپ دیدہ دانستہ بغیر عُذر فخر و جرأت سے چھوڑ دیں تو کفر لازم آئے گا۔ اس وقت میں محض کلمہ پڑھنا کام نہیں دے گا، ربِ کریم کی شانِ جلالیت، قہاریت سے ڈرنا چاہیئے اور امر و نہی پر عمل کرنا ضروری ہے۔ اسمیں غفلت ٹھیک نہیں۔ ہم اپنے دنیوی کاموں میں سرِ مُو بھی فرق نہیں پڑنے دیتے۔ لیکن غافل ہیں تو اللہ تعالےٰ کی یاد سے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عظمت و عزت سے۔ پھر اس پر غضب یہ کہ ایک حکم جس میں فائدہ نظر سے مان لیں جسمیں ذرا نفس کو تکلیف ہو چھوڑ دیں۔

یعنی جس میں شیطان نفس خوش اور اللہ اور اس کا رسول صلی اللہ علیہ وسلم ناراض ہوں وُہ ہم کام کریں، جس میں اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی خوشی اور شیطان نفس کی غمی ہو اس کو ہم ہم چھوڑ دیں۔ حاشا و کلا، ہم نے دین کو اپنی مرضی سے ڈھال لیا ہے۔ جو ہماری دلیلِ شیطانی وہ حق، جو فرمانِ محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس کا ہمارے دلوں میں کچھ احساس نہ ہو۔

اللہ تعالےٰ ارشاد فرماتے ہیں:۔

اَفَرَاَیْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰهَهٗ هَوٰىهُ وَ اَضَلَّهُ اللّٰهُ عَلٰی عِلْمٍ وَّخَتَمَ عَلٰی سَمْعِهٖ وَقَلْبِهٖ وَجَعَلَ عَلٰی بَصَرِهٖ غِشٰوَةً۔

بھلا دیکھو تو اس شخص کو جس نے اپنی خواہش کو اپنا خُدا بنا لیا۔ اور اللہ تعالےٰ نے علم ہوتے ہوئے اُسے گمراہی میں ڈال دیا۔ اِس کے کان اور دِل پر مہر کر دی اور اس کی آنکھوں پر پردہ ڈال دیا۔

Marfat.com

فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ حَتّٰى يُحَكِّمُوْكَ فِيْمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ لَا يَجِدُوْا فِيْ اَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِّمَّا قَضَيْتَ وَيُسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا

اے محبوب تمہارے رب کی قسم وُہ مسلمان نہ ہوں گے جب تک کہ اپنے آپس کے جھگڑے میں تمہیں حَکَم نہ بنائیں پھر جو کچھ تم حکم فرما دو اپنے دلوں میں اُس سے رکاوٹ نہ پائیں اور دِل سے مان لیں۔

شانِ نزول یہ ہے ایک پہاڑ سے پانی آتا تھا۔ جس سے اہلِ مدینہ اپنے اپنے باغوں کو پانی دیتے تھے۔ اس پانی دینے پر ایک انصاری کا حضرت زبیر رضی اللہ تعالےٰ سے جھگڑا ہوگیا۔ معاملہ حضورِ پُرنور علیہ الصلوٰۃ والسلام تک پہنچا، حضور علیہ السلام نے فرمایا۔ اے زبیر تم اپنے باغ کو پہلے پانی دے کر پھر اپنے پڑوسی کی طرف پانی چھوڑ دو۔ (زبیر کا باغ پہلے تھا) اس پر انصاری کو ناگوار گذرا اور اُس کی زبان سے یہ کلمہ نکلا کہ زبیر آپ کے پھوپھی کے بیٹے ہیں (اس لیے ان کی رعایت کی گئی ہے)، اس پر یہ مذکورہ بالا آیت کریمہ فَلَا وَرَبِّكَ نازل ہوئی۔

حرفِ آخر

کلمہ طیبہ کا مقصد صرف حروف کا پڑھ لینا نہیں بلکہ اللہ کے حبیب علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ہر فرمان ماننے والے کا نام مسلمان ہے۔ محض زبان سے نہیں بلکہ دِل سے یعنی جو حکم جس حالت پر یا جس حالت کے لیے یا جس نوعیت کے لیے حضور صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرمائیں۔ اس حکم کو اس حالت سے کرنے والا مسلمان ہوگا۔ حضور نماز کے لیے حکم دیں ہم پڑھتے رہیں، یوں نہ ہو کہ حضور نماز، روزہ، زکوٰۃ کا حکم دیں ہم چھوڑ دیں، یہ نفاق و فسوق ہے۔

وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ وَنُوْرِ عَرْشِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

Marfat.com

نماز کا بیان

اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں

اِنَّ الصَّلٰوۃَ کَانَتْ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ کِتٰبًا مَّوْقُوْتًا ط

بیشک نماز ایمان والوں پر فرض ہے۔ وقت باندھا ہوا۔

فَسُبْحٰنَ اللّٰہِ حِیْنَ تُمْسُوْنَ وَحِیْنَ تُصْبِحُوْنَ وَلَہُ الْحَمْدُ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَعَشِیًّا وَّحِیْنَ تُظْہِرُوْنَ۔

اللہ کی تسبیح کرو جس وقت تمہیں شام ہو (نماز مغرب وعشاء) اور جس وقت صبح ہو (نماز فجر) اور اسی کی حمد ہے آسمانوں اور زمین میں اور پچھلے پہر کو (نمازِ عصر) اور جب تمہیں دن ڈھلے (نمازِ ظہر)

مسئلہ ہر مکلف یعنی عاقل بالغ پر نماز فرض عین ہے اسکی فرضیت کا منکر کافر اور جو قصداً چھوڑے اگرچہ ایک ہی وقت کی وہ فاسق ہے اور جو نماز نہ پڑھتا ہو قید کیا جائے یہاں تک کہ توبہ کرے اور نماز پڑھے۔ بلکہ امام مالک، شافعی، احمد رضی اللہ تعالےٰ عنہم کے نزدیک سلطانِ اسلام کو اس کے قتل کا حکم ہے۔ (بہارِ شریعت)

مسئلہ بچہ کی جب سات برس کی عمر ہو تو اسے نماز پڑھنا سکھایا جائے اور جب دس برس کا ہو جائے تو مار کر پڑھوانا چاہیئے۔ (ابوداؤد، ترمذی، بہارِ شریعت)

نماز کی اہمیت: اَقِیْمُوا الصَّلٰوۃَ وَلَا تَکُوْنُوْا مِنَ الْمُشْرِکِیْنَ (القرآن) نماز قائم کرو اور

Marfat.com

مشرکوں نہ ہو۔

اس سے معلوم ہوا کہ مومن کی ظاہری نشانی نماز قائم کرنا ہے۔ اور نماز کو چھوڑ دینا مشرکوں کی علامت ہے۔ اس لیے اس نشانی کو قائم کرنا ہر مسلمان کا فرضِ اوّلین ہے تاکہ مشرک سے مشابہت نہ ہو۔

۱ عَنْ اَنَسِ اِبْنِ مَالِكٍ اَنَّهٗ قَالَ كَانَتْ رُوْحُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ صَدْرِهٖ وَهُوَ يَقُوْلُ اُوْصِيْكُمْ بِالصَّلٰوةِ اُوْصِيْكُمْ بِالصَّلٰوةِ اُوْصِيْكُمْ بِالصَّلٰوةِ۔

انس بن مالک رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی روح پر فتوح نزع کے وقت سینہ میں تھی اور آپ فرماتے تھے میں تم کو نماز کی وصیت کرتا ہوں میں تم کو نماز کی وصیت کرتا ہوں میں تم کو نماز کی وصیت کرتا ہوں۔

۲ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصَّلٰوةُ عِمَادُ الدِّيْنِ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت فرماتے ہیں نماز دین کا ستون ہے۔

۳ لِكُلِّ شَيْءٍ عَلَمٌ وَعَلَمُ الْاِيْمَانِ الصَّلٰوةُ

ہر چیز کی علامت ہوتی ہے اور ایمان کی علامت نماز ہے۔

۴ وَعَنْ بُرَيْدَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم اَلْعَهْدُ الَّذِيْ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمُ الصَّلٰوةُ فَمَنْ تَرَكَهَا كَفَرَ۔

(احمد۔ ترمذی۔ نسائی۔ ابن ماجہ)

حضرت بریدہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ ہمارے اور منافقوں کے درمیان جو عہد ہے وہ نماز ہے۔ پس جس نے نماز کو چھوڑ دیا وہ کافر ہوا۔

۵ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ۔

حضرت ابوہریرۃ رضی اللہ تعالےٰ عنہ راوی

Marfat.com

قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
اِنَّ اَوَّلَ مَا یُحَاسَبُ بِہِ الْعَبْدُ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ
مِنْ عَمَلِہٖ صَلَاتُہٗ فَاِنْ صَلَحَتْ فَقَدْ
اَفْلَحَ وَاَنْجَحَ وَاِنْ فَسَدَتْ فَقَدْ خَابَ
وَخَسِرَ فَاِنِ انْتَقَصَ مِنْ فَرِیْضَتِہٖ شَیْئًا
قَالَ الرَّبُّ عَزَّوَجَلَّ انْظُرُوْا ھَلْ
لِعَبْدِیْ مِنْ تَطَوُّعٍ فَیُکَمَّلُ بِمَا انْتَقَصَ
مِنَ الْفَرِیْضَۃِ ثُمَّ تَکُوْنُ سَائِرُ اَعْمَالِہٖ
عَلٰی ھٰذَا۔ (ترمذی)

ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بیشک قیامت کے روز بندہ کے عمل سے سب سے پہلے جس چیز کا حساب لیا جائے گا، وہ نماز ہے پس اگر وہ ٹھیک ہوئی تو وہ کامیاب اور بامراد ہوگا۔ اور اگر وہ خراب ہوئی تو وہ نامراد اور خاسر ہوا۔ اگر اسکی فرض نماز میں کمی ہوئی تو اللہ تعالےٰ فرمائے گا دیکھو میرے بندہ کے نفل ہیں تاکہ اس کے فرضوں کی تکمیل ہوجائے پھر اس طرح اس کے باقی اعمال کا حال ہوگا۔

آپ کے سامنے قرآنِ پاک کی آیت کریمہ اور احادیث مبارکہ سے نماز کی اہمیت ظاہر ہے نماز کوئی چیز نہیں کہ جی چاہا پڑھ لی، مرضی نہ ہوئی چھوڑ دی، بلکہ سرورِ کائنات فخرِ موجودات صلی اللہ علیہ وسلم نے تو بوقت نزع بھی نماز کی تاکید فرمائی، لیکن ہم ہیں کہ اس کا خیال تک نہیں۔

نماز کے فضائل

ارشاد باری تعالےٰ ہے:

اِنَّ الصَّلٰوۃَ تَنْھٰی عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْکَرِ ط

بیشک نماز بے حیائی اور بُرے کاموں سے روکتی ہے۔

گویا انسانی زندگی کو سدھارنے کے لیے یہی عمل کافی ہے کہ جو بے حیائی اور بُرے کاموں سے بچنا چاہتا ہے۔ وہ نماز قائم کرے۔ نماز قائم کرنے سے بُرے کام خود بخود ترک ہوجائیں گے۔ قربان جائیں اس مالکِ حقیقی کے جس نے بُرائی سے بچنے کا علاج خود بتلا دیا کہ نماز تجھے پاک وصاف بنا کر میری بارگاہ میں حاضری کا شرف بخشے گی۔

Marfat.com

۱ حضرت انس رضی اللہ تعالےٰ عنہ فرماتے ہیں :-

كَانَ رَجُلٌ يُصَلِّيْ مَعَ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم لَا يَدَعُ شَيْئًا مِنَ الْفَوَاحِشِ اِلَّا ارْتَكَبَهٗ فَاُخْبِرُوا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِذَالِكَ فَقَالَ اِنَّ صَلَاتَهٗ تَنْهَاهُ يَوْمًا فَلَمْ يَلْبَثْ اَنْ تَابَ وَحَسُنَ حَالُهٗ فَقَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَكُمْ اِنَّ صَلَاتَهٗ تَنْهَاهُ يَوْمًا ۝ (نزہتہ المجالس جلد اوّل)

ایک شخص پانچوں نمازیں نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ پڑھتا پھر کوئی ایسا بُرا کام نہیں چھوڑتا مگر اسکو نہ کرتا تھا لوگوں نے اس کی خبر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو دی تو آپ نے فرمایا : ایک دن اس کی نماز اسکو (ان کاموں سے) روک دے گی۔ تھوڑی دیر نہ گذری کہ وہ تائب ہوگیا اور اپنا حال سنوار دیا تو حضور علیہ الصلوٰۃ و السلام نے فرمایا کیا میں نے تم کو نہیں کہا تھا کہ اسکی نماز ایک دن اسے روک دے گی۔

۲ : حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص سے گناہ ہوا، اس کے بعد اُسے گناہ کا احساس ہوا اور بارگاہِ رسالت میں حاضری دی اور اقبال جُرم کیا اس پر یہ آیت نازل ہوئی

اَقِمِ الصَّلٰوةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ وَزُلَفًا مِّنَ الَّيْلِ اِنَّ الْحَسَنٰتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّاٰتِ ؕ ذٰلِكَ ذِكْرٰى لِلذّٰكِرِيْنَ ۝

نماز قائم کر دن کے کناروں اور رات کے کچھ حصہ میں بیشک نیکیاں گناہوں کو دُور کرتی ہیں۔ یہ نصیحت ہے نصیحت ماننے والوں کے لیے۔

جب اس شخص نے اپنے گناہ معاف ہوتے دیکھے تو عرض کیا یا رسول اللہ اِلیٰ ھٰذَا۔ اے اللہ کے رسول کیا یہ میرے لیے خاص حکم ہے ؟ فرمایا لِجَمِيْعِ اُمَّتِيْ كُلِّهِمْ "میری ساری اُمت کے لیے ہے۔ (متفق علیہ)

۳ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ صَلٰوةٌ اَثْقَلَ عَلَى ۔

حضرت ابوہریرہ نے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ منافقوں پر فجر اور عشاء کی نمازوں

Marfat.com

الْمُنَافِقِيْنَ مِنَ الْفَجْرِ وَ الْعِشَآءِ وَلَوْ يَعْلَمُوْنَ مَا فِيْهِمَا لَاَتَوْهُمَا وَلَوْ حَبْوًا۔

(متفق علیہ)

سے زیادہ کوئی نماز بھاری نہیں۔ اگر ان کو ان کی فضیلت معلوم ہو جائے تو سرینوں پر چل کر آئیں

۴ وَعَنْ عُثْمَانَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلَّى الْعِشَاءَ فِيْ جَمَاعَةٍ فَكَاَنَّمَا قَامَ نِصْفَ اللَّيْلِ وَمَنْ صَلَّى الصُّبْحَ فِيْ جَمَاعَةٍ فَكَاَنَّمَا قَامَ اللَّيْلَ كُلَّهٗ (مسلم)

حضرت عثمان رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کہ جس شخص نے عشاء کی نماز جماعت سے پڑھی اُس نے آدھی رات عبادت کی اور جس نے صبح کی نماز جماعت سے ادا کی اس نے گویا ساری رات عبادت کی۔

۵ حضرت ابنِ عباس رضی اللہ تعالےٰ عنہ رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں۔ کہ جب بندہ نماز میں اَللّٰهُ اَكْبَرُ کہتا ہے تو گناہوں سے ایسا پاک ہو جاتا ہے گویا آج ہی پیدا ہوا ہے۔ اور سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ پڑھتا ہے تو اس کے ہر بال کے بدلے میں ایک سال کی عبادت لکھی جاتی ہے اور اس کی قبر میں وسعت کی جاتی ہے۔ اور جب اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ کہتا ہے تو اس کے سبب اس پر موت کے سکرات آسان ہوں گے اور جب بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ کہتا ہے تو اس کے سبب اللہ تعالےٰ اس لیے چار ہزار نیکیاں لکھتا ہے اور چار ہزار برائیاں معاف کرتا ہے۔ اور چار ہزار مرتبے بڑھاتا ہے اور جب فَاتِحَةِ الْكِتٰبِ (الحمد شریف) پڑھے گا تو گویا حج یا عمرہ کیا اور جب رکوع گیا تو گویا جبل اُحد کے برابر سونا صدقہ کیا اور جب سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيْمِ کہا تو گویا ہر کتاب جو اللہ نے (اپنے نبیوں پر) نازل فرمائی ہے پڑھ لی اور جب رکوع سے سر اُٹھا کر سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ کہتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسکو رحمت کی نظر سے دیکھتا ہے اور جب سجدہ کرتا ہے تو گویا قرآن کے حرفوں کے برابر غلام آزاد کرتا ہے۔ اور جب سُبْحَانَ رَبِّيَ الْاَعْلٰى کہتا ہے۔ تو اللہ تعالےٰ تمام شیطانوں اور آدمیوں اور جنوں کی مقدار نیکیاں لکھتا ہے اور جب اَلتَّحِيَّاتُ

Marfat.com

پڑھنے کو بیٹھتا ہے۔ تو جہاد کرنے والوں کا ثواب اللہ اس کو دیتا ہے اور سلام پھیر کر نماز سے فار
ہوتا ہے۔ تو دوزخ کے دروازے اُس پر بند کر دیے جاتے ہیں اور اللہ اس کے لیے جنّت کے آٹھوا
دروازے کھول دیتا ہے۔ جس سے چاہے بے خوف داخل ہو۔

۶ کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ — نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کو جب کوئی سخت
اِذَا حَزَنَہٗ اَمْرٌ فَزَعَ اِلَی الصَّلٰوۃِ — کام پیش آتا تو آپ نماز کی طرف متوجہ ہوتے

(مشکوٰۃ)

جیسا کہ قرآن پاک میں ارشاد ہے، جب کوئی دُکھ یا مصیبت آجائے تو نماز پڑھو، نماز سے
سب دُکھ درد مصیبتیں دُور ہو جائیں گی۔

یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اسْتَعِیْنُوْا بِالصَّبْرِ — اے ایمان والو مدد حاصل کرو صبر اور نماز سے،
وَالصَّلٰوۃِ ط اِنَّ اللّٰہَ مَعَ الصّٰبِرِیْنَ ط — بیشک اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔

۷ اَقْرَبُ مَا یَکُوْنُ الْعَبْدُ مِنَ الرَّبِّ — بندہ کو رب کے قریب ترین کر دینے وا
فِی الصَّلٰوۃِ۔ — نماز ہے۔

یعنی نماز کی حالت میں بندہ رب تعالےٰ جلّ واعلیٰ کے قریب ہوتا ہے۔

۸ اَلصَّلٰوۃُ مِعْرَاجُ الْمُؤْمِنِیْنَ۔ — نماز مومن کی معراج ہے۔

۹ قُرَّۃُ عَیْنِیْ فِی الصَّلٰوۃِ — حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم ارشاد فر
ہیں نماز میری آنکھوں کی ٹھنڈک ہے۔

۱۰ اَرِحْنِیْ یَا بِلَالُ — اے بلال (اذان دے کر) ہمیں راحت
(کہ نماز ادا کریں)

حکایت : بنی اسرائیل میں ایک نیک بخت اور صالحہ بی بی تھیں جو نماز کی بڑی پابند تھ
مگر اس کا خاوند کافر اور ظالم تھا۔ وہ اس بی بی کو نماز پڑھنے سے روکتا اور مارتا تھا مگر باوجود

Marfat.com

کے نماز نہ چھوڑتی، آخر کار شوہر نے ایک تجویز سوچی کہ کس طرح یہ نماز چھوڑے۔ اس نے کچھ مال عورت کو دیکر کہا کہ اس کو گھر میں محفوظ رکھ دو۔ بی بی نے وہ مال لے کر ایک جگہ رکھ دیا، کچھ دن بعد مرد نے وہ مال نکال کر دریا میں پھینک دیا۔ حکمتِ خداوندی یہ ہوئی کہ وہ مال ایک مچھلی نے نگل لیا۔ ماہی گیر نے وہ مچھلی پکڑی اور بیچنے کے لیے لایا۔ اس کافر ظالم نے وہ مچھلی خرید لی اور گھر لے آیا۔ اس صالحہ عورت نے وہ مچھلی بنائی تو مال مچھلی کے پیٹ سے نکلا۔ صالحہ عورت نے وہ مال سنبھال کر رکھ لیا۔ کئی دنوں کے بعد خاوند نے وہ مال مانگا، تو عورت نیک بخت نے وہ مال لاکر دے دیا۔ خاوند دیکھ کر عبرت کی بجائے اپنے ظلم پر آگیا اور عورت کو گرم تنور میں ڈال دیا۔ بی بی نے بارگاہِ خداوند قدوس میں عرض کیا! مولا: آج میری عزت و آبرو نماز کی برکت سے رکھ لے۔ چنانچہ اللہ تعالےٰ نے اُسی وقت تنور کو ٹھنڈا کر دیا اور اس نیک بی بی کو بچا لیا۔ (نزہتہ المجالس جلد اوّل)

فائدہ

دیکھا آپ نے ظالم و کافر خاوند کی سرپرستی میں بھی نیک صالحہ نے نماز نہ چھوڑی، اللہ ربّ العزّت نے اس پر آگ ٹھنڈی کر دی۔ اگر ہم چاہتے ہیں کہ دوزخ کی آگ ہم پر بھی ٹھنڈی ہو تو ہم بھی دل و محبّت سے نماز ادا کریں۔

نماز نہ پڑھنے کی برائی

ارشادِ باری تعالےٰ ہے:

۱ فَخَلَفَ مِنْ بَعْدِهِمْ خَلْفٌ اَضَاعُوا الصَّلٰوةَ وَاتَّبَعُوا الشَّهَوٰتِ فَسَوْفَ يَلْقَوْنَ غَيًّا ط

ان کے بعد ان کی جگہ وہ ناخلف آئے جنہوں نے نمازیں چھوڑیں اور اپنی خواہش کے پیچھے ہوئے عنقریب وہ دوزخ میں غی کا جنگل پائیں گے۔

(مریم)

۲ مَا سَلَكَكُمْ فِيْ سَقَرَ قَالُوْا

تم کو دوزخ میں کس چیز نے ڈالا تو دوزخی بولیں گے

Marfat.com

نَمْ نَكُ مِنَ الْمُصَلِّيْنَ ۙ (مدثر)

ہم نماز نہیں پڑھتے تھے۔

۳ فَوَيْلٌ لِّلْمُصَلِّيْنَ ۙ الَّذِيْنَ هُمْ عَنْ

ویل ہے ان نمازیوں کے لیے جو اپنی نماز سے بے خبر

صَلَاتِهِمْ سَاهُوْنَ ۙ (ماعون)

ہیں۔ (یعنی وقت گزار کر پڑھتے ہیں)

يَوْمَ يُكْشَفُ عَنْ سَاقٍ وَّ يُدْعَوْنَ

جس دن ایک ساق کھولی جائے گی اور سجدہ

اِلَى السُّجُوْدِ فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ۙ خَاشِعَةً

کو بلائیں جائیں گے۔ تو نہ کر سکیں گے نیچی نگاہیں

اَبْصَارُهُمْ تَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ ۭ وَقَدْ كَانُوْا

کئے ہوئے ان پر ذلت چڑھ رہی ہوگی اور بیشک

يُدْعَوْنَ اِلَى السُّجُوْدِ وَهُمْ سٰلِمُوْنَ

دنیا میں سجدہ کے لیے بلائے جاتے تھے۔ جب

(قلم)

تندرست تھے۔

پہلی آیت نمبر ۱ میں بے نمازی کے لیے "غی" کا ارشاد ہے۔ غی جہنم میں ایک وادی ہے جس کی گرمی اور گہرائی سب سے زیادہ ہے۔ اسمیں ایک کنواں ہے جس کا نام سہب ہے جب جہنم کی آگ بجھنے پر آتی ہے تو اللہ عزّ وجل اس کنواں کا منہ کھول دیتے ہیں، جس سے وہ بدستور بھڑکنے لگتی ہے یہ کنواں بے نمازوں، زانیوں، شرابیوں، سود خوروں اور ماں باپ کو ایذا دینے والوں کے لیے ہے۔ (بہارِ شریعت حصہ سوم)

آیت نمبر ۲ میں جنتی اور جہنمیوں کی گفتگو کا سلسلہ فرمایا جا رہا ہے، جب جنتی جنت میں اور دوزخی دوزخ میں ہوں گے۔ تو جنتی جہنمیوں کو دیکھ کر پوچھیں گے تم کو دوزخ میں کس چیز نے ڈالا جہنمی عرض کریں گے ہم نماز نہیں پڑھتے تھے، غور کا مقام ہے اللہ کا کلام سچا ہے لیکن نامعلوم ہم ابھی تک اتنی غفلت میں کیوں ہیں کہ نماز کی پرواہ تک نہیں۔

آیت نمبر ۳ میں ان نمازیوں کے لیے ویل ہے جو نماز تو پڑھتے ہیں لیکن بے وقت کر کے یا اکثر قضا کر کے۔ "استغفراللہ" ویل ایک وادی ہے۔ جس کی سختی سے جہنم بھی پناہ مانگتا ہے۔ جان بوجھ کر نماز قضا کرنے والے اس کے مستحق ہوں گے۔ جو نماز بالکل نہیں پڑھتے وہ خود سوچ لیں کیا کچھ ہوگا

Marfat.com

احادیث مبارکہ نماز نہ پڑھنے کی بُرائی میں

۱ قَالَ عَلَيْهِ السَّلَامُ تَارِكُ الصَّلٰوةِ لَا يَكُوْنُ مِنْ اُمَّتِيْ وَمَحْرُوْمٌ مِّنَ الْجَنَّةِ وَمَالُهٗ حَرَامٌ وَاَوْلَادُهٗ فَاسِقٌ وَطَعَامُهٗ حَرَامٌ وَلِبَاسُهٗ حَرَامٌ وَاَكْلُهٗ حَرَامٌ وَمَجْلِسُهٗ حَرَامٌ وَالنَّظَرُ اِلٰى وَجْهِهٖ حَرَامٌ وَالسَّلَامُ عَلَيْهِ حَرَامٌ۔

نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں۔ نماز چھوڑنے والا میری امت سے نہیں اور جنت سے محروم ہے اس کا مال حرام اُس کی اولاد فاسق، اس کا کھانا پہننا حرام، اس کے ساتھ بیٹھنا اس کا منہ دیکھنا اس پر سلام کرنا حرام ہے۔

۲ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّهٗ وَمَنْ لَّمْ يُصَلِّ صَلٰوةَ الْفَجْرِ لَمْ يَكُنْ فِيْ رِزْقِهٖ بَرَكَةٌ وَمَنْ لَّمْ يُصَلِّ صَلٰوةَ الظُّهْرِ لَمْ يَكُنْ فِيْ قَلْبِهٖ نُوْرٌ وَمَنْ لَّمْ يُصَلِّ صَلٰوةَ الْعَصْرِ لَمْ يَكُنْ فِيْ اَعْضَآئِهٖ قُوَّةٌ وَمَنْ لَّمْ يُصَلِّ صَلٰوةَ الْمَغْرِبِ لَمْ يَكُنْ فِيْ طَعَامِهٖ لَذَّةٌ وَلَمْ يُصَلِّ صَلٰوةَ الْعِشَآءِ لَمْ يَكُنْ مُؤْمِنًا فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ حضور علیہ السلام سے روایت کرتے ہیں کہ جو شخص فجر کی نماز نہ پڑھے اس کے رزق میں برکت نہ ہو۔ جو ظہر کی نماز نہ پڑھے اس کے دِل میں نور نہ ہو، جو کوئی عصر کی نماز نہ پڑھے اس کے اعضاء میں قوت نہ رہے۔ جو آدمی مغرب کی نماز ادا نہ کرے اس کے کھانے میں مزہ نہ ہو۔ اور جو عشاء کی نماز نہ پڑھے دُنیا و عقبیٰ میں مومن نہ ہو۔

۳ مَنْ حَافَظَ عَلَيْهَا كَانَتْ لَهٗ نُوْرًا وَّبُرْهَانًا وَّنَجَاةً يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَمَنْ لَّمْ

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ایک دن نماز کا ذِکر کرتے ہوئے فرمایا جو شخص نماز پر

Marfat.com

يُحَافِظُ عَلَيْهَا لَمْ تَكُنْ لَهُ نُوْرًا وَّلَا بُرْهَانًا وَّلَا نَجَاتًا وَّكَانَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مَعَ قَارُوْنَ وَ فِرْعَوْنَ وَهَامَانَ وَ اُبَيِّ بْنِ خَلَفٍ ۔

(احمد، بیہقی، مشکوٰۃ)

محافظت کرے گا، وہ نماز اس کیلئے نور، برہان اور نجات ہوگی، قیامت کے روز۔ اور جو شخص اس پر محافظت نہ کرے گا تو نماز اس کیلئے نہ نور، نہ برہان اور نہ نجات ہوگی اور وہ شخص قیامت کے دن قارون و فرعون اور ہامان اور اُبی بن خلف کے ساتھ ہوگا۔

۴ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَقِيْقٍ قَالَ كَانَ اَصْحَابُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَرَوْنَ شَيْئًا مِنَ الْاَعْمَالِ تَرْكُهُ كُفْرٌ غَيْرَ الصَّلٰوةِ

(ترمذی، مشکوٰۃ)

حضرت عبداللہ بن شقیق فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کسی عمل کے ترک کو کفر نہیں جانتے تھے سوائے نماز کے۔

۵ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ تَرَكَ وَقْتًا مِّنَ الصَّلٰوةِ فَكَاَنَّمَا ذَبَحَ نَفْسَهُ بِغَيْرِ سِكِّيْنٍ وَمَنْ تَرَكَ وَقْتَيْنِ فَكَاَنَّمَا يَكُوْنُ بَعِيْدًا مِّنْ رَحْمَةِ اللّٰهِ وَمَنْ تَرَكَ ثَلٰثَ اَوْقَاتٍ فَكَاَنَّمَا سَبَبَ ذِيْ رُوْحَ النَّبِيِّ عَلَيْهِ السَّلَامُ فِيْ قَبْرِهٖ وَمَنْ تَرَكَ اَرْبَعَ اَوْقَاتٍ فَكَاَنَّمَا اَنْكَرَ مِنْ كُلِّ كِتَابٍ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَمَنْ تَرَكَ خَمْسَ اَوْقَاتٍ يُنَادٰى بِسَخْطِهٖ اِسْمَعْ يَا عَاصِيْ اَنَا بَرِيْءٌ مِّنْكَ وَاَنْتَ بَرِيْءٌ مِّنِّيْ فَاخْرُجْ مِنَ الذُّنُوْبِ وَالْاَرْضِ وَاطْلُبْ

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے، جس نے نماز کا ایک وقت ترک کیا تو گویا اُس نے بغیر چھری کے اپنے آپ کو ذبح کیا اور جس نے دو وقت کی چھوڑی تو گویا وہ اللہ کی رحمت سے دُور ہوتا ہے۔ اور جو شخص تین وقت ترک کردے تو گویا حضور علیہ الصلوٰۃ کی روح مبارک کو اذیت دی اور جو چار وقت چھوڑ دے تو گویا خدا کی تمام کتابوں سے انکار کیا اور جو پانچ وقت ترک کریگا تو اُس سے ناراضگی کی منادی کردی جائیگی، کہ اے گنہ گار سُن! میں تجھ سے بیزار ہوں اور

Marfat.com

غَيْرَ اللهِ يَخْرُجُ عِنْدَ مَوْتِهٖ بِغَيْرِ تَوْبَةٍ — تو مجھ سے، پس آسمانوں اور زمین سے نکل جا۔ پھر وہ شخص بغیر توبہ کے مر جائے گا۔

فائدہ: آپ نے اس محبوب رب العالمین کا فرمان سُنا، جس کا نام لے کر ہم اسلام میں داخل ہوئے۔ وُہ اللہ کا حبیب رحیم وکریم صلی اللہ علیہ وسلم ہے جو لمحہ بہ لمحہ امتی کے فکر میں یارب میری امت کو بخش دے یارب میری امت کو بخش دے کی دعائیں کرتا رہا، اور ہم وہ ہیں جو نماز چھوڑ کر اُس رسولِ کریم کو تکلیف دیں۔ کیا ہم سے بھی زیادہ کوئی اور ظالم ہوگا۔ (العیاذ باللہ استغفر اللہ) مقام غور ہے جو رسول کریم کو ایذا دے وہ نجات کا کب حق دار ہوگا۔

حکایت:۔ بنی اسرائیل کی ایک عورت سیدنا موسیٰ علیہ السلام کے پاس آئی، عرض کرنے لگی، یا نبی اللہ میں نے ایک بڑا گناہ کیا ہے اور میں توبہ کرتی ہوں، آپ میرے لیے دُعا کریں کہ اللہ تعالیٰ میرے گناہ بخش دے۔ موسیٰ علیہ السلام نے پوچھا کیا گناہ کیا۔ عورت نے عرض کی کہ مجھ سے زنا ہوگیا تھا اور اس سے بچہ پیدا ہوا جس کو میں نے قتل کر دیا۔ موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا اے بدکار یہاں سے نکل جا، کہیں تیری نحوست سے ہم پر آسمان سے آگ نہ نازل ہو۔ جو ہم کو جلا ڈالے، عورت چلی گئی اتنے میں جبرائیل علیہ السلام نازل ہوئے اور کہا یا موسیٰ! اللہ تعالےٰ فرماتا ہے تو نے توبہ کرنے والی کو کیوں نکال دیا، کیا تو نے اس سے زیادہ بُرے شخص کو نہیں دیکھا۔ آپ نے پوچھا اس سے زیادہ بُرا کون ہے۔ فرمایا جو قصداً نماز کو چھوڑ دیتا ہے۔ (زواجر جلد اوّل)

حکایت: ایک شخص کی ہمشیرہ فوت ہوگئی جب اس کو دفن کیا تو ایک تھیلی روپوں کی غلطی سے قبر میں گر گئی، جب واپس آیا تو تھیلی یاد آئی، قبر کے پاس آیا اور مٹی ہٹائی تو دیکھا کہ بہن کو آگ جلا رہی ہے، یہ دیکھ کر قبر کو مٹی سے بند کر دیا اور روتا ہوا گھر واپس آیا۔ اماں جان سے پوچھا کہ بہن کیا عمل کرتی تھی والدہ نے وجہ پوچھی اس نے سارا واقعہ کہہ سُنایا۔ اماں جان رو پڑی اور کہنے لگی۔ تیری ہمشیرہ نماز پڑھنے میں سُستی کرتی تھی اور نماز اچھی طرح نہ پڑھتی تھی۔ (زواجر جلد اوّل)

Marfat.com

حکایت

کہتے ہیں ایک بزرگ سفر کرتے ہوئے دریا کے کنارے پر پہنچے، دیکھا تو دریا کی مچھلیاں ایک دوسرے کو کھا رہی ہیں، خیال کیا کہ دریا میں بھی قحط سالی کا اثر پیدا ہو گیا ہے۔ اتنے میں غیب سے آواز آئی، یہاں سے ایک بے نمازی گزرا جو پیاسا تھا اس نے پانی پینا شروع کیا، پانی چونکہ کھارا تھا اس لیے اس نے اپنے منہ میں سے پانی واپس دریا میں ڈال دیا۔ اس بے نمازی کے جھوٹے کی نحوست سے دریا میں قحط پڑ گیا۔ (نزہتہ المجالس جلد اوّل)

فائدہ

اس سے معلوم ہوا، بے نمازی سب سے بُرا ہے جیسا ان حکایات سے معلوم ہوا زانی سے بھی بُرا، بے نماز کی معیّت سے جانور بھی پناہ مانگتے ہیں، بلکہ نماز نہ پڑھنے والے کے باعث جانوروں پر بھی تنگی مصیبت آجاتی ہے۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلّم فرماتے ہیں کہ بے نماز سے سُور بھی پناہ مانگتا ہے، جسے ہم تمام مسلمان بُرا سمجھتے ہیں بلکہ اس کا نام لینا بھی پسند نہیں کرتے وُہ بھی اس بے نماز سے پناہ مانگتا ہے۔ اَب انصاف آپ خود کر سکتے ہیں کہ آیا ہم اللہ کی رحمت کے کتنے حقدار ہیں۔ اللہ ہم سے کتنا راضی ہے۔ ہم اللہ اَور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلّم کو کتنے خوش کرتے ہیں یا ناراض!

اَب حدیثِ پاک سنیئے:

عبرت ناک حدیث

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ارشاد ہے کہ ہر دن فرشتے شہروں کے کوچوں میں کہتے پھرتے ہیں، اُس خُدا کی تعریف ہے جس نے ہمیں فرشتہ پیدا کیا نہ بیل، اَور بیل کہتا ہے۔ اس اللہ کی تعریف جس نے مجھے بیل بنایا نہ اونٹ، اونٹ کہتا ہے حمد اُس اللہ کی جس نے مجھے اونٹ پیدا کیا نہ شیر۔ شیر کہتا ہے خدا کی تعریف جس نے مجھے شیر بنایا نہ گدھا، گدھا کہتا ہے۔ سب ثنا اُس اللہ کے لیے ہے جس نے مجھے گدھا بنایا نہ کتّا، کتّا کہتا ہے توصیف اس خُدا کی جس نے مجھے کتّا بنایا نہ سُور، سُور کہتا ہے

Marfat.com

ایسے اللہ کی حمد جس نے مجھے سُور بنایا، تارک الصلوٰۃ نہ بنایا۔

سبق : اس حدیث پاک سے ہمیں سبق ملتا ہے کہ وہ سُور جس کا گوشت پوست ہڈیاں بال سب حرام ہیں وہ بھی بے نماز آدمی سے اچھا ہے، ہم انسان ہیں، انسان کو اللہ تعالےٰ نے اشرف المخلوقات بنایا، یعنی سب سے افضل و اعلیٰ، رب تو ہمیں اعلےٰ بنائے۔ پھر اعلیٰ حبیب صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم عطا فرمایا جن کی امت بننے کے نبی بھی خواہش مند، یا اللہ تو ہمیں نبی نہ بنا، ہمیں اپنے حبیب کا امتی بنا دے۔ لیکن ہم کو اللہ نے اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کی امت میں بنا دیا، ہم خود اپنے آپ کو اس محبوب رب العالمین صلی اللہ علیہ وسلم کی غلامی سے باغی ہو کر باہر نکال رہے ہیں۔ رب تعالےٰ تو اپنے قریب کرے، ہم دُور جا دیں۔ ربِ قدوس تو حبیب صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی امت میں پیدا فرما دے، ہم اُمت سے باہر نکلیں، بُرے کام کر کے، بے نماز ہو کر، بے ادب ہو کر۔ (العیاذ باللہ)

نماز باجماعت

وَارْكَعُوْا مَعَ الرّٰكِعِيْنَ : ترجمہ رکوع کرو رکوع کرنے والوں کے ساتھ

مسئلہ : ہر عاقل و بالغ، قادر پر جماعت کے ساتھ نماز ادا کرنا واجب ہے بلا عُذر ایک بار بھی چھوڑنے والا گنہ گار اور مستحق سزا ہے اور کئی بار ترک کرے تو فاسق مردود الشہادت اور اس کو سخت سزا دی جائے گی۔ اگر پڑوسیوں نے سکوت کیا تو وہ بھی گنہگار ہوئے۔ (بہارِ شریعت)

مسئلہ جمعہ و عیدین کی نماز میں جماعت شرط ہے اور تراویح میں سنت کفایہ۔ (بہارِ شریعت)

نماز باجماعت کی فضیلت

قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰى خَلْفَ اِمَامٍ مُّتَّقِيٍ فَكَاَنَّمَا صَلّٰى خَلْفَ نَبِيٍّ	آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والتحیۃ فرماتے ہیں جس نے پرہیزگار امام کے پیچھے نماز پڑھی تو گویا (انبیاء)

Marfat.com

مِنْ بَنِیْ اِسْرَائِیْلَ وَمَنْ صَلّٰی خَلْفَ اِمَامٍ عَالِمٍ فَکَاَنَّمَا صَلّٰی خَلْفِیْ۔

بنی اسرائیل میں سے کسی کے پیچھے نماز پڑھی اور جس نے امام عالم کے پیچھے نماز پڑھی اس نے گویا میرے پیچھے نماز پڑھی۔

۲ ابی سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ جبرائیل علیہ السلام میرے پاس ظہر کے وقت ستر ہزار فرشتوں کے ہمراہ دو ہدیے لے کر آئے، میں نے دریافت کیا وہ کیا ہیں۔ کہا پہلا ہدیہ وقت پر پانچ نمازیں باجماعت۔ میں نے کہا میرے لیے اور میری امت کیلئے اس میں کیا ثواب ہے۔ کہا اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم جس وقت دو شخص جماعت میں نماز پڑھیں گے، اور تکبیرِ اولےٰ پالیں گے تو اللہ برتر ہر ایک کے واسطے ہر رکعت کے عوض ایک سو نمازیں لکھے گا اور جب تین ہوں گے تو ہر شخص کے لیے ہر رکعت میں تین سو نمازیں لکھے گا۔ اور اگر چار ہوں گے تو ہر آدمی کے واسطے ہر رکعت کے بدلے چھ سو نمازیں لکھے گا اور جو پانچ ہوں گے تو ہر ایک رکعت میں دو ہزار دو سو نمازوں کا ثواب دے گا اور اگر چھ ہیں تو ہر رکعت میں چار لاکھ آٹھ سو نمازیں لکھے گا اور سات ہوں گے تو ہر رکعت میں ستر لاکھ نمازیں لکھے گا۔ اور آٹھ ہیں تو انیس لاکھ کا ثواب دے گا اور نو ہوں گے تو ہر رکعت میں تین کروڑ آٹھ لاکھ کا ثواب عطا فرمائے گا اور دس ہوں گے تو ہر رکعت کے لیے چودہ کروڑ بارہ لاکھ ایک ہزار چھ سو نمازوں کا ثواب بخشے گا اور اگر دس سے زیادہ ہو جائیں گے تو اگر تمام زمین و آسمان کے دریا سیاہی بن جائیں اور تمام درخت قلم ہو جائیں اور تمام فرشتے اور آدمی لکھیں اور تمام زمین و آسمان اور تمام درختوں کے پتے کاغذ ہوں تب بھی ایک رکعت کا ثواب نہیں لکھ سکتے اور دوسرا ہدیہ وتر ہے۔

۳ ابوذر غفاری رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم فرماتے ہیں۔ ایک دن میرے پاس جبرائیل علیہ السلام نے آکر کہا اے محمد صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم جب مومن جماعت اور مسجد کو دوست رکھتا ہے تو دنیا سے نہیں جاتا جب تک جنت کی نہروں سے نہ پی لے اور اس کے میوے نہ کھالے۔ اور اپنے گھر کے سو آدمیوں کی شفاعت نہ کرے۔ اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جس نے

Marfat.com

فجر کی نماز جماعت اور تکبیرِ اُولیٰ سے پالی تو (یہ) اُس کے لیے بہتر ہے کہ کسی نبی کی ہمراہی میں ہزار غزوہ سے۔ پس جب مومن فجر کی نماز جماعت سے پڑھتا ہے تو خُدا تعالےٰ اُس کے لیے ہر رکعت کے عوض میں بارہ صدیقوں کا ثواب لکھتا ہے اور اگر ظہر کے وقت تک مر جائے تو شہید مرتا ہے اور جب ظہر کی نماز با جماعت پڑھتا ہے تو اللہ پر تو اُس کے واسطے ہر رکعت کے بدلے دو سو صدیقوں اور بارہ شہیدوں کا ثواب لکھتا ہے اور اگر عصر کے وقت تک فوت ہو جاتا ہے تو شہید فوت ہو جاتا ہے اور جس وقت عصر کی نماز با جماعت پڑھتا ہے اور ہر رکعت کے عوض پرہیزگاروں اور بارہ حاجیوں اور عمرہ کرنے والوں کا ثواب لکھتا ہے اور اگر مغرب تک مر جاتا ہے تو شہید مرتا ہے اور جو مغرب کی نماز جماعت سے پڑھے گا تو ہر رکعت میں خشوع کرنے والوں اور بارہ مقرب فرشتوں کا ثواب لکھے گا، اگر عشاء کے وقت مر جائے گا تو شہید مرے گا اور اگر عشاء کی نماز با جماعت پڑھے تو اس کے لیے ہر رکعت کے بدلے سالکوں اور بارہ پرہیزگار عالموں کا ثواب لکھیگا اور اگر اُس رات میں مر جائے گا تو شہید مرے گا۔ اور وتر کی نماز عشاء کی نماز کے ساتھ یا بعد سونے کے آخر رات میں پڑھے گا تو اس کو ہر رکعت میں سو غلام آزاد کرنے اور سو حج کرنے اور سو راتیں خُدا کی یاد میں جاگنے کا ثواب دے گا اور جو آدمی آدھی رات کو تہجد کی بارہ رکعتیں چھ سلاموں سے (دو، دو) پڑھے گا، اُس کو خُدا تعالےٰ صابرین زمرہ میں اُٹھائے گا اور اُس کے حساب میں تخفیف کرے گا۔

۴ وَعَنْ اَبِی الدرداء قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَامِنْ ثَلٰثَۃٍ فِیْ قَرْیَۃٍ وَّلَا بَدْوٍ وَلَا تُقَامُ فِیْھِمُ الصَّلٰوۃُ اِلَّا قَدِ اسْتَحْوَذَ عَلَیْھِمُ الشَّیْطَانُ فَعَلَیْکَ بِالْجَمَاعَۃِ فَاِنَّمَا یَاْکُلُ الذِّئْبُ الْقَاصِیَۃَ۔

(احمد۔ ابوداؤد، نسائی)

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ تعالےٰ عنہ کہتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جس گاؤں یا جنگل میں تین آدمی ہوں اور وہ نماز جماعت سے نہ پڑھیں تو شیطان ان پر غالب ہو جاتا ہے، پس جماعت کو تم ضروری سمجھو اس لیے کہ تنہا بھیڑ کو بھیڑیا کھا جاتا ہے۔

۵ وَعَنِ ابْنِ مسعود قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں فرمایا

Marfat.com

صَلّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ صَلٰوۃُ الْمَرْأَۃِ فِی بَیْتِہَا اَفْضَلُ مِنْ صَلٰوتِہَا فِیْ حُجْرَتِہَا وَصَلٰوتُہَا فِیْ مَخْدَعِہَا اَفْضَلُ مِنْ صَلٰوتِہَا فِی بَیْتِہَا۔

(ابوداؤد)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ عورت کی نماز گھر کے اندر بہتر ہے۔ صحن کی نماز سے اور عورت کی نماز کوٹھری میں بہتر ہے کھلے ہوئے مکان سے۔

۶ عَنِ ابن عمر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صَلٰوۃُ الْجَمَاعَۃِ تَفْضُلُ صَلٰوۃَ الْفَذِّ بِسَبْعٍ وَعِشْرِیْنَ دَرَجَۃً" (متفق علیہ)

ابن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے باجماعت نماز تنہا پڑھنے سے ستائیس درجہ بڑھ کر ہے۔

۷ عَنْ عثمان بن عفان قَالَ قَالَ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مَنْ شَہِدَ الْعِشَاءَ فِیْ جَمَاعَۃٍ کَانَ لَہٗ قِیَامُ نِصْفِ لَیْلَۃٍ وَمَنْ صَلَّی الْعِشَاءَ وَالْفَجْرَ فِیْ جَمَاعَۃٍ کَانَ لَہٗ کَقِیَامِ لَیْلَۃٍ۔ (ترمذی)

حضرت عثمان بن عفان راوی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو عشاء باجماعت پڑھے اسکو آدھی رات کے قیام کا ثواب اور جو عشاء اور فجر جماعت کے ساتھ پڑھے اس کو ساری رات کے قیام عبادت کا ثواب ملتا ہے۔

فائدہ : آپ نے احادیث مبارکہ کی روشنی میں نماز باجماعت کی فضیلت کو پڑھا۔ سبحان اللہ کیا کرم خداوندی ہے۔ کہ جس نے عالم کے پیچھے نماز پڑھی گویا حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے نماز پڑھی۔ کیسی خوشی کا مقام ہے۔ ہر نماز کو باجماعت پڑھنا چاہیئے۔ حدیث نمبر ۲، ۳ میں نماز باجماعت کا ثواب جو حضور ارشاد فرماتے ہیں اس کے علاوہ انسانی طاقت سے باہر ہے۔ محض فضلِ خداوندی ہے۔ کہ معمولی سے وقت میں اتنا ثواب عطا فرما دیں۔ اللہ تعالےٰ اپنے حبیب پاک علیہ الصلوٰۃ والسلام کی طفیل ہم سب مسلمانوں کو نماز باجماعت کی توفیق دیں۔ آمین

Marfat.com

ترک جماعت کے اعذار

مسئلہ: مریض[۱] جسے مسجد تک جانے میں مشقت ہو۔ اپاہج[۲] جس کا پاؤں[۳] کٹ گیا ہو، جس پر فالج[۴] گرا ہو۔ اتنا بوڑھا[۵] کہ مسجد تک جانے سے عاجز ہو، اندھا[۶] سخت[۷] بارش، شدید کیچڑ[۸] کا حائل ہونا، سخت سردی[۹]، سخت[۱۰] تاریکی، آندھی[۱۱]، مال یا کھانے کے تلف ہونے[۱۲] کا اندیشہ، قرضخواہ[۱۳] کا خوف اور یہ تنگ دست ہے ظالم[۱۴] کا خوف، پاخانہ[۱۵]، پیشاب[۱۶]، ریاح[۱۷] کی حاجت شدید ہے۔ کھانا[۱۸] حاضر ہے اور نفس کو اس کی خواہش، قافلہ[۱۹] چلے جانے کا اندیشہ ہے، مریض کی تیمارداری[۲۰] کہ جماعت کے لیے جانے سے اُس کو تکلیف ہوگی یا گھبرائے گا۔ یہ سب ترک جماعت کے عُذر ہیں۔ (درمختار، بہارِ شریعت)

مسئلہ: عورتوں کو کسی نماز میں جماعت کی حاضری جائز نہیں۔ دن کی نماز ہو یا رات کی، جمعہ یا عیدین خواہ وہ جوان ہوں یا بڑھیاں، یونہی وعظ کی مجلس میں بھی جانا جائز نہیں ہے۔ (درمختار، بہارِ شریعت) خاصکر موجودہ وقت میں تو عورتوں کا گھر سے نکلنا خطرہ سے خالی نہیں۔ عورتوں کے لیے حدیث نمبر ۵ میں ارشاد ہے گھر میں پھر کوٹھری میں نماز ادا کرنا زیادہ ثواب ہے۔

تکبیر اولےٰ کی فضیلت

۱ قَالَ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ تَكْبِيْرَةُ الْاُوْلٰى خَيْرٌ مِّنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيْهَا فَمَنْ وَجَدَ تَكْبِيْرَةَ الْاُوْلٰى مَعَ الْاِمَامِ اَفْضَلُ مِنْ اَنْ يَّتَصَدَّقَ اَلْفَ اِبِلٍ فِيْ بَيْتِ اللّٰهِ ؛

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں، تکبیر اولیٰ دنیا و ما فیہا سے بہتر ہے جس نے تکبیر اولیٰ امام کے ساتھ پالی تو اس سے بہتر ہے کہ ہزار اونٹ کعبہ شریف میں صدقہ دے۔

۲ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے

Marfat.com

أَتَانِي جِبْرَائِيْلُ عليه السلام مَعَ سَبْعِيْنَ أَلْفَ مَلَكٍ بَعْدَ صَلٰوةِ الْفَجْرِ وَقَالَ يَا مُحَمَّدُ تَكْبِيْرَةُ الْأُوْلٰى يُدْرِكُهَا الْمُؤْمِنُ مَعَ الْإِمَامِ خَيْرٌ لَّهُ مِنْ سَبْعِيْنَ حَجَّةٍ وَعُمْرَةٍ۔

فرمایا، میرے پاس جبرائیل علیہ السلام نماز فجر کے بعد ستر ہزار فرشتوں کے ساتھ آئے اور کہا یا محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) تکبیر اولیٰ جو مسلمان امام کے ساتھ پالے تو ستر حج و عمرہ سے بہتر ہے۔

تکبیر اولیٰ نہ پانے کی برائی

وَجَاءَ فِي الْأَخْبَارِ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم كَانَتْ ثَلٰثَةُ أَوْقَاتٍ يَكُوْنُ اسْتِمْرَارُ الْأَرْضِ وَتَحَرُّكُ الْعَرْشِ وَالْكُرْسِيِّ وَاللَّوْحِ وَالْقَلَمِ الْأَوَّلُ حِيْنَ يَبْكِي الْيَتِيْمُ وَالثَّانِي حِيْنَ يَغْسِلُ الزَّانِي وَالثَّالِثُ حِيْنَ يَفُوْتُ تَكْبِيْرَةُ الْأُوْلٰى مِنَ الْمُسْلِمِ فَيَقُوْلُوْنَ كُلُّهُمْ يَا رَبِّ أَنْ تَأْمُرَ الْأَرْضَ أَنْ تَسْقُطَ عَلَيْهِمْ فَيَقُوْلُ الْأَرْضُوْنَ يَا رَبِّ إِنْ تَحْكُمْ لِيْ فِيْ هٰذِهِ السَّاعَةِ أَنْشَقُّ حَتّٰى أَغْرَقَهُمْ فَأَهْوِيَ بِهِ تَحْتَ أَرْضِيْنَ السُّفْلٰى فَيَقُوْلُ اللهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى اِصْبِرُوْا يَا مَخْلُوْقِيْ لِأَنَّهُمْ عِبَادِيْ مَنِّيْ لَعَلَّهُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ فَأَتُوْبَ إِلَى الْجَمِيْعِ فَقَالَ اللهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى

حدیث میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل ہے کہ تین وقت آسمان اور زمین روتے ہیں۔ اور عرش و کرسی لوح و قلم کانپتے ہیں ۱ جب یتیم روتا ہے ۲ جب زانی غسل کرتا ہے ۳ جب مسلمان کی تکبیر اولیٰ فوت ہو جاتی ہے اور کہتے ہیں اے اللہ ہم کو اجازت دے کہ ہم ان کے اوپر گر پڑیں زمین کہتی ہے پروردگار اگر حکم کرے تو میں اس وقت ان کو غرق کر کے جہنم تک پہنچا دوں، رب العزت فرماتا ہے، صبر کرو اس واسطے کہ وہ میرے بندے ہیں، شاید وہ مغفرت چاہیں۔ تو میں اپنی رحمت سے ان کی توبہ قبول کروں۔

Marfat.com

عَلَیْھِمْ بِالرَّحْمَتِہٖ ؛

فائدہ : اس سے معلوم ہوا کہ تکبیرِ اولیٰ کا فوت ہو جانا کتنا سخت عظیم گناہ ہے جو زانی کی مثل ہے، زانی تو پھر بھی چھُپ کر زنا کرتا ہے لیکن ہم علی الاعلان تکبیرِ اولیٰ تو کیا نماز کی بھی پرواہ نہیں کرتے۔ اس سے سبق حاصل کرنا چاہیئے۔

ایک واقعہ

ایک دفعہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے چار سو اونٹ اور چالیس غلام چوری ہو گئے آپ کے پاس حضورِ اقدس تشریف لائے تو آپ نے صدیق کو غمزدہ پایا۔ آپ نے غم کی وجہ پوچھی، حضرت صدیق نے چوری کا قصہ بیان کیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سُن کر فرمایا کہ میں نے خیال کیا تھا کہ شاید صدیق (رضی اللہ عنہ) کی تکبیرِ اولیٰ فوت ہو گئی، جس کی وجہ سے غمزدہ نظر آتے ہیں۔ صدیق نے عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تکبیرِ اولیٰ کا فوت ہونا اتنا بڑا ہے فرمایا کہ اگر کسی کے اتنے اونٹ ہوں جس سے ساری زمین بھری ہوئی ہو وہ سب مر جائیں تو اتنا افسوس و غم نہیں ہوگا۔ جتنا تکبیرِ اولیٰ کے فوت ہو جانے کا افسوس ہے۔ (نزہۃ المجالس)

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ

سے روایت ہے کہ جو شخص طالب علم کو ایک درہم دے گا، تو اُس کے مقابل میں خدائے برتر نو ہزار دینار دُنیا میں دے گا اور اگر اُس کو دُنیا میں نہ ملے تو اس قدر اُس کو ثواب آخرت میں ملیگا اور اگر اللہ مجھ کو توفیق دے کہ تمام دُنیا کا مال فقراء و مساکین پر تصدق کر دوں، پھر مال نہ ملنے کی وجہ سے وہ ثواب فوت ہو جائے تو میں اُس ثواب پر اتنا غم نہ کروں، جتنا پنج وقت نماز کی تکبیرِ اولیٰ کے ثواب پر غم کروں۔

Marfat.com

نماز باجماعت نہ پڑھنے کی بُرائی

عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ رضی اللہ عنہ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ لَقَدْ ھَمَمْتُ اَنْ اٰمُرَ بِحَطَبٍ ثُمَّ اٰمُرَ بِالصَّلٰوۃِ فَیُؤَذَّنُ لَھَا ثُمَّ اٰمُرَ رَجُلًا فَیَؤُمُّ النَّاسَ ثُمَّ اُخَالِفَ اِلٰی رِجَالٍ لَا یَشْھَدُوْنَ الصَّلٰوۃَ فَاُحَرِّقَ عَلَیْھِمْ بُیُوْتَھُمْ۔

(متفق علیہ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے، بیشک میں ارادہ کرتا ہوں کہ لکڑیوں کے جمع کرنے کا حکم دوں جب وہ اکٹھی ہو جائیں تو نماز کا حکم دوں پس اس کے لیے اذان دی جائے پھر ایک شخص کو حکم دوں جو لوگوں کو نماز پڑھائے پھر ایسے لوگوں کی طرف جاؤں جو نماز میں حاضر نہیں ہوتے اور ان کے گھروں کو جلا دوں۔

دوسری جگہ اتنا زیادہ ہے کہ اگر گھروں میں عورتیں اور بچے نہ ہوتے تو گھروں کو جلانے کا حکم دیتا۔ (مشکوٰۃ)

فائدہ : نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم وہ رحیم وکریم ہیں جن کے متعلق قرآن شاہد ہے کہ اپنی امت کی معمولی سی تکلیف بھی برداشت نہیں فرما سکتے عزیز علیہ ما عَنِتُّمْ حَرِیْصٌ عَلَیْکُمْ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رؤف الرحیم۔ نماز باجماعت کے متعلق ارشاد فرماتے ہیں کہ اگر عورتیں اور بچے نہ ہوتے تو گھروں کو جلانے کا حکم دیتے معلوم ہوتا ہے ۱ اس میں بیشمار فوائد ہیں جو ہماری نگاہوں سے پوشیدہ ہیں۔ جو نگاہِ نبوت کے سامنے ہیں۔ ۲ ہمارا اپنے گھروں میں بیٹھ رہنا جب کہ اذان وجماعت ہو حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو بہت بُرا لگتا ہے۔

۲ وَعَنِ ابن عباسٍ عَنِ النبی صلی اللہ علیہ وسلم حضرت ابن عباس کہتے ہیں فرمایا نبی کریم صلی اللہ

Marfat.com

قَالَ مَنْ سَمِعَ النِّدَآءَ فَلَمْ يُجِبْهُ فَلَاصَلٰوةَ لَهٗ اِلَّا مِنْ عُذْرٍ (دار قطنی)

علیہ وسلم نے کہ جس نے اذان کو سُنا اور اس کا جواب نہیں دیا اور مسجد میں جماعت میں حاضر نہ ہوا۔ تو اس کی نماز نہیں ہے مگر کسی عُذر سے۔

حکایت : حضرت عمر فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ کی ایک دن جماعت چھوٹ گئی تو آپ بڑے پریشان ہوئے ایک لاکھ درم کی زمین صدقہ کی۔ آپ کے شہزادے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کا دستور تھا کہ جس دن کوئی جماعت چھوٹ جاتی اسی دن روزہ رکھتے اور ساری رات عبادت میں گزار دیتے۔

(کیمیا سعادت)

حضرت عارفِ باللہ ابوسلیمان درّانی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جماعت چھوٹنا کسی گناہ کی وجہ سے ہوتا ہے۔ اگر کوئی گناہ سرزد ہو جاتا ہے تو جماعت کی نعمت ہاتھ سے نکل جاتی ہے۔ (نزہتہ المجالس جلد اوّل)

حکایت : حضرت حاتم اصم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔ کہ ایک دن میں ایک نماز با جماعت ادا نہ کر سکا تو حضرت ابواسحاق بخاری نے اس پر میری تعزیت کی، پھر آپکو بطور افسوس فرماتے ہیں کہ اگر میرا بچہ مرجاتا تو کئی ہزار کی تعداد میں میری تعزیت کرتے۔ فرماتے ہیں افسوس ہے کہ دُنیا داروں کے نزدیک دین کی مصیبت دُنیا کی مصیبت سے آسان ہے۔ (احیاء العلوم جلد اوّل)

نماز کے ارکان پورا کرنے کی فضیلت و مذمّت

۱ قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ صَلٰوتِهِمْ خٰشِعُوْنَ ط

بیشک مراد کو پہنچے ایمان والے جو اپنی نماز میں خشوع کرتے ہیں۔

۲ اِذَا قَامُوْٓا اِلَى الصَّلٰوةِ قَامُوْا كُسَالٰى يُرَآءُوْنَ النَّاسَ وَلَا يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ اِلَّا قَلِيْلًا ۝

جب منافقین نماز کے لیے کھڑے ہوتے ہیں، تو سُستی سے کھڑے ہوتے ہیں اور اللہ کا ذکر بہت تھوڑا کرتے ہیں۔

Marfat.com

ط وَقَالَ اِنَّهٗ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَالَ اَحْسَنَ الرَّجُلُ فِيْهَا صَلٰوةً فَاَتَمَّ رُكُوْعَهَا وَسُجُوْدَهَا وَاَرْكَانَهَا فَقَالَتِ الصَّلٰوةُ حَفِظَكَ اللّٰهُ كَمَا حَفِظْتَنِيْ فَتُرْفَعُ وَاِذَا سَاءَتِ الصَّلٰوةَ لَمْ يُتِمَّ رُكُوْعَهَا وَسُجُوْدَهَا وَاَرْكَانَهَا فَقَالَتِ الصَّلٰوةُ ضَيَّعَكَ اللّٰهُ كَمَا ضَيَّعْتَنِيْ تُلُفَّ كَمَا يُلَفُّ الثَّوْبُ الْخَلَقُ فَيُضْرَبُ بِهَا وَجْهُهٗ۔

اور آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں، کہ آدمی جب نماز میں رکوع سجدہ تمام ارکان کو اچھی طرح ادا کرتا ہے۔ تو نماز کہتی ہے اللہ تیری حفاظت کرے جیسے تو نے میری حفاظت کی اور جو نماز کے رکوع سجود اور اس کے ارکان کو اچھی طرح ادا نہیں کرتا تو نماز کہتی ہے خدا تجھے برباد کرے جس طرح تو نے مجھے ضائع کیا، پھر وہ نماز پرانے کپڑے کی طرح لپیٹ کر اس کے منہ پر ماردی جاتی ہے۔

ي وَعَنِ الْحَسَنِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عليه وسلم قَالَ اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِاَسْوَاَ النَّاسِ سَرِقَةً قَالُوْا مَنْ هُوَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عليه وسلم قَالَ الَّذِيْ يَسْرِقُ مِنْ صَلٰوتِهٖ ۔ ۔ ۔

آگ لگ گئی۔ آپ اُسی مکان میں نماز پڑھتے رہے۔ جب وہ لوگوں نے آگ کو بجھا دیا۔ حضرت مسلم بن یسار نے لیلۃ معلوم ہوا، کہ گھر کو آگ لگی تھی۔ (غنیۃ الطالبین)

تنبیہ: اوس بن اوس کہتے ہیں کہ زاہد اصم حاتم، عنہ کہا اے حاتم تم نماز اچھی طرح پڑھتے ہو انہوں نے کہا ہاں، کہا ہیں اللہ تعالےٰ فرماتا ہے کہ میرے بندوں پر نماز کا وقت ہوتا ہے تو اچھی طرح وضو کرتا ہوں پھر اس جگہ کھڑا ہوتا ہوں برساتو۔ تک کہ میرا ہر عضو ٹھہر جاتا ہے اور کعبہ کو پلکوں کے سامنے دیکھتا ہوں اور مقاتل رحمۃ اللہ روایت کرتے ہیں فرمایا رسول اللہ اور اللہ میرے اوپر ہے۔ میرے دل کا حال جانتا ہے۔ میرے قدم پل صراط پر ہیں نے جمعہ کا دن اللہ کے نزدیک سیدھے ہاتھ اور دوزخ اُلٹے ہاتھ کو، ملک الموت میرے پیچھے ہوتے ہیں۔ اور یہ میری بزرگ ہے عید الفطر اور ہے۔ پھر اچھی طرح تکبیر کہتا ہوں، پھر غور سے قرأت پڑھتا ہوں، پھر تواضع سے رکوع کرتا ہوں، ساعت ایسی تضرع سے سجدہ کرتا ہوں پھر اچھی طرح بیٹھتا ہوں، پھر التحیات پڑھتا ہوں اور مسنون طریقہ سے سلام پھیرتا ہوں، کسی چیز کا ہوں، پھر اسکو خلوص سے تمام کرتا ہوں۔ اور خوف و رجا کے درمیان کھڑا ہوتا ہوں۔ پھر صبر پر معاہدہ برتر کرتا ہوں،

عصام نے کہا اے حاتم ایسی نماز کب سے پڑھتے ہو، کہا تیس برس سے۔ پس عصام رونے کہا میں نے ایسی نماز کبھی نہیں پڑھی، پھر بیہوش ہو کر گر پڑھے اور انتقال کر گئے۔

فائدہ: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں:۔

أَعْبُدُ اللّٰهَ كَأَنَّكَ تَرَاهُ فَإِنْ لَّمْ تَكُنْ تَرَاهُ فَإِنَّهُ يَرَاكَ۔

نماز (عبادت) اس طرح سے ادا کر کہ تو اللہ تعالےٰ کو دیکھ رہا ہے۔ (اگر یہ نہ ہو سکے تو یوں سمجھ، کہ اللہ تعالےٰ تجھے دیکھ رہا ہے۔

وَرُوِيَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّهُ قَالَ إِنَّ الرَّجُلَيْنِ يَقُوْمَانِ

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت ہے کہ دو شخص نماز میں کھڑے ہوتے ہیں ان کا سجود

Marfat.com

قَالَ مَنْ تَرَكَ الْجُمُعَةَ مِنْ غَيْرِ ضَرُوْرَةٍ كُتِبَ مُنَافِقًا فِيْ كِتَابٍ لَا يُمْحٰى وَلَا يُبَدَّلُ وَفِيْ بَعْضِ الرِّوَايَاتِ ثَلٰثًا (شافعی)

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جس شخص نے بلاوجہ نماز جمعہ کو ترک کیا وہ اس کتاب میں منافق لکھا جاتا ہے جس کی تحریر نہ مٹائی جاسکتی ہے، اور نہ تبدیل ہوسکتی ہے اور بعض روایات میں یہ الفاظ تین مرتبہ درج ہیں۔

۶ وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَعَلَيْهِ الْجُمُعَةُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ اِلَّا مَرِيْضٌ اَوْ مُسَافِرٌ اَوِ امْرَاَةٌ اَوْ صَبِيٌّ اَوْ مَمْلُوْكٌ فَمَنِ اسْتَغْنٰى بِلَهْوٍ اَوْ تِجَارَةٍ اِسْتَغْنَى اللّٰهُ عَنْهُ وَاللّٰهُ غَنِيٌّ حَمِيْدٌ۔ (دارقطنی)

حضرت جابر کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اللہ پر اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتا ہے اس پر جمعہ کے دن کی نماز واجب ہے مگر مریض، مسافر، عورت، بچہ اور غلام اس سے مستثنیٰ ہیں ان پر نمازِ جمعہ فرض نہیں، پس جو شخص نمازِ جمعہ سے بے پرواہی اختیار کرے یا لہو ولعب میں مشغول ہے یا تجارت میں محو ہے اللہ اس سے بے پرواہ ہے اللہ بے پرواہ تعریف کیا گیا۔

حکایت: ایک شخص سمرقند کا رہنے والا بڑا فاسق و فاجر تھا وہ بیان کرتا ہے کہ میری توبہ کا سبب یہ بنا، کہ ایک دن جمعہ کا تھا، میرے لئے کئی کام جمع ہو گئے جن کا کرنا اُسی دن بلکہ اُسی وقت ضروری تھا، نمازِ جمعہ کا وقت بھی قریب آگیا، جو کام ضروری تھے وہ یہ تھے ۱ میرا گدھا جنگل کو بھاگ گیا تھا اس کی تلاش ضروری تھی ۲ میرا باغ خشک ہو رہا تھا اس کو پانی دینا ضروری تھا اور پانی کی باری بھی اُسی وقت تھی۔ اب اگر پانی نہ لگایا پھر کئی دنوں بعد باری پانی کی آئے گی۔ ۳ چکی پر آٹا پسا ہوا پڑا تھا جس کو گھر لانا ضروری تھا۔ وقت جمعہ بھی بالکل قریب تھا۔ آخر کار میں نے سب کام چھوڑ دیے اور خود نمازِ جمعہ پڑھنے چلا گیا۔

Marfat.com

نمازِ جمعہ پڑھ کر جب گھر واپس آیا تو معلوم ہوا کہ ہمسایہ کی زمین کا پانی ٹوٹ کر میرے باغ میں پہنچ گیا ہے یعنی میرا باغ سیراب ہو گیا ہے۔ گدھا جو جنگل میں بھاگ گیا تھا اس کے پیچھے ایک بھیڑیا لگ گیا جس کے ڈر سے وہ گھر پہنچ گیا۔ پسا ہوا آٹا بھی خود بخود گھر پہنچ چکا تھا۔ ایک شخص غلطی سے میری آٹا کی بوری اُٹھا کر لے جا رہا تھا، میرے گھر والوں نے اپنی بوری پہچان لی اور آٹا گھر رکھوا لیا جب میں نے دیکھا کہ میرے سب کام میرے جمعہ نماز پر جانے سے خود بخود ہو گئے ہیں تو میں نے گناہوں سے توبہ کر لی اور ہمیشہ کے لیے نماز کا پابند ہو گیا ہوں۔ (نزہتہ المجالس جلد اوّل)

سبق: محض ایک نمازِ جمعہ کی برکت سے ایک گناہ گار کے سب کام ہو گئے اور فضلِ خداوندی یہ بھی ہوا کہ توبہ بھی نصیب ہو گئی اور ہم دُہ ہیں کہ نمازِ جمعہ ترک کر کے گنہ گار ہوتے ہیں۔

حرفِ آخر

پس نماز کو پوری طرح ادا کرنا چاہیئے۔ تعدیلِ ارکان رکوع و سجود اور قومہ و جلسہ اچھی طرح بجا لانا چاہیئے۔ دوسروں کو بھی محبت سے کہنا چاہیئے کہ نماز کو کامل طور پر ادا کریں اور طمانیت اور تعدیل ارکان میں کوشش کریں۔ کیوں کہ اکثر لوگ اس دولت سے محروم ہیں اور یہ عمل ترک ہو رہا ہے، اس عمل کا زندہ کرنا دین کی ضروریات میں سے ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا ہے جو شخص میری کسی مُردہ سنّت کو زندہ کرتا ہے۔ اس کو سَو شہید کا ثواب مِلتا ہے اور جماعت کے ساتھ نماز ادا کرتے وقت صفوں کو برابر کرنا چاہیئے۔ نمازیوں میں سے کوئی شخص آگے پیچھے کھڑا نہ ہو۔ کوشش کرنی چاہیئے کہ سب ایک دوسرے کے برابر ہوں۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پہلے صفوں کو درست کیا کرتے تھے پھر تحریمہ کہا کرتے تھے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا ہے کہ صفوں کو درست کرنا نماز کی اقامت ہے۔

رَبَّنَا اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّهَيِّئْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا۔

Marfat.com

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنَا مِنَ الْمُصَلِّیْنَ الْمُفْلِحِیْنَ بحرمتِ سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم
یارب اپنے پاس سے ہم پر رحمت نازل فرما اور ہمارے کاموں میں ہمارے لیے
ہدایت دے۔ یا اللہ ہمیں بحرمتِ سید المرسلین وہ نماز پڑھنے کی توفیق دے
جس سے ہم نجات پائیں۔

زکوٰۃ

۱ وَالَّذِیْنَ ھُمْ لِلزَّکٰوۃِ فٰعِلُوْنَ — اور فلاح پاتے ہیں جو زکوٰۃ ادا کرتے ہیں۔
۲ وَاَقِیْمُوا الصَّلٰوۃَ وَاٰتُوا الزَّکٰوۃَ — نماز قائم کرو اور زکوٰۃ دو اور رکوع کرنے
وَارْکَعُوْا مَعَ الرّٰکِعِیْنَ۔ — والوں کے ساتھ رکوع کرو۔

مسئلہ: زکوٰۃ فرض ہے اس کا منکر کافر اور نہ دینے والا فاسق اور قتل کا مستحق اور ادا میں
دیر کرنے والا گنہگار و مردود الشہادۃ ہے۔ (عالمگیری بہارِ شریعت)

زکوٰۃ دینے کی فضیلت

۱ مَثَلُ الَّذِیْنَ یُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَھُمْ فِیْ — اُن کی کہاوت جو اپنے مال اللہ کی راہ میں خرچ
سَبِیْلِ اللّٰہِ کَمَثَلِ حَبَّۃٍ اَنْۢبَتَتْ سَبْعَ — کرتے ہیں اس دانہ کی ہے جس سے سات بالیں
سَنَابِلَ فِیْ کُلِّ سُنْۢبُلَۃٍ مِّائَۃُ حَبَّۃٍ ؕ — نکلیں ہر بال میں سو دانے اور اللہ جسے چاہتا
وَاللّٰہُ یُضٰعِفُ لِمَنْ یَّشَآءُ ؕ وَاللّٰہُ وَاسِعٌ — ہے اور زیادہ کرتا ہے۔ اللہ وسعت والا
عَلِیْمٌ ۝ (پ ۳ سورۃ بقر آیت ۲۶۱) — اور بڑا علم والا ہے۔

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ ھٰذِہٖ — حضرت ابن عباس کہتے ہیں کہ جس وقت

Marfat.com

الْاٰيَةُ وَالَّذِيْنَ يَكْنِزُوْنَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ "كَبُرَ ذَالِكَ عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ فَقَالَ عُمَرُ اَنَا اُفَرِّجُ عَنْكُمْ فَانْطَلَقَ فَقَالَ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ اِنَّهٗ كَبُرَ عَلٰى اَصْحَابِكَ هٰذِهِ الْاٰيَةُ فَقَالَ اِنَّ اللّٰهَ لَمْ يَفْرِضِ الزَّكٰوةَ اِلَّا لِيُطَيِّبَ مَا بَقِيَ مِنْ اَمْوَالِكُمْ۔

(ابو داؤد)

یہ آیت نازل ہوئی: والذین یکنزون الذھب والفضۃ (وہ لوگ جو سونے اور چاندی کو جمع کرتے ہیں) تو مسلمانوں پر اس کا خاص اثر ہوا۔ انہوں نے اس حکم کو گراں خیال کیا۔ حضرت عمر نے لوگوں سے کہا میں تمہاری اس فکر کو دور کر دوں گا اور اس مشکل کو حل کر دوں گا۔ پس عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کی یا نبی اللہ! یہ آیت آپ کے صحابہ پر گراں ہوئی ہے آپ نے فرمایا! خداوند تعالےٰ نے زکوٰۃ کو اس لیے فرض کیا ہے کہ وہ تمہارے باقی مال کو پاک کر دے۔

۲: وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى اَنْفِقْ يَا ابْنَ اٰدَمَ اُنْفِقْ عَلَيْكَ

(متفق علیہ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ کہتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خداوند تعالےٰ فرماتا ہے۔ اے آدم کے بیٹے تو خرچ کر میں تجھ پر خرچ کروں گا۔ (تجھ کو دوں گا)

۳: وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلسَّخِيُّ قَرِيْبٌ مِنَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِنَ الْجَنَّةِ قَرِيْبٌ مِنَ النَّاسِ بَعِيْدٌ مِنَ النَّارِ .....

(ترمذی)

حضرت ابوہریرہ کہتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ سخی قریب ہے اللہ کے، قریب ہے جنت سے، قریب ہے لوگوں سے اور دور ہے دوزخ سے .....

Marfat.com

۔ قَالَ عَلَیْہِ السَّلَام حَصِّنُوْا اَمْوَالَکُمْ بِالزَّکٰوۃِ فَلَا یُقْبَلُ اِیْمَانُ مَنْ لَا یُخْرِجُ الزَّکٰوۃَ فِی الْمَالِ :

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں زکوٰۃ سے اپنے مالوں کی حفاظت کرو، اس شخص کا ایمان مقبول نہیں۔ جو مال سے زکوٰۃ نہیں نکالتا۔

۔ قَالَ علیہ السلام اَلزَّکٰوۃُ حِصْنُ الْمَالِ وَرَفْعُ الْوَبَالِ وَمَنْعُ الزَّوَالِ مِنَ الْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ۔

حضور علیہ السلام فرماتے ہیں زکوٰۃ مال کے واسطے قلعہ ہے اور وبال سے دُور کرنے والی اور صبح وشام کے زوال سے بچانے والی۔

حکایت : جب حضور نبی کریم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا حَصِّنُوْا اَمْوَالَکُمْ بِالزَّکٰوۃِ (اپنے مالوں کی حفاظت زکوٰۃ سے کرو) ایک نصرانی نے سُن کر اپنے مال کی زکوٰۃ نکالی اور مستحقوں کو دے دی، لوگوں نے کہا جب تمہارے مذہب میں زکوٰۃ نہیں ہے تو کیوں نکالی، نصرانی نے جواب دیا میں پیغمبر (صلی اللہ علیہ وسلم) کے سچے ہونے کی آزمائش کرتا ہوں، میرا مال تجارتی ہے راستہ خطرناک ہے، چوروں اور ٹھگوں کا ڈر ہے اگر اس سال میرا مال ضائع نہ ہوا، اصل رقم کے علاوہ منافع لے کر بخریت پہنچ گیا تو ٹھیک ورنہ اس بیان کو جھوٹ بتا کر اُن کو جھوٹا ثابت کر دوں گا۔ اس نے اپنا مال روانہ کر دیا۔ اچانک اطلاع ملی تیرا مال ٹھگوں نے لوٹ لیا۔ نصرانی نے یہ سنتے ہی غیظ وغضب میں لال پیلا ہو گیا۔ اپنی قوم کے لوگوں کو جمع کر کے لڑائی کے لیے سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف چلا۔ اتنے میں اس کے شریک کا خط آگیا، کہ ہمارے اونٹ فلاں مقام پر تھک کر رہ گئے، قافلہ آگے نکل گیا۔ قافلہ کو ٹھگوں نے لوٹ لیا۔ ہم بخریت تمام سازوں منزلِ مقصود پر پہنچ گئے ہیں۔ یہ خبر پڑھ کر نصرانی نے خوشی سے ہتھیار کھول دیئے ساتھیوں کو واپس روانہ کر دیا اور خود سرورِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر مسلمان ہو گیا اور عرض کی یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ نے سچ فرمایا، میں ہر سال اپنے مال کی زکوٰۃ دیتا رہوں گا۔

زکوٰۃ نہ دینے کی بُرائی

Marfat.com

وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ بِمَآ اٰتٰهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ هُوَ خَيْرًا لَّهُمْ ؕ بَلْ هُوَ شَرٌّ لَّهُمْ ؕ سَيُطَوَّقُوْنَ مَا بَخِلُوْا بِهٖ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ (پ آل عمران)

جو لوگ کرتے بخل میں اس کے ساتھ جو اللہ نے اپنے فضل سے انہیں دیا۔ وہ یہ گمان نہ کریں۔ کہ ان کے لیے بہتر ہے بلکہ یہ ان کے لیے بُرا ہے اس چیز کا قیامت کے دن ان کے گلے میں طوق ڈالا جائے گا جس کے ساتھ بخل کیا۔

وَالَّذِيْنَ يَكْنِزُوْنَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ وَلَا يُنْفِقُوْنَهَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۙ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ۙ يَّوْمَ يُحْمٰى عَلَيْهَا فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ فَتُكْوٰى بِهَا جِبَاهُهُمْ وَجُنُوْبُهُمْ وَظُهُوْرُهُمْ ؕ هٰذَا مَا كَنَزْتُمْ لِاَنْفُسِكُمْ فَذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ تَكْنِزُوْنَ۔

(پ سورہ توبہ)

جو لوگ سونا اور چاندی جمع کرتے ہیں اور اللہ کی راہ میں خرچ نہیں کرتے ہیں انہیں دردناک عذاب کی خوشخبری سنا دو جس دن آتش جہنم میں وہ تپائے جائیں گے اور ان سے اُن کی پیشانیاں اور کروٹیں اور پیٹھیں داغی جائیں گی (ان سے کہا جائے گا) یہ وہ ہے جو تم نے اپنے نفس کے لیے جمع کیا تھا تو اب چکھو جو جمع کرتے تھے۔

مَا تَلِفَ مَالٌ فِيْ بَرٍّ وَّلَا بَحْرٍ اِلَّا بِحَبْسِ الزَّكٰوةِ

حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کوئی مال خشک و تری میں ضائع نہیں ہوتا مگر زکوٰۃ نہ دینے سے۔

وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اٰتَاهُ اللّٰهُ مَالًا فَلَمْ يُؤَدِّ زَكٰوةَ مَالِهٖ مُثِّلَ لَهٗ مَالُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ شُجَاعًا اَقْرَعَ لَهٗ زَبِيْبَتَانِ يُطَوَّقُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ثُمَّ يَاْخُذُ بِلِهْزِمَتَيْهِ يَعْنِيْ شِدْقَيْهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ کہتے ہیں۔ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جس شخص کو خدا نے مال عطا کیا اور اُس کی زکوٰۃ ادا نہیں کی تو اس کے مال کا قیامت کے دن ایک گنجا سانپ بنایا جائے گا۔ جس کی آنکھوں میں دو

Marfat.com

ثُمَّ يَقُوْلُ اَنَا مَالُكَ اَنَا كَنْزُكَ ثُمَّ تَلَا وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ الْاٰيَه۔ (بخاری)

سیاہ شعلے ہوں گے اور سانپ کو طوق بنا کر اس کے گلے میں ڈالا جائے گا۔ پھر یہ سانپ اس شخص کی دونوں باچھیں پکڑے گا اور کہے گا، میں تیرا مال اور تیرا خزانہ ہوں (اور اس کے بعد آپ نے یہ آیت پڑھی) یعنی یہ گمان نہ کریں وہ لوگ جو بخل کرتے ہیں آخر تک۔

۳ وَعَنْ اَبِیْ ذَرٍّ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا مِنْ رَجُلٍ یَکُوْنُ لَہٗ اِبِلٌ اَوْ بَقَرٌ اَوْ غَنَمٌ لَا یُؤَدِّیْ حَقَّھَا اِلَّا اُتِیَ بِھَا یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ اَعْظَمَ مَا یَکُوْنُ اَسْمَنَہٗ تَطَاُہٗ بِاَخْفَافِھَا وَتَنْطَحُہٗ بِقُرُوْنِھَا کُلَّمَا جَازَتْ اُخْرٰھَا رُدَّتْ عَلَیْہِ اُوْلٰھَا حَتّٰی یُقْضٰی بَیْنَ النَّاسِ۔ (متفق علیہ)

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جس شخص کے پاس اونٹ یا گائیں یا بکریاں ہوں اور وہ ان کا حق (زکوٰۃ) ادا نہ کرے تو لائی جائیں گی یہ چیزیں قیامت کے دن بہت بڑی اور فربہ شکل میں اور کچلیں گی اس کو اپنے پاؤں سے اور ماریں گی اسکو اپنے سینگوں سے اور ان کی جماعتیں یکے بعد دیگرے اسی طرح کرتی رہیں گی جب تک کہ لوگوں کے حساب وکتاب کا فیصلہ کیا جائے گا۔

فائدہ: قرآن وحدیث سے زکوٰۃ نہ دینے پر جو عذاب ہوگا اُس کا تھوڑا سا حال آپ نے مذکورہ بالا آیت، حدیثِ پاک میں پڑھا۔ بھائیو! یہ وہی مال ہے جس کو ہم دُنیا میں محبت سے رکھتے ہیں۔ زکوٰۃ، صدقات نہیں دیتے۔ آخرت میں یہی ہمارا مال اپنے ہاتھوں سے جمع کیا ہوا ہمارا دشمن ہوگا۔ ہمیں کاٹے گا، روندے گا، کیا نہ کیا سزا دے، ابھی وقت ہے غفلت کو چھوڑ کر آخرت کی

Marfat.com

فکر کرو، جہاں سوائے اعمال و رحمتِ خداوندی چھٹکارا مشکل ہے۔ اللہ تعالےٰ ہمیں زکوٰۃ ادا کرنے کی توفیق دے۔

حکایت: حضرت عبداللہ ابنِ عباس رضی اللہ تعالےٰ عنہم کے زمانے پاک میں ایک مالدار شخص مرگیا لوگ اس کی قبر کھودنے کیلئے قبرستان گئے اور قبر کھودنی شروع کی، تو اسمیں ایک اژدہا نظر آیا لوگ ڈر کر بھاگ گئے اور حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ کو اس کی خبر کی گئی، آپ نے فرمایا دوسری جگہ قبر کو بنا دو، وہاں بھی یہی معاملہ پیش آیا پھر آپ نے تیسری جگہ قبر بنانے کو کہا۔ وہاں بھی یہی ہوا، حتیٰ کہ سات جگہ قبر کھودی گئی، ہر جگہ پر وہی اژدہا موجود پایا۔ آخر حضرت عبداللہ نے اُس کے وارثوں کو بُلایا اور اس کے اعمال پوچھے۔ انہوں نے بتایا کہ یہ اپنے مال کی زکوٰۃ ادا نہیں کرتا تھا، آپ نے فرمایا اس کو اسی قبر میں دفن کردو اس لیے جہاں بھی قبر بناؤ گے یہی کچھ ہوگا۔ (نزہتہ المجالس جلد اوّل)

زکوٰۃ

شریعت میں اللہ تعالےٰ کے لیے مال کے ایک حصّہ کا جو شرع نے مقرر کیا ہے۔ مسلمان فقیر کو مالک کر دینا ہے اور وُہ فقیر نہ ہاشمی ہو نہ ہاشمی کا آزاد کردہ غلام اور اپنا نفع اُس سے بالکل جُدا کرے۔

(در مختار، بہارِ شریعت)

مالِ زکوٰۃ کن لوگوں پر صرف کیا جاتے

اِنَّمَا الصَّدَقَاتُ لِلْفُقَرَآءِ وَالْمَسَاكِيْنِ وَالْعٰمِلِيْنَ عَلَيْهَا وَالْمُؤَلَّفَةِ قُلُوْبُهُمْ وَفِي الرِّقَابِ وَالْغٰرِمِيْنَ وَفِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَابْنِ السَّبِيْلِ فَرِيْضَةً مِّنَ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ۔

صدقات فقراء و مساکین کے لیے ہیں اور ان کے لیے جو اس کام پر مقرر ہیں اور وہ جن کے قلوب کی تالیف مقصود ہے اور گردن چھڑانے کے لیے اور تاوان والے کے لیے اور اللہ کی راہ میں اور مسافر کے لیے یہ اللہ کیطرف سے مقرر کرنا ہے اور اللہ علم و حکمت والا ہے۔

Marfat.com

مصارفِ زکوٰۃ سات ہیں :

۱ فقیر ۲ مسکین ۳ عامل ۴ رقاب ۵ غارم ۶ فی سبیل اللہ ۷ ابن السبیل

فقیر : وُہ شخص ہے جس کے پاس کچھ ہو مگر نہ اتنا کہ نصاب کو پہنچ جائے۔ یا نصاب کی قدر ہو تو اِسکی حاجت اصلیہ میں متفرق ہو مثلاً رہنے کا مکان، پہننے کے کپڑے خدمت کے لیے لونڈی غلام، عملی شغل رکھنے والے کو دینی کتابیں جو اس کی ضرورت سے زیادہ نہ ہوں۔ یوہیں اگر مدیون ہے اور دَین نکالنے کے بعد نصاب باقی نہ رہے تو فقیر ہے اگرچہ اُس کے پاس ایک تو کیا کئی نصابیں ہوں (بہارِ شریعت) رد المحتار)

مسکین : وہ ہے جس کے پاس کچھ نہ ہو، یہاں تک کہ کھانے اور بدن چھپانے کے لیے اس کا محتاج ہے کہ لوگوں سے سوال کرے اور اسے سوال حلال ہے، فقیر کو سوال ناجائز۔

(عالمگیری، بہارِ شریعت)

عامل : وہ ہے جسے بادشاہ اسلام نے زکوٰۃ اور عُشر وصول کرنے کے لیے مقرر کیا ہو۔ اسے کام کے لحاظ سے اتنا دیا جائے کہ اس کو اور اِس کے مددگاروں کو متوسط طور پر کافی ہو۔ مگر اتنا نہ دیا جائے کہ جو وصول کر لایا ہے اس کے نصف سے زیادہ ہو جائے۔ (بہارِ شریعت)

رقاب : سے مراد مکاتب غلام کو دینا کہ اس مال زکوٰۃ سے بدل کتابت ادا کرے اور غلامی سے اپنی گردن رہا کرے۔ (بہارِ شریعت)

غارم : سے مراد مدیُون ہے یعنی اس پر اتنا دَین ہے کہ اُسے نکالنے کے بعد نصاب باقی نہ رہے اگرچہ اس کا اوروں پر باقی ہو، مگر لینے پر قادر نہ ہو۔ مگر شرط یہ ہے کہ مدیون ہاشمی نہ ہو۔

(بہارِ شریعت)

فی سبیل اللہ : یعنی راہِ خُدا میں خرچ کرنا اس کی چند صورتیں ہیں، مثلاً کوئی شخص محتاج ہے کہ جہاد میں جانا چاہتا ہے سواری اور زادِ راہ اس کے پاس نہیں، تو اُسے مالِ زکوٰۃ دے سکتے

Marfat.com

ہیں۔ یا کوئی حج کو جانا چاہے اور اس کے پاس مال نہیں اُس کو زکوٰۃ دے سکتے ہیں، مگر اس کو حج کے لیے سوال کرنا جائز نہیں۔ یا طالب علم کہ علم دین پڑھتا یا پڑھنا چاہتا ہے اُسے دے سکتے ہیں، بلکہ طالب علم سوال کر کے بھی مالِ زکوٰۃ لے سکتا ہے، جب کہ اس نے اپنے آپ کو اسی کام کے لیے فارغ کر رکھا ہو۔ اگرچہ کام کرنے پر قادر ہو، وغیرہ (بہارِ شریعت)

ابن السبیل: یعنی مسافر جس کے پاس مال نہ رہا۔ زکوٰۃ لے سکتا ہے۔ اگرچہ اس کے گھر مال موجود ہو مگر اس قدر لے جس سے حاجت پوری ہو جائے، زیادہ کی اجازت نہیں۔ یوہیں اگر مالکِ نصاب کا مال کسی میعاد تک کے لیے دوسرے پر دَین ہے اور ہنوز میعاد پوری نہ ہوئی اَب اُسے ضرورت ہے۔ یا جس پر اُس کا آتا ہے وُہ یہاں موجود نہیں یا موجود ہے مگر نادار ہے یا دَین سے مُنکر ہے اگرچہ یہ ثبوت رکھتا ہو تو ان سب صورتوں میں بقدرِ ضرورت زکوٰۃ لے سکتا ہے، مگر بہتر یہ ہے کہ قرض لے تو قرض لے کر کام چلائے وغیرہ (بہارِ شریعت)

(نوٹ) مزید تفصیل کے لیے بہارِ شریعت یا دیگر کتبِ فقہ کو دیکھیں۔

سونے چاندی مال تجارت کی زکوٰۃ

مسئلہ سونے کی نصاب ساڑھے سات تولے اور چاندی کی ساڑھے باون تولے ہے۔

سونے چاندی کی نصاب میں وزن کا اعتبار ہے قیمت کا لحاظ نہیں۔

مسئلہ یہ جو کہا گیا ہے کہ ادائے زکوٰۃ میں قیمت کا اعتبار نہیں، یہ اسی صورت میں ہے کہ اس جنس کی زکوٰۃ اِسی جنس سے ادا کی جائے اور اگر سونے کی زکوٰۃ چاندی سے یا چاندی کی سونے سے ادا کی تو قیمت کا اعتبار ہوگا۔ مثلاً سونے کی زکوٰۃ میں چاندی کی کوئی چیز دی جس کی قیمت ایک اشرفی ہے تو ایک اشرفی زکوٰۃ دینا قرار پائے گا۔ اگرچہ وزن میں اس کی چاندی اشرفی بھر نہ ہو۔ (بہارِ شریعت)

Marfat.com

مسئلہ : سونا چاندی جب کہ بقدرِ نصاب ہوں تو ان کی زکوٰۃ چالیسواں حصہ ہے خواہ وُہ ویسے ہو یا ان کی چیز بنی ہوئی ہو۔

مسئلہ سونے چاندی کے علاوہ تجارت کی کوئی چیز ہو جس کی قیمت سونے چاندی کی نصاب کو پہنچے تو اس پر بھی زکوٰۃ واجب ہے یعنی قیمت کا چالیسواں حِصہ اَور اگر اسباب کی قیمت تو نصاب کو نہیں پہنچی مگر اس کے پاس اِن کے علاوہ سونا چاندی بھی ہے تو ان کی قیمت سونے چاندی کے ساتھ ملا کر مجموعہ کریں اگر مجموعہ نصاب کو پہنچا زکوٰۃ واجب ہے۔

مزید تفصیل کتب فقہ اَور بہارِ شریعت میں دیکھیں۔

اُونٹ کی زکوٰۃ

مسئلہ : پانچ اونٹ سے کم میں زکوٰۃ واجب نہیں اَور جب پانچ یا پانچ سے زیادہ ہوں مگر پچیس سے کم ہوں تو ہر پانچ میں ایک بکری واجب ہے یعنی پانچ ہوں تو ایک بکری، دس ہوں تو دو، پندرہ ہوں تو تین، علیٰ ہذا القیاس، اگر زیادہ ہو بہارِ شریعت دیکھ کر یا کسی سنی عالم دین سے پوچھ کر زکوٰۃ دیں۔

گائے کی زکوٰۃ

مسئلہ : تیس سے کم گائیں ہوں تو زکوٰۃ واجب نہیں اَور جب تیس پوری ہوں تو ان کی زکوٰۃ سال بھر کا بچھڑا یا بچھیا ہے اَور چالیس ہوں تو دو سال کا بچھڑا یا بچھیا۔ انسٹھ تک یہی حُکم ہے۔

(نوٹ، مزید تفصیل کے لیے کتب فقہ یا علماء کی طرف رجوع کریں یا بہارِ شریعت۔

مسئلہ : بھینس گائے کے حکم میں ہے اگر گائے بھینس دونوں ہوں تو زکاۃ میں ملا دی جائیں گی

(بہارِ شریعت)

Marfat.com

بکریوں کی زکوٰۃ

مسئلہ : چالیس سے کم بکریاں ہوں تو زکوٰۃ واجب نہیں اور چالیس[۴۰] ہوں تو ایک بکری اور یہی حکم ایک سو بیس[۱۲۰] تک ہے یعنی ان میں وہی ایک ہی بکری ہے اور ایک سو اکیس[۱۲۱] میں دو اور دو سو ایک[۲۰۱] میں تین اور چار سو[۴۰۰] میں چار پھر ہر سو میں ایک اور بڑھاتے جائیں۔ (بہارِ شریعت)

مسئلہ : بھیڑ دُنبہ بکری کے حکم میں ہے کہ ایک سے نصاب پوری نہ ہو تو دوسری کو ملالیں اور زکوٰۃ میں بھی اس کو دے سکتے ہیں۔ مگر سال سے کم نہ ہوں، نہ ہی بوڑھی نہ عیب والی نہ بکرا۔ ہاں اگر وصول کرنے والا عامل چاہے تو لے سکتا ہے۔ (بہارِ شریعت)

مسئلہ : گھوڑے، گدھے، خچر اگرچہ چرائی پر ہوں ان کی زکوٰۃ نہیں، ہاں اگر تجارت کے لیے ہوں تو ان کی قیمت لگا کر اس کا چالیسواں حصہ زکوٰۃ میں دیں۔ (بہارِ شریعت)

زراعت اور پھلوں کی زکوٰۃ

اللہ عزوجل فرماتا ہے وَاٰتُوْا حَقَّهٗ یَوْمَ حَصَادِهٖ۔ کھیتی کے کٹنے کے دن اس کا حق ادا کرو۔

وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِیْمَا سَقَتِ السَّمَاءُ وَالْعُیُوْنُ اَوْ كَانَ عَثَرِیًّا الْعُشْرُ وَمَا سُقِیَ بِالنَّضْحِ نِصْفُ الْعُشْرِ (بخاری)

حضرت عبداللہ بن عمر کہتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جس چیز کو آسمان نے سیراب کیا ہو یا چشموں نے یا خود زمین سرسبز و شاداب ہو اس میں دسواں حصہ واجب ہے اور جس چیز کو کنوئیں سے پانی دیا گیا ہو اس میں پیداوار کا بیسواں حصہ واجب ہے۔

Marfat.com

مسئلہ : عشری زمین سے ایسی چیز پیدا ہوئی جس کی زراعت سے مقصود زمین سے منافع حاصل کرنا ہے۔ تو اُس پیداوار کی زکوٰۃ فرض ہے اور اُس زکوٰۃ کا نام عشر ہے یعنی دسواں حصّہ۔ اکثر صورتوں میں دسواں حصّہ فرض ہے اگرچہ بعض صورتوں میں نصف عُشر یعنی بیسواں حصّہ لیا جائے گا۔ (عالمگیری، ردالمحتار۔ بہارِ شریعت)

مسئلہ اس میں نصاب بھی شرط نہیں۔ ایک صاع بھی پیداوار ہو تو عشر واجب ہے اور یہ شرط بھی نہیں کہ کاشتکار زمین کا مالک ہو۔ یہاں تک کہ مکاتب و ماذون نے کاشت کی تو اُس پیداوار پر بھی عشر واجب ہے۔ بلکہ وقفی زمین میں زراعت ہوئی تو اس پر بھی عشر واجب ہے، خواہ زراعت کرنے والے اہلِ وقف ہوں۔ یا اُجرت پر کاشت کی۔ (بہارِ شریعت)

مسئلہ جو چیزیں ایسی ہوں کہ ان کی پیداوار سے زمین سے منافع حاصل کرنا مقصود نہ ہو تو اُن میں عشر نہیں، جیسے ایندھن، گھاس، سرکل، سینٹھا، جھاؤ، کھجور کے پتے، خطمی و کپاس و بینگن کے درخت، خربزہ، تربز، کھیرا، ککڑی کے بیج، یوہیں ہر قسم کی ترکاریوں کے بیج، کہ اُن کی کھیتی سے ترکاریاں مقصود ہوتی ہیں بیج نہیں ہوتے، یوہیں جو بیج دوا ہیں مثلاً کندر، مینتھی، کلونجی اور اگر نرکل، گھاس، بید، جھاؤ وغیرہ سے زمین کے منافع حاصل کرنا مقصود ہوا اور زمین ان کے لیے خالی چھوڑ دی تو ان میں بھی عشر واجب ہے۔ (بہارِ شریعت)

مسئلہ گیہوں، جو، جوار، باجرہ، دھان اور ہر قسم کے غلّے اور السی، کسم، اخروٹ، بادام اور ہر قسم کے میوے روئی، پھول، گنا، خربز، تربز، کھیرا، ککڑی، بیگن اور ہر قسم کی ترکاری سب میں عشر واجب ہے۔ تھوڑا پیدا ہو یا زیادہ۔ (بہارِ شریعت)

مسئلہ جس چیز میں عشر یا نصف عشر واجب ہو اس میں کل پیداوار کا عشر یا نصف عشر لیا جائے گا یہ نہیں ہو سکتا، کہ مصارف زراعت ہل بیل حفاظت کرنیوالے اور کام کرنیوالوں کی اُجرت یا بیج وغیرہ

Marfat.com

نکال کر باقی کا عشر یا نصف عشر دیا جائے۔ (بہارِ شریعت)

مسئلہ : جو کھیت بارش یا نہر نالے کے پانی سے سیراب کیا جائے اس میں عشر یعنی دسواں حصہ واجب ہے اور پانی خرید کر آبپاشی ہو۔ یعنی وہ پانی کسی کی ملک ہے اس سے خرید کر آبپاشی کی جب بھی نصف عشر یعنی بیسواں حصہ واجب ہے۔ اور اگر وہ کھیت کچھ دِنوں ڈول چرسے سے اور کچھ دنوں مینہ کے پانی سے سیراب ہوتا ہے۔ اگر زیادہ مینہ کے پانی سے کبھی کبھی ڈول چرسے کام لیا جائے تو عشر اگر زیادہ ڈول سے کبھی کبھی مینہ سے تو نصف عشر لیا جائے گا۔ (بہارِ شریعت)

فائدہ : مذکورہ بالا مسائل اور مزید دیگر تحقیق سے معلوم ہوا۔

۱ کہ زراعت جو نہری پانی یا ٹیوب ویل یا کنویں سے کرتے ہیں سب کی پیداوار میں نصف عشر واجب ہے۔ (بیسواں حصہ)

۲ کل پیداوار کا نصف عشر دینا ہوگا، کسی قسم کا کوئی خرچہ وغیرہ مثلاً زرعی کھاد یا جراثیم مارنے والی دوائیاں یا کام کرنے والوں کی مزدوری وغیرہ نہیں نکالنا چاہیئے۔

واللہ اعلم بالصواب

نوٹ : عشر یا نصف عشر کے مصارف بھی وہی ہیں جن کا ذکر پہلے مصارفِ زکوٰۃ میں کیا جا چکا ہے۔ لیکن[1] ہمارے آدابِ طریقت میں یہ ہے کہ عشر و نصف عشر کی رقم یا جنس اپنے پیر و مرشد کی خدمت عالیہ میں حاضر کی جائے وہ اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان کے مطابق جہاں مناسب سمجھتے ہیں خرچ کرتے ہیں۔

دیگر ملازمت کرنے والے کی تنخواہ اور گھر کی بھینس کے گھی پر عشر و نصف عشر واجب نہیں، مگر ہمارے آدابِ طریقت میں ہے کہ ملازمت کرنے والے کی تنخواہ سے نصف عشر

---

[1] یہ ہدایت نامہ خصوصیت سے پیر بھائیوں سے مخصوص ہے کسی کو کسی وہم میں مبتلا ہونے کی ضرورت نہیں۔

Marfat.com

(بیسواں حصّہ) اور بھینس کے گھی سے عشر (دسواں حصّہ) اپنے پیر و مرشد کی خدمت میں پیش کرنا چاہیئے جو بیشمار رحمتوں اور برکتوں کا موجب ہے۔

حج کا بیان

وَ لِلّٰہِ عَلَی النَّاسِ حِجُّ الْبَیْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَیْہِ سَبِیْلًا ؕ وَ مَنْ کَفَرَ فَاِنَّ اللّٰہَ غَنِیٌّ عَنِ الْعٰلَمِیْنَ۔

(پ۴ سورہ آل عمران)

اور اللہ کے لیے لوگوں پر بیت اللہ کا حج ہے جو شخص باعتبار راستہ کے اُس کی طاقت رکھے اور جو کفر کرے تو اللہ سارے جہان سے بے نیاز ہے۔

اور فرماتا ہے۔

وَ اَتِمُّوا الْحَجَّ وَ الْعُمْرَۃَ لِلّٰہِ

حج اور عمرہ کو اللہ کے لیے پورا کرو۔

فائدہ : حج نام ہے احرام باندھ کر نویں ذی الحجہ کو عرفات میں ٹھہرنے اور کعبۂ معظمہ کے طواف کا اور اس کے لیے ایک خاص وقت مقرر ہے کہ اس میں یہ افعال کئے جائیں تو حج ہے۔

نیز حج ایک عبادت ہے جو پانچ دن اور ایک رات یا چھ دن اور ایک رات میں مقام مخصوص (کعبہ معظمہ (بیت اللہ) عرفات، مزدلفہ، منیٰ) میں کی جاتی ہے۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے حج مبارک چھ دن اور ایک رات (یعنی مزدلفہ کی رات) میں کیا تھا۔ ربِّ کریم نے پانچ دن اور ایک رات میں کرنے کا حکم صادر فرمایا۔ اب جو چاہے پانچ دن اور ایک رات یا چھ دن اور ایک رات میں کرے حج ہو جائے گا۔ وہ ذوالحجہ کی آٹھ، نو، دس، گیارہ، بارہ یا تیرہ کی تاریخیں ہیں۔ اور مزدلفہ کی رات ۱۰ تاریخ کی رات ہے۔

Marfat.com

عمرہ: کے لیے کوئی خاص وقت نہیں جب چاہے کرے سوائے حج کے دنوں کے، حج کے دنوں میں عمرہ نہیں ہو سکتا۔

مسئلہ: اِس کی[1] فرضیت قطعی ہے جو اسکی فرضیت کا انکار کرے کافر ہے۔ مگر عمر میں صرف ایک بار۔

حج کے فضائل

وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ

۱ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ حَجَّ لِلّٰهِ فَلَمْ یَرْفُثْ وَلَمْ یَفْسُقْ رَجَعَ کَیَوْمِ وَلَدَتْهُ اُمُّهٗ (متفق علیہ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں، فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص حج کرے اللہ تعالیٰ کے لیے اور اس میں (اپنی بیوی سے) صحبت نہ کرے۔ یا بیہودہ کلام نہ کرے اور فسق (گناہ) نہ کرے تو وہ ایسا ہو جاتا ہے جیسا آج ہی اس کی ماں نے جنا۔

۲ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَلْعُمْرَةُ اِلَی الْعُمْرَةِ کَفَّارَةٌ لِمَا بَیْنَهُمَا وَالْحَجُّ الْمَبْرُوْرُ لَیْسَ لَهٗ جَزَآءٌ اِلَّا الْجَنَّةُ۔ (متفق علیہ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک عمرہ دوسرے عمرے تک کے گناہوں کا کفارہ ہے اور حج مقبول کا بدلہ صرف جنت ہے۔

۳ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ عُمْرَةً فِیْ رَمَضَانَ تَعْدِلُ حَجَّةً۔ (متفق علیہ)

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے رمضان میں عمرہ کرنا حج کے برابر ہے۔

۴ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں،

Marfat.com

صَلَّى اللّٰهُ عليه وسلّم تَابِعُوْا بَيْنَ الْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ فَاِنَّهُمَا يَنْفِيَانِ الْفَقْرَ وَالذُّنُوْبَ كَمَا يَنْفِي الْكِيْرُ خُبْثَ الْحَدِيْدِ وَالذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَلَيْسَ لِلْحَجَّةِ الْمَبْرُوْرَةِ ثَوَابٌ اِلَّا الْجَنَّةُ۔

کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم نے کہ حج اور عمرہ کو یکے بعد دیگرے ادا کرو، کہ اس لیے یہ دونوں افلاس اور گناہوں کو اس طرح دُور کر دیتے ہیں جس طرح بھٹی لوہے، چاندی اور سونے کے میل کو دُور کر دیتی ہے۔ اور حج مقبول کا بدلہ صرف جنّت ہے۔

۵: وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسلّم اِنَّهُ قَالَ اَلْحَاجُّ وَالْعُمَّارُ وَفْدُ اللّٰهِ اِنْ دَعَوْهُ اَجَابَهُمْ وَاِنِ اسْتَغْفَرُوْهُ غَفَرَ لَهُمْ۔

(ابن ماجه)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم نے حج اور عمرہ کرنے والے اللہ کے مہمان ہیں اگر دُعا مانگتے ہیں اللہ قبول کرتا ہے اور مغفرت چاہتے ہیں بخش دیتا ہے۔

حج نہ کرنے کی مذمّت

۶: وَعَنْ اَبِیْ اُمَامَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ لَمْ يَمْنَعْهُ مِنَ الْحَجِّ حَاجَةٌ ظَاهِرَةٌ اَوْ سُلْطَانٌ جَائِرٌ اَوْ مَرَضٌ حَابِسٌ فَمَاتَ وَلَمْ يَحُجَّ فَلْيَمُتْ اِنْ شَآءَ يَهُوْدِيًّا وَاِنْ شَآءَ نَصْرَانِيًّا۔

حضرت ابوامامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جس شخص کو نہ روک رکھا ہو ظاہری حاجت نے یا ظالم بادشاہ نے یا خطرناک مرض نے اور وہ مرگیا اور حج نہ کیا پس اسکو اختیار ہے یہودی ہو کر مرے یا نصرانی ہو کر۔

(ترمذی، دارمی)

Marfat.com

۲ وَعَنْ ابن عباس قال قال رَسُوْل اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا صَرُوْرَۃَ فِی الْاِسْلَامِ۔ (ابوداؤد)

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ، فرماتے ہیں، کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ صَرُوْرَۃ (حج اَور نکاح کا ترک کرنا) اسلام میں سے نہیں یعنی جو شخص حج اَور نکاح نہ کرے وہ مسلمان نہیں۔

۳ وَعَنْ عَلِیٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلِ اللّٰہِ مَنْ مَّلَکَ زَادًا وَّ رَاحِلَۃً یُبَلِّغُہٗ اِلٰی بَیْتِ اللّٰہِ وَلَمْ یَحُجَّ فَلَا عَلَیْہِ اَنْ یَّمُوْتَ یَھُوْدِیًّا اَوْنَصْرَانِیًّا۔

حضرت علی رضی اللہ تعالےٰ عنہ فرماتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جو شخص مالک ہو کھانے پینے کے قابل خرچ کا اَور بیت اللہ تک پہنچا دینے والی سواری کے مصارف کا اَور پھر اس نے حج نہ کیا تو اس کے یہودی یا نصرانی ہو کر مرنے میں کوئی فرق نہیں۔

حاجی کی مُلاقات گھر میں داخل ہونے سے پہلے کرنی چاہیئے۔

۱ وَعَنْ ابن عمر قَالَ قَالَ رَسُوْل اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ علیہ وسلم اِذَا لَقِیْتَ الْحَآجَّ فَسَلِّمْ عَلَیْہِ وَصَافِحْہُ وَمُرْہُ اَنْ یَّسْتَغْفِرَ لَکَ قَبْلَ اَنْ یَّدْخُلَ بَیْتَہٗ فَاِنَّہٗ مَغْفُوْرٌ لَّہٗ۔ (مشکوٰۃ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے مروی فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جب تو حاجی کی ملاقات کرے تو اس کو سلام کر اَور اس سے مصافحہ کر اَور اسے کہہ کہ وُہ اپنے گھر میں داخل ہونے سے پہلے تیرے لیے مغفرت کی دُعا مانگے کیوں کہ وہ بخشا ہوا ہے،

Marfat.com

۲؎ بزاز نے ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا حاجی اپنے گھر والوں میں سے چار سو کی شفاعت کرے گا اور گناہوں سے ایسا نکل جائے گا، جیسا اس دن کہ ماں کے پیٹ سے پیدا ہوا۔

روزہ کا بیان

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَیْكُمُ الصِّیَامُ
اے ایمان والو! تم پر روزے فرض کئے گئے

كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ
جیسے کہ ان پر فرض ہوئے جو تم سے پہلے ہوئے

تَتَّقُوْنَ ۝ اَیَّامًا مَّعْدُوْدٰتٍ فَمَنْ
تاکہ تم گناہوں سے بچو۔ چند دنوں کا، پھر تم

كَانَ مِنْكُمْ مَّرِیْضًا اَوْ عَلٰى سَفَرٍ فَعِدَّةٌ
میں جو کوئی بیمار ہو یا سفر میں ہو وہ اور دنوں

مِّنْ اَیَّامٍ اُخَرَ ؕ وَعَلَى الَّذِیْنَ
میں گنتی پوری کرے اور جو طاقت نہیں رکھتے

یُطِیْقُوْنَهٗ فِدْیَةٌ طَعَامُ مِسْكِیْنٍ ؕ
وہ فدیہ دیں ایک مسکین کا کھانا، پھر جو زیادہ

فَمَنْ تَطَوَّعَ خَیْرًا فَهُوَ خَیْرٌ لَّهٗ ؕ وَاَنْ
بھلائی کرے تو یہ اس کے لیے بہتر ہے اور

تَصُوْمُوْا خَیْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝
روزہ رکھنا تمہارے لیے بہتر ہے اگر تم جانتے ہو

روزہ عرف شرع میں مسلمان کا بہ نیت عبادت صبح صادق سے غروبِ آفتاب تک اپنے کو قصداً کھانے پینے جماع سے باز رکھنا عورت کا حیض و نفاس سے خالی ہونا شرط ہے۔

۲؎ بہارِ شریعت،

مسئلہ: رمضان المبارک کا روزہ فرض عین ہے اس کا منکر کافر، بغیر عذرِ شرعی نہ رکھنے والا فاسق و گنہگار ہے۔

Marfat.com

روزہ کی فضیلت

۱ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا کَانَ اَوَّلُ لَیْلَةٍ مِّنْ شَهْرِ رَمَضَانَ صُفِّدَتِ الشَّیَاطِیْنُ وَمَرَدَةُ الْجِنِّ وَغُلِّقَتْ اَبْوَابُ النَّارِ فَلَمْ یُفْتَحْ مِنْهَا بَابٌ وَ فُتِّحَتْ اَبْوَابُ الْجَنَّةِ فَلَمْ یُغْلَقْ مِنْهَا بَابٌ وَیُنَادِیْ مُنَادٍ یَا بَاغِیَ الْخَیْرِ اَقْبِلْ وَیَا بَاغِیَ الشَّرِّ اَقْصِرْ وَ لِلّٰهِ عُتَقَاءُ مِنَ النَّارِ وَذٰلِكَ کُلَّ لَیْلَةٍ۔ (ترمذی، ابن ماجہ)

حضرت ابوہریرہ کہتے ہیں کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جس وقت آتی ہے رمضان کی پہلی رات، قید کئے جاتے ہیں شیطان اور سرکش جن، اور بند کیے جاتے ہیں دوزخ کے دروازے اور نہیں کھولا جاتا دوزخ کا کوئی دروازہ اور کھولے جاتے ہیں دروازے جنت کے اور نہیں بند کیا جاتا اس کا کوئی دروازہ اور اعلان کرتا ہے ایک اعلان کرنیوالا، یہ کہ اے نیکی کے طالب متوجہ ہونے کی طرف اور اے برائی کا ارادہ رکھنے والے باز رہ برائی سے اور اللہ آزاد کرتا ہے، بہت سے لوگوں کو دوزخ سے اور ایسا ہر رات کو ہوتا ہے۔

۲ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ کُلُّ عَمَلِ ابْنِ اٰدَمَ یُضَاعَفُ الْحَسَنَةُ بِعَشْرِ اَمْثَالِهَا اِلٰی سَبْعِ مِائَةِ ضِعْفٍ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی اِلَّا الصَّوْمَ فَاِنَّهٗ لِیْ وَاَنَا اَجْزِیْ بِهٖ یَدَعُ شَهْوَتَهٗ وَطَعَامَهٗ مِنْ اَجْلِیْ لِلصَّائِمِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ انسان کے ہر نیک عمل کا زیادہ کیا جاتا ہے ثواب اس طرح کہ ایک ایک نیکی کا ثواب دس گنا ملتا ہے یہاں تک کہ سات سو گنے تک یہ ثواب پہنچ جاتا ہے فرمایا اللہ تعالیٰ

Marfat.com

نَرْحَتَانِ فَرْحَةٌ عِنْدَ فِطْرِهٖ وَفَرْحَةٌ عِنْدَ لِقَاءِ رَبِّهٖ وَلَخُلُوْفُ فَمِ الصَّآئِمِ اَطْيَبُ عِنْدَ اللّٰهِ مِنْ رِيْحِ الْمِسْكِ وَالصِّيَامُ جُنَّةٌ فَاِذَا كَانَ يَوْمُ صَوْمِ اَحَدِكُمْ فَلَا يَرْفُثْ وَلَا يَصْخَبْ فَاِنْ سَابَّهٗ اَحَدٌ اَوْ قَاتَلَهٗ فَلْيَقُلْ اِنِّيْ اِمْرُؤٌ صَآئِمٌ (متفق علیہ)

نے کہ روزہ صرف میرے لیے ہے اور میں ہی اس کی جزا دوں گا۔ (روزہ دار) چھوڑتا ہے اپنی خواہش کو اور اپنے کھانے کو صرف میری خوشی کے لیے اور روزہ دار کے لیے دو خوشیاں حاصل ہوتی ہیں ایک خوشی روزہ کھولنے کے وقت اور دوسری خوشی اپنے پروردگار سے ملاقات کے وقت اور روزہ دار کے منہ کی بُو خدا کے نزدیک مشک سے زیادہ خوشبودار ہوتی ہے اور روزہ ڈھال ہے اور جب تم میں سے کسی کا روزہ ہو تو وہ نہ فحش باتیں کرے اور نہ بیہودگی سے چلائے اور اگر اس کو کوئی بُرا کہے یا اس سے کوئی لڑنے کا ارادہ کرے تو وہ اس سے کہہ دے کہ میں روزہ دار ہوں۔

۳ وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّهٗ قَالَ يُغْفَرُ لِاُمَّتِهٖ فِيْ اٰخِرِ لَيْلَةٍ فِيْ رَمَضَانَ قِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَهِيَ لَيْلَةُ الْقَدْرِ قَالَ لَا وَلٰكِنَّ الْعَامِلَ اِنَّمَا يُوَفّٰى اَجْرَهٗ اِذَا قَضٰى عَمَلَهٗ۔ (احمد)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ بخشش کی جاتی ہے امتِ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے (ان لوگوں کے لیے جو روزہ دار ہیں) رمضان کی آخری رات میں، پوچھا گیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیا وہ شبِ قدر ہے فرمایا نہیں۔ لیکن کام کرنے والے کو (یعنی روزہ دار) کو اس کے کام کی اُجرت دی جاتی ہے جبکہ وہ اپنے کام کو پورا کر چکتا ہے۔

۴ وَرَوٰى عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّهٗ قَالَ قَالَ

حضرت ابنِ عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہ روایت

Marfat.com

رسول اللہِ صَلّی اللہُ علیہ وسلم مَامن عبد
یصوم یوما من شھر رمضان محتسبا الا
اعطاہ اللہُ سبع خصال اوّلھا یذوب
لحم الحرام عن جسدہٖ ویقربہٗ من رحمتہ
ویعطیہ خیرا لاعمال ویامنہ من الجوع
والعطش یوم القیمۃ وَیھون علیہ عذاب
القبر ویعطیہ الکرامۃ فی الجنۃ۔

کرتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
کوئی بندہ جو رمضان میں ایک دن روزہ اللہ
کے لیے رکھے اللہ تعالےٰ اس کو سات خصلتیں
عطا کرتا ہے۔ ۱؎ حرام گوشت اس کے جسم سے
گل جاتا ہے۔ ۲؎ اللہ تعالےٰ اسکو اپنی رحمت کے
قریب کرلیتا ہے ۳؎ اس کو نیک عمل کی توفیق
دیتا ہے ۴؎ قیامت کے دن اس کو بھوک
۵؎ پیاس سے امان دے گا ۶؎ اس پر
عذابِ قبر آسان کردے گا ۷؎ اور جنت میں
اسکو کرامت عطا کرے گا۔

فائدہ: بھائیو! کیسا برکت والا مہینہ ہے، جس میں ربّ کریم اپنے فضل وکریم سے ہم گنہگاروں کی بخشش فرمادیتے ہیں ایک نیکی کا ثواب سات سو تک پہنچ جاتا ہے، یہ میری تیری خوبی نہیں محض فضلِ خداوندی ہے۔ اپنے حبیب کے طفیل اس امت پر کتنا احسان وکرم ہے کہ جو روزہ دار کے منہ کا بو خوشبو مشک سے زیادہ پسند ہے۔ رمضان میں بہت سے لوگوں کو جہنم سے آزاد کیا جاتا ہے۔

روزہ نہ رکھنے کی بُرائی

۱؎ وَعَنْ ابی ھریرۃ قَالَ قَالَ رسول اللہِ
صَلّی اللہُ علیہ وسلم مَنْ اَفْطَرَ یَوْمًا مِّنْ
رَمَضَانَ مِنْ غَیْرِ رُخْصَۃٍ وَّلَا مَرَضٍ لَمْ
یُقْضَ عَنْہُ صَوْمُ الدَّھْرِ کُلِّہٖ وَاِنْ صَامَہٗ (بخاری)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا، کہ
رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا کہ جو
شخص روزہ نہ رکھے رمضان میں بغیر کسی عذر
یا بیماری کے نہیں معاوضہ ہوسکتا اس کا عمر

Marfat.com

ساری روزہ رکھنا۔

۲ اُحْضُرُوا الْمِنْبَرَ فَحَضَرْنَا فَلَمَّا ارْتَقَى دَرَجَةً قَالَ اٰمِيْنَ فَلَمَّا ارْتَقَى الدَّرَجَةَ الثَّانِيَةَ قَالَ اٰمِيْنَ فَلَمَّا نَزَلَ قُلْنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ لَقَدْ سَمِعْنَا مِنْكَ الْيَوْمَ شَيْئًا مَا كُنَّا نَسْمَعُهُ قَالَ اِنَّ جِبْرِيْلَ عَرَضَ لِيْ فَقَالَ بَعُدَ مَنْ اَدْرَكَ رَمَضَانَ فَلَمْ يُغْفَرْ لَهُ فَقُلْتُ اٰمِيْنَ فَلَمَّا رَقِيْتُ الثَّانِيَةَ قَالَ بَعُدَ مَنْ ذُكِرْتَ عِنْدَهُ فَلَمْ يُصَلِّ عَلَيْكَ قُلْتُ اٰمِيْنَ فَلَمَّا رَقِيْتُ الثَّالِثَةَ قَالَ بَعُدَ مَنْ اَدْرَكَ اَبَوَيْهِ عِنْدَهُ الْكِبَرُ اَوْ اَحَدُهُمَا فَلَمْ يُدْخِلَاهُ الْجَنَّةَ قُلْتُ اٰمِيْنَ۔ (زواجر)

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا سب لوگ ممبر کے پاس حاضر ہوں، پس لوگ ممبر کے پاس حاضر ہوئے جب حضور ممبر کے پہلے درجے پر چڑھے فرمایا آمین جب دوسرے پر چڑھے فرمایا آمین جب تیسرے پر چڑھے فرمایا آمین، جب ممبر سے نیچے اُترے ہم نے عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آج ہم نے آپ سے ایسی بات سُنی کہ کبھی نہ سنتے تھے فرمایا بیشک جبرائیل علیہ السلام نے آکر عرض کیا وہ شخص دور ہو رحمت سے یا ہلاک ہو جس نے رمضان کو پایا اور اسکی مغفرت نہیں ہوئی میں نے کہا آمین، جب میں دوسرے درجہ پر چڑھا کہا وہ شخص دُور ہو جس کے پاس آپ کا ذِکر ہوا اور آپ پر درود نہ پڑھے، میں نے کہا آمین۔ جب میں تیسرے پر چڑھا اس نے کہا دُور ہو وہ جس کے ماں باپ دونوں یا ایک کو اس کے سامنے بڑھاپا آئے اور وہ اس کو جنّت میں داخل نہ کرائیں، میں نے کہا آمین

۳ عَرَى الْاِسْلَامِ وَقَوَاعِدُ الدِّيْنِ ثَلٰثَةٌ عَلَيْهِنَّ اُبْتُنِيَ الْاِسْلَامُ مَنْ تَرَكَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا اسلام کا کڑا اور دین کی بنیاد تین چیز

وَاحِدَةٌ مِنْهُنَّ فَهُوَ بِهَا كَافِرٌ حَلَالٌ الدَّمِ شَهَادَةُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَالصَّلٰوةُ الْمَكْتُوْبَةُ وَصَوْمُ رَمَضَانَ (زواجر جلد اوّل)

ہیں جن پر اسلام کی بنیاد ہے جو شخص ان میں سے ایک کو بھی چھوڑ دے گا، پس وہ اس کے ساتھ کافر ہے جس کا خون حلال ہے ۱؎ شہادت دینا کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ۲؎ نماز فرض ۳؎ رمضان کے روزے۔

فائدہ: رمضان پاک کے روزے نہ رکھنا انسان کو رحمتِ پروردگار سے دُور کر دیتا ہے، نیز حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہم کے نزدیک بغیر عذرِ شرعی نماز و روزہ چھوڑنے والا کافر ہے اس سے بچنا چاہیئے۔ حضرت علی رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ اللہ تعالےٰ امتِ محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم کو عذاب دینا چاہتا، تو ماہِ رمضان پاک عطا نہ فرماتا۔ معلوم ہوا یہ ماہِ مبارک گنہگاروں کی بخشش کا مہینہ ہے، مگر ہم ہیں کہ سستی، کاہلی میں اس کی عزت نہیں کرتے وقتِ قبر و حشر پچھتانا پڑے گا۔

حکایت

ایک جوان حضرت عبدالملک بن مروان کے پاس آیا اور عرض کی، اے اللہ کے دوست میری توبہ کا سبب یہ بنا کہ میں کفن چور تھا۔ میں ایک قبر پر گیا، میت سے کفن اُتارنا چاہا۔ دیکھا قبر میں میت جل رہی ہے آگ شعلے دار بھڑک رہی ہے اور فرشتے اس میت کو آگ کے عمود سے مار رہے ہیں۔ پس میں بے انتہا خوف سے واپس ہوا۔ ہاتف نے آواز دی اے بدبخت میت کے حال کا سوال کیوں نہیں کرتا، میں نے کہا میں قدرت نہیں رکھتا۔ کہا گیا وہ نماز اور روزہ ماہِ رمضان کو ذلیل سمجھتا تھا اور دُنیا سے بغیر توبہ کئے مر گیا۔

سبق: پس بھائیو! اس سے عبرت حاصل کرو اور نماز و روزہ کو اچھی طرح سے پورا کرو۔ اللہ تعالےٰ اپنے محبوب کے صدقہ سے نیکی کی توفیق عطا فرمائے۔

Marfat.com

سحری اور افطار

۱ عَنْ اَنَسٍ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ علیہ وسلم تَسَحَّرُوْا فَاِنَّ فِی السَّحُوْرِ بَرَکَۃً۔ (متفق علیہ)

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ سحری کھاؤ کہ سحر کے کھانے میں برکت ہے۔

۲ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ علیہ وَسلم فَصْلُ مَا بَیْنَ صِیَامِنَا وَصِیَامِ اَھْلِ الْکِتَابِ اَکْلَۃُ السَّحَرِ۔ (مسلم)

حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ ہمارے اور اہلِ کتاب (یہود و نصاریٰ) کے روزوں کے درمیان سحری کھانے کا فرق ہے

۳ وَعَنْ سَھْلٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ علیہ وسلم لَا یَزَالُ النَّاسُ بِخَیْرٍ مَا عَجَّلُوا الْفِطْرَ (متفق علیہ)

حضرت سہل رضی اللہ عنہ کہتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ لوگ ہمیشہ بھلائی میں رہیں گے جب تک افطار میں جلدی کریں گے۔

۴ وَعَنْ سلمان بن عامر قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ علیہ وَسلم اِذَا اَفْطَرَ اَحَدُکُمْ فَلْیُفْطِرْ عَلٰی تَمْرٍ فَاِنَّہٗ بَرَکَۃٌ فَاِنْ لَّمْ یَجِدْ فَلْیُفْطِرْ عَلٰی مَآءٍ فَاِنَّہٗ طَھُوْرٌ۔ (ترمذی۔ ابوداؤد)

حضرت سلمان بن عامر کہتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص تم میں سے روزہ افطار کرنا چاہے اس کو چاہیئے کہ وہ کھجور سے افطار کرے اس لیے کہ کھجور میں برکت ہے اگر کھجور نہ ملے تو پانی سے اس لیے کہ پانی پاک کرنے والا ہے۔

۵ قَالَ علیہ السلام من اکل السحور فلہ ثواب عتق رقبۃ وَاعطی اللّٰہ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ جو شخص سحری کھائے گا اس کو غلام آزاد کرنے کا

Marfat.com

لَہٗ انواع النعمۃ فِی الجنۃ ویثقل میزانَ عمل الخیر لان کان طعام السحور فی کفۃ میزانہٖ وَفِی کل لقمۃ اکل کانَ لہ ثواب عبادۃ سنۃ وَفِی حین الاکل قولوا کثیراً یَا واسع المغفرۃ لایحاسب بھذہ الاکل یَوم القیمۃ۔

ثواب ہے اور اللہ تعالےٰ اس کو جنت میں طرح طرح کی نعمتیں عطا کرے گا۔ اس کے نیک اعمال کے پلہ کو بھاری کر دے گا، کیوں کہ سحری کا کھانا اس کے پلہ میزان میں ہو گا، اور ہر لقمہ کھانے میں اُس کو ایک سال کی عبادت کا ثواب ملے گا اور کھانے کے وقت کثرت سے کہے یَا وَاسِعُ الْمَغْفِرَۃِ (ایسے وسیع بخشش والے) تو اس کے کھانے کا قیامت کے دن حساب نہیں گا۔

۶ ان لِلصائم عند افطارہ دعوۃ مستجابۃ۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ روزہ دار کی افطار کے وقت دُعا مقبول ہے۔

لیلۃ القدر

۱ وعنہ علیہ السلام لان اقوم انا وَامتی لیلۃ السَّابعۃ وَ العشرین من شھر رمضان قدر ما یحلب الواعی شاۃ احب الیٰ من قیام الشھر کلہ۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میرا اور میری امت کا کھڑا ہونا ستائیسویں رات میں اتنی دیر جس میں چرواہا بکری کو دوہ لے مجھے تمام مہینہ کے قیام سے زیادہ پسند ہے۔

۲ وَعَنْ انس بن مَالک قَالَ دَخَلَ رَمَضَانُ فَقَالَ رَسُوْلَ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اِنَّ ھذا الشَّھْرَ قَدْ حَضَرَکُمْ

حضرت انس بن مالک کہتے ہیں کہ جب رمضان کا مہینہ شروع ہوا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ مہینہ تم میں آیا

Marfat.com

وَفِيْهِ لَيْلَةٌ خَيْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ مَنْ حُرِمَهَا فَقَدْ حُرِمَ الْخَيْرَ كُلَّهٗ وَلَا يُحْرَمُ خَيْرَهَا اِلَّا كُلُّ مَحْرُوْمٍ۔

(ابن ماجه)

ہے اور اس میں ایک ایسی رات ہے جو ہزار مہینوں سے بہتر ہے پس جو شخص اس کی بھلائی سے محروم رہا اور نہیں محروم رکھا جاتا اس کی نیکیوں سے مگر وہ شخص جو بے نصیب ہے۔

۳ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا كَانَ لَيْلَةُ الْقَدْرِ نَزَلَ جِبْرَئِيْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ فِيْ كَبْكَبَةٍ مِّنَ الْمَلَائِكَةِ يُصَلُّوْنَ عَلٰى كُلِّ عَبْدٍ قَائِمٍ اَوْ قَاعِدٍ يَّذْكُرُ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ

(بیهقی)

حضرت انس کہتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جب لیلۃ القدر ہوتی ہے تو جبرائیل علیہ السلام فرشتوں کی جماعت کے ساتھ آتے ہیں اور ہر اس بندہ پر رحمت بھیجتے ہیں یا اسکی بخشش کی دعا کرتے ہیں، جو کھڑے ہو کر یا بیٹھ کر خدا کا ذکر کرتا ہے عبادت کرتا ہے۔

۳ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا دَخَلَ الْعَشْرُ شَدَّ مِئْزَرَهٗ وَاَحْيٰى لَيْلَهٗ وَاَيْقَظَ اَهْلَهٗ۔ (متفق علیه)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ جب رمضان کا آخری عشرہ آتا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے تہبند کو مضبوط باندھ لیتے راتوں کو جاگتے اور اپنے گھر والوں کو جگاتے۔

۴ وَعَنْ اَبِيْ بَكْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ الْتَمِسُوْهَا يَعْنِيْ لَيْلَةَ الْقَدْرِ فِيْ تِسْعٍ يَبْقَيْنَ اَوْ فِيْ سَبْعٍ يَبْقَيْنَ اَوْ فِيْ خَمْسٍ يَبْقَيْنَ اَوْ ثَلٰثٍ يَبْقَيْنَ اَوْ اٰخِرِ لَيْلَةٍ۔ (ترمذی)

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں، میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے تلاش کرو شب قدر کو انتیسویں ۲۹ کو ستائیسویں ۲۷ کو پچیسویں ۲۵ کو تیئسویں کو یا آخر رات میں۔

ے وہ تمام بھلائیوں سے محروم رہا

Marfat.com

ہٖ مَنْ فَطَّرَ صَائِمًا فِیْ شَهْرِ رَمَضَانَ مِنْ كَسْبٍ حَلَالٍ صَلَّتْ عَلَیْهِ الْمَلَائِكَةُ لَیَالِیَ رَمَضَانَ كُلَّهَا وَصَافَحَهٗ جِبْرِیْلُ عَلَیْهِ السَّلَامُ یُرَقُّ فِیْ قَلْبِهٖ وَتَكْثُرُ دُمُوْعَهٗ۔ (زواجر ابن حجر)

جو شخص حلال کمائی سے رمضان پاک میں روزہ افطار کرائے اس کے لیے رمضان پاک کی راتوں میں فرشتے رحمت کی دُعا کرتے ہیں اور شب قدر میں جبرائیل علیہ السلام مصافحہ کرتے ہیں، جبرائیل علیہ السلام کے مصافحہ کرنے کی علامت یہ ہے کہ اس کے دِل میں رقت پیدا ہوتی ہے اور آنکھوں سے آنسو بہتے ہیں۔

ہٖ وَعَنْ زِرِّ بْنِ حُبَیْشٍ قَالَ سَاَلْتُ اُبَیَّ بْنَ كَعْبٍ فَقُلْتُ اِنَّ اَخَاكَ ابْنَ مَسْعُوْدٍ یَقُوْلُ مَنْ یَّقُمِ الْحَوْلَ یُصِبْ لَیْلَةَ الْقَدْرِ فَقَالَ رَحِمَهُ اللّٰهُ اَرَادَ اَنْ لَّا یَتَّكِلَ النَّاسُ اَمَا اِنَّهٗ قَدْ عَلِمَ اَنَّهَا فِیْ رَمَضَانَ وَاَنَّهَا فِی الْعَشْرِ الْاَوَاخِرِ وَاَنَّهَا فِیْ سَبْعٍ وَّعِشْرِیْنَ فَقُلْتُ بِاَیِّ شَیْءٍ تَقُوْلُ ذَالِكَ یَا اَبَا الْمُنْذِرِ قَالَ بِالْعَلَامَةِ اَوْ بِالْاٰیَةِ الَّتِیْ اَخْبَرَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهَا تَطْلُعُ یَوْمَئِذٍ لَّا شُعَاعَ لَهَا۔ (مسلم)

حضرت زرین حبیش رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ تمہارے بھائی ابن مسعود کہتے ہیں کہ جو شخص سال کی تمام راتوں میں عبادت کرے وہ شبِ قدر کو پالے گا۔ ابی بن کعب نے کہا خدا ان پر رحم کرے انہوں نے اس خیال سے کہا ہے کہ کہیں لوگ اس رات پر بھروسہ نہ کرلیں حالاں کہ واقعہ یہ ہے کہ ابنِ مسعود کو یہ معلوم تھا کہ شبِ قدر رمضان میں ہے، اور رمضان کے آخری عشرہ میں ہے اور وہ ستائیسویں رات ہے۔ پھر ابی بن کعب نے قسم کھائی کہ وہ ستائیسویں رات ہے اور انشاء اللہ نہ کہا پس میں نے کہا تم کس دلیل سے کہتے ہو۔ تو انہوں نے کہا ان علامات یا نشانیوں سے جن سے ہم

Marfat.com

کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم نے آگاہ کیا، یعنی
یہ کہ اس رات کی صبح کو آفتاب نکلتا ہے۔ تو
(کشف الغمہ جلد اوّل) اسمیں روشنی نہیں ہوتی یعنی بہت کم ہوتی ہے۔

ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم سے آکر کہا یا رسول اللہ میں نے رمضان کی پہلی رات اپنی غفلت سے سونے میں کھودی۔ فرمایا اے شخص تجھ کو چاہیئے کہ تو ستائیس رات کو جاگے کیوں کہ وہ اللہ کے نزدیک مقرب ہے۔ قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے جو شخص اُسے ذکر الٰہی اور یاد میں زندہ رکھیگا۔ تو اس کو حج و عمرہ و مجاہد کا ثواب اس کے بالوں کے برابر ملیگا جو اس کے جسم میں ہیں۔ (تذکرۃ الواعظین)

نیز حضرت خالد رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم سے روایت کرتے ہیں، جو شخص شبِ قدر کو جاگے گا۔ تو مجھ پر یہ حق ہے کہ اس کو جنّت میں داخل کر دوں اور اُس کو ستّر سال کی عبادت کا ثواب ہے اور اِس کی کتاب میں ستّر ہزار برس کی عبادت لکھی جائے گی اور دار القرار میں اس کے واسطے محل بنایا جائے گا۔ جس کے ہزار دروازے اور ہر دروازے پر ہزار خادم ہوں گے۔ (تذکرۃ الواعظین)

شب قدر کی علامات

امام شعرانی رحمۃ اللہ علیہ نے شبِ قدر کی بعض علامتیں بیان کی ہیں۔ کہ یہ رات چمکدار اور صاف ہوگی، نہ زیادہ گرم نہ زیادہ ٹھنڈی، ہوا۔ بادل۔ بارش نہ ہوگی۔ نہ ہی ستارے ٹوٹیں گے جو شیاطین کو مارے جاتے ہیں۔ اس رات کی صبح آفتاب بغیر شعاع کے طلوع کریگا۔

اعتکاف

اللہ عزّ وجلّ و اعلےٰ ارشاد فرماتا ہے:

وَلَا تُبَاشِرُوْهُنَّ وَاَنْتُمْ عٰكِفُوْنَ فِي عورتوں سے مباشرت نہ کرو جب تم مسجد

Marfat.com

المسجد ط

میں اعتکاف کئے ہوئے ہو۔

مسئلہ : مسجد میں اللہ کے لیے نیت کے ساتھ ٹھہرنا اعتکاف ہے اس کے لیے مسلمان عاقل اور جنابت وحیض ونفاس سے پاک ہونا شرط ہے۔

مسئلہ : رمضان پاک کے آخری دس دن اعتکاف سنتِ مؤکدہ علی الکفایہ ہے۔ یعنی اگر ایک نے کرلیا سب بری الذمہ ہوجائیں گے۔ بیسویں رمضان کو سورج ڈوبنے سے پہلے یہ نیت اعتکاف بیٹھنا سنت ہے اور عید کا چاند ہونے پر مسجد سے باہر نکلے۔

۱ قَالَ الْحُسَیْنُ بْنُ عَلِیٍّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ مَنْ اِعْتَکَفَ عَشْرًا فِیْ رَمَضَانَ کَانَ کَحَجَّتَیْنِ وَعُمْرَتَیْنِ (کشف الغمہ ج۱)

حضرت حسین بن علی رضی اللہ عنہم نے فرمایا، کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص دس روز رمضان میں اعتکاف بیٹھے گا جیسے دو حج اور دو عمرہ کرے۔

۲ کَانَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ مَنِ اعْتَکَفَ مَا بَیْنَ الْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ فِیْ مَسْجِدِ جَمَاعَۃٍ لَمْ یَتَکَلَّمْ اِلَّا بِصَلٰوۃٍ وَقُرْاٰنٍ کَانَ حَقًّا عَلَی اللّٰہِ اَنْ یَّبْنِیَ لَہٗ قَصْرًا فِی الْجَنَّۃِ (کشف الغمہ ج۱)

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص مسجد جماعت میں مغرب اور عشا کے درمیان اعتکاف کرے نماز اور تلاوتِ قرآن کے سوا کلام نہ کرے اللہ کے ذمہ کرم پر ہے کہ جنت میں اس کا محل تیار کرے۔

صدقہ فطر

مسئلہ : صدقہ فطر ہر مسلمان آزاد مالک نصاب پر جس کی نصاب حاجت اصلیہ سے فارغ ہو واجب ہے، اس میں عاقل، بالغ اور مال نامی ہونے کی شرط نہیں۔ (بہارِ شریعت)

مسئلہ : اعلیٰ درجہ کی تحقیق اور احتیاط یہ ہے کہ صاع کا وزن ۵۱۳ روپے بھر ہے۔ اور نصف صاع ۲۵۶ روپے اٹھنی بھر (فتاوٰے رضویہ، بہارِ شریعت) یعنی صاع کا وزن

Marfat.com

مروجہ چار سیر سات چھٹانک بھر ہوا، نصف صاع دو سیر تین چھٹانک چھ ماشے ہے۔

(نوٹ) بطورِ احتیاط سوا دو سیر گندم دینی چاہیئے یا قیمت۔ کیوں کہ اگر ماشہ بھر بھی صحیح وزن سے کم ہو تو صدقہ فطر ادا نہ ہوگا۔ (صاع کا وزن: 4ء2040 کلوگرام نصف صاع 2ء130 کلوگرام)

مسئلہ: صدقۂ فطر کی مقدار یہ ہے۔ گیہوں یا اس کا آٹا نصف صاع، کھجور یا منقّٰی یا جو یا اس کا آٹا یا ستو ایک صاع (بہارِ شریعت)، قیمت بھی دے سکتا ہے بعض حالات میں قیمت افضل ہے۔

مسئلہ: صدقۂ فطر کے مصارف بھی وہی ہیں جو زکوٰۃ کے ہیں۔

۱ فَرَضَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ زَکٰوۃَ الْفِطْرِ طُھْرًا لِلصِّیَامِ مِنَ اللَّغْوِ وَالرَّفَثِ وَطُعْمَۃً لِلْمَسَاکِیْنِ (مشکوٰۃ)

واجب فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صدقۂ فطر کو بیہودہ کلام سے روزہ کی طہارت ہو جائے اور مسکینوں کے لیے کھانا بن جائے۔

۲ قَالَ اَبُوْبَکْرٍ صِدِّیْقٌ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنَّہٗ قَالَ صَوْمُ الْمَرْءِ مُعَلَّقٌ بَیْنَ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ حَتّٰی یُعْطٰی صَدَقَۃَ الْفِطْرِ کَاَنَّہٗ فِیْ صَدَقَۃِ الْفِطْرِ ثَلٰثَۃُ اَشْیَاءَ قَبُوْلُ الصَّوْمِ وَالْفَلَاحُ وَالنَّجَاۃُ مِنَ الْمَوْتِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ فَاحْیُوْا لَیْلَۃَ الْفِطْرِ بِالْاِشْتِغَالِ بِعِبَادَۃِ اللّٰہِ وَبِالصَّلٰوۃِ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ۔

ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آدمی کا روزہ آسمان و زمین کے درمیان معلّق ہے جب تک صدقہ فطر نہ دے اس لیے کہ صدقہ فطر میں تین باتیں روزہ کی قبولیت، فلاحت، سکرات موت و عذابِ قبر سے نجات۔ پس شبِ عید کو جاگو اور اللہ تعالےٰ کی عبادت اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنے کے شغل میں۔

Marfat.com

نماز تراویح

مسئلہ: ہر شب تراویح کی نماز سنتِ مؤکدہ ہیں ہر غیر معذور مرد و عورت کے لیے، مرد کے لیے جماعت بھی سنّت کفایہ ہے، اَور مسجد میں بھی۔

۱ عن ابن عمر رضی اللہ عنہ قال قال علیہ السلام من صلی عشرین رکعۃ من التراویح قبل الوتر اعطی اللہ لہٗ عشرین مدینۃ فی الجنۃ فکل مدینۃ میسرۃ شھر وکل شھر من ثلثین ایام وکل یوم مقدار سنتہ۔

ابنِ عمر رضی اللہ عنہ سے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم نے جو شخص بیس رکعت تراویح وتر سے پہلے پڑھے گا اس کو اللہ تعالےٰ جنّت میں بیس شہر عطا کرے گا ہر شہر ایک مہینہ کا راستہ ہوگا۔ اَور ہر مہینہ تیس دن کا اَور ہر دن ایک سال کے برابر ہوگا۔

۲ نیز رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم فرماتے ہیں کہ جو شخص بیس رکعت تراویح پڑھیگا۔ اللہ تعالیٰ اس کے بیس ہزار گناہ بخش دے گا۔ اَور اس کو بیس شہیدوں کا ثواب عطا کریگا اَور گویا اُس نے ستّر نبیوں کی زیارت کی۔ (تذکرۃ الواعظین)

فائدہ جلیلہ

رمضان المبارک کا مہینہ سراسر رحمت ہی رحمت ہے جس طرح حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا رمضان پاک کا اوّل رحمت درمیان میں مغفرت اَور اس کا آخر جہنم سے آزادی ہے۔

بھائیو! اس رحمت بھرے ماہ کو غفلت سے نہ گزارو، بلکہ اس کی ایک ایک ساعت تیرے لیے غنیمت ہے شاید یہ وقت دوبارہ نصیب ہو یا نہ ہو۔ اپنے گناہوں سے توبہ کرکے

Marfat.com

آئندہ کے لیے اپنی حالت سدھار لو۔ نیز حضور علیہ السلام نے ارشاد فرمایا، ایک رمضان دوسرے رمضان تک گناہوں کا کفارہ ہوتا ہے۔

سبق : بنا، اسلام کا ذکر اس لیے کیا گیا ہے کہ ہر مسلمان ان کی حقیقت سے باخبر ہو کر ان پر عمل کرے اور اسلام کی شاندار عمارت کو گرانہ دے۔ بہت سے وہ لوگ ہیں جو نماز تو پڑھتے ہیں۔ لیکن زکوٰۃ کو صحیح طریقہ سے ادا نہیں کرتے۔ بعض وہ ہیں جو رمضان المبارک کے روزے نہیں رکھتے۔ بعض ایسے انسان ہیں، جن کے پاس مال موجود ہے لیکن حج المبارک پر جانا گوارا نہیں۔ دیگر فاشات پر بہت رقم خرچ کرتے ہیں۔ لیکن زیارتِ حرمین ان کیلئے مشکل ہے۔ لیکن مسلمان کے لیے جس طرح کلمہ طیبہ کا پڑھ کر دل و جان سے اس کی تصدیق ضروری ہے اسی طرح نماز، روزہ، زکوٰۃ، حج کا ادا کرنا بھی ضروری ہے۔ لیکن زکوٰۃ و حج صاحبِ مقدور پر ہے غریب پر نہیں۔ باقی نماز، روزہ ہر عاقل بالغ مسلمان پر فرض عین ہے، بغیر عُذر کے، ہم وہ ہیں عذر بھی کوئی نہیں۔ مسجدیں خالی ہیں سینما آباد۔ قرآنِ مجید بند پڑا ہے، ریڈیو کو بغل میں رکھتے ہیں کہیں کوئی گانا بغیر سُنے نہ گزر جائے۔ افسوس صد افسوس مسلمان وہ تھے کہ نماز کا وقت ہے جہاد میں ہیں لیکن نماز ادا فرما رہے ہیں۔ سخت گرمی ہے کفار سے ماہِ رمضان المبارک کے روزے رکھ کر جہاد فرما رہے ہیں ہمیں ہر طرح کا آرام و سکون میسّر ہے لیکن اسلام سے نفرت۔ دُنیا کمینی کے پیچھے اس طرح پھر رہے ہیں جیسے کتا مُردار کے پیچھے۔ لیکن دین اسلام سے لاپرواہی، علم دین سے نفرت، عمل کا تو نام ہی نہیں۔ ہم سب مسلمانوں کو اپنے دینِ اسلام کے ان پانچ بنا پر عمل کرنا نہایت ضروری ہے یہ پانچ دین کی جان ہیں باقی اعمال فروع۔

Marfat.com

موت آنے کا بیان

كُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَةُ الْمَوْتِ (پ۲۱، ع۲)

ہر جان کو موت کا مزہ چکھنا ہے۔

حدیثِ پاک میں ہے:۔

مَا يَزَالُ الْبَلَآءُ بِالْمُؤْمِنِ وَالْمُؤْمِنَةِ فِيْ نَفْسِهٖ وَوَلَدِهٖ وَمَالِهٖ حَتّٰى يَلْقَى اللّٰهَ وَمَا عَلَيْهِ خَطِيْئَةٌ۔

ایمان دار مرد اَور ایمان دار عورت اپنی ذات اَور اولاد اَور مال کی وجہ سے ہمیشہ مصیبت میں گرفتار رہتے ہیں۔ یہاں تک کہ (مر کر) خدا سے جا ملتے ہیں اَور حال یہ ہوتا ہے، کہ وہ گناہوں سے پاک ہوتے ہیں۔

(مالک، ترمذی)

مَنْ اَحَبَّ لِقَآءَ اللّٰهِ اَحَبَّ اللّٰهُ لِقَآءَهٗ وَمَنْ كَرِهَ لِقَآءَ اللّٰهُ كَرِهَ اللّٰهُ لِقَآءَهٗ فَقَالَتْ عَآئِشَةُ اِنَّا لَنَكْرَهُ الْمَوْتَ قَالَ لَيْسَ ذَالِكَ وَلٰكِنَّ الْمُؤْمِنَ اِذَا حَضَرَهُ الْمَوْتُ بُشِّرَ بِرِضْوَانِ اللّٰهِ وَكَرَامَتِهٖ فَلَيْسَ شَيْءٌ اَحَبَّ اِلَيْهِ مِمَّا اَمَامَهٗ فَاَحَبَّ لِقَآءَ اللّٰهِ وَاَحَبَّ

جو شخص خدا سے ملنا چاہے خدا بھی اُس سے ملنا چاہتا ہے اَور جو خدا سے ملنا پسند نہیں کرتا خدا بھی اس سے ملنا پسند نہیں کرتا۔ عائشہ نے کہا ہم سب موت سے نفرت کرتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ یہ (بات) نہیں۔ مومن کے سامنے جب موت آتی ہے تو اُسے خدا کی رضامندی اَور کرم کی خوشخبری

Marfat.com

اللّٰہُ لِقَآءَہٗ وَاِنَّ الْکَافِرَ اِذَا حَضَرَہُ الْمَوْتُ بُشِّرَ بِعَذَابِ اللّٰہِ تَعَالٰی وَعُقُوْبَتِہٖ فَلَیْسَ شَیْءٌ اَکْرَہَ اِلَیْہِ مِمَّا اَمَامَہٗ فَکَرِہَ لِقَآءَ اللّٰہِ وَکَرِہَ اللّٰہُ لِقَآءَہٗ۔

دی جاتی ہے تو کوئی چیز اُسے موت سے زیادہ پیاری نہیں لگتی۔ پس وہ خُدا تعالےٰ سے ملنا چاہتا ہے اَور خُدا اِس سے ملنا چاہتا ہے۔ اَور جب مُنکر کے سامنے موت آتی ہے تو اسے موت کی خبر دی جاتی ہے۔ پس موت سے زیادہ اسی کوئی چیز بُری نہیں لگتی اَور وُہ خُدا سے مِلنے سے نفرت کرتا ہے اَور خُدا بھی اسے مِلنے سے نفرت کرتا ہے

(الخمسۃ الّا ابوداؤد)

مسائل فقیہہ

جب موت کا وقت قریب آئے اَور علامتیں پائی جائیں تو سنّت یہ ہے کہ دہنی کروٹ پر لٹا کر قبلہ کی طرف منہ کر دیں اَور یہ بھی جائز ہے کہ چت لٹائیں اَور قبلہ کو پاؤں کریں کہ یوں ہی قبلہ کو منہ ہو جائے گا۔ مگر اسی صورت میں منہ کو ذرا اونچا رکھیں اگر قبلہ کو منہ کرنا دشوار ہو کہ اُس کو تکلیف ہوتی ہے جس حالت میں ہے چھوڑ دیں۔ جان کنی کی حالت میں جب تک رُوح گلے کو نہ آئے اُسے تلقین کریں یعنی اُس کے پاس بلند آواز سے پڑھیں اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ مگر اُس کو اس کے کہنے کا حکم نہ دیں جب اُس نے کلمہ پڑھ لیا تو تلقین موقوف کر دیں۔ اگر کلمہ پڑھنے کے بعد کوئی دُنیا کی بات اُس نے کی تو پھر تلقین کریں کہ اُس کا آخری کلام لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ہو۔ (بہارِ شریعت)

مسئلہ: جب روح نکل جائے تو ایک چوڑی پٹی جبڑے کے نیچے سے سر پر لے جا کر باندھ دیں اَور منہ کھلا نہ رہے اَور آنکھیں بند کر دیں اَور انگلیاں اَور ہاتھ پاؤں سیدھے کر دیے جائیں۔ یہ کام کرتے وقت بِسْمِ اللّٰہِ وَعَلٰی مِلَّۃِ رَسُوْلِ اللّٰہِ۔ ضرور پڑھ لیا کریں۔ (بہارِ شریعت)

Marfat.com

مسئلہ : اُس کے پیٹ پر لوہا یا گیلی مٹی یا اَور کوئی بھاری چیز رکھ دیں کہ پیٹ پھول نہ جائے مگر ضرورت سے زیادہ وزن نہ ہو کہ باعثِ تکلیف ہو۔ میّت کے سارے بدن کو کسی کپڑے سے چھپا دیں اَور چارپائی وغیرہ اونچی جگہ پر رکھیں تاکہ زمین کی سیل نہ پہنچے۔

(بہارِ شریعت)

مسئلہ : اگر میّت کے ذمہ قرض وغیرہ ہو تو جلدی ادا کر دیں کہ حدیث میں ہے کہ میّت اپنے قرضہ میں مقیّد ہے۔ ایک روایت میں ہے اُس کی روح معلّق رہتی ہے جب تک اُس کا قرضہ ادا نہ کیا جائے۔ میّت کے پاس تلاوت قرآنِ مجید جائز ہے جب کہ اس کا تمام بدن کپڑے سے چھپا ہو۔ غسل وکفن ودفن میں جلدی چاہیئے کہ حدیث میں اس کی بہت تاکید آئی ہے۔ (بہارِ شریعت)

میّت کو نہلانے کا بیان

میّت کو نہلانا فرض کفایہ ہے بعض لوگوں نے غسل دے دیا تو سب سے ساقط ہو گیا نہلانے کا طریقہ یہ ہے جس تختہ پر نہلانے کا ارادہ ہو اُس کو تین بار یا چار بار پانچ یا سات بار دھونی دیں جس چیز میں خوشبو سلگتی ہو اُسے اتنی بار تختہ وغیرہ کے گرد پھرائیں اَور اس پر میّت کو لٹا کر ناف سے گھٹنوں تک کسی کپڑے سے چھپا دیں، پھر نہلانے والا اپنے ہاتھ پر کپڑا لپیٹ کر پہلے استنجا کرائے پھر نماز کا سا وضو کرائے یعنی منہ پھر کہنیوں سمیت ہاتھ دھوئیں پھر سر کا مسح کریں پھر پاؤں دھوئیں، مگر میّت کے وضو میں گٹوں تک پہلے ہاتھ دھونا اَور کُلی کرنا اَور ناک میں پانی ڈالنا نہیں ہے۔ ہاں کوئی کپڑا یا روئی کی پھریری بھگو کر دانتوں اَور مسوڑوں اَور ہونٹوں نتھنوں پر پھیر دیں، پھر سر اَور داڑھی کے بال ہوں تو گلِ خیرا سے دھوئیں یہ نہ ہو تو پاک صابن اسلامی کارخانہ کا بنا ہوا ہو۔ یا بیسن سے یا کسی اَور چیز سے، ورنہ خالی پانی سے ہی دھو دیں۔ پھر بائیں کروٹ پر لٹا کر سر سے پاؤں تک بیری کے پتوں میں پکا ہوا پانی بہائیں کہ تختہ تک پہنچ جائے، پھر داہنی کروٹ پر لٹا کر یوہیں کریں بیری کا

Marfat.com

جوش دیا ہوا پانی نہ ہو۔ تو نیم گرم خالص پانی ہی کافی ہے۔ پھر ٹیک لگا کر بٹھائیں نرمی کے ساتھ نیچے کو پیٹ پر ہاتھ پھیریں اگر کچھ نکلے تو دھو ڈالیں، وضو و غسل کا اعادہ نہ کریں۔ پھر آخر میں سر سے پاؤں تک کافور کا پانی بہائیں پھر اُس کے بدن کو کسی پاک کپڑے سے آہستہ پونچھ دیں۔ ایک مرتبہ سارے بدن پر پانی بہانا فرض ہے اور تین مرتبہ سنّت۔ جہاں غسل دیں مستحب ہے کہ پردہ کر دیویں کہ سوائے نہلانے والوں اور مددگاروں کے دوسرا نہ دیکھے، نہلاتے وقت خواہ اُسی طرح لٹائیں جیسے قبر میں رکھتے ہیں یا قبلہ کی طرف پاؤں کر کے یا جو آسان ہو کریں۔ نہلانے والا طہارت ہو جُنب یا حیض والی عورت نے غسل دیا تو کراہت ہے مگر غسل ہو جائے گا۔ اور بے وضو نے نہلایا تو کراہت بھی نہیں۔ بہتر تو یہ ہے نہلانے والا میّت کا سب سے قریبی رشتہ دار ہو۔ وُہ نہ ہو یا نہلانا نہیں جانتا تو کوئی اور شخص جو امانت دار و پرہیزگار ہو۔

کفن کا بیان

میّت کو کفن دینا فرض کفایہ ہے کفن کے تین درجے ہیں۔ ضرورت، کفایت، سنّت۔ مرد کے لیے سنّت تین کپڑے ہیں: لفافہ، اِزار، قمیض اور عورت کے لیے پانچ، تین مذکورہ، اوڑھنی، سینہ بند۔ کفن کی کفایت کے لیے دو کپڑے ہیں لفافہ۔ اِزار۔ عورت کے لیے تین لفافہ، ازار اوڑھنی یا لفافہ، قمیض، اوڑھنی۔ کفن ضرورت دونوں کے لیے یہ کہ جو میسّر آجائے اور کم از کم اتنا تو ہو کہ سارا بدن ڈھک جائے (درمختار، عالمگیری وغیرہ)

مسئلہ: چادر کی مقدار یہ ہے، میّت کے قد سے اس قدر زیادہ ہو کہ دونوں طرف باندھ سکیں اور اِزار یعنی تہبند چوٹی سے قدم تک یعنی لفافہ سے اتنی چھوٹی ہو جو بندش کے لئے زیادہ تھا اور قمیص جس کو کفنی کہتے ہیں گردن سے گھٹنوں کے نیچے تک اور یہ آگے اور پیچھے دونوں طرف برابر ہو۔ جاہلوں کا رواج ہے وُہ پیچھے کم رکھتے ہیں یہ غلطی ہے۔ چاک آستینیں اس میں نہ ہوں، مرد اور

Marfat.com

عورت کی کفنی میں فرق ہے مرد کی کفنی مونڈھے پر چیریں۔ اور عورت کے لیے سینہ کی طرف، اوڑھنی تین ہاتھ ہونی چاہیئے۔ یعنی ڈیڑھ گز اور سینہ بند پستان سے ناف تک اور بہتر تو یہ ہے کہ ران تک ہو۔ (بہارِ شریعت)

مسئلہ: بلاضرورت کفن کفایت سے کم کرنا ناجائز ہے و مکروہ ہے۔ کفن اچھا ہونا چاہیئے، مرد عید یا جمعہ کے لیے جیسے کپڑے پہنتا تھا اور عورت جیسے کپڑے پہن کر میکے جاتی تھی اُس قیمت کا ہونا چاہیئے حدیث میں ہے مردوں کو اچھا کفن دو کہ وہ باہم ملاقات کرتے ہیں اور اچھے کفن سے تفاخر کرتے یعنی خوش ہوتے ہیں۔ سفید کفن بہتر ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا! اپنے مُردے سفید کپڑوں میں کفناؤ۔ (بہارِ شریعت)

کفن پہنانے کا طریقہ

کفن پہنانے کا طریقہ یہ ہے کہ میت کو غسل دینے کے بعد بدن کسی پاک کپڑے سے پونچھ لو کہ کفن تر نہ ہو، کفن کو تین، چار یا پانچ دفعہ دھونی دے لیں اس سے زیادہ نہیں، پھر کفن یوں بچھائیں کہ پہلے بڑی چادر پھر تہمند پھر کفنی پھر میت کو اُس پر لٹائیں اور کفنی پہنائیں، ڈاڑھی اور تمام بدن پر خوشبو ملیں، پھر ماتھے، ناک، ہاتھ، گھٹنے، قدم پر کافور لگائیں اور پھر تہمند لپیٹیں، پہلے بائیں جانب سے پھر داہنی طرف سے تاکہ داہنا اوپر رہے سر اور پاؤں کی طرف سے باندھ دیں کہ اُڑنے کا اندیشہ نہ رہے۔ عورت کو کفنی پہنا کر اُس کے بال کے دو حصے کر کے کفنی کے اوپر سینہ پر ڈالدیں، اوڑھنی نصف پُشت کے نیچے سے بچھا کر سر پر لا کر منہ پر مثل نقاب ڈال دیں کہ سینہ پر رہے کہ اُس کا طول نصف پُشت سے سینہ تک رہے اور عرض ایک کان کی لو سے دوسرے کان کی لو تک ہے۔ یہ جو لوگ کیا کرتے ہیں کہ زندگی کی طرح اوڑھاتے ہیں یہ محض بیکار خلافِ سنّت ہے۔ پھر بدستور اِزار و لفافہ لپیٹیں پھر سب کے اوپر سینہ بند بالائے پستان سے ران تک لا کر باندھیں

Marfat.com

مرد کے لیے بدن پر ایسی خوشبو لگانا جائز نہیں جسمیں زعفران آمیزش ہو، عورت کے لیے جائز ہے۔
جس نے احرام باندھا ہے اُس کے بدن پر خوشبو لگائیں اُس کا منہ اور سر کفن سے چھپایا جائے۔

(بہارِ شریعت)

جنازہ لے چلنے کا بیان

جنازہ کو کندھا دینا عبادت ہے ہر شخص کو چاہیئے کہ عبادت میں کوتاہی نہ کرے اور حضور سید المرسلین حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سعد بن معاذ رضی اللہ تعالےٰ عنہ کا جنازہ اُٹھایا سُنّت یہ ہے چار شخص جنازہ اُٹھائیں ایک ایک پایہ ایک شخص لے اور اگر صرف دو شخصوں نے جنازہ اُٹھایا ایک سرہانے ایک پائنتی تو بلا ضرورت مکروہ ہے اور ضرورت سے ہو، مثلاً جگہ تنگ ہے تو ہرج نہیں۔ (عالمگیری)

مسئلہ : سنّت یہ ہے کہ یکے بعد دیگرے چاروں پایوں کو کندھا دے اور ہر بار دس دس قدم چلے، پوری سنّت یہ ہے کہ پہلے دائیں سرہانے کندھا دے۔ پھر دائیں پائنتی پھر بائیں سرہانے پھر بائیں پائنتی۔ اور دس دس قدم چلے تو کل چالیس قدم ہوئے۔ حدیث میں ہے کہ جو چالیس قدم جنازہ لے کر چلے اس کے چالیس کبیرہ گناہ مٹا دیئے جائیں گے۔ نیز حدیث میں جو جنازہ کے چاروں پایوں کو کندھا دے اللہ تبارک تعالےٰ اُس کی حتمی مغفرت فرمائے گا۔ (بہارِ شریعت)

نمازِ جنازہ پڑھنے کا بیان

نمازِ جنازہ فرض کفایہ ہے کہ ایک نے بھی پڑھ لی بری الذمہ ہو گئے ورنہ جس جس کو خبر پہنچی تھی اور نہ پڑھی گنہ گار ہوا۔ (عامہ کتب) اس کی فرضیت کا جو انکار کرے کافر ہے۔
نمازِ جنازہ میں دو رُکن ہیں ۱ چار بار اللہ اکبر کہنا۔ ۲ قیام، نمازِ جنازہ میں تین چیزیں سنّتِ مؤکدہ ہیں۔ ۱ اللہ تعالےٰ کی ثنا ۲ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود ۳ میت کے لیے

Marfat.com

دُعا۔

نمازِ جنازہ پڑھنے کا طریقہ

امام میت کے سامنے کھڑا ہو۔ مستحب یہ ہے کہ میت سینہ کے سامنے ہو۔ نیت کی میں نے اس نماز کی نماز پڑھتا ہوں واسطے اللہ تعالےٰ کے چار تکبیر نماز جنازہ فرض کفایہ، ثنا واسطے اللہ تعالےٰ کے درود واسطے نبی کریم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے، دُعا واسطے حاضر میت کے۔ منہ طرف قبلہ شریف کے، پیچھے اس امام کے، اللہ اکبر، کان تک ہاتھ اُٹھا کر اللہ اکبر کہتا ہوا ہاتھ نیچے لائے اور ناف کے نیچے حسبِ دستور باندھ لے۔ اور ثنا پڑھے اور پھر بغیر ہاتھ اُٹھائے اللہ اکبر کہے اور درود شریف پڑھے، بہتر درود وُہ ہے جو نماز میں پڑھا جاتا ہے پھر بغیر ہاتھ اُٹھائے اللہ اکبر کہہ کر اپنے اور میت اور تمام مومنین و مومنات کے لیے دُعا کرے بہتر یہ ہے کہ وہ دُعا پڑھے جو احادیث میں وارد ہیں۔ ان دُعاؤں کو یاد کر لینا چاہیئے۔ میت نابالغ ہو تو تیسری تکبیر کے بعد یہ دُعا پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْہُ لَنَا فَرَطًا وَّاجْعَلْہُ	اے اللہ تو اسکو ہمارے لیے پیش رو کر اور اسکو
لَنَا ذُخْرًا وَّاجْعَلْہُ لَنَا شَافِعًا وَّ	ہمارے لیے ذخیرہ کر اور اس کو ہماری شفاعت
مُشَفَّعًا۔	کرنے والا اور مقبول الشفاعۃ کر دے۔

اگر لڑکی ہو تو اجْعَلْھَا اَوْ شَافِعَۃً وَّ مُشَفَّعَۃً۔

پھر پہلے کی طرح چوتھی تکبیر کہے، بغیر کوئی دُعا پڑھے ہاتھ کھول کر سلام پھیر دے۔ سلام میں میت اور فرشتوں اور حاضرین نماز کی نیت کرے۔ اسی طرح جیسے اور نمازوں کے لیے کی جاتی ہے، یہاں اتنی بات زیادہ ہے کہ میت کی بھی نیت کرے۔

مسئلہ: تکبیر اور سلام کو امام جہر کے ساتھ کہے باقی تمام دعائیں آہستہ پڑھی جائیں اور صرف پہلی مرتبہ اللہ اکبر کہنے کے وقت ہاتھ اُٹھائے پھر نہیں۔

(جوہرہ، درمختار)

Marfat.com

مسئلہ : بہتر یہ ہے کہ نماز جنازہ میں تین صفیں کریں کہ حدیث میں ہے جس کی نماز تین صفوں نے پڑھی اُس کی مغفرت ہوجائے گی۔ اگر کل سات ہی شخص ہوں تو ایک امام ہو اَور تین پہلی صف میں اَور دو دوسری اَور ایک تیسری میں (غنیہ)

جنازہ میں پچھلی صف کو تمام صفوں پر فضیلت ہے۔

دُعا : نماز جنازہ کے فوراً بعد دُعا کی جائے۔ چنانچہ مشکوٰۃ شریف باب صلوٰۃ الجنازہ فصل ثانی میں ہے۔

اِذَا صَلَّیْتُمْ عَلَی الْمَیِّتِ فَاَخْلِصُوْا لَہٗ الدُّعَآءَ۔ — جب تم میّت پر نماز پڑھ لو تو اُس کے لیے خالص دُعا کرو۔

مبسوط شمس الائمہ سرخسی جلد دوم باب الغسل المیّت میں روایت ہے۔ کہ عبداللہ ابن عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہ ایک جنازہ پر بعد نماز پہنچے اَور فرمایا:

اِنْ سَبَقْتُمُوْنِیْ بِالصَّلٰوۃِ عَلَیْہِ فَلَا تَسْبِقُوْنِیْ بِالدُّعَآءِ — اگر تم نے مجھ سے پہلے نماز پڑھ لی تو دُعا میں تو مجھ سے آگے نہ بڑھو۔

یعنی آؤ میرے ساتھ مِل کر دُعا کرلو۔ اسی جگہ عبداللہ ابنِ عمر و عبداللہ ابن عباس و عبداللہ بن سلام رضؓ سے ثابت ہے کہ اِن حضرات نے دُعا بعد نماز جنازہ کی۔

قبر و دفن کا بیان

میّت کو دفن کرنا فرض کفایہ ہے اَور یہ جائز نہیں کہ میّت کو زمین پر رکھ دیں اَور چاروں طرف سے دیواریں قائم کرکے بند کردیں۔

مسئلہ : قبر کی لمبائی میّت کے قد کے برابر ہو۔ اَور چوڑائی آدھے قد کی اَور گہرائی کم سے کم نصف قد کی اَور بہتر یہ ہے کہ گہری بھی قد برابر ہو۔ اَور متوسط درجہ یہ ہے کہ

Marfat.com

سینہ تک ہو قبر کے اُس حصّہ میں جو کہ میت کے جسم کے قریب ہے، پکی اینٹ لگانا مکروہ ہے۔ کیوں کہ اینٹ آگ سے پکتی ہے۔ اللہ تعالےٰ ہر مسلمان کو آگ کے اثر سے بچائے۔

مسئلہ: جنازہ قبر سے قبلہ کی جانب رکھنا مستحب ہے کہ مُردہ قبلہ کی جانب سے قبر میں اُتارا جائے یوں نہیں کہ قبر کی پائنتی رکھیں اور سر کی جانب سے قبر میں لائیں۔ عورت کا جنازہ اُتارتے وقت اُتارنے والے محارم ہوں۔ یہ نہ ہوں تو دیگر رشتہ والے، یہ بھی نہ ہوں تو پرہیز گار اجنبی کے اُتارنے میں مضائقہ نہیں۔ میت کو قبر میں رکھتے وقت یہ دُعا پڑھیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ وَبِاللّٰہِ وَعَلٰی مِلَّۃِ رَسُوْلِ اللّٰہِ

ایک روایت میں بِسْمِ اللّٰہِ کے بجائے وَفِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ بھی آیا ہے۔

مسئلہ: میت کو داہنی طرف کروٹ پر لٹائیں اُس کا منہ قبلہ کو کریں اگر قبلہ کیطرف منہ کرنا بھول جائے۔ تختہ لگانے کے بعد یاد آیا۔ تو تختہ ہٹا کر قبلہ رو کر دیں اگر مٹی دینے کے بعد یاد آیا تو نہیں۔ قبر میں رکھنے کے بعد کفن کے بند کھول دیں کہ اب ضرورت نہیں، نہ کھولیں تو حرج نہیں۔

مسئلہ: عورت کا جنازہ ہو تو قبر میں اُتارنے سے تختہ لگانے تک قبر کو کپڑے سے چھپائے رکھیں مرد کی قبر کو دفن کرتے وقت نہ چھپائیں۔ البتہ کوئی عذر ہو تو منہ چھپانا جائز ہے۔ عورت کا جنازہ بھی ڈھکا رہے۔ جتنی مٹی قبر سے نکلی اُس سے زیادہ ڈالنا مکروہ ہے۔ قبر کو چوکھونٹی نہ بنائیں بلکہ اس میں ڈھال رکھیں جیسے اونٹ کا کوہان۔ اس میں پانی چھڑکنے میں حرج نہیں بلکہ بہتر ہے۔ دفن کے بعد قبر کے پاس اتنی دیر ٹھہرنا مستحب ہے جتنی دیر میں اونٹ ذبح کر کے تقسیم کر دیا جائے کہ ان کے رہنے سے میت کو اُنس ہوگا اور نکیرین کا جواب دینے میں وحشت نہ ہوگی اور اتنی دیر تک تلاوتِ قرآن اور میت کے لیے دُعاء استغفار کریں۔ اور یہ دُعا کریں کہ سوالِ نکیرین کے جواب میں ثابت قدم رہے۔

Marfat.com

مسئلہ: شجرہ یا عہدنامہ قبر میں رکھنا جائز ہے اور بہتر ہے کہ میت کے منہ کے سامنے قبلہ کی جانب طاق کھود کر اس میں رکھیں۔ بلکہ درمختار میں کفن پر عہدنامہ کو لکھنا جائز کہا ہے اور فرمایا ہے۔ کہ اس سے مغفرت کی اُمید ہے۔ اور میت کے سینہ اور پیشانی پر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لکھنا جائز ہے مگر نہلانے کے بعد کفن پہنانے سے پیشتر کلمہ کی اُنگلی سے لکھیں سیاہی سے نہ لکھیں۔

تلقین

حدیث میں ہے حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں جب تمہارا کوئی مسلمان بھائی مرے اس کی قبر پر مٹی دے چکو تو تم میں سے ایک شخص قبر کے سرہانے کھڑا ہو کر کہے فلاں بن فلاں وہ سنے گا اور جواب نہ دے گا۔ پھر کہے یا فلاں بن فلاں وہ سیدھا ہو کر بیٹھ جائے گا۔ پھر کہے فلاں بن فلاں وہ کہے گا، ہمیں ارشاد کر اللہ تجھ پر رحم فرمائے، مگر تمہیں اس کے کہنے کی خبر نہیں ہوتی پھر کہے

اُذْکُرْ مَا خَرَجْتَ مِنَ الدُّنْیَا شَهَادَةَ	تو اسے یاد کر جس پر تو دُنیا سے نکلا یعنی یہ گواہی
اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ	کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور محمد صلی اللہ
وَرَسُوْلُهٗ صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَسَلَّمَ	علیہ وسلم اس کے بندہ اور رسول ہیں۔ اور
وَاَنَّكَ رَضِیْتَ بِاللّٰهِ رَبًّا وَّبِالْاِسْلَامِ	یہ کہ تو اللہ کے رب اور اسلام کے دین اور
دِیْنًا وَّبِمُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَسَلَّمَ	محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے نبی اور قرآن کے امام
نَبِیًّا وَّبِالْقُرْاٰنِ اِمَامًا۔	ہونے پر راضی تھا۔

نکیرین ایک دوسرے کا ہاتھ پکڑ کر کہیں گے چلو ہم اُس کے پاس کیا بیٹھیں جسے لوگ اس کی حجت سکھا چکے اس پر کسی نے حضور سے عرض کی اگر اُس کی ماں کا نام معلوم نہ ہو، فرمایا حوا کی طرف نسبت کرے۔ رواہ الطبرانی فی الکبیر والضیاء فی الاحکام وغیرہ (بہارِ شریعت حصہ ۴)

حدیث شریف میں ہے جو گیارہ بار قل ہو اللہ پڑھ کر اس کا ثواب مردوں کو پہنچائے تو مردوں کی گنتی کے

Marfat.com

برابر اسے ثواب ملیگا۔ (درمختار، ردالمحتار)

عُلمائے بے عمل کی مُذمّت

اللہ تبارک وتعالےٰ ارشاد فرماتے ہیں :۔

وَ یَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ عَلٰى شَیْءٍ ؕ اِلَّاۤ اِنَّهُمْ هُمُ الْكٰذِبُوْنَ ؕ اِسْتَحْوَذَ عَلَیْهِمُ الشَّیْطٰنُ فَاَنْسٰىهُمْ ذِكْرَ اللّٰهِ ؕ اُولٰٓئِكَ حِزْبُ الشَّیْطٰنِ ؕ اَلَاۤ اِنَّ حِزْبَ الشَّیْطٰنِ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ؕ پ۲۸ ع۳

اور گمان کرتے ہیں کہ ہم بھی کچھ ہیں، خبردار یہ لوگ جھوٹے ہیں ان پر شیطان نے غلبہ پالیا اور ان کو اللہ کی یاد سے غافل کردیا ہے یہ لوگ شیطان کا گروہ ہیں، خبردار رہو، شیطان کا گروہ گھاٹا کھانے والا ہے۔

علماء کے لئے دُنیا کی محبت اور رغبت ان کے چہرہ کے جمال کا بدنما داغ ہے لوگوں کو ان سے اگرچہ بہت فائدے ہیں لیکن ان کا علم ان کے لیے نافع نہیں ہے بلکہ عذاب وعتاب کا باعث ہوگا۔ یہ علماء اس پتھر کی طرح ہیں کہ تانبا اور لوہا جو اس کے ساتھ لگ جائے وہ سونا بن جاتا ہے۔ اور خود پتھر کا پتھر ہی ہے۔ اس علم نے ان پر حجت پوری کردی اور راہِ نجات کے لیے کوئی قصر نہ چھوڑی۔ ارشاد ہوتا ہے۔

اِنَّ اَشَدَّ النَّاسِ عَذَابًا یَوْمَ الْقِیَامَةِ عَالِمٌ لَمْ یَنْفَعْهُ اللّٰهُ بِعِلْمِهٖ۔

تحقیق لوگوں میں سے زیادہ عذاب کا مستحق قیامت کے دِن وہ عالم ہے جن کو اپنے علم

Marfat.com

سے کچھ نفع نہ ہو۔

نیز سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا فرمان سنیئے۔

عَنْ جَابِرٍ قَالَ خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ نَقْرَءُ الْقُرْاٰنَ وَفِيْنَا الْاَعْرَابِيُّ وَالْعَجَمِيُّ فَقَالَ اقْرَءُوْا فَكُلٌّ حَسَنٌ وَسَيَجِيْءُ اَقْوَامٌ يُقِيْمُوْنَهٗ كَمَا يُقَامُ الْقِدْحُ يَتَعَجَّلُوْنَهٗ وَلَا يَتَاَجَّلُوْنَهٗ۔

ابوداؤد

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے ہم اسوقت قرآن پڑھ رہے تھے ہم میں دیہاتی اور عجمی یعنی غیر عرب بھی تھے آپ نے فرمایا پڑھو ہر شخص اچھا پڑھتا ہے اور عنقریب ایسی قومیں آئیں گی جو قرآن کو اس طرح سیدھا کریں گی جیسے تیر (الفاظ کلمات کو خوب اچھی طرح بنا بنا کر پڑھیں گی) یہ قومیں جلدی کریں گی قرآن پڑھنے کا بدلہ پانے کو۔ (یعنی دُنیا میں ہی اس کا بدلہ حاصل کریں گی آخرت میں کچھ بھی نہ رکھیں گی۔)

علم اللہ تعالےٰ کی نعمتِ عظمیٰ ہے۔ جو اس علم کو اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی الفت و محبت سے دُور رہ کر محض کمینی دُنیا کی محبت میں صرف کریں وہ اللہ اور اس کے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کے بے ادب ہیں اس لیے ان کو آخرت میں کچھ نہ دیا جائے گا۔ بلکہ اس کے بدلہ سخت عذاب ہوگا۔ مزید کوئی یہ گمان نہ کرے کہ ان سے دین کی تقویت ہوتی ہے یہ قرآن و حدیث بیان کرتے ہیں۔ آپ کو معلوم ہونا چاہیے کبھی ایسا بھی ہوتا ہے اللہ تعالےٰ اپنے دین کی تائید اور تقویت فاجر فاسق سے کرا لیتے ہیں۔ جیسا سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی خبر دی ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ لَيُؤَيِّدُ هٰذَا الدِّيْنَ بِالرَّجُلِ الْفَاجِرِ: تحقیق کبھی اللہ تعالےٰ فاجر سے

Marfat.com

بھی اپنے دین کی تائید کرا لیتے ہیں۔

حکایت

کسی عزیز نے شیطانِ لعین کو دیکھا کہ فارغ بیٹھا ہے۔ اور گمراہ کرنے اور بہکانے کی خاطر جمع کیا ہوا ہے۔ اس عزیز نے اس امر کا بھید پوچھا؟ لعین نے جواب دیا کہ اس وقت کے علماء بے عمل میرے ساتھ اس کام میں میرے مددگار ہیں۔ اور مجھ کو اس ضروری کام سے فارغ کر دیا ہے۔

ے عالم کہ کامرانی و تن پروری کند — او خویشتن گم است کرا رہبری کند

کام جس عالم کا ہوگا غفلت و تن پروری
اور کی کس طرح پھر کر سکے گا رہبری

(امام ربانی مجدد الف ثانی)

پیر ناقص

ان ہی علماء سو کا دوسرا نام پیر ناقص ہے جو عوام کو طرح طرح کے خیالی باغ دکھلا کر گمراہ کرتے ہیں جن کے متعلق ارشاد باری ہوتا ہے۔

۱ یٰاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اِنْ جَآءَكُمْ فَاسِقٌ بِنَبَاٍ فَتَبَیَّنُوْٓا۔ — اے ایمان والو اگر کوئی فاسق تمہارے پاس کوئی خبر لائے تو تحقیق کر لو۔

۲ فَلَا تَقْعُدْ بَعْدَ الذِّكْرٰى مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ۔ — پس یاد آنے کے بعد ظالموں کے ساتھ نہ بیٹھو۔

" اے بھائیو! جب بھی کوئی آپ کے سامنے آئے اور قرآن و حدیث بیان کرے تو

Marfat.com

اچھی طرح سے دیکھ لو، آیا اہل سنّت وجماعت فرقہ ناجیہ کے عقائد کے مطابق بھی ہے یا نہیں۔ اگر عقائد میں ٹھیک ہے تو بات سنو، ورنہ اُس کی صحبت سے بچو۔ مولانا رومی رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں ؎

تا توانی دُور شو از یار بد　　یار بد تر شو دازمار بد

مار بد تنہا ہمیں بر جان زند　　یار بد بر دین و بر ایمان زند

ترجمہ : جہاں تک ہو سکے تم بُرے دوست سے دور رہو۔ بُرا دوست سانپ زہریلے سے بھی زیادہ خطرناک ہے۔ زہریلا سانپ نے کاٹا تو تیری جان جائے گی لیکن بُرے دوست کی صحبت کے اثر سے تیرا دین اور ایمان چلے جائیں گے۔

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں :۔

۱ ؎ اِنَّمَا اَخَافُ عَلٰی اُمَّتِی الْاَئِمَّۃَ الْمُضِلِّیْنَ　　(مشکوٰۃ)

مجھے اپنی امّت پر گمراہ کُن لیڈروں کا خوف ہے۔

۲ ؎ اِنَّ بَیْنَ یَدَیِ السَّاعَۃِ کَذَّابِیْنَ فَاحْذَرُوْھُمْ　　(مشکوٰۃ)

بیشک قیامت سے پہلے بہت جھوٹے لوگ ہوں گے ان سے بچو۔

جو خود گمراہ ہوگا وُہ دوسرے کو کیا راستہ دکھا سکتا ہے۔ جس نے خود نماز نہ پڑھی ہو وُہ دوسرے کو کیا نماز کا سبق دے گا۔ اعلیٰ حضرت بریلوی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں۔

ذِیَابٌ فِیْ ثِیَابٍ، لب پہ کلمہ دِل میں گستاخی
سلام اسلام ملحد کو کہ تسلیم زبانی ہے

مولانا رومی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں :۔

اے بسا ابلیس آدم روئے ہست　　پس نہ باید کہ ہر کے را دہد دست

چونکہ شیطان بھی انسانی لباس پہن کر گمراہ کرتا ہے اس لیے ہر کسی کے ہاتھ میں ہاتھ نہ دے دینا چاہیئے جو اللہ اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان پر خود نہ چلے اس کی بات

Marfat.com

سننی گمراہی ہے۔ ؎

کارِ شیطان مے کند نامش ولی　　گر ولی ایں است لعنت بر ولی

کام شیطان کے اور نام ولی کا اگر یہی ولایت ہے تو ایسے ولی پر لعنت ہو۔

اے پیارے ہوشیار رجا۔ تو غفلت میں ہے تیرے دشمن بڑے چالاک وچست ہیں طرح طرح سے تیرا ایمان برباد کرتے ہیں۔ ظاہر میں تیرے ہمدرد جاں نثار، حقیقت میں زہر قاتل ہیں اعلیٰحضرت بریلوی رحمۃ اللہ علیہ نے سچ فرمایا ہے:۔

آنکھ سے کاجل صاف چرالیں یاں وہ چور بلا کے ہیں
تیری گٹھری تاکی ہے اور تو نے نکالی ہے !

سبق : ہر اس عالم، فاضل، پیر سے بچنا چاہیئے جو فرقہ ناجیہ اہل سنت وجماعت کے عقائد کے خلاف ہو اور سنتِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے خلاف کام کرتا ہو۔

علمائے حق اور پیرِ کامل

۱ اَلَآ اِنَّ اَوْلِیَآءَ اللّٰہِ لَا خَوْفٌ عَلَیْھِمْ وَلَا	سُن لو بے شک اللہ کے ولیوں پر نہ کچھ
ھُمْ یَحْزَنُوْنَ ۝ اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا	خوف ہے نہ غم وہ جو ایمان لائے اور پرہیز
وَکَانُوْا یَتَّقُوْنَ ۝ لَھُمُ الْبُشْرٰی	گاری کرتے ہیں انہیں خوش خبری ہے۔
فِی الْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا وَفِی الْاٰخِرَۃِ ؕ	دُنیا کی زندگی میں اور آخرت میں، اللہ کی
لَا تَبْدِیْلَ لِکَلِمٰتِ اللّٰہِ ؕ ذٰلِکَ ھُوَ	باتیں بدل نہیں سکتیں یہی بڑی کامیابی

Marfat.com

الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝ پ۱۱ سورۃ یونس

۲ یٰاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ

وَكُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِیْنَ (پ۱۱ التوبہ)

ہے۔

اے ایمان والو ڈرو اللہ سے اور ساتھ ہو

سچوں کے۔

اللہ تبارک وتعالےٰ فرماتے ہیں: میرے دوست علماء وصلحاء وہ ہیں جن کو دنیا کی زندگی اور آخرت میں خوشخبری ہے ان پر کوئی غم واندوہ نہ ہوگا۔ جن کے متعلق اللہ کے پیارے محبوب ارشاد فرماتے ہیں:

۱ لَا تَقْعُدُ جُلَسَاءُ اللّٰهِ سُبْحَانَهٗ وَ

فَرْدَةٌ لَا يَسْتَحِي جَلِيْسُهُمْ وَكَانَ كَثِيْرٌ

مِنَ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ لَمْ يَشْقَ بِهِمْ جَلِيْسٌ

(مشکوٰۃ)

یہ لوگ بلاشبہ اللہ تعالےٰ کے ہم نشین ہیں

اور یہ حق تعالےٰ کا ذکر کرنے والے دو مبارک

قومیں جس کا ہم نشین بدبخت نہیں، اور

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کفار پر نصرت وکامیابی

کے لیے دعا فقراء ومہاجرین کی طفیل کیا کرتے

تھے۔

۲ نَبِيُّ الرَّحْمَةِ وَالسَّلَامُ فِيْ

شَابَهٗ رُبَّ اَشْعَثَ مَدْفُوْعٍ

بِالْاَبْوَابِ لَوْ اَقْسَمَ عَلَى اللّٰهِ لَاَبَرَّهٗ

(مشکوٰۃ)

(مکتوباتِ امام ربانی مکتوب ۴۲)

دفتر اوّل

۳ قَالَ عَلَيْهِ السَّلَامُ مَنْ اَرَادَ رِضَائِیْ

فَلْيُكْرِمْ صِدِّيْقِیْ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے

ہیں جو شخص میری رضا طلب کرے تو چاہیے

کہ میرے دوست کا اکرام کرے عرض کیا

بہت سے پراگندہ بال گرد آلود بندے

ایسے ہیں جنہیں دروازوں سے ہٹا دیا جاتا!

ہے اگر اللہ تعالےٰ پر قسم کھا لیں تو اللہ تعالیٰ

پوری فرماتا ہے۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے

Marfat.com

قَالَ صِدِّیْقِیْ طَالِبُ الْعِلْمِ فَهُوَ اَحَبُّ
اِلَیَّ مِنْ مَلَائِکَةِ اللّٰهِ تَعَالٰی فَمَنْ زَارَهٗ
فَقَدْ زَارَنِیْ وَمَنْ صَافَحَهٗ فَکَاَنَّمَا
صَافَحَنِیْ وَمَنْ جَالَسَهٗ فَکَاَنَّمَا جَالَسَنِیْ
وَمَنْ اَکْرَمَهٗ فَقَدْ اَکْرَمَنِیْ وَمَنْ اَکْرَمَنِیْ
فَقَدْ اَکْرَمَ اللّٰهَ وَمَنْ اَکْرَمَ اللّٰهَ فَلَهُ
الْجَنَّةُ الْمَاْوٰی بِلَاحِسَابٍ لِاَنَّهٗ یَشْفَعُ
لِاُمَّتِیْ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ ط

یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ کا دوست
کون ہے فرمایا میرا دوست طالب علم ہے
کہ وُہ فرشتوں سے زیادہ مجھے دوست ہے
جس نے اُس کی زیارت کی اس نے میری زیارت
کی، جس نے اس سے مصافحہ کیا اس نے مجھ
سے مصافحہ کیا جو اس کے ساتھ بیٹھے گا۔ گویا
میرے ساتھ بیٹھا، جس نے اس کا اکرام کیا
گویا میرا اکرام کیا جس نے میرا اکرام کیا اس نے
خدا کا اکرام کیا اور جس نے خُدا کا اکرام کیا
اس کے جنت الماوٰے بلاحساب ہے اس لیے
کہ وہ قیامت کے دِن میری اُمت کی شفاعت
کرے گا۔

۱؎ اَلْعُلَمَاءُ وَرَثَةُ الْاَنْبِیَاءِ

عُلماء انبیائے کرام علیہم السّلام والصلوٰۃ کے
وارث ہیں۔

۲؎ عُلَمَاءُ اُمَّتِیْ کَاَنْبِیَاءِ بَنِیْ اِسْرَائِیْلَ

میری اُمت کے علماء بنی اسرائیل کے
نبیوں کی طرح ہیں۔

یہ وُہ لوگ ہیں جنہوں نے اپنی کوشش سے اہلِ سُنّت وجماعت کے عقائد کو بلند کیا نہیں بلکہ اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وسلّم کے ذِکر کو بلند کیا۔ ان کے تعلق سے ہی نجات والبستہ ہے ان کے متعلق امام ربّانی مجدّد الف ثانی ارشاد فرماتے ہیں۔ اختصار کے لیے اُردو ترجمہ ہی عرض کرتا ہوں :۔

Marfat.com

"اللہ تعالےٰ آپ کو اس گروہ کی محبت پر استقامت عطا فرمائے اور قیامت کو انہی کے ساتھ اٹھائے، یہ وہ لوگ ہیں، جن کا ہم نشیں بدبخت نہیں ہوتا، ان کا انیس و جلیس محروم نہیں ہوتا۔"

هُمْ جُلَسَآءُ اللّٰهِ اِذَا رُءُوْا ذُكِرَ اللّٰه یہ لوگ اللہ تعالےٰ کے ہم نشین ہیں کہ ان کے دیکھنے سے خدا یاد آجاتا ہے۔

یہ وُہ لوگ ہیں جن نے ان کو پہچانا اُس نے اللہ تعالےٰ کو پالیا۔ اُن کی نظر دوا ہے۔ اُن کی کلام شفا اور اُن کی صحبت سراپا نور وضیاء ہے یہ وہ لوگ ہیں جس نے اُن کے ظاہر کو دیکھا وُہ محروم و نا اُمید ہوُا اور جس نے اُن کے باطن کو دیکھا، بُزرگ ہوگیا اور نجات و خلاصی پاگیا۔ کسی نے کیا اچھا کہا ہے کہ الٰہی یہ کیا ہے۔ جو تو نے اپنے دوستوں کو عطا کیا ہے، کہ جس نے ان کو پہچانا، اُس نے تجھے پالیا۔ اور جب تک تجھے نہ پایا اُن کو نہ پہچانا یعنی اِن کا پہچاننا اور تیرا پانا ایک دوسرے سے الگ نہیں۔"

مکتوب نمبر ۵۲ دفتر دوم

ضرورتِ مُرشد

وَابْتَغُوْٓا اِلَيْهِ الْوَسِيْلَةَ اللہ کی طرف وسیلہ پکڑو۔

اللہ تعالےٰ وُہ شہنشاہِ عظیم ہے جس کے دَر پر ہر کسی کی رسائی نہیں وہ بے چون ہم چون، وُہ بے مثل ہم مثل، وُہ خالق ہم بندے، وہ غنی ہم فقیر، وُہ کامل ہم ناقص،

Marfat.com

اس لیے ربّ کریم نے ارشاد فرمایا :

تُحِبُّوْنَ اللّٰہَ فَاتَّبِعُوْنِیْ : اگر تم اللہ سے محبت کرتے ہو تو میری پیروی کرو۔

وَابْتَغُوْٓا اِلَیْہِ الْوَسِیْلَۃَ : میری طرف وسیلہ پکڑو۔

محبوب صلی اللہ علیہ وسلم تک صحابہ کی رسائی اور محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہِ خداوند قدوس میں باریابی ، گویا صحابہ کرام نے حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وسلم سے نورِ نبوت بلاواسطہ حاصل کیا ، اور بعد والوں نے صحابہ کرام کے سینوں سے وعلیٰ ہذا القیاس۔

امام رازی اپنی تفسیر کبیر میں انعمت علیھم کی تفسیر کرتے ہوئے فرماتے ہیں :

لم یکتف علیہ بل قال صراط الذین انعمت علیھم وھذا یدل علی ان المرید لاسبیل لہٗ الی الوصول الیٰ مقامات الھدایۃ وَ المکاشفۃ الا اذا اقتدیٰ بشیخ یھدیہ الیٰ سواء السبیل ویجنبہ عن مواقع الاغالیط وَ الاضالیل وَ ذالِکَ لان النقص غالب علی الخلق وعقولھم غیر وافیۃ بادراک الحق وتمیز الصواب عن الغلط فلا بد من کامل یقتدی بہ الناقص حتیٰ یتقویٰ عقلہٗ الناقص بنور عقل الیٰ مدارج السعادات ومعارج الکمالات

(تفسیر کبیر) جلد اوّل

اللہ تعالےٰ نے صرف اہدنا الصراط المستقیم کے الفاظ پر کفایت نہیں کی بلکہ صراط الذین انعمت علیہم بھی ساتھ فرمایا یہ اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ مرید کے مقامات ہدایت اور مکاشفہ تک پہنچنے کی سوائے اس کے کوئی صورت نہیں کہ وہ ایسے شیخ ورہنما کی اقتدار کرے جو اُسے سیدھے راستے پر چلائے اور گمراہیوں اور غلطیوں کے مواقع سے بچائے اور یہ اس بنا پر ضروری ہے کہ اکثر مخلوق پر نقص اور کوتاہی غالب ہے اور ان کے عقول و اذہان حق تک پہنچنے اور صواب کو غلط سے تمیز کرنے میں پورے نہیں اُترتے تو ایسے کامل کی اقتدار ضروری ہے جو ناقص کی رہنمائی

Marfat.com

کرے تاکہ ناقص کی عقل کامل کے نور سے قوت
پکڑے ایسا ہی کرنے سے ناقص سعادتوں کے
مدارج اور کمالات کی سیڑھیوں کو عبور کر سکتا
ہے۔

ارشاد باری ہے:

فَادْخُلِیْ فِیْ عِبٰدِیْ وَادْخُلِیْ جَنَّتِیْ۔ (پ سورہ والفجر)

پھر میرے خاص بندوں میں داخل ہو اور میری جنت میں آ۔

فائدہ: قرآنِ پاک، امام رازی اور مجدد الف ثانی کے کلام مبارک سے یہ ثابت ہوا کہ:۔

۱ مرید کو پیر کامل کی رہنمائی کی سخت ضرورت ہے۔
۲ پیر کامل کے بغیر گمراہی سے بچنا مشکل ہے۔
۳ ناقص عقل کو پیر کی توجہ ہی کامل کر سکتی ہے۔
۴ پیر کامل کی پہچان رب کی پہچان ہے۔
۵ پیر کامل کے بغیر رب کا پانا مشکل ہے۔
۶ اولیاء سے تعلق کرنے پر ہی جنت ملتی ہے۔

بیعتِ طریقت کا ثبوت

۱ عَنْ عبادہ بن صامت قال قال رسول اللہ

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے

Marfat.com

صَلَّى اللّٰهُ عليه وَسَلَّمَ وَحَوْلَهٗ عِصَابَةٌ مِنْ اَصْحَابِهٖ بَايِعُوْنِيْ عَلٰى اَنْ لَّا تُشْرِكُوْا بِاللّٰهِ شَيْئًا وَّلَا تَسْرِقُوْا وَلَا تَزْنُوْا وَلَا تَقْتُلُوْا اَوْلَادَكُمْ وَلَا تَاْتُوْا بِبُهْتَانٍ تَفْتَرُوْنَهٗ بَيْنَ اَيْدِيْكُمْ وَاَرْجُلِكُمْ وَلَا تَعْصُوْا فِيْ مَعْرُوْفٍ فَمَنْ وَّفٰى مِنْكُمْ فَاَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ وَمَنْ اَصَابَ مِنْ ذٰلِكَ شَيْئًا فَعُوْقِبَ بِهٖ فِي الدُّنْيَا فَهُوَ كَفَّارَةٌ لَّهٗ وَمَنْ اَصَابَ مِنْ ذٰلِكَ شَيْئًا ثُمَّ سَتَرَهُ اللّٰهُ عَلَيْهِ فَهُوَ اِلَى اللّٰهِ اِنْ شَاءَ عَفَا عَنْهُ وَاِنْ شَاءَ عَاقَبَهٗ فَبَايَعْنَاهُ عَلٰى ذٰلِكَ۔

(متفق علیہ)

روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے گرد اگرد آپ کے صحابہ کی ایک جماعت تھی اس وقت آپ نے فرمایا کہ تم لوگ مجھ سے اس بات پر بیعت کرلو کہ تم شرک نہ کروگے اور چوری نہ کروگے زنا نہ کروگے، اپنی اولاد کو قتل نہ کروگے کسی پر خود ساختہ بہتان نہ باندھوگے اور نیک کاموں میں نافرمانی نہ کروگے پس جس شخص نے تم میں سے اس عہد کو پورا کیا اس کا اجر اللہ کے ذمہ ہے اور جس نے اس کے کچھ خلاف کیا اور دُنیا میں اسکو اس کی سزا مِل گئی تو یہ اس کا کفارہ ہے اور جس نے ان میں سے کچھ باتوں کے خلاف عمل کیا اور خدا نے اس کی پردہ پوشی اس کا معاملہ خُدا کے ہاتھ میں ہے وہ خواہ اس کو اس کی سزا دے، پس ہم سب لوگوں نے اس پر بیعت کی۔

۲ عن عوف بن مالك الاشجعي قال كنا عند النبي صلى الله عليه وسلم تسعة او ثمانية او سبعة فقال الا تبايعون رسول الله صلى الله عليه وسلم فبسطنا ايدينا وقلنا علام نبايعك يا رسول الله

حضرت عوف بن مالک اشجعی سے روایت ہے وُہ فرماتے ہیں کہ ہم لوگ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر تھے نو آدمی تھے یا آٹھ یا سات آپ نے ارشاد فرمایا کہ تم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بیعت نہیں کرتے ہم

Marfat.com

قَالَ علیٰ اَنْ تَعبدوا اللّٰہ وَ لا تشرکوا بہٖ شیئًا و تصلوا الصلوٰت الخمس وتسمعوا وتطیعوا وامر کلمۃ خفیۃ قال وَلاتسئلوا النّاس شیئًا فلقد رایت بعض اولٰئکَ النفر یسقط سوط احدھم فمایسال احدًا یناولہ ایاہ۔

(مسلم ، ابوداؤد ، نسائی)

نے اپنے ہاتھ پھیلا دیئے اور عرض کی کہ کس امر پر آپ کی بیعت کریں یا رسول اللہ آپ نے فرمایا کہ ان امور پر کہ اللہ تعالےٰ کی عبادت کرو اور اس کے ساتھ کسی کو شریک مت کرو اور پانچوں نمازیں پڑھو اور (حکم) سنو اور مانو اور ایک بات آہستہ سے فرمائی، وہ یہ کہ لوگوں سے کوئی چیز نہ مانگو، راوی کہتے ہیں کہ میں نے ان حضرات میں سے بعض کی یہ حالت دیکھی کہ اتفاقاً چابک گر پڑا تو وہ بھی کسی سے نہیں مانگا کہ اٹھا کر اس کو دے دے۔

۳۔ بَایَعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ علیہ وسلم عَلَی السَّمْعِ وَالطَّاعَۃِ فِی الْعُسْرِ وَالْیُسْرِ وَالْمَنْشَطِ وَالْمَکْرَہِ وَعَلٰی اَثَرَۃٍ عَلَیْنَا وَعَلٰی اَنْ لَّا نُنَازِعَ الْاَمْرَ اَھْلَہٗ وَعَلٰی اَنْ نَقُوْلَ بِالْحَقِّ اَیْنَمَا کُنَّا لَا نَخَافُ فِی اللّٰہِ لَوْمَۃَ لَائِمٍ وَفِی اُخْرٰی اَنْ لَّا نُنَازِعَ الْاَمْرَ اَھْلَہٗ اِلَّا اَنْ تَرَوْا کُفْرًا بَوَاحًا عِنْدَکُمْ مِنَ اللّٰہِ بُرْھَانٌ۔

(بخاری)

کہ ہم نے اس بات پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بیعت کی، کہ ہم (جو ارشاد ہوگا) سنیں گے اور اس کی تعمیل کریں گے خواہ تنگی ہو، خواہ فراخی، خواہ راحت ہو، خواہ رنج اور خواہ اس کا اثر ہم پر بُرا پڑے اور ہم ایسے شخص کے سردار ہونے میں جو اس کے لائق ہو نہیں جھگڑیں گے ہر حالت میں سچ کہیں گے خدا کی راہ میں کسی کی ملامت سے نہیں ڈریں گے دوسری روایت میں ہے کہ ایسے شخص کے خلیفہ ہونے میں جو اس کے لائق ہو نہیں جھگڑیں گے۔

Marfat.com

مگر اس وقت کہ صریحاً کفر دیکھنے میں آئے یعنی اس
میں تاویل کی گنجائش نہ ہو۔

فائدہ : یہ ان اصحاب کا بیان ہے جو مسلمان تھے، اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمانبردار تھے، یہ بیعتِ طریقت تھی نہ کہ جہاد نہ دخولِ اسلام، یہ سب نمازیں پڑھنے والے، روزے رکھنے والے بلکہ ہر فرمانِ خداوندی پر دل وجان سے قربان تھے لیکن پھر بھی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا، تم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بیعت کیوں نہیں کرتے۔ تو صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے مذکورہ بالا احکام پر بیعت کی، یہ بیعت، بیعتِ طریقت کی اصل ہے۔ مزید اس سے یہ بھی ثابت ہوا کہ یہ بیعت خلیفہ در خلیفہ چلتی رہے گی۔ اس سے موجودہ بیعتِ طریقت کا پورا فائدہ حاصل ہوا۔ یہ سنتِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔

تعلیم خفی

بزرگانِ دین اپنے مریدین کو بعض باتیں خلوت میں تعلیم دیتے ہیں سو وہ بھی اس مذکورہ حدیثِ پاک سے ثابت ہے۔ کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک بات آہستہ سے فرمائی، گویا تعلیمِ خفی بھی سنتِ نبوی ہے۔

نیک عمل پر ثابت قدمی اور ترجیح

جو بات بات حضور علیہ السلام نے آہستہ سے فرمائی اس پر اصحاب کا کتنا سختی سے عمل تھا گویا وہ بات زیادہ اہم ضروری ہوتی ہے جو خلوت میں بتاتے ہیں، اس پر عمل کرنا نہایت ضروری ہوتا ہے۔ اس لیے اصحابِ رسول رضوان اللہ علیہم اجمعین اس پر زیادہ کوشش کرتے تھے۔

Marfat.com

خرپوتی شریف اور حضرات القدوس

خرپوتی اور حضرات القدس میں لکھا ہے :۔

۱ مَنْ لَاشَیْخَ لَہٗ شَیْخُہٗ اَبْلِیْسُ۔ جس کا کوئی پیر نہ ہو اس کا پیر شیطان ہے۔

۲ مَنْ لَاشَیْخَ لَہٗ لَادِیْنَ لَہٗ۔ جس کا پیر کوئی نہیں اس کا دین نہیں۔

۳ اَلشَّیْخُ فِیْ قَوْمِہٖ کَالنَّبِیِّ فِیْ اُمَّتِہٖ۔ پیر اپنی قوم میں ایسا ہے جیسا نبی اپنی اُمت میں۔

نیز مسلم شریف کی روایت میں ہے کہ جس کے گلے میں کسی کی بیعت کی رسّی نہ ہو اور وہ مر جائے تو اس کی موت جاہلیت کی موت ہے۔

ربِّ کریم ارشاد فرماتے ہیں :۔

یَوْمَ نَدْعُوْا کُلَّ اُنَاسٍ بِاِمَامِھِمْ : ہم قیامت میں ہر آدمی کو اس کے امام کے ساتھ بلائیں گے۔

یعنی اے نقشبندیو، قادریو، چشتیو، سہروردیو یا کہ اے حنفیو، اے شافعیو اے مالکیو، اے حنبلیو، اور جس کا کوئی امام و پیر نہ ہو ان کو آواز ہی نہ ہو۔ وہ گویا زمرۂ انسانیت سے باہر ہیں، کیوں کہ رب تو کہتا ہے، میں ہر آدمی کو اُس کے امام کے ساتھ بلاؤں گا۔ دیکھو!

تفسیر روح البیان زیرِ آیت یَوْمَ نَدْعُوْا

مزید برآں ربِّ کریم کا فرمان سنیئے جو حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بیعت پر ارشاد ہوا :۔ اِنَّ الَّذِیْنَ یُبَایِعُوْنَکَ اِنَّمَا یُبَایِعُوْنَ اللّٰہَ یَدُ اللّٰہِ فَوْقَ اَیْدِیْھِمْ (پ ۲۶ سورۃ فتح ۱۰)

وُہ جو تمہاری بیعت کرتے ہیں وہ اللہ ہی سے بیعت کرتے ہیں۔ اُن کے ہاتھوں پر اللہ کا ہاتھ ہے۔

Marfat.com

اِس سے معلوم ہوا، جو اللہ کے رسول سے بیعت کرتے ہیں وہ بیعت اللہ کو اتنی پیاری ہے فرماتا ہے ان کے ہاتھوں پر اللہ کا ہاتھ ہے یعنی اللہ تعالےٰ سے بیعت ہے۔ سبحان اللہ ۱؎ گویا رسول اللہ صلی اللہ علیہ کا ہاتھ اللہ کا ہاتھ۔

۲؎ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے وعدہ اللہ سے وعدہ۔

۳؎ یہ قربت کا اعلیٰ درجہ ہے اس کے سوا اللہ کی بیعت نصیب نہیں ہوتی۔

۴؎ بیعت کرنے کا طریقہ معلوم ہوگیا، کہ ہاتھ میں ہاتھ دے کر بیعت کرو۔

عورتوں کی بیعت

يٰاَيُّهَا النَّبِيُّ اِذَا جَآءَكَ الْمُؤْمِنَاتُ يُبَايِعْنَكَ عَلٰى اَنْ لَّا يُشْرِكْنَ بِاللّٰهِ شَيْئًا وَّلَا يَسْرِقْنَ وَلَا يَزْنِيْنَ وَلَا يَقْتُلْنَ اَوْلَادَهُنَّ وَلَا يَاْتِيْنَ بِبُهْتَانٍ يَّفْتَرِيْنَهٗ بَيْنَ اَيْدِيْهِنَّ وَاَرْجُلِهِنَّ وَلَا يَعْصِيْنَكَ فِيْ مَعْرُوْفٍ فَبَايِعْهُنَّ وَاسْتَغْفِرْ لَهُنَّ اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ (پ۲۸ سورہ ۶۰)

اے نبی مومنہ عورتیں تیرے پاس آکر اس شرط پر بیعت کریں کہ اللہ تعالےٰ کے ساتھ کسی کو شریک نہ بنائیں گی، اور نہ چوری کریں گی اور نہ زنا کریں گی اور نہ اپنی اولاد کو قتل کریں گی اور نہ کسی پر بہتان لگائیں گی، اور نہ کسی شرعی امر میں تیری نافرمانی کریں گی تو ان کو بیعت میں لے لو اور ان کے لیے اللہ تعالےٰ سے بخشش مانگو اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ مَا مَسَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَ امْرَأَةٍ قَطُّ اِلَّا اَنْ يَّاْخُذَ عَلَيْهَا فَاِذَا اَخَذَ عَلَيْهَا فَاَعْطَتْهُ قَالَ اذْهَبِيْ فَقَدْ بَايَعْتُكِ۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے وہ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی عورت کے ہاتھ کو کبھی نہیں پکڑا البتہ صرف زبانی بیعت لے لیتے تھے جب زبانی

Marfat.com

عہد لینے پر وُہ عہد دے دیتی فرماتے کہ جاؤ
میں نے تم کو بیعت کرلیا۔

فائدہ : اس سے معلوم ہُوا کہ عورتوں کا بیعت ہونا بھی سنّت طریقہ ہے اوَران کو بھی بیعت ہونا ضروری ہے۔ عورتوں کا ہاتھ پکڑ کر بیعت کرنا خلافِ سنّت ہے اِن سے بیعت محض زبانی کی جائے یا پھر مشائخ متاخرین کے طریقہ کو اختیار کرنا چاہیئے۔ وُہ یہ کہ کپڑے کا ایک کونہ خود لینا اوَر دوسرا گوشہ مریدہ کو دینا معمول کرلیا ہے۔ اس میں مضائقہ نہیں۔ چونکہ ہاتھ میں ہاتھ لینا بیعت کی ایک مسنون ہیئت ہے۔ مرد کو اس امر میں کچھ مانع نہیں رہی، عورت کو اس لیے کپڑے سے حیلہ کرنا اچھا ہے۔

تجدید بیعت

عَنْ سلمۃ بن الاکوع رضی اللہ عنہ

قال قدمنا الحدیبیہ مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الحدیث وفیہ ثم ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دعانا للبیعتہ فی اصل الشجرۃ قال فبایعتہ اوّل الناس ثم بایع وبایع حتّٰی اِذَا کانَ فی وسط من النَّاس قال بایع یا سلمۃُ قال قلت قد بایعتک یا رسول اللہِ فی اوّل النَّاس قال وایضًا قالَ ورانی رسول اللہِ صلی اللہ علیہ وسلم عزلا یعنی لیس معہ سلاح قال فاعطانی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حجفۃ ودرقۃ ثم بایع حتی اذا کان فی اخر الناس قال الا تبایعنی یا سلمۃ قال قلت قد بایعتک یا رسول اللہ فی اوّل الناس

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ہم حدیبیہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ پہنچے کہ پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمکو بیعت کے لیے درخت کے نیچے بُلایا، سو اوّل ہی جماعت میں میں نے آپ سے بیعت کی پھر اَور لوگوں کو بیعت کیا پھر اَور لوگوں کو بیعت کیا، یہاں تک کہ جب وسط کی جماعت کی نوبت آئی، آپ نے فرمایا اے سلمہ بیعت کر، میں نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ میں تو اوّل ہی جماعت میں آپ سے بیعت کرچکا ہوں، آپ نے فرمایا پھر سہی، اوَر آپ نے مجھ کو خالی ہاتھ

Marfat.com

دنی اوسط الناس قال وایفد نبایعتہ الثالثۃ (مسلم)

دیکھا، تو مجھ کو ایک ڈھال دی، پھر بیعت کرتے رہے، یہاں تک کہ جب آخیر کے لوگوں کی نوبت پہنچی تو آپ نے فرمایا اے سلمہ مجھ سے بیعت نہیں کرتے میں نے عرض کیا یا رسول اللہ میں تو اوّل کی جماعت کے ساتھ اور نیز وسط کی جماعت کے ساتھ بیعت کر چکا ہوں، آپ نے فرمایا کہ پھر بھی میں نے تیسری بار بھی بیعت کی۔

فائدہ: بعض دفعہ کسی مصلحت سے اپنے مرید قدیم کو اس کی درخواست پر یا خود اس کو مشورہ دیکر دوبارہ سہ بارہ بیعت کرتے ہیں، یہ اس حدیث سے ثابت ہوا۔ یعنی بیعت پر پھر کسی وجہ سے بیعت کرنا سنّت طریقہ ہے اس میں کوئی خلافِ شرع نہیں۔

پیر کے خلیفہ کی عزّت واحترام کرنا

عن ابی الدرداء قال کنت جالسا عند النبی صلی اللہ علیہ وسلم اذ اقبل ابوبکر .....

حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھا تھا کہ دفعۃً ابوبکر آپہنچے .....

فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم ان اللہ بعثنی الیکم فقلتم کذبت وقال ابوبکر صدقت وواساني بنفسہ ومالہ فھل انتم تارکون لی صاحبی مرتین او ثلثا قال

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (ایک بات پر جس میں ایک صحابی سے حضرت ابوبکر کی شان میں کوتاہی ہوگئی تھی) ارشاد فرمایا۔ کہ اللہ تعالےٰ نے مجھ کو نبی بنا کر بھیجا سو تم لوگوں نے اوّل میں میری تکذیب کی اور ابوبکر نے بعد میں تصدیق

Marfat.com

فما اوذی بعدھا ۔ (بخاری)

کہلی، اور ابوبکر نے (اوّل ہی میں) میری تصدیق کی اور اپنی جان و مال سے میری ہمدردی کی سو تم میری خاطر سے میرے اس دوست کو ستانا چھوڑ دو گے بھی، اس کو دو مرتبہ یا تین مرتبہ فرمایا، راوی کہتے ہیں کہ پھر اس کے بعد کسی نے ان کو (ابوبکر) آزردہ نہیں کیا۔

فائدہ : اس حدیث سے معلوم ہوا کہ پیر کے مقرب مرید کی عزت و ادب کرنا چاہیئے۔ اس کی خوشی سے پیر کی خوشی وابستہ ہے۔ اس کو دُکھ دینا پیر کو ستانا ہے۔ جیسا کہ حضور پُرنور علیہ السلام نے ارشاد فرمایا۔ بزرگانِ دین کا ہر طور طریقہ سنّتِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم پر وابستہ ہے۔ ان کے کسی بھی عمل پر بے سوچے سمجھے اعتراز کرنا درست نہیں۔

حقیقتِ بیعت

یہ ہے کہ اللہ کے نائب کے ہاتھ پر اللہ سے اقرار کرنا کہ ہم تیرے وفادار بندے رہیں گے۔ اور اُس اللہ کے بندے یعنی شیخ کامل کو اس پر ضامن بنانا ہے۔ مُرید کے معنیٰ ہیں ارادہ کرنیوالا چونکہ یہ بھی اللہ کی رضا کا طالب ہے اس لیے اسے مُرید کہا جاتا ہے۔ یہ لفظ قرآن کی اس آیت سے لیا گیا ہے۔ یُرِیْدُوْنَ وَجْهَ اللّٰهِ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ۝

بیعت کی قسمیں

بیعت کی چار قسمیں ہیں :۔

۱۔ بیعتِ اسلام : جب بندہ کفر سے اسلام میں داخل ہوتا ہے اس وقت کی بیعت ہے۔

بیعتِ جہاد : کفار سے جنگ کرنے پر جیسے حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کئی دفعہ صحابہ

Marfat.com

کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہ اجمعین سے بیعت لی۔

۳۔ **بیعت حکومت** : جیساکہ صحابہ کرام کے زمانہ میں تھی۔

۴۔ **بیعت ارادت یا طریقت** : یعنی مریدی کی بیعت جو آج کل اولیاء عظام کرتے ہیں۔

(نوٹ) ان چار ہی قسم کی بیعت حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے۔
مزید بیعت کی تحقیق کے لیے "فتاوٰے افریقہ" دیکھئے۔

پیر و مرشد کے لیے شرطیں

پیری کے لیے چار شرطیں ہیں، قبل از وقت ان کا لحاظ فرض ہے۔

۱۔ سُنّی صحیح العقیدہ ہو۔

۲۔ اتنا علم رکھتا ہو کہ اپنی ضروریات کے مسائل کتابوں سے نکال سکے۔

۳۔ فاسق معلن نہ ہو۔

۴۔ اس کا سلسلہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تک متصل ہو۔

سجادہ نشینی

مرشد یا شیخ کے وصال مبارک پر یا بعد سجادہ نشینی (خلیفہ بننا) کے متعلق جھگڑے ہوتے ہیں۔ اس کے لیے حکم شرعی یہ ہے:۔

۱۔ سجادہ نشین میں وہ چاروں صفتیں موجود ہوں جو کہ پیر و مرشد کے لیے ذکر کی گئیں ہیں۔

اَب اس کی تین صورتیں ہیں۔

۱۔ یا تو خود شیخ اپنی زندگی میں کسی کو اپنا جانشین کر دے۔ جیسے صدیق اکبر رضؓ نے فاروقِ اعظم کو اپنی زندگی میں خلیفہ مقرر فرمایا۔

Marfat.com

۲ یا شیخ کے عام مریدین شیخ کی وفات کے بعد اس کو سجادہ نشین بنا دیں۔ جیسے کہ صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی خلافت کہ عام مسلمین کے مشورہ سے ہوئی۔

۳ یا یہ کہ مریدین میں سے خاص معتمد لوگ کسی کو سجادہ نشین بنالیں، جیسے کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ و حضرت علی رضی اللہ تعالےٰ عنہ کی خلافتیں، کہ خاص اصحاب حل وعقد کے مشورہ سے ہوئیں۔

(نوٹ) خلفائے راشدین کی خلافتیں آج کل کی خلافتوں کی دلیل ہیں۔

تنبیہہ : اَب جو مشہور ہے کہ پیر کا بیٹا پیر بننا چاہیئے، اُس کو مرشد کی خلافت دی ہوئی ہو یا نہ اور وہ اس کا اہل ہو یا نہ ہو۔ مریدین اُس سے راضی ہوں یا نہ ہوں یہ محض غلط ہے۔ آج کل سجادہ نشینی بچوں کا کھیل ہو کر رہ گئی ہے۔ پیر کے نابالغ نااہل بیٹے بغیر شرائط کے پیر بنائے جاتے ہیں۔ جن سے بجائے ہدایت کے گمراہی بے دینی پھیلتی ہے۔ پیرزادے بھی سمجھتے ہیں کہ پیری ہمارے گھر کی میراث ہے۔ اگر خلافت میراث ہوتی، تو خلفائے راشدین کی اولاد ہی اُن کے خلیفہ ہوتی۔

(بشکریہ شانِ حبیب الرحمٰن)

بیعت کرنے کا طریقہ

بیعت کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ مُرید ہوتے وقت مرشد کے ہاتھ میں ہاتھ دے، کیوں کہ فرمایا گیا ہے : یَدُ اللّٰہِ فَوْقَ اَیْدِیْھِمْ اللہ کا ہاتھ ان کے ہاتھوں پر ہے۔ معلوم ہوا کہ حضور علیہ السلام نے مردوں کا ہاتھ میں ہاتھ لے کر بیعت کی۔ مگر عورتوں سے جب بیعت لی تو محض بات اور کلام سے لی۔ اس لیے عورت کا ہاتھ نہ چھوا جائے بلکہ عورتوں سے محض کلام سے یا ہر وطریقہ متاخرین مشائخ کرام نے اختیار کیا ہے کہ کپڑے کا ایک کونہ خود پکڑ لیتے ہیں اور دوسرا کونہ مریدہ کے ہاتھ میں دے دیتے ہیں۔ اس میں کوئی حرج نہیں بلکہ اچھا طریقہ ہے۔ اجنبی عورتوں کو پیر سے پردہ کرنا چاہیئے۔

حکمت : مرید کو پیر کے ہاتھ پر بیعت کرنے میں یہ حکمت ہے کہ وہ امانت جو اللہ تعالیٰ کے

Marfat.com

حبیب صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلّم نے اپنے صحابہ کرام رضی اللہ عنہما کو دست بدست عطا فرمائی وہی نورِ الٰہ کی امانت اَب اُسی طرح ان ہاتھوں کے ذریعہ سے سینہ بہ سینہ پہنچائی جاتی ہے گویا ظاہری تعلق ان ہاتھوں سے ہوکر سینہ میں حقیقت جلوہ گر ہوتی ہے۔ اس کو اس مثال سے سمجھیے۔ جیسے بجلی کی کرنٹ، جب تک تار سے تار کا تعلق نہ ہو، وُہ پاورہاؤس والی طاقت اسمیں نہیں آتی، جونہی تار کا تعلق جُڑ جائے۔ پھر وہ معمولی سی تار بھی وہ کام کرنا شروع کر دیتی ہے جو پاورہاؤس یعنی اصل اسٹیشن کرتا ہے۔

گویا یہ ہاتھ دل کا تعلق جوڑنے ذریعہ اَور سبب ہے۔ وُہ نورِ نبوّت کی کرن تھی۔ جس نے محض زبان سے ایک کیا لاکھوں بلکہ کل کائنات کی روح میں تڑپ والفت پیدا کر دی۔ اسی تعلق کو جوڑنے کے لیے مریدہ کے ہاتھ میں کپڑا پکڑا دیا جاتا ہے۔ واللہ اعلم بالصواب

Marfat.com

سلسلہ عالیہ نقشبندیہ کی فضیلت

اللہ تبارک وتعالیٰ کی بے حد حمد وثنا جس کے وُہ لائق ہے۔ جس نے عالم خلق کی ہدایت کے لیے اپنے خاص الخاص بندے نبی ورسول بھیجے۔ ان میں سے چار کو افضل کیا۔ اس چار میں سے حضور نبی کریم محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو افضل بنایا۔ چار ہی کتب فضیلت والی صحیفوں کے علاوہ نازل کیں ان میں سے قرآن پاک کو اعلیٰ عزت وشان والا فرمایا۔ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے بعد خلافت بھی چار اصحاب کرام رضوان اللہ تعالےٰ علیہم اجمعین میں رہی۔ ان میں بھی سب سے اعلیٰ وافضل ایک سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ تعالےٰ عنہٗ بعد از انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام۔ امام بھی چار جن کی تقلید سب پر واجب، ان میں بھی سیدنا امام اعظم رضی اللہ تعالےٰ عنہ افضل ہوئے اسی طرح سلسلہ طریقت بھی چار ہیں۔ ان میں بھی سب سے اعلیٰ وافضل طریقہ عالیہ نقشبندیہ ہے۔ جس کی نسبت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے ہے۔ جیسے بعد از انبیاء سب سے افضل و اعلیٰ سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالےٰ عنہ ہیں۔ اسی طرح یہ سلسلہ طریقت بھی باقی سلسلوں سے افضل واعلیٰ ہے۔

حضرت کمال الدین محمد احسان رحمۃ اللہ علیہ روضۃ القیومیہ رکن اوّل میں لکھتے ہیں :-

"کہ جب اللہ تعالےٰ نے اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کی طفیل امام ربانی مجدد الف ثانی کو اپنے کرم سے نوازا، یعنی آپ کو خلعتِ قیومیت، الف ثانی، خزینۃ الرحمت، طینت واصالت

Marfat.com

و محبوبیت ذاتی سے مشرف فرمایا۔ تو تمام سلسلہ طریقت کے بزرگوں نے آپ سے اپنے اپنے تعلق کا ثبوت پیش کیا یعنی ہر سلسلہ کے مشائخ آنجناب کو اپنی طرف کھینچتے تھے۔ تاکہ ان کے سلسلہ کو رواج دیں۔

اس کوشش میں اس قدر اولیاءِ امت کی روحیں سرہند شریف میں جمع ہوئیں کہ تمام کوچے بازار بلکہ شہر کا گرد و نواح اور آس پاس کے گاؤں اور شہر پُر ہو گئے۔ صبح سے نمازِ ظہر تک یہی مناظرہ و مذاکرہ ہوتا رہا۔ آخر سب نے جناب سرورِ کائنات صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی طرف رجوع کیا، آنحضرت صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے ازراہِ لطف و کرم ہر ایک کی تسلی کی اور دلاسا دیا کہ تم سب اپنی اپنی نسبت اس عزیز کو دے دو۔ جو شخص اس سلسلے میں داخل ہوگا اس کا اجر تمہیں مل جائیگا۔ اور اس کے ہاتھ سے سلسلہ عالیہ نقشبندیہ کو زیادہ رواج ہوگا۔ کیوں کہ اسے نسبتِ معمود اسی سلسلے سے ہاتھ آئی۔ اور اس سلسلہ کے سردار حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالےٰ عنہ ہیں جو انبیاء علیہم السلام سے اُتر کر باقی تمام مخلوق سے افضل ہیں، نیز اس طریقہ میں سنتِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وبارک وسلم کی پیروی اور امورِ بدعت سے کنارہ کشی حد سے زیادہ ہے۔ اس سے دوسرے درجہ پر اس عزیز سے سلسلہ قادریہ کو رواج ہوگا۔ کیوں کہ اس سلسلہ کا حق بھی اس پر ثابت ہے۔ باقی سلسلے چشتیہ سہروردیہ کو بھی اس سے کچھ فائدہ ہوگا۔" (روضۃ القیومیہ)

فائدہ: عقلِ سلیم والے کے لیے اس سلسلہ عالیہ کی فضیلت میں مذکورہ بالا الفاظ ہی کافی ہیں لیکن حجت پوری کرنے کے لیے شہبازِ لامکانی امام ربانی شیخ احمد فاروقی مجدد الف ثانی کے مکتوبات شریف سے چند حوالہ جات پیش کرتا ہوں۔

"اے برادر اس بلند طریق کے سرِ حلقہ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں جو انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کے بعد تحقیقی طور پر تمام بنی آدم سے افضل ہیں اور اسی اعتبار سے اس طریق کے بزرگوں کی عبارتوں میں آیا ہے کہ ہماری نسبت تمام نسبتوں سے بڑھ کر ہے۔ کیوں کہ ان کی نسبت جس سے مراد خاص حضور

Marfat.com

اور آگاہی ہے ۔ بعینہٖ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی نسبت اور حضور ہے۔
جو تمام آگاہیوں سے بڑھ کر ہے اور اس طریق میں نہایت اس کے ابتدا
میں درج ہے۔

حضرت خواجہ نقشبند قدس سرہٗ نے فرمایا ہے کہ ہم نہایت کو ابتدا
میں درج کرتے ہیں ع قیاس کن زگلستانِ من بہار مرا
ترجمہ : قیاس کر لے گلستان سے تو بہار مری

اور اس طریقہ علیہ کی خصوصیتوں میں سے ایک سفر در وطن ہے جو سیر انفسی سے مراد ہے۔ اگرچہ سیر انفسی مشائخ کرام کے تمام طریقوں میں ثابت ہے لیکن وہ سیر سیر آفاقی کے قطع کرنے کے بعد نیابت میں میسر آتا ہے۔ اور اس طریق میں ابتدا اس سیر سے ہے۔ اور سیر آفاقی اس کے ضمن میں قطع ہو جاتا ہے۔ پس اس سیر کا منشا۔ جو ابتدا میں حاصل ہوتا ہے۔ ابتدا میں انتہا کا مندرج ہوتا ہے۔

دوسرا خاصہ خلوت در انجمن ہے۔ جو سفر در وطن پر متفرع و مرتب ہے۔ جب سفر در وطن میسر ہو جائے خلوت در انجمن اس کے ضمن میں میسر ہو جائے گا۔ پس سالک تفرقہ کی انجمن میں بھی ہو کر وطن کے خلوت خانہ میں سفر کرتا ہے اور اتفاق کا تفرقہ انفس کے حجر میں راہ نہیں پاتا۔ خلوت در انجمن اگرچہ دوسرے طریقوں کے منتہیوں کو حاصل ہے، لیکن اس طریق میں چونکہ ابتدا ہی میں میسر ہو جاتی ہے اس لیے اس طریق کے خاصوں میں سے ہے۔

اس طریق میں جذبہ سلوک پر مقدم ہے اور سیر کی ابتدا عالم امر سے ہے نہ عالم خلق سے برخلاف اکثر دوسرے طریقوں کے کہ ان کی سیر کی ابتدا عالم خلق سے ہے اور اس طریق میں سلوک کی منزلیں جذبہ کے مراتب طے کرنے کے ضمن میں قطع ہو جاتی ہیں اور عالم خلق کا سیر عالم امر کے سیر میں میسر ہو جاتا ہے۔

Marfat.com

حضرت خواجہ نقشبند قدس سرہٗ نے فرمایا ہے کہ ہمارا طریقہ سب طریقوں سے اقرب ہے اور فرمایا ہے کہ حق تعالیٰ سے میں نے ایسا طریق طلب کیا ہے جو بیشک موصل ہے اور آپ کی یہ التجا قبول ہوگئی

چنانچہ رشحات میں حضرت خواجہ احرار قدس سرہٗ سے منقول ہے۔ کہ کیوں کر اقرب اور موصل نہ ہو جب کہ انتہا اس کے ابتدا میں مندرج ہے۔ وہ شخص بہت ہی بدقسمت ہے جو اس طریق میں داخل نہ ہو اور استقامت اختیار نہ کرے اور بے نصیب چلا جائے۔

ع خورشید نہ مجرم را کے بینا نیست

ترجمہ: اگر کوئی ہو خود اندھا نہیں خورشید پھر مجرم

اس طریقہ علیہ کے بزرگواروں نے احوال و امور جید کو احکام شرعیہ کے تابع کیا ہے اور اذواق و معارف علوم دینیہ کا خادم بنایا ہے۔

حضرت خواجہ احرار قدس سرہٗ نے فرمایا ہے کہ اس طریقہ علیہ کے خواجگان قدس سرہم ہر رزّاق اور رقّاص یعنی مکر کرنے والے اور ناچنے والے کے ساتھ نسبت نہیں رکھتے ان کا کارخانہ اس سے بلند تر ہے اور اس مقام پر پیری و مریدی طریقہ تعلم و تعلیم پر موقوف ہے نہ کلاہ و شجرہ پر جو مشائخ کے اکثر طریقوں میں موسوم ہے حتیٰ کہ ان میں سے متاخرین نے پیری مریدی کو کلاہ پر منحصر کر دیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ پیر کا تعدد تجویز نہیں کرتے اور طریق سکھانے والے کو مرشد کہتے ہیں۔ پیر نہیں جانتے آداب پیری اور اس کے حق کو مدنظر نہیں رکھتے یہ ان کی بڑی جہالت اور نادانی ہے۔ نہیں جانتے کہ ان کے مشائخ نے پیر تعلیم اور پیر صحبت کو بھی پیر کہا ہے۔

اور اس طریقہ میں طالب کا سلوک شیخ مقتدا کے تصرّف پر منحصر ہے اس کے تصرف کے بغیر کچھ کام نہیں ہو سکتا۔ کیوں کہ ابتدا میں نیابت کا وسیع ہونا اسی کی شریف توجہ کا اثر ہے۔

(مکتوبات شریف دفتر اوّل)

مکتوب نمبر ۲۲۱

Marfat.com

اللہ تعالیٰ کا حمد اَور احسان کہ دوام ذکر حضرت خواجگان قدس سرہم کے طریق میں ابتدا ہی میں میسّر ہو جاتا ہے اَور ابتدا میں نہایت کے وسط ہونے کے طریق پر حاصل ہو جاتا ہے۔ پس طالب کو اس بلند طریقہ کا اختیار کرنا بہت ہی بہتر ہے اَور مناسب، بلکہ واجب اَور لازم ہے۔ پس تجھے چاہیئے کہ توجہ کے قبلہ کو سب طرف سے پھیر کر ہمہ تن اس طریقہ علیہ کے بزرگواروں کی بلند بارگاہ کی طرف توجہ کرے۔ اَور اِن کے باطن پاک سے دُعا کرے۔ (مکتوب نمبر ۱۹ دفتر اوّل)

یہ وہ لوگ ہیں کہ طالبوں کی تربیت ان کی صحبت عُلیہ پر موقوف ہے اَور ناقصوں کی تکمیل اُن کی شریف توجہ پر منحصر ہے ان کی نظر امراضِ قلبی کو شفا بخشتی ہے۔ اَور اُن کو توجہ باطنی بیماریوں کو دُور کرتی ہے۔ اُن کی ایک توجہ سَو چلّوں کا کام کرتی ہے ان کی ایک التفات کئی سالوں کی ریاضتوں اَور مجاہدوں کے برابر ہے۔ بیت

نقشبندیہ عجب قافلہ سالار رانند کہ برند از رہ پنہاں بحرم قافلہ را

ترجمہ عجب ہی قافلہ سالار ہیں یہ نقشبندی
کہ لے جاتے ہیں پوشیدہ حرم تک قافلے کو

اے سعادت کے نشان والے! اس بیان سے کوئی یہ وہم نہ کرے کہ یہ اوصاف اَور شمائل طریقہ عُلیہ نقشبندیہ کے تمام اُستادوں اَور شاگردوں کو حاصل ہوتے ہیں ہرگز نہیں۔ بلکہ یہ شمائل وخصائل اس طریقہ علیہ کے ان بزرگواروں کے ساتھ مخصوص ہیں۔ جنہوں نے کام کو نہایت انہایت تک پہنچایا ہے۔ اور وہ مبتدی رشید جنہوں نے اِن بزرگوں کے ساتھ نسبت ارادت درست کی ہے۔ اَور آداب کو تمام مرعی رکھا ہے اُن کے حق میں اندراج نہایت در بدائت ثابت ہے۔ برخلاف اس طریق سے مبتدی کے جو اس طریق کے شیخ ناقص کا مرید ہو۔ اندراج نہایت در بدائت اس کے حق میں متصور نہیں کیوں کہ جب اس کا شیخ نہایت تک نہیں پہنچا، تو مبتدی کے حق میں نہایت کیوں کر متصور ہو سکے۔ ع: از کوزہ بروں ہماں ترا دوکہ در دست

Marfat.com

ترجمہ : نکلتا ہے وہی برتن سے جو کچھ اُس میں ہوتا ہے

اے نجابت و شرافت کے نشان والے ! اِن بزرگوں کا طریق یعنیہ اصحاب کرام علیہم الرضوان کا طریق ہے اور یہ اندراج نہایت در بدائیت اُس اندراج نہایت در بدایت کا اثر ہے۔ جو حضرت خیر البشر علیہ الصلوٰۃ والسلام کی صحبت میں میسّر ہو جاتا تھا، کیوں کہ آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام کی پہلی ہی صحبت میں وہ کچھ میسر ہو جاتا ہے جو دوسروں کو انتہا میں بھی جا کر مشکل حاصل ہو سکے اور یہ فیوض و برکات وہی فیوض و برکات ہیں جو قرنِ اوّل میں ظاہر ہوتے تھے اگرچہ ظاہر میں آخر اوّل سے وسط کی نسبت دُور ہے لیکن حقیقت میں آخر وسط کی نسبت اوّل کے زیادہ نزدیک ہے اور اُسی کے رنگ میں رنگا ہوا ہے۔ متوسطین اس کو یاد رکھیں یا نہ رکھیں بلکہ متاخرین میں سے اکثر بزرگوں کو بھی معلوم نہیں، کہ اس معاملہ کی حقیقت کو پا سکیں،

وَالسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَعَلٰى مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰى وَالْتَزَمَ مُتَابِعَةَ الْمُصْطَفٰى عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهِ الصَّلَوَاتُ وَالتَّسْلِيمَاتُ الْعُلٰى ۔

سلام ہو آپ پر اور ان لوگوں پر جنہوں نے ہدایت اختیار کی اور حضرت محمد مصطفیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی متابعت کو لازم پکڑا۔

(مکتوب نمبر ۲۳ دفتر دوم)

تصوّرِ شیخ

اپنے پیر و مرشد کی صورتِ مبارکہ کو اپنے دل میں حاضر کرنا ہے اس کے واسطے سے فیض ربانی کا پانا ایک جائز فعل ہے۔ صوفیاء کرام علیہ اجمعین کا عمل ہے اس پر قرآن پاک احادیث مبارکہ

Marfat.com

دیگر صوفیا کرام کے قول بکثرت شاہد ہیں ان میں سے چند تحریر کئے جاتے ہیں۔

وَاصْبِرْ نَفْسَكَ مَعَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ وَالْعَشِيِّ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهٗ وَلَا تَعْدُ عَيْنٰكَ عَنْهُمْ (پ۱۵ س کہف)

اور اپنی جان ان سے مانوس رکھو جو صبح و شام اپنے رب کو پکارتے ہیں اس کی رضا چاہتے ہیں اور تمہاری آنکھیں انہیں چھوڑ کر اور پر نہ پڑیں۔

اس آیتِ مبارکہ سے ثابت ہوا کہ بندگانِ خدا کا دیکھنا اور ان کی محبت کا خیال رکھنا ہر وقت ضروری ہے اسی کو تصور کہتے ہیں۔

احادیث مبارکہ میں ہے:

۱ اِنَّ النَّظَرَ عَلٰى وَجْهِ عَبَادَةٌ

تحقیق ان کے چہرے پر نظر ڈالنا عبادت ہے۔

۲ اَلْمُؤْمِنُ مِرْاٰةُ الرَّحْمٰنِ

مومن ایک آئینہ ہے خدا کا۔

۳ عن ابن مسعود رضی اللہ عنہ قال کانی انظر الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یحکی نبیا من الانبیاء ضربہ قومہ فادموہ وھو یمسح الدم عن وجھہ ویقول اللھم اغفر لقومی فانھم لا یعلمون۔ (متفق علیہ (بخاری۔ مسلم۔ مشکوٰۃ)

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں گویا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھ رہا ہوں کہ ایک نبی کی انبیاء میں سے حکایت فرماتے تھے جن کو ان کی قوم نے مارا تھا اور خون آلود کر دیا تھا اور وہ اپنے چہرہ سے خون پونچھتے جاتے تھے اور کہتے جاتے تھے، اے اللہ میری قوم کو بخشش دے کیوں کہ وہ جانتے نہیں۔

فائدہ: یہ حدیثِ پاک تصور شیخ کی اصل ہے۔ حضرت ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

Marfat.com

میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھ رہا ہوں، یہی تصورِ شیخ ہے۔ یعنی اپنے پیر و مرشد کو دیکھنا اور دِل میں خیال رکھنا ضروری ہے۔

اَب امام ربانی مجدد الف ثانی رضی اللہ تعالےٰ عنہ کے مکتوب سے اُن کی کلام آپ کے سامنے پیش کی جاتی ہے۔

۱؎ "جاننا چاہیئے کہ تکلف اَور بناوٹ کے بغیر مرید کو پیر کے روابط (تصورِ شیخ) کا حاصل ہونا پیر و مرید کے درمیان اس مناسبت کے کامل ہونے کی علامت ہے جو افادہ اَور استفادہ کا سبب ہے اَور وصول اللہ کے لیے رابطہ سے زیادہ اقرب کوئی طریق نہیں۔" (مکتوب ۱۸۷ دفتر اوّل)

۲؎ اگر ذکر کرنے کے وقت پیر کی صورت بے تکلف ظاہر ہو تو اس کو بھی قلب کی طرف لے جانا چاہیئے اَور قلب میں نگاہ رکھکر ذکر کہنا چاہیئے، تو جانتا ہے پیر کون ہے؟ پیر وُہ شخص ہے جس سے تو خدائے تعالیٰ کی جناب پاک کیطرف پہنچنے کا راستہ سیکھے اَور اس راستہ میں تو اس سے مدد و اعانت حاصل کرے۔ (مکتوب ۱۹۰ دفتر اوّل)

۳؎ خواجہ محمد اشرف نے لکھا تھا کہ نسبت رابطہ (تصورِ شیخ) کی ورزش یہاں تک غالب ہوگئی ہے کہ نمازوں میں اُس کو اپنا مسجود (جس کو سجدہ کیا جائے) جانتا اَور دیکھتا ہے اَور اگر بالفرض اس کو دُور بھی کرنا چاہیئے تو نہیں ہو سکتا۔

اے محبت کے نشان والے! طالب اسی دولت کی تمنا کرتے ہیں اَور ہزاروں میں سے ایک کو ملتی ہے ایسے حال والا شخص کامل مناسبت کی استعداد رکھتا ہے اَور شیخ مقتدا کی تھوڑی صحبت سے اُس کے تمام کمالات کو جذب کر لیتا ہے۔ رابطہ کی نفی کیوں کرتے ہیں۔ رابطہ مسجود الیہ (جس کی طرف سجدہ کیا جائے) ہے، نہ مسجود لہٗ (جس کو سجدہ کیا جائے)، محرابوں اَور مسجدوں کی نفی کیوں نہیں کرتے۔ اس قسم کی دولت سعادتمندوں کو میسر ہوتی ہے۔ تاکہ تمام احوال میں صاحبِ رابطہ (پیر) کو اپنا وسیلہ جانیں۔ اَور تمام اوقات اُسی کیطرف متوجہ رہیں، نہ ان بدبخت لوگوں

Marfat.com

کی طرح جو اپنے آپکو مستغنیٰ جانتے ہیں اور توجہ کے قبلہ کو اپنے شیخ کی طرف سے پھیر لیتے ہیں اور اپنے معاملہ کو درہم برہم کر لیتے ہیں۔ (مکتوب نمبر ۳۰ دفتر دوم)

مذکورہ عبارات سے حسب ذیل فائدے حاصل ہوئے

۱۔ اللہ پاک عزّ وجلّ و اعلیٰ کی جناب پاک کے لیے پیر کی مدد و اعانت کی سخت ضرورت ہے۔

۲۔ تصورِ شیخ وصول اللہ کے لیے سب سے اقرب راستہ ہے۔

۳۔ تمام احوال پیر کے وسیلہ سے حاصل ہوتے ہیں۔

۴۔ ہر وقت اپنے پیر کی طرف متوجہ رہنا ضروری ہے۔

۵۔ اپنے آپ کو پیر سے بے نیاز جاننا بدبختی کی علامت ہے۔

۶۔ تصورِ شیخ اعلیٰ دولت ہے جس کی طالب صادق ہی آرزو کرتا ہے۔

۷۔ تصور کا طریقہ اصحابِ کرام سے جاری ہے۔

حرفِ آخر

تصورِ شیخ کا مسئلہ تمام سلسلہ طریقت میں ہے اور یہ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہ اجمعین سے ثابت ہے اس کی مخالفت سوائے بدبخت کے اور کوئی نہیں کریگا۔ کتاب کے طویل ہونے کی وجہ سے چند کلمات پیش کیے جاتے ہیں ورنہ بے شمار دلائل اس کے لیے عرض کیے جا سکتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ لطفیل رؤف الرحیم نبی صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلّم سب ہی کو اس پر عمل کی توفیق بخشیں۔ آمین ثم آمین۔

Marfat.com

ذِکر کا بیان

۱ یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اذْکُرُوا اللّٰہَ ذِکْرًا وَّسَبِّحُوْہُ بُکْرَۃً وَّاَصِیْلًا ط

اے ایمان والو اللہ کا بہت ذکر کرو اور اُس کو پاکی سے دن رات یاد کرو۔

۲ فَاذْکُرُوْنِیْٓ اَذْکُرْکُمْ وَاشْکُرُوْا لِیْ وَلَا تَکْفُرُوْنِ ط (پ ۲ البقرہ)

تو میری یاد کر میں تیرا چرچا کروں گا۔ اور میرا حق مانو اور میری ناشکری نہ کرو۔

۳ اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُھُمْ بِذِکْرِ اللّٰہِ ط اَلَا بِذِکْرِ اللّٰہِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ ط (پ ۱۳ الرعد)

وُہ جو ایمان لائے اور ان کے دِل اللہ کی یاد سے چین پاتے ہیں۔ سُن لو اللہ کی یاد ہی میں دلوں کا چین ہے۔

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وبارک وسلم ارشاد فرماتے ہیں:۔

۱ عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وسلم قال ما اجتمع قوم فی بیت من بیت اللہ تعالیٰ یتلون کتاب اللہ ویتدارسونہ بینھم الا نزلت علیھم السکینۃ وغشیتھم الرحمۃ وحفتھم الملائکۃ وَذکرھم اللہ فیمن عِنْدَہٗ (ابوداؤد)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ نہیں مجتمع ہوا کوئی مجمع کسی گھر میں کتاب اللہ کی تلاوت کرتے ہوں اور باہم اسکو پڑھتے پڑھاتے ہوں مگر نازل ہوتی ہے ان پر کیفیت تسکین قلبی کی اور ڈھانپ لیتی ہے ان کو رحمت اور گھیر لیتے ہیں

Marfat.com

ان کو ملائکہ اور ذکر فرماتے ہیں ان کا اللہ تعالیٰ ان (ارواح ملائکہ) میں جو اللہ کے پاس ہیں۔

۲ عن ابی سعید الخدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول اللہ تعالیٰ من شغلہ القرآن عن مسئلتی اعطیتہٗ افضل مَا اعطی السائلین (ترمذی)

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ ارشاد فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کہ حق تعالیٰ فرماتے ہیں جو شخص ایسا ہو کہ قرآن مجید اس کو مجھ سے کوئی چیز مانگنے سے (یعنی دُعا کرنے سے) مشغول کر دے (یعنی فرصت نہ لینے دے جس میں قدراً ورسائلوں کو (دُعا کرنے والوں کو) دیتا ہے اس شخص کو سب سے زیادہ دوں گا۔

۳ لَا یَقْعُدُ قَوْمٌ یَذْکُرُوْنَ اللّٰہَ اِلَّا حَفَّتْھُمُ الْمَلَائِکَۃُ وَغَشِیَتْھُمُ الرَّحْمَۃُ وَ نَزَلَتْ عَلَیْھِمُ السَّکِیْنَۃُ وَذَکَرَھُمُ اللّٰہُ تَعَالٰی فِیْمَنْ عِنْدَہٗ (مسلم ، ترمذی)

جب لوگ بیٹھ کر اللہ کی یاد کرتے ہیں، تو فرشتے ان کے گرد جمع ہو جاتے ہیں ان پر رحمت چھا جاتی ہے اور ان کے دلوں میں تسلی اور اطمینان ہو جاتا ہے اور اللہ اپنے پاس والوں (ملائکہ) سے ان کا ذکر کرتا ہے۔

۴ مَثَلُ الْبَیْتِ الَّذِیْ یُذْکَرُ اللّٰہُ فِیْہِ وَالْبَیْتُ الَّذِیْ لَا یُذْکَرُ اللّٰہُ فِیْہِ مَثَلُ الْحَیِّ وَالْمَیِّتِ (الشیخان)

اس گھر کی مثال جس میں اللہ کا ذکر کیا جائے اور اس گھر کی جس میں اللہ کا ذکر نہ کیا جائے زندہ اور مُردہ کی ہے۔

۵ عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا مَرَرْتُمْ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے، کہ

Marfat.com

بِرِیَاضِ الْجَنَّةِ فَارْتَعُوْا وَقَالُوْا مَارِیَاضُ الْجَنَّةِ قَالَ حِلَقُ الذِّکْرِ (ترمذی)

جس وقت دیکھو باغ جنّت کا پس میوہ خوری کرو عرض کیا؛ کیا ہیں باغ جنّت کے۔ فرمایا حلقہ ذاکراں۔

فائدہ :۔ معلوم ہوا کہ ذِکر اللہ تعالیٰ کو بہت محبوب ہے جس کے لیے ہر وقت کا حکم ہے ہر وقت یاد کا حکم ہے۔ نماز، روزہ، حج کا وقت مقرر ہے۔ لیکن ذِکر کے لیے کوئی وقت مقرر نہیں۔ ذِکر کے لیے کوئی قید نہیں۔

۱ یہ ذِکر نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ کے علاوہ ہے ان کو بھی اپنے وقت پر ادا کرے یہ بھی خدا کی پسندیدہ یاد ہے لیکن ان کے علاوہ باقی ماندہ وقت کو بھی اللہ کی یاد میں صرف کرے۔

۲ اللہ کا ذِکر ہی دِلوں کا چین ہے۔

۴ مراقبہ کا بھی ثبوت ملتا ہے یعنی اللہ کی یاد میں اس طرح محو ہو جانا کہ دُعا مانگنے تک کا بھی خیال نہ رہے جس کو بعض بزرگانِ دین دھیان بیٹھنا کہتے ہیں۔

۵ اکٹھے ہو کر ذِکر کرنا اللہ تعالیٰ کو بہت پسند ہے، جسے حلقہ کہتے ہیں۔

۶ ذِکر کے بغیر مثل مُردہ کے ہے، گو حیاتی رکھتا ہو، کھاتا پیتا ہو، چلتا ہو، دیکھتا ہو لیکن اللہ کے نزدیک مُردہ ہے۔

۷ زندگی اللہ تعالیٰ کی یاد سے ہے۔ ع زندگی بے بندگی شرمندگی۔

۸ اللہ کا ذِکر بہشت والوں کی خوراک ہے۔

۹ ذِکر کے حلقہ میں شامل ہونا بہشت میں داخل ہونا ہے۔

ذکر جہر (بلند آواز سے ذکر کرنا)

عَنِ ابن عباس رضی اللہ عنہ ان رفع الصوت — حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے

Marfat.com

باالذکر حین ینصرف النّاس من المکتوبۃ کان علی عھد النبی صلی اللہ علیہ وسلم ۔ (بخاری)

کہ بلند آواز سے ذِکر کرنا جب کہ لوگ فرضوں سے فارغ ہوجاتے تھے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلّم کے زمانہ میں تھا۔

فائدہ: اس سے معلوم ہوا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلّم کے زمانہ میں صحابہ کرام رضوان اللہ علیہ اجمعین نماز کے بعد بلند آواز سے ذکر کیا کرتے تھے۔

ذکر خفی (خاموشی سے ذکر کرنا)

اخرج ابو یعلی عن عائشۃ رضی اللہ عنہا قالت قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یفضل الذکر الخفی الذی لایسمعہ الحفظۃ سبعون ضعفا اذا کان یوم القیمۃ و جمع اللہ الخلق لحسابھم وجائت الحفظۃ بما حفظوا وکتبوا قال لھم انظروا ھل بقی لہ من شئ فیقولون ما ترکنا شیئا ممّا عملناہ وحفظناہ الا وقد احصیناہ وکتبناہ فیقول اللہ ان لک عندی حسنا لاتقلہ او انا اجزیک بہ وھو الذکر الخفی (ذکرہ السیوطی فی البدور السافرۃ فی احوال الاخرۃ)

ابو یعلی نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ذکر خفی جس کو حافظان اعمال ملائکہ بھی نہیں سنتے (ذِکر جہر پر) ستر حصّے فضیلت رکھتا ہے جب قیامت کا دن ہوگا۔ اور اللہ تعالےٰ خلق کو ان کے حساب کے لیے جمع فرما دیں گے اور حافظانِ اعمال اپنی یادداشت اور تحریرِ اعمال کو لاویں گے، کہ دیکھو (علاوہ ان اعمال کے جو تحریر میں آئے ہیں) اس شخص کا کوئی عمل تو باقی نہیں رہ گیا۔ وہ عرض کریں گے کہ ہم نے اپنے معلومات اور محفوظات میں سے کوئی چیز بے ضبط کئے ہوئے اور لکھے ہوئے چھوڑی نہیں۔ اللہ تعالےٰ (اس شخص سے) فرماویں گے کہ میرے

Marfat.com

پاس تیرا ایک نیک عمل ہے کہ تجھ کو بھی اس کا علم
نہیں اور میں تجھ کو اس کی جزا دوں گا اور وُہ ذِکر
خفی ہے۔ (بدامسافتہ)

فائدہ : اس سے معلوم ہوا کہ ذِکر خفی بہت فضیلت والا ہے۔

۱؎ یہ وہ راز و نیاز ہے جس سے ملائکہ بھی بے خبر ہوتے ہیں۔

۲؎ اس کا اجر اللہ تعالےٰ قیامت میں عطا فرمائیں گے۔

اشارہ : معلوم ہوا یہ وہ ذکر ہے جو بزرگانِ دین یعنی پیر طریقت اپنے مریدین کو سکھاتے ہیں، یعنی نفی اثبات یا فاسن فاس جس کی فضیلت کا ذِکر کلمہ پاک کے بیان میں شروع کتاب میں ہو چکا ہے اس ذِکر کو ذِکر دوام بھی کہتے ہیں۔ یہی وُہ ذِکر ہے جو ہر وقت کیا جاتا ہے اور کیا جا سکتا ہے اِس ذِکر کے کرنے کا طریق اپنے پیر و مرشد کی خدمت میں حاضر ہو کر سیکھنا چاہیئے، یہ باتیں لکھنے سے نہیں ہوتیں بلکہ ان کے لیے صحبتِ پیر ضروری ہے۔

صحبتِ پیر : اس کتاب میں نفی اثبات اور فاسن فاس (اسم ذات) کے ذِکر کرنے کا طریقہ نہیں لکھا گیا۔ چوں کہ ہمارے طریقہ نقشبندیہ مجددیہ میں صحبت پیر بہت ضروری ہے۔ جس کے متعلق امام ربانی حضرت مجدد الف ثانی ارشاد فرماتے ہیں :۔

"آج اس دولت کا حاصل ہونا اس طریقہ علیہ نقشبندیہ کے ساتھ توجہ اور اخلاص پر وابستہ ہے۔ بڑی بڑی سخت ریاضتوں اور مجاہدوں سے اس قدر حاصل نہیں ہوتا، جو ان بزرگواروں کی ایک ہی صحبت سے حاصل ہو جاتا ہے۔ کیوں کہ ان بزرگواروں کے طریق میں نہایت ابتداء درج ہے پہلی صحبت میں وُہ کچھ بخش دیتے ہیں، جو دوسرے طریقہ کے منتہیوں کو نہایت میں جا کر حاصل ہوتا ہے اور ان بزرگواروں کا طریق اصحابِ کرام کا طریق ہے۔ ان کو خیر البشر صلی اللہ علیہ وسلم کی پہلی ہی صحبت میں وہ کمالات حاصل ہو جاتے تھے جو اولیائے امت کو نہایت میں شاید ہی میسر ہوں اور یہی ابتداء

Marfat.com

میں انتہا کے درج ہونے کا طریق ہے۔" (مکتوب نمبر ۹۰ جلد اوّل)

اس کلمہ پاک اور اسم ذات کے ذِکر کی تلقین مرشد پاک اپنی حاضری میں بتاتے ہیں، ہر کسی کو چاہیئے کہ اپنے پیر و مرشد کی بارگاہِ عالیہ میں قدم بوس ہو کر اس دولتِ عزیمہ کو حاصل کرے اِن کی صحبت وہ کام کرتی ہے جیسا اوپر مذکور ہوا۔ اگر پڑھنے اور کتابوں میں لکھنے سے کام بنتا تو کُل دُنیا ولی بن جاتی کئی کتابیں ان طریقوں سے بھرپور ہیں لیکن فیض وہی پاتے ہیں جو اپنے پیر کی خدمت میں حاضر ہو کر سیکھتے ہیں اور طریقت کے آداب کو بجا لاتے ہیں۔ ؎

یک زمانہ صحبتِ با اولیاء　　بہتر از صد سالہ طاعت بے ریا

ترجمہ: ولی کامل کی صحبت میں ایک لمحہ بیٹھنا، سو سال بے ریا عبادت کرنے سے بہتر ہے۔

جاننا چاہیئے کہ تصوّر بھی صحبتِ پیر ہی ہے، دوسرے لفظوں میں وہ باطنی صحبت شیخ ہے اَب اس ظاہری صحبت پیر کے متعلق ایک حدیث پاک سنیئے:

عن حنظلة بن الربیع الاسیدی قال لقینی ابو بکر فقال کیف انت یاحنظلةُ قلت نافق حنظلة قال سبحان اللہ ما تقول قلت نکون عند رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یُذکرنا بالنار و الجنة کانا رای عین فاذا خرجنا من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عاسفنا الازواج والاولاد والضیعاتِ نسینا کثیراً قال ابوبکر فواللہِ انّا لنلقیٰ مثل ھذا فانطلقت انا و ابوبکر

حضرت حنظلہ بن ربیع اسیدی رضی اللہ عنہ کاتب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت ہے کہ مجھ سے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ ملے اور پوچھا اے حنظلہ کیسے ہو، میں نے کہا کہ حنظلہ تو منافق ہو گیا، انہوں نے فرمایا تعجب ہے، سبحان اللہ کیا کہتے ہو، میں نے کہا کہ (اس لیے منافق کہتا ہوں کہ) ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں جو ہوتے ہیں اور آپ ہم کو دوزخ بہشت یاد دلاتے ہیں تو اس وقت ایسے ہوتے ہیں گویا کھلی آنکھوں ان کو دیکھ رہے ہیں پھر جب

Marfat.com

حتی دخلنا علیٰ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقلة نافق حنظلة یارسول اللہ۔ قالَ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وما ذاك قلت یارسول اللہ نکون عندك تذکرنا بالنّار والجنّة کأنّا رایُ عین فاذا خرجنا من عندك عافسنا الازواج والاولادَ والضیعات نسینا کثیراًفقال رسول اللہِ صلی اللہ علیہ وسلم والذی نفسی بیدہٖ لو تدومون علیٰ ماتکونون عندی وفی الذکر لصافحتکم الملئکة علیٰ فرشکم وفی طرقکم ولکن یا حنظلة ساعة وساعة ثلٰث مراتٍ رواہ مسلم

آپ کے پاس سے آتے ہیں تو بیوی بچوں اور معاملات جائداد میں آلودہ ہو جاتے ہیں اور ان میں سے بہت سی باتوں کا خیال بھی نہیں رہتا وہ فرمانے لگے واللہ ایسی حالت تو میں بھی پاتا ہوں۔ پھر دونوں صاحب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف چلے اور آپ سے اس کا ذکر کیا! آپ نے فرمایا! قسم اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے، جس حالت پر میرے پاس ہوتے ہو اگر تم لوگوں کو اس پر یا یہ فرمایا کہ ذکر میں دوام ہو جاوے تو تم سے بستروں پر اور سڑکوں پر ملائکہ مصافحہ کرنے لگیں۔ اے حنظلہ ایک ساعت کیسی ایک ساعت کیسی یہ آپ نے تین بار فرمایا۔ (مشکوٰۃ ص ۱۹۷)

اس حدیث پاک سے صحبت پیر کے فضائل کا پتہ چلا۔

۱ پیر کی صحبت میں قوتِ بصیر وسیع ہو جاتی ہے۔ یعنی اس وقت ایمان شہودی نصیب ہو جاتا ہے گو بعد میں اس پر استقامت رہے یا نہ رہے۔ لیکن پیر اپنی توجہ سے غیب پر مشاہدہ کرا دیتے ہیں۔

۲ پیر کی صحبت کے بغیر خداوند قدوس جل واعلیٰ کے راز کو پانا مشکل ہے۔

۳ پیر کی صحبت سے ہی راز و نیاز کھلتے ہیں۔

اب فکر کے متعلق کچھ لکھا جاتا ہے فکر بھی صحبت ہی کا نام ہے لیکن اس میں ایک دقیق فرق ہے جو عام کی سمجھ میں نہیں آسکتا۔ اللھم شرح لی صدری و یسر لی امری۔

Marfat.com

فکر کا بیان

اِنَّ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافِ
الَّیْلِ وَالنَّهَارِ لَاٰیٰتٍ لِّاُولِی الْاَلْبَابِ ۝
الَّذِیْنَ یَذْکُرُوْنَ اللّٰهَ قِیَامًا وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰی
جُنُوْبِهِمْ وَیَتَفَکَّرُوْنَ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضِ ج رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا
بَاطِلًا ج سُبْحٰنَکَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝

(پ ۴ اٰل عمران)

بیشک آسمانوں اور زمین کی پیدائش اور رات اور دن کی باہم تبدیلیوں میں نشانیاں ہیں عقلمندوں کے لیے جو اللہ کی یاد کرتے ہیں کھڑے اور بیٹھے اور کروٹ پر لیٹے اور آسمانوں اور زمینوں کی پیدائش میں غور کرتے ہیں۔ اے رب ہمارے تو نے یہ بیکار نہیں بنایا۔ پاکی ہے تجھے تو ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچالے۔

وَلَمْ یَتَفَکَّرُوْا فِیْ اَنْفُسِهِمْ ط مَا خَلَقَ
اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَیْنَهُمَا اِلَّا
بِالْحَقِّ وَاَجَلٍ مُّسَمًّی ط وَاِنَّ کَثِیْرًا مِّنَ
النَّاسِ بِلِقَآءِ رَبِّهِمْ لَکٰفِرُوْنَ ۝

(پ ۲۱ الروم ایت ۸)

کیا انہوں نے اپنے جی میں نہ سوچا کہ اللہ نے پیدا نہ کیے آسمان اور زمین اور جو کچھ اُن کے درمیان ہے مگر حق اور ایک مقررہ میعاد سے اور بیشک بہت سے لوگ اپنے رب سے ملنے کا انکار رکھتے ہیں۔

حدیثِ پاک میں وارد ہے :-

تَفَکَّرُوْا فِیْ صِفَاتِهٖ وَلَا تَفَکَّرُوْا فِیْ
ذَاتِهٖ

فکر کرو اس کی صفات میں اور نہ سوچو اُس کی ذات میں۔

Marfat.com

۲ تَفَکَّرُ وْ سَاعَةٍ خَیْرٌ مِّنْ عَمَلِ الثَّقَلَیْنِ ط
۲ تَفَکُّرُ وْ سَاعَتٍ خَیْرٌ مِّنْ عِبَادَةِ السَّنَتَیْنِ

ایک ساعت کا فکر دو جہان کے عمل سے اچھا ہے
ایک ساعت کا فکر دو سال کی عبادت سے بہتر ہے۔

۳ عن علی رضی اللہُ عنہ اِنَّہٗ قَالَ لَاخَیر فِی قرأۃ لیس فیھا تدبرٌ و لا عبادۃ لیس فیھا معرفۃ۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، کہ انہوں نے ارشاد فرمایا ایسے قرآن پڑھنے میں کوئی نفع نہیں جس میں فکر نہ ہو اور نہ ایسی عبادت میں جس میں معرفت نہ ہو۔

امام ربانی مجدد الف ثانی فکر کے متعلق تحریر فرماتے ہیں :۔

"مقربین کے اعمال تفکرات کی قسم سے ہیں۔ آپ نے تَفَکُّرُ سَاعَةٍ خَیْرٌ مِّنْ عِبَادَةِ سَنَةٍ اَوْ سَبْعِیْنَ سَنَةٍ (ایک ساعت کا تفکر ایک سال یا ستر سال کی عبادت سے بہتر ہے، سُنا ہوگا۔ تفکر کے معنی باطل سے حق کی طرف عبرت حاصل کرنے کے ہیں۔ جس قدر فرق ابرار و مقربین کے درمیان ہے اسی قدر فرق عبادت و تفکر کے درمیان ہے جاننا چاہیئے کہ مبتدی کا وہ ذکر جو مقربین کے اعمال میں شمار ہوتا ہے، وہ ہے جو اس نے شیخ کامل مکمل سے حاصل کیا ہو۔ اور اس کا مقصود و سلوک طریقت ہو۔ ورنہ وہ ذکر بھی ابرار کے اعمال میں گِنا جاتا ہے۔ وَاللہُ سُبْحَانَہٗ اَلْمُلْھِمُ لِلصَّوَابِ (اللہ تعالیٰ ہی بہتری کی طرف الہام کرنے والا ہے)" (مکتوب نمبر ۱ دفتر سوم)

فوائد و مطلب

۱ نیک بندوں کی محبت میں حق کا خیال رکھنا ہے۔
۲ فکر ہی تیرے عمل کی جان ہے۔

Marfat.com

۳۔ جتنا فکر زیادہ اُتنا قرب زیادہ۔

۴۔ فکر کے بغیر سب کچھ بے فائدہ ہے۔

۵۔ شیخ کامل مکمل اکمل کے بتلائے ہوئے ذکر میں بھی فکر کرے۔

۶۔ دنیا و ما فیہا میں جو کچھ رب کریم نے پیدا فرمایا سب تیرے فکر کیلئے ہے۔ (تاکہ اِن کو دیکھ کر خالق کو پالے۔

اخلاص کا بیان

جانِ من آگاہ ہو! اخلاص شریعت مطہرہ کے احکام پر کوشش کر کے صحیح طریقہ سے ادا کرنا ہے۔ یہ دراصل فکر ہی ہے احکام شریعت میں، لیکن ہر ایک اس فرق کو نہیں سمجھ سکتا۔ اس کے متعلق آنجناب شیخ احمد فاروقی مجدد الف ثانی امام ربانی شہبازِ لامکانی کے مکتوبات سے کچھ عرض کرتا ہوں، تاکہ اخلاص کی حقیقت واضح ہو۔

"میرے مخدوم! سلوک کی منزلوں کو طے کرنے اور جذبہ کے مقامات کو قطع کرنے کے بعد معلوم ہوا کہ اس سیر و سلوک سے مقصود مقامِ اخلاص کا حاصل کرنا ہے جو آفاقی اور انفسی معبودوں کی فنا پر منحصر ہے۔ اور یہ اخلاص شریعت کے اجزا میں سے ایک جزو ہے کیوں کہ شریعت کے تین جزو ہیں۔ علم۔ عمل۔ اخلاص پس طریقت و حقیقت دونوں شریعت کے تیسرے جزو یعنی اخلاص کی تکمیل کے لیے شریعت کے خادم ہیں۔ اصل مقصود تو یہی ہے مگر ہر ایک کا فہم یہاں

Marfat.com

تک نہیں پہنچتا۔" (مکتوب نمبر ۴ دفتر اوّل)

میرے مخدوم! آدمی کو تین چیزوں سے چارہ نہیں ہے تاکہ نجاتِ ابدی حاصل ہو جائے۔

علم[1]، عمل[2]، اخلاص[3]۔ علم کی دو قسمیں ہیں۔

[1] ایک وُہ علم ہے جس سے مقصود عمل ہے جس کا متکفل علم فقہ ہے۔

[2] دوسرا وہ علم ہے جس سے مقصود صرف اعتقاد اور دل کا یقین ہے۔ جو فرقہ ناجیہ اہل سنّت وجماعت کے قیاس صحیح اور عقیدے کے موافق ہے۔ نجات ان بزرگواروں کے اتباع کے بغیر محال ہے۔ اور اگر بال بھر بھی مخالفت ہے تو کمال خطرہ ہے۔

عمل ۔ پس خوشخبری ہے اس شخص کے لیے جس کو ان کی متابعت کی توفیق حاصل ہوئی اور اُن کی تقلید سے مشرف ہوا۔ اور ہلاکت ہے اس شخص کے لیے جس نے ان کی مخالفت کی اور ان سے الگ ہو گیا اور اُن کے اُصول سے منہ پھیرا، اور اُن کے گروہ سے نکل گیا، پس وہ خود بھی گمراہ ہوا اور دوسروں کو بھی گمراہ کیا۔ پس رویت اور شفاعت کا منکر ہوا۔ اور صحبت کی فضیلت اور صحابہ کی بزرگی اس سے مخفی رہی اور اہل بیتِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور اولاد بتول رضی اللہ عنہا کی محبت سے محروم رہا اور وُہ اس بڑی نیکی سے رُک گیا جو اہل سنت وجماعت نے حاصل کی۔

اخلاص۔ غرض علم وعمل دونوں شریعت سے حاصل ہوتے ہیں اور اخلاص کا حاصل ہونا جو علم وعمل کے لیے روح کی طرح ہے۔ طریق صوفیہ پر چلنے پر منحصر ہے۔ جب تک سیر الی اللہ نہ قطع کریں اور سیر فی اللہ کے ساتھ متحقق نہ ہو جائیں۔ حقیقتِ اخلاص سے دُور اور مخلصوں کے کمالات سے مہجور رہتے ہیں۔ اگرچہ عام مومنین کو بھی تکلف اور تعمل کے ساتھ بعض اعمال میں مجمل طور پر اخلاص حاصل ہو جاتا ہے، مگر وہ اخلاص جس کا ذکر ہم کر رہے ہیں، وہ ہے جو تمام اقوال وافعال اور حرکات وسکنات میں حاصل ہے۔ اسمیں کسی تکلف اور بناوٹ کو راہ نہیں، یہ اخلاص انفسی اور آفاقی معبودوں کے فنا پر منحصر ہے جو فنا وبقا اور ولایتِ خاصہ کے درجے تک پہنچنے سے وابستہ ہے۔ جو اخلاص

Marfat.com

تکلف اور بناوٹ کا محتاج ہے وہ ہمیشہ نہیں رہتا۔ اخلاص کا دوامی طور پر حاصل ہونا جو مرتبہ حق الیقین

ہے اس میں بے تکلف ہونا ضروری ہے۔

پس اولیاء اللہ جو کچھ کرتے ہیں خدا کے لیے کرتے ہیں، نہ اپنے نفس کے لیے، کیونکہ

[illegible] اخلاص کے حاصل ہونے میں نیت کا صحیح کرنا ضروری

[illegible] اخلاص سے ہی حاصل ہوسکتے ہیں۔

[illegible] اخلاص شریعت کا تیسرا جزو ہے۔

[illegible] علم و عمل اخلاص کی منزل راہ ہیں۔

[illegible] تمام اقوال، افعال اور حرکات و سکنات میں اخلاص ہونا ضروری ہے۔

[illegible] اولیاء اللہ کے لیے اخلاص حاصل ہے۔

Marfat.com

چند سوالوں کے جواب میں

اسرارِ ربّانی کی تحریر کے دوران ایک سائل نے چند سوال کئے جن کا جواب بر وقت اُس کو دے دیا گیا، لیکن بعد میں جب وہی سوال جواب آنجناب قیوم اوّل امام ربّانی مجدد الف ثانی کے مکتوبات میں نظر سے گذرنے تو خیال آیا کہ ان کو بھی اس میں درج کر دیا جائے تاکہ لوگوں کے شکوک رفع دفع ہو جائیں اور امام ربّانی کے کلام سے ان پر حجت پوری ہو جائے۔

سوال: کیا وجہ ہے کہ پہلے اولیاء کرام سے کرامات بہت ظاہر ہوتی تھیں اور اس زمانہ کے بزرگوں سے کم ظاہر ہوتی ہیں۔

جواب: اگر اس سوال سے خرقِ عادات کے کم ہونے کے باعث اس وقت کے بزرگوں کی نفی ہے تو اس قسم کے شیطانی ڈھکوسلوں سے اللہ تعالےٰ کی پناہ۔

کرامات کا ظاہر ہونا ولایت کے ارکان میں سے نہیں اور نہ ہی اس کے شرائط میں سے ہے۔ برخلاف معجزہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے مقام نبوت کے شرائط میں سے ہے۔ لیکن کرامات کا ظہور جو اولیاء اللہ سے ظاہر ہے بہت کم ہے جو خلاف واقعہ ہو، لیکن خوارق کا کثرت سے ظاہر ہونا، افضل ہونے پر دلالت نہیں کرتا۔ وہاں قربِ الٰہی کے درجات کے اعتبارات سے فضیلت ہے۔ ممکن ہے کہ ولی اقرب سے بہت کم کرامات ظاہر ہوں اور ولی بعید سے بہت۔

وہ کرامات جو اس اُمت کے بعض اولیاء سے ظاہر ہوئی ہیں۔ اصحابِ کرام رضوان اللہ تعالےٰ علیہم اجمعین سے ان کا سواں حصہ بھی ظہور میں نہیں آیا۔ حالاں کہ اولیاء میں سے افضل ولی ایک ادنیٰ صحابی کے درجے کو نہیں پہنچتا۔

Marfat.com

خوارق کے ظہور پر نظر رکھنا کوتاہ نظری ہے اور تقلیدی استعداد کے کم ہونے پر دلالت کرتا ہے نبوت ولایت کے فیض قبول کرنے کے لائق وہ لوگ ہیں جن میں تقلیدی استعداد ان کی قوتِ نظری پر غالب ہو۔

حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالےٰ عنہ تقلیدی استعداد کے قوی ہونے کے باعث نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کی تصدیق میں ہرگز دلیل کے محتاج نہ ہوئے اور ابوجہل لعین استعداد کے کم ہونے کے باعث اس قدر کثرت سے آیاتِ ظاہرہ اور معجزات غالبہ ظاہر ہونے کے باوجود نبوت کی دولت کے اقرار سے مشرف نہ ہوا۔

حضرت حق سبحانہ تعالےٰ ان بدنصیبوں کے حق میں فرماتا ہے۔

وَاِنْ يَّرَوْا كُلَّ اٰيَةٍ لَّا يُؤْمِنُوْا بِهَا حَتّٰٓى اِذَا جَآءُوْكَ يُجَادِلُوْنَكَ يَقُوْلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ۔	اور اگر دیکھیں سب نشانیاں نہ ایمان لائیں ساتھ ان کے یہاں تک کہ جب آویں تیرے پاس جھگڑتے تجھ سے کہتے ہیں وہ لوگ جو کافر ہوئے نہیں یہ مگر کہانیاں پہلوں کی۔

باوجود اس کے ہم کہتے ہیں کہ اکثر متقدمین میں سے ساری عمر میں پانچ یا چھ خوارق سے زیادہ نقل نہیں کیے۔ حضرت جنید رحمۃ اللہ علیہ جو سید الطائفہ ہیں معلوم نہیں کہ ان سے دس خوارق بھی سرزد ہوئے ہوں اور حق سبحانہ تعالےٰ اپنے کلیم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے حال سے ایسی خبر دیتا ہے۔

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسٰى تِسْعَ اٰيَاتٍۭ بَيِّنٰتٍ ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو نو روشن معجزے دیئے۔

اور یہ کہاں سے معلوم ہوا کہ اس وقت کے مشائخ نے اس قسم کے خوارق ظہور میں نہیں آتے ہیں اولیاء اللہ سے خواہ متقدم ہوں خواہ متاخر ہر گھڑی خوارق ظہور میں آتے رہتے ہیں۔ مدعی ان کو

بہ بیند یا نہ بیند۔ ع کہ خورشید نہ مجرم از کسے بنہانیست

ترجمہ: اگر کوئی ہے خود اندھا گنہ خورشید کا کیا ہے۔

Marfat.com

سوال: صادق طالبوں کے کشف وشہود میں القائے شیطانی کو دخل ہے یا نہیں۔ اور اگر ہے تو کشف شیطانی کی کیفیت کو واضع کریں کہ کس طرح ہے اور اگر دخل نہیں تو کیا وجہ ہے کہ بعض امور الہامی میں خلل پڑ جاتا ہے؟

جواب: کوئی شخص القائے شیطانی سے محفوظ نہیں ہے جب کہ انبیاء میں متصور بلکہ متحقق ہے تو اولیاء میں بطریقِ اولیٰ ہوگا۔ تو پھر طالب صادق کس گنتی میں ہے۔

حاصل کلام یہ کہ انبیائے علیہم الصلوٰۃ والسلام کو اس القا پر آگاہ کر دیا جاتا ہے اور باطل کو حق سے جُدا کر دکھاتے ہیں۔ فَيَنْسَخُ اللّٰهُ مَا يُلْقِي الشَّيْطَانُ ثُمَّ يُحْكِمُ اللّٰهُ اٰيَاتِهٖ اس مضمون پر دلالت کرتا ہے اور اولیاء میں یہ بات لازم نہیں کیونکہ وہ نبی کے تابع ہے جو کچھ نبی کے مخالف پائیگا اس کو رد کر دے گا اور باطل جانے گا۔ لیکن جس صورت میں نبی کی شریعت اس سے خاموش ہے اور اس کے اثبات اور نفی پر حکم نہیں کرتی۔ قطعی طور سے حق و باطل کے درمیان تمیز کرنا مشکل ہے کیونکہ الہام ظنی ہے لیکن اس امتیاز کے نہ ہونے میں کوئی قصور ولایت میں نہیں پایا جاتا ہے کیوں کہ احکام شریعت کا بجالانا اور نبی علیہ السلام کی تابعداری دونوں جہان کی نجات کو متکفل ہے اور وہ امور جن سے شریعت نے سکوت کیا ہے وہ شریعت پر زائد ہیں اور ہم ان زائد امور پر مکلف نہیں ہیں۔

اور جاننا چاہیئے کہ کشف کا غلط ہو جانا القائے شیطانی پر ہی منحصر نہیں بلکہ اکثر ایسا ہوتا ہے کہ قوتِ متخیلہ میں احکام غیر صادقہ ایک صورت پیدا کر لیتے ہیں جن میں شیطان کا کچھ دخل نہیں ہوتا۔

اسی قسم سے ہے یہ بات کہ بعض خوابوں میں حضرت پیغمبر علیہ الصلوٰۃ والسلام کو دیکھتے ہیں، اور بعض ایسے احکام اخذ کرتے ہیں جن کا حقیقت میں خلاف ثابت ہے اسی صورت میں القائے شیطانی متصور نہیں کیوں کہ علمائے کرام کے نزدیک مختار و مقرر ہے کہ شیطان حضرت خیر البشر علیہ الصلوٰۃ والسلام کی کسی صورت میں متمثل نہیں ہو سکتا پس اس صورت میں صورت قوت متخیلہ کا تصرف ہے جس نے غیر واقع کو واقع ظاہر کیا۔ واللہ اعلم بالصواب

Marfat.com

سوال : جب کرامات کا تصرف اور استدراج کی تاثیر نمائش اور ظہور میں برابر و یکساں ہیں تو مبتدی کس طرح پہچان سکتا ہے کہ یہ ولی صاحب کرامت ہے یا یہ مدعی صاحبِ استدراج ہے ؟

جواب : طالب مبتدی کے لیے اس تفرقہ میں ایک روشن دلیل ہے اور وہ اس کا وجدان صحیح ہے اگر اپنے دل کو اس صحبت میں حق تعالےٰ کے ساتھ جمع پائے گا تو وہ سمجھ جائے گا کہ یہ ولی صاحبِ کرامت ہے اور اگر اس کے برخلاف پائے گا تو معلوم ہو جائے گا کہ یہ مدعی صاحبِ استدراج ہے اور اگر اس بات میں کچھ پوشیدگی ہے تو عوام کالانعام کے لیے ہے نہ طالبوں کے لیے۔ اور عوام کی پوشیدگی خواص کے نزدیک کچھ اعتبار نہیں رکھتی۔ کیوں کہ اس کا منشا دلی مرض اور آنکھ کا پردہ ہے بہت سی ایسی چیزیں عوام پر مخفی ہیں جن کا جاننا اس تفرقہ کے جاننے سے ضروری ہے۔ واللہ اعلم بالصواب

اور ہم اس مکتوب کو بعض ایسے معارف کے بیان کرنے سے ختم کرتے ہیں جو آپ کو اس قسم کے شک و شبہ کے دور کرنے میں نفع دیں۔

جاننا چاہیے کہ تَخَلَّقُوْا بِاَخْلَاقِ اللّٰہِ کے معنی جس سے ولایت اخذ کی گئی ہے، یہ ہیں کہ اولیاء اللہ کو وہ صفات حاصل ہو جاتے ہیں جو واجب تعالےٰ کی صفات کے مناسب ہیں لیکن یہ رو مناسبت اور مشارکت اسم اور عام صفات میں ہوتی ہے نہ کہ خاص معانی میں محال ہے اور اس میں حقائق کا انقلاب و تغیر لازم آتا ہے۔

خواجہ محمد پارسا قدس سرہ تحقیقات میں جس مقام "پر تخلقوا باخلاق اللہ" کے معنی بیان کرتے ہیں۔ فرماتے ہیں اور صفت مَلِک ہے اور مَلِک کے معنی ہیں سب پر متصرف کے۔ جب سالکِ طریقت اپنے نفس پر قابو پا لیتا ہے اور اس کو مغلوب کر لیتا ہے اور اس کا تصرف دلوں میں جاری ہو جاتا ہے تو اس صفت سے موصوف ہو جاتا ہے۔

اور صفتِ بصیر ہے اور بصیر کے معنی دیکھنے والے کے ہیں جب سالکِ طریقت کی بینائی کی آنکھ بینا ہو جاتی ہے اور نورِ فراست سے اپنے تمام عیب دیکھ لیتا ہے اور دوسروں

Marfat.com

کے حال کا کمال معلوم کر لیتا ہے یعنی سب کو اپنے سے بہتر دیکھتا ہے اور نیز حق تعالےٰ کی بصیرت اس کی نظر کے منظور ہو جاتی ہے تاکہ جو کچھ وہ کرتا ہے حق تعالےٰ کی رضامندی کے موافق کرتا ہے تو اس صفت سے موصوف ہو جاتا ہے۔

اور صفت سمیع ہے اور سمیع کے معنی ہیں سننے والا۔ جب سالک طریقت حق تعالیٰ کی بات کو خواہ وہ کسی سے سُنے بلا تکلف قبول کر لیتا ہے اور غیبی اسرار اور لاریبی حقائق کو جان کے کانوں سے سن لیتا ہے تو اس صفت سے موصوف ہو جاتا ہے۔

اور صفت محی ہے اور محی کے معنی زندہ کرنے والا ہے جب سالک طریقت مرد کر صفت کے زندہ کرنے میں قیام کرتا ہے تو اس صفت سے موصوف ہو جاتا ہے

اور صفت مُمیت ہے اور مُمیت کے معنی مارنے والا ہے جب سالک باطنوں کو بری صفت کی بجائے ظاہر ہوتی ہیں دور کرتا ہے تو اس صفت سے موصوف ہو جاتا ہے۔ علیٰ ہذا القیاس

